مولا علیؑ کی شان

میں ایک ہزار احادیث

علی رضا صابری یزدی (قم)

مجمع علمی اسلامی
تہران ٥ کراچی ٥ بمبئی

یہ کتاب

اپنے بچوں کے لیے scan کی بیرونِ ملک مقیم ہیں

مو منین بھی اس سے استفادہ حاصل کرسکتے ہیں.

منجانب.

سبیلِ سکینہ

یونٹ نمبر ۸ لطیف آباد حیدر آباد پاکستان

Knowledge for All

SABIL-E-SAKINA

۷۸۶

۱۱۰-۹۲

یا صاحب الزماں ادرکنیؑ

لبیک یا حسینؑ

خصوصی تعاون: نذر عباس
رضوان رضوی

اسلامی کتب (اردو) DVD

ڈیجیٹل اسلامی لائبریری ۔

www.ziaraat.com

SABIL-E-SAKINA
Unit#8,
Latifabad Hyderabad
Sindh, Pakistan.
www.sabeelesakina.page.tl
sabeelesakina@gmail.com

نام کتاب............................ مولا علیؑ کی شان
میں ایک ہزار احادیث

تالیف............................ حجۃ الاسلام علی رضا صابری یزدی

ترجمہ............................ سید اشتیاق حسین کاظمی

طبع اول............................ انصاریان پبلی کیشنز (قم۔ ایران)

اصلاح ونظر ثانی............................ رضا حسین رضوانی

طبع دوم............................ مجمع علمی اسلامی

سال اشاعت............................ ۲۰۱۰ء

مطبع............................ محراب پریس کراچی

انتساب

حضرت علی علیہ السلام

کے والد ماجد

حضرت ابوطالب

اور آپ کی والدہ ماجدہ

حضرت فاطمہ بنت اسد

کے نام

سپاسِ جنابِ امیر علیہ السّلام

(علامہ اقبالؔ)

اے محوِ ثنائے تو زبانہا ۔۔۔ اے یوسف کاروانِ جانہا
اے بابِ مدینۂ محبّت ۔۔۔ اے نوحِ سفینۂ محبّت
اے ماحیٔ نقشِ باطلِ من ۔۔۔ اے فاتحِ خیبرِ دلِ من
اے سِرِّ خطِّ وُجوب و اِمکاں ۔۔۔ تفسیرِ تو سُورہ ہائے قرآں
اے مذہبِ عشق را نمازے ۔۔۔ اے سینۂ تو امینِ رازے
اے سِرِّ نُبوتِ محمدؐ ۔۔۔ اے وصفِ تو مدحتِ محمدؐ
گردُوں کہ بہ رفعت ایستادست ۔۔۔ از بامِ بلندِ تو فتادست
ہر ذرّۂ درگہت چو منصور ۔۔۔ در جوشِ ترانہ اَنا الطّور
بے تو نتواں باُو رسیدن ۔۔۔ بے اُو نتواں بتو رسیدن
فردوس زِ تو چمن در آغوش ۔۔۔ از شانِ تو حیرت آئنہ پوش
جانم بغلامیٔ تو خوشتر ۔۔۔ سر بر زدہ ام زِ حبیب قنبر
ہشیارم و مست بادۂ تو ۔۔۔ چوں سایہ زِ پا فتادۂ تو
از ہوش شدم مگر بہوشم ۔۔۔ گوئی کہ نصیری خموشم
دانم کہ ادب بضبطِ راز است ۔۔۔ در پردۂ خامشی نیاز است
اما چہ کنم مئے تولّا ۔۔۔ تُند است بروں فتد زِ مینا
زِ اندیشۂ عافیت رہیدم ۔۔۔ جنسِ غمِ آل تو خریدم

یہ نظم جنوری ۱۹۰۵ء کے مخزن لاہور میں شائع ہوئی تھی۔ علامہ اقبالؔ باظہار عقیدت یہ نظم صبح کے وقت پڑھا کرتے تھے۔(اقبال اور حُبِّ اہلبیت اطہارؑ، مرتبہ سید محبوب علی زیدی الواسطی سیوہاروی)

فہرست

دوسرا حصہ: حضرت علی علیہ السلام کے فضائل قرآن اور احادیث میں

تیسرا حصہ : غدیر، امامت، ولایت، علیؑ کی خلافت اور حضرت کے ساتھ مخالفت کے آثار

چوتھا حصہ: حضرت علیؑ سے دوستی اور ان کے شیعوں کی فضیلت اور حضرت علیؑ سے دشمنی اور اس کے نتائج

پانچواں حصہ : حضرت علی علیہ السلام کی مظلومیت ، وصیت اور شہادت

مقدمہ مؤلف

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِہِ الطَّاہِرِیْنَ وَاللَّعْنَۃُ الدَّائِمَۃُ عَلٰی اَعْدَائِہِمْ اَجْمَعِیْنَ

علی علیہ السلام کون ہیں؟ ہم کیا جانیں علی علیہ السلام کون ہیں! علی علیہ السلام کی پہچان علی علیہ السلام کے خدا کو کرانی چاہیے؟ ہمیں چاہیے کہ علی علیہ السلام کو رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان مبارک سے پہچانیں اور جبرئیل علی علیہ السلام کا تعارف کرائیں، بالآخر علی علیہ السلام کا تعارف اور پہچان ان کی زوجہ حضرت فاطمہ علیہا السلام کو کرانا چاہیے، جن کا تعارف پروردگارِ عالم نے اپنی آسمانی کتابوں میں یعنی صُحفِ ابراہیم سے لے کر موسیٰ علیہ السلام کی توریت اور داؤد علیہ السلام کی زبور میں اور عیسیٰ علیہ السلام کی انجیل میں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قرآن میں کرایا ہے آیا کوئی اور ان کے بارے میں میں کچھ بیان کرنے کے لیے زبان کھول سکتا ہے؟!

بشر میں اتنی طاقت نہیں کہ ان کے بافضیلت مَقام کو چُھو سکے علی علیہ السلام کو دیکھنے اور پہچاننے کے لیے عرشِ عظیمِ الٰہی اور پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آسمانی معراج جیسے وسائل کی ضرورت ہے وگرنہ علی علیہ السلام کی پہچان کرنا ایسے ہوگی جس طرح کوئی ایک گہرے کنویں میں بیٹھ جائے اور سورج کو دیکھنے کی آرزو کرے، جو بھی خورشید کو دیکھنے کا خواہش مند ہے اگر کنویں کی گہرائی میں ہے اس سے باہر نکل آئے اگر اونچی جگہ پر کھڑا نہ ہو تو کم از کم ہموار جگہ پر کھڑا ہو جائے اور اگر کوئی رُکاوٹ نہ ہو تو تب سورج کا نظارہ کر سکتا ہے۔ یہ دنیا جس میں ہم زندگی گزار رہے ہیں اس میں اتنی گنجائش نہیں ہے کہ طاؤسِ کبریا علی علیہ السلام اپنے پَر کھولے اور اس تنگ دنیا میں پرواز کرے اور اپنا دیدار کروائے، یہ اسی وقت ممکن ہے جب خدا کے اَمر سے پہاڑ، صحرا اور دریا ہموار ہو جائیں اور سورج نابود ہو جائے

اور چاند اور ستارے ختم ہو جائیں اور کہکشائیں جل جائیں خالقِ کائنات کے علاوہ سب چیزیں فنا ہو جائیں، اس وقت خدا اور رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور علی علیہ السلام کی حاکمیتِ مطلق تحقق پیدا کرے گی، کلام کرنے کی طاقت اور حرکت سب سے سلب ہو جائے گی اس دن خدائے یکتا علی علیہ السلام کو پوری عظمت اور بزرگواری کے ساتھ اہلِ محشر کے سامنے پیش کرے گا اور اہل محشر کو ان کا دیدار کروائے گا۔

علی علیہ السلام کون ہیں؟ ہم کیا جانیں علی علیہ السلام کون ہیں! مگر خداوند نے وحی کے ذریعہ علی علیہ السلام اور ان کے فضائل کی پہچان کروائی، مگر جبرئیل امین نے علی علیہ السلام کے نورانی چہرے کی ہمارے لیے معرفی نہیں کی؟

مگر پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام کے درخشاں چہرے سے نقاب نہیں ہٹائی ہاں معراج کی رات اور جنگِ خندق، اُحد، خیبر، بدر اور لیلۃُ المبیت اور ہر جگہ پر خدا اور رسولؐ اور جبرئیل کے درمیان علیؑ کی کرامت اور بزرگواری کا تذکرہ تھا، ارے ہاں علی علیہ السلام وہ ہستی ہیں جن کی خداوند نے مکمل طور پر صِفت بیان کی ہے علی علیہ السلام وہ ہیں کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جن کی قدر اور منزلت کو بیان فرمایا ہے، علی علیہ السلام وہ ہیں جو پورے جہان میں خورشید کی مانند درخشاں ہیں۔

علی علیہ السلام وہ ہیں جو حجۃ الوداع کے موقع پر غدیرِ خُم میں خداوند کے امر سے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے توسّط سے امامت اور خلافت پر منصوب ہوئے۔ پروردگارِ عالم نے اس دن شک اور شبہہ کی گنجائش باقی نہیں چھوڑی اور نہ ہی کسی کے بہانے کو قبول کرے گا، علی علیہ السلام پہلے فرد ہیں جو پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لائے۔ علی علیہ السلام دینداری اور تقویٰ میں بے نظیر ہیں اور علم و حکمت میں بے مثال اور عدالت اور قضاوت میں فردِ واحد ہیں۔ علی علیہ السلام مسجد میں پہلے عابد اور میدانِ جنگ میں پہلے شجاع، اور بیت المال کے تقسیم کرنے میں پہلے عادل ہیں بہتر یہ ہے کہ ہم ان کے فضائل بیان کرنے سے

خاموش رہیں اور ان کی صفات کو آیات پر چھوڑ دیں۔

کتاب لکھنے کا مقصد

میں ۱۳۵۴ شمسی سے پروردگار کے فضل سے احادیث جمع کرنے میں مصروف ہوا۔ میرے اس کام کا ایک مقصد حضرت علی علیہ السلام کے بارے میں احادیث جمع کرنا تھا۔ میں نے ۱۳۷۸ شمسی تک مولا علیؑ کی شان میں ۷۰۰ سے زائد احادیث جمع کرلی تھیں۔ جب ۱۳۷۹ شمسی میں دو عید غدیر کی وجہ سے اس سال کو "سال امیرالمومنینؑ" قرار دیا گیا تو میں نے سوچا کہ مزید ۳۰۰ احادیث مختلف کتابوں سے جمع کر کے مولا علیؑ کی شان میں ایک ہزار احادیث کتابی صورت میں شائع کروں۔

اس لیے میں نے اسی سال کے آغاز سے حضرتؑ کی رُوحِ اطہر کو وسیلہ بنایا اور خدا پر توکّل کرتے ہوئے اس کارِ خیر میں مصروف ہوگیا۔ الحمدُ للہ جس وقت کا میں نے اندازہ لگایا ہوا تھا اس وقت سے پہلے یہ کام ختم ہوا لیکن میرا ایک اور ہدف یہ بھی تھا کہ اس کتاب سے مختلف طبقات کے لوگ بہرہ مند ہوسکیں اس لیے میں نے سوچا کہ اس کتاب کو اعراب اور ترجمہ کے ساتھ پڑھنے والوں کی خدمت میں پیش کروں۔

البتہ اس کام کے لیے وقت چاہیے اسی وجہ سے اس کتاب کے طبع ہونے میں دیر ہوگئی، پھر بھی میں بہت خوش ہوں خدا کا شکر ہے کہ یہ توفیق حاصل ہوئی تا کہ اس سال کے آخر تک جسے امیرالمومنین علیہ السلام کے مقدّس نام سے زینت دی گئی ہے تقریباً دن اور رات تلاش اور کوشش سے اس کتاب کو جو حضرت علی علیہ السلام کے مناقب اور فضائل میں ایک ہزار فضیلت پر مشتمل ہے "حَبلُ اللہ

المتین فی مناقبِ امیرِ المومنین علیہ السلام ''کو ایک گل دستہ کے عنوان سے حضرتؑ کے دوستوں اور محبّین اور حضرتؑ کے چاہنے والوں کی خدمت میں پیش کروں۔ قابلِ ذکر ہے کہ یہ ہزار اَحادیث پانچ حصوں اور ۱۸ فصلوں اور ۲۰۱ عَناوِین اور شیعہ اور اہلِ سنّت کی کتب سے لیے گئے ۲۰۶ مآخذ اور مَنابِع سے مرتّب ہوئی ہے۔

علی رضا صابری یزدی

احادیثِ کتاب کے نمونے

عن ابن یزید قال :سَألْتُ أبا الحسن علیه السلام عن قوله تعالی :واعتصموا بحبلِ اللّٰهِ جَمیعاً قال :علی بن أبی طالبٍ علیه السلام حبلُ اللّٰهِ المتینُ.

تفسیر العیاشی ۱/۱۹۴ البحار ۳۶/۱۵ و

تفسیر نور الثقلین ۱/۳۷۷.

ابن یزید کہتے ہیں، میں نے حضرت ابوالحسن علیہ السلام سے گفتارِ خداوند "تم سب خدا کی رسّی سے چمٹے رہو" کے بارے میں سوال کیا: حضرتؑ نے فرمایا: علی بن ابی طالبؑ خدا کی مضبوط رسّی ہیں۔

قال النّبیّ صلی اللّٰه علیه وآله وسلم :یا عَلِیُّ ما عَرَفَ اللّٰهَ حَقَّ مَعْرِفَتِهِ غَیرِی وَغَیْرُکَ، وَما عَرَفَکَ حَقَّ مَعْرِفَتِکَ غَیْرُ اللّٰهِ وَغَیْرِی.

مناقب آل ابیطالب ۳/۲۶۷.

پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علیؑ! آپ کے اور میرے علاوہ کسی نے بھی خدا کے مقام کو نہیں پہچانا، اور کسی نے بھی سوائے خدا اور میرے جس عظمت کے تم لائق ہو نہیں پہچانا۔

قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہٖ وسلم :لَوِ اجْتَمَعَ النّاسُ عَلٰی حُبِّ عَلِیِّ بْنِ أَبی طالِبٍ لَما خَلَقَ اللّٰہ النّارَ.

ینابیع المودۃ / ۱۲۵ .کشف الغمۃ ۱/ ۹۹.

احقاق الحق ۷/ ۱۴۷ والبحار ۳۹/ ۳۰۵.

ابن عباس سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تمام لوگ علی علیہ السلام کی دوستی کے لئے جمع ہو جاتے تو خداوند دوزخ کو خلق نہ کرتا۔

قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہٖ وسلم :عَلِیُّ بْنُ أَبی طالِبٍ حَلَقَةٌ مُعَلَّقَةٌ بِبابِ الْجَنَّةِ، مَنْ تَعَلَّقَ بِها دَخَلَ الْجَنَّةَ.

فرائد السمطین ۱/ ۱۸۰. احقاق الحق ۷/ ۱٦۸ .

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی بن ابی طالب علیہ السلام بہشت کے دروزے پر لگا ہوا حلقہ ہیں، جو بھی اس کو پکڑے گا وہ بہشت میں جائے گا۔

مدخل

۱۔ تَارِيخُ وِلَادَةِ الْإِمَامِ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَمَحَلُّهَا

الف -عَن أبِى حمزةَ الثماليّ، قالَ :سمعتُ عَلِيَّ بنَ الحسينِ عليهمَا السلامُ يقولُ :إنَّ فاطِمَةَ بِنْتَ أَسَدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْها ضَرَبَها الطَّلْقُ وَهِيَ فى الطَّوافِ، فَدَخَلَتِ الْكَعْبَةَ فَوَلَدَتْ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَليهِ السلامُ فِيها.(۱)

ب -ورُوِىَ عن عتّابِ بنِ أُسَيدٍ أنهُ قالَ :وُلِدَ أميرُ الْمُؤْمِنينَ عَلِيُّ بْنُ أَبِى طالبٍ عليهِ السلامُ بِمَكَّةَ فِى بَيْتِ اللّٰهِ الحَرامِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ لِثَلَاثَ عَشْرَةَ لَيْلَةً خَلَتْ مِنْ رَجَبٍ، وَلِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰه عليهِ وآلهِ ثَمانٌ وَعِشْرونَ سَنَةً، قَبْلَ النُّبُوَّةِ بِاثْنَتَىْ عَشْرَةَ سَنَةً.(۲)

ج - وُلِدَ عَلِيٌّ عليهِ السلامُ بِمَكَّةَ فِى الْبَيْتِ الْحَرامِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ الثَّالِثَ عَشَرَ مِنْ شَهْرِ اللّٰهِ الْأَصَمِّ رَجَبٍ بَعْدَ عَامِ الفيلِ بِثَلاثِينَ سَنَةً، وَلَمْ يُولَدْ فِى بَيْتِ اللّٰهِ الْحَرامِ أَحَدٌ سِوَاهُ لاَ قَبْلَهُ وَلاَ بَعْدَهُ، وَهِيَ فَضيلَةٌ خَصَّهُ اللّٰهُ بِها إجْلالاً لَهُ، وَإعْلاءً لِرُتْبَتِهِ، وَإظهارًا لِتَكْرِمَتِهِ.(۳)

د -)ورُوِىَ(أَنَّ أَميرَ الْمُؤْمِنينَ عَلِيَّ بْنَ أَبى طالِبِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ هاشِمِ بْنِ عَبْدِمَنافٍ وَصِيُّ رَسولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَخَليفَتُهُ الإمامُ العادِلُ وَالسَّيِّدُ الْمُرْشِدُ

۱۔ روضة الواعظين ۱/ ۱۸ ۲۔ البحار ۳۵/ ۷

۳۔ كشف الغمة ۱/ ۵۹، ارشاد القلوب / ۲۱۱، اعلام الورى / ۱۵۹ وكشف اليقين/ ۱۷ باختلاف فى موارد

وَالصِّدِّيقُ الأَكْبَرُ سَيِّدُ الوَصِيِّينَ، وَإِمامُ المُوَحِّدِينَ، كُنْيَتُهُ :أَبوالحَسَنِ، وُلِدَ بِمَكَّةَ فِي البَيْتِ الحَرامِ يَوْمَ الجُمُعَةِ لِثَلاثَ عَشْرَةَ لَيْلَةً خَلَتْ مِنْ رَجَبٍ، بَعْدَ عامِ الفيلِ بِثَلاثِينَ سَنَةً، وَأُمُّهُ فاطِمةُ بِنْتُ أَسَدِ بْنِ هاشِمِ بْنِ عَبْدِ مَنافٍ، وَهُوَ أَوَّلُ هاشِمِيٍّ فِي الْإِسْلامِ مِنْ هاشِمِيِّينَ.(۱)

گفتگو کا آغاز

ا۔ حضرت علی علیہ السلام کی جائے ولادت اور تاریخ

الف۔ ابوحمزہ ثمالی کہتے ہیں میں نے امام سجّاد علیہ السلام سے سنا انہوں نے فرمایا: حضرت فاطمہ بنت اَسَد کو طواف کے دوران بچے کی ولادت کے آثار نمودار ہوئے وہ کعبہ میں داخل ہوئیں اور وہاں علیؑ کی ولادت ہوئی۔

ب۔ عتّاب بن اُسَیْد سے روایت ہے کہ:

حضرت امیر المومنین علی بن ابیطالب علیہ السلام کی ولادت ۱۳ رجب بروز جمعہ پیغمبر خداؐ کے ۱۲ سال مبعوث ہونے سے پہلے خانہ کعبہ مکّہ میں ہوئی اس وقت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۲۸ سال کے تھے۔

ج۔ حضرت علی علیہ السلام ۱۳ رجب جمعہ کے دن مکّہ میں خانہ کعبہ میں پیدا ہوئے آپؑ سے پہلے اور نہ ہی آپؑ کے بعد کسی کی خانہ کعبہ میں ولادت ہوئی اور یہ ایک ایسی فضیلت تھی جو کہ خداوند نے

۱۔ روضۃ الواعظین ۱/۷۶ الارشاد للمفید/۹ باختلاف فی موارد

علیؑ کو عطا کی تا کہ ان کی عظمت اور ان کے مقام کو لوگوں کے لئے واضح اور روشن کرے۔

د۔ نقل ہوا ہے کہ حضرت علی بن ابی طالبؑ بن عبدالمطّلب بن ہاشم بن عبد مناف جو کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جانشین، وصی اور ایک عادل پیشوا، راہنما اور صدّیقِ اکبر، اوصیاء کے سردار مُوحّدین کے امام ہیں کی کنیت ابوالحسن ہے ۱۳ رجب جمعہ کے دن عام الفیل سے ۳۰ سال بعد خدا کے گھر میں پیدا ہوئے آپ کی والدۂ گرامی فاطمہ بنت اَسَد بن ہاشم بن عبد مناف ہیں جنہوں نے بنی ہاشم میں سب سے پہلے اسلام قبول کیا۔

۲ ۔ كَيْفِيَّةُ وِلادَتِهِ

۵ - قال يزيدُ بْنُ قَعْنَبِ: كُنْتُ جالِسًا مَعَ العَبّاسِ بْنِ عَبْدِالْمُطَّلِبِ وَفَرِيقٌ مِنْ عَبْدِ العُزّى بِإِزاءِ بَيْتِ اللّهِ الحَرامِ، إِذْ أَقْبَلَتْ فاطِمَةُ بِنْتُ أَسَدٍ أُمُّ أَميرِ المُؤْمِنينَ عليهِ السلام وَكانَتْ حامِلاً بِه لِتِسْعَةِ أَشْهُرٍ، وَقَدْ أَخَذَها الطَّلْقُ فَقالَتْ :رَبِّ إِنّي مُؤْمِنَةٌ بِكَ، وَبِما جاءَ مِنْ عِنْدِكَ مِنْ رُسُلٍ وَكُتُبٍ، وَإِنّي مُصَدِّقَةٌ بِكَلامِ جَدّي إِبْراهيمَ الْخَليلِ عليهِ السَّلامُ وَأَنَّهُ بَنَى الْبَيْتَ العَتيقَ فَبِحَقِّ الَّذي بَنى هذا الْبَيْتَ، وَبِحَقِّ المَوْلودِ الَّذي في بَطْني لَما يَسَّرْتَ عَلَيَّ وِلادَتي.

قالَ يَزيدُ بنُ قعنبٍ :فَرَأَيْنا البَيْتَ وَقَدِ انْفَتَحَ عَنْ ظَهْرِهِ، وَدَخَلَتْ فاطِمَةُ فيهِ وَغابَتْ عَنْ أَبْصارِنا وَالْتَزَقَ الْحائِطُ فَرُمْنا أَنْ يَنفَتِحَ لَنا قُفْلُ الْبابِ فَلَمْ يَنْفَتِحْ فَعَلِمْنا أَنَّ في ذلِكَ أَمْرًا مِنَ اللّهِ عَزَّوَجَلَّ، ثُمَّ خَرَجَتْ بَعْدَ الرّابِعِ وَبِيَدِها أَميرُ المُؤْمِنينَ عليهِ السلامُ ثُمَّ قالَتْ :إِنّي فُضِّلْتُ عَلى مَنْ تَقَدَّمَني مِنَ النِّساءِ، لِأَنَّ آسِيَةَ بِنْتَ مُزاحِمٍ عَبَدَتِ اللّهَ عَزَّ وَجَلَّ سِرًّا في مَوْضِعٍ لا يُحِبُّ أَنْ يُعْبَدَ اللّهُ فيهِ إِلّا اضْطِراراً، وَأَنَّ مَرْيَمَ بِنْتَ عِمْرانَ هَزَّتِ النَّخْلَةَ اليابِسَةَ بِيَدِها حَتّى أَكَلَتْ مِنْها رُطَباً جَنِيّاً، وَإِنّي دَخَلْتُ بَيْتَ اللّهِ الحَرامَ

فَأَكَلْتُ مِنْ ثِمارِ الْجَنَّةِ وَأَوْراقِها (أَرْزاقِها خ ل)فَلَمّا أَرَدْتُ أَنْ أَخْرُجَ هَتَفَ بِي هاتِفٌ :يا فاطِمَةُ ! سَمِّيهِ عَلِيّاً فَهُوَ عَلِيٌّ وَاللّهُ العَلِيُّ الأَعْلى يقولُ :إِنِّي شَقَقْتُ اسْمَهُ مِن اسْمِي، وَأَدَّبْتُهُ بِأَدَبِي وَوَقَّفْتُهُ عَلى غَوامِضِ عِلْمِي، وَهُوَ الَّذِي يُكَسِّرُ الأَصْنامَ فِي بَيْتِي وَهُوَ الَّذِي يُؤَذِّنُ فَوْقَ ظَهْرِ بَيْتِي وَيُقَدِّسُنِي وَيُمَجِّدُنِي؛ فَطُوبى لِمَنْ أَحَبَّهُ وَأَطاعَهُ؛ وَوَيْلٌ لِمَنْ أَبْغَضَهُ وَعَصاهُ.(۱)

۲۔حضرت علی علیہ السلام کی ولادت کیسے ہوئی

یزید بن قعنب کہتے ہیں میں عبّاس بن عبد المطلب اور قبیلہ عبد العزیٰ کے چند لوگ خانہ کعبہ کے قریب بیٹھے ہوئے تھے اچانک ہم نے حضرت علی علیہ السلام کی والدہ کو دیکھا جو کہ حاملہ تھیں اوران کے حمل کو ۹ ماہ گذر چکے تھے اور وہ درد میں مبتلا تھیں بارگاہِ الٰہی میں حاضر ہوکر عرض کی اے پروردگار! میں تجھ پر اور تیرے رسولؐ پر اور جو تو نے کتابیں بھیجیں ان پر ایمان رکھتی ہوں اور اپنے جد ابراہیم خلیلؑ کی گفتگو کی تصدیق کرتی ہوں اور یقین رکھتی ہوں کہ انہوں نے اس خانۂ خدا کو بنایا تجھے اس کا واسطہ جس نے اِس خانۂ خدا کو تعمیر کیا اور اس بچّے کا واسطہ جو میرے شکم میں ہے قسم دیتی ہوں اس کی ولادت آسان فرما۔

یزید بن قعنب کہتے ہیں: اس وقت ہم نے دیکھا کعبہ کی دیوار شق ہوئی اور فاطمہ کعبہ میں داخل ہوئیں اور غائب ہوگئیں اور دیوار آپس میں مل گئی ہم کھڑے ہوگئے تا کہ جا کر خانہ کعبہ کا تالہ کھولیں تالہ نہ کھلا ہم سمجھ گئے کہ یہ سب کچھ خدا کی مرضی سے ہوا ہے چار دن گذر جانے کے بعد بچّے

۱۔ روضۃ الواعظین ۱/۱۶۰ و ارشاد القلوب/۲۱۱

کو ہاتھوں پر لیے ہوئے فاطمہ خانہ کعبہ سے باہر آئیں اور کہا مجھے پہلے والی خواتین پر برتری حاصل ہے کیونکہ مزاحم کی بیٹی آسیہ چھپ کر خدا کی عبادت کرتی تھیں ایسی جگہ پر خدا کی عبادت کرنا مجبوری کے سوا کوئی اور چارہ نہیں تھا عمران کی بیٹی مریم نے کھجور کے خشک درخت کو ہلایا تو اس سے تازہ کھجوریں گریں اور انہوں نے کھائیں لیکن جب میں خانہ کعبہ میں داخل ہوئی تو بہشتی میوے اور کھانا کھایا اور جس وقت میں نے باہر نکلنے کا ارادہ کیا تو غیب سے آواز آئی فاطمہ اس بچے کا نام علیؑ رکھنا کیونکہ اس کا رتبہ بلند ہے اور خداوندِ علیِّ اعلیٰ کہہ رہا ہے کہ: میں نے اس کا نام اپنے نام پر رکھا ہے اور اُس کی تربیت اپنے آداب اور اَخلاق سے کی اسے اپنے علم سے آگاہ کیا یہ وہ ہے جو خانہ کعبہ کو بتوں سے پاک کرے گا اور خانہ کعبہ کی چھت پر اذان دے گا اور میری تقدیس کرے گا خوش قسمت ہے وہ شخص جو اسے دوست رکھتا ہے اور اس کے فرمان کی اطاعت کرتا ہے۔ بدبخت ہے وہ جو اس سے دشمنی رکھتا ہے اور اس کی نافرمانی کرتا ہے۔

۳۔ نَسَبُہٗ مِنْ قِبَلِ اَبِیْہِ وَ اُمِّہٖ

و -بِالإسنادِ، هُوَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبِ بْنِ عَبْدِ المُطَّلِبِ بْنِ هاشِمِ بْنِ عَبْدِ مَنافِ بْنِ قُصَيِّ بْنِ كِلابِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ لُؤَيِّ بْنِ غالِبِ بْنِ فِهْرِ بْنِ مالِكِ بْنِ النَّضْرِ بْنِ كنانَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ مُدْرِكَةَ بْنِ مُضَرَ بْنِ نِزارِ بْنِ مَعْدِ بْنِ عَدْنانَ، واسْمُ أَبِي طالِبِ عَبْدُ منافِ.(۱)

ز -بِالإسنادِ، أُمُّ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طالِبِ :فاطِمَةُ بِنْتُ أَسَدِ بْنِ هاشِمِ بْنِ عَبدِ

۱۔ مناقب علی بن ابیطالب / ۵

مَـنـافِ بْنِ قُصَيٍّ، وَهِيَ أَوَّلُ هاشِمِيَّةٍ وَلَدَتْ لِهاشِمِيٍّ، وَقَدْ أَسْلَمَتْ وَهاجَرَتْ إِلَى النَّبِيِّ صلّى اللّٰه عليه وآله وسلّم(۱)

ح -أُمُّهُ فاطِمَةُ بِنْتُ أَسَدِ بْنِ هاشِمِ بْنِ عَبْدِ مَنافٍ وَكانَتْ مِنْ رَسولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بِمَنْزِلَةِ الْأُمِّ وَرُبِّيَ فِي حِجْرِها، وَكانَتْ مِنْ سابِقاتِ الْمُؤْمِناتِ إِلَى الْإِيمانِ وَهاجَرَتْ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وآله وسَلَّمَ إِلَى الْمَدِينَةِ وَكَفَّنَها النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ مَوْتِها بِقَمِيصِهِ...(۲)

حضرت علی علیہ السلام کا نسب

حضرت علی علیہ السلام ابو طالب کے بیٹے، ابو طالب عبد المطّلب کے بیٹے، عبد المطّلب ہاشم کے بیٹے، ہاشم عبدِ مَناف کے بیٹے، عبدِ مَناف قُصَیّ کے، قُصَیّ کِلاب کے اور کِلاب مُرّہ اور مُرّہ کعب کے کعب لُوَیّ کے لُوَیّ غالِب کے غالِب فہر کے فہر مالک کے مالک نضر کے نضر کنانہ کے کنانہ خزیمہ کے خزیمہ مدرکہ کے مدرکہ مُضر کے مُضر نزار کے نزار معد کے معد عدنان کے بیٹے ہیں اور ابو طالب کا نام عبدِ مناف تھا۔

حضرت علی علیہ السلام کی والدہ فاطمہ بنت اَسَد، اَسَد ہاشم کے بیٹے اور ہاشم عبد مناف کے اور عبدِ مناف قُصَیّ کے بیٹے ہیں، فاطمہ ہاشمی خاندان کی پہلی خاتون ہیں جو ہاشمی باپ سے پیدا ہوئیں انھوں نے اسلام کو قبول کیا اور پیغمبرؐ کی طرف ہجرت کی۔

۱۔ مناقب علی بن ابیطالب / ۶

۲۔ إعلام الورى / ۱۵۹

فاطمہ بنتِ اَسد علی علیہ السلام کی والدہ رسولِ خداؐ کی ماں کی جگہ پر تھیں چونکہ رسولِ اکرمؐ نے ان کے دامن میں پرورش پائی وہ پہلی خاتون تھیں جنہوں نے اسلام قبول کیا اور رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مدینہ کی طرف ہجرت کی پیغمبرؐ نے ان کی وفات کے بعد انہیں اپنی قمیص کا کفن دیا۔

۴۔ مِنْ اَلْقَابِهٖ

ط -وَأَمَّا أَلْقابُ الإمامِ عَلِيّ عليهِ السلامُ :فَالْمُرْتَضى وَحَيْدَرُ، وَأَمِيرُالمُؤْمِنينَ، وَالْأَنْزَعُ البَطِينُ.(۱)

ی -أَميرُالمُؤمِنينَ وَيَعْسُوبُ الدّينِ، وَالْمُرْتَضٰى وَنَفْسُ الرَّسولِ، وَصاحِبُ اللِّواءِ،وَسَيِّدُ الْعَرَبِ وَأَبُو الرَّيْحَانَتَيْنِ وَالْهَادِی وَالفارُوقُ وَأَمِيرُ البَرَرَةِ....(۲)

ک -وأَمّا كُنْيَتُهُ :فَأَبُوالحَسَنِ، وَأَبُوالسِّبْطَيْنِ، وَأَبُوتُرابٍ كَنّاهُ بِهاصَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ.(۳)

ل -كُنْيَةُ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلامُ أَبُوالحَسَنِ وَكَنّاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَبَا تُرَابٍ، فَكَانَ أَحَبَّ مَايُنادٰى بِهِ إِلَيْهِ.(۴)

۱۔ فضائل الخمسة ۲۰۵/۱.

۲۔ كشف الغمة ۶۷/۱.

۳۔ فضائل الخمسة ۲۰۵/۱ و مناقب علي بن ابيطالبؑ/۸.

۴۔ احقاق الحق ۵۴۴/۶.

حضرت علی علیہ السلام کی کُنیت اور القاب

الف۔ حضرت علیؑ کے مشہور القاب یہ ہیں: مرتضیٰ، حیدر، امیر المومنین اور انزاع البطین (یعنی شرک کے دائرہ سے باہر اور بھرپور علم رکھنے والے) ہیں۔

ب۔ امیرُ المؤمنین، یَعسُوبُ الدِّین، مرتضیٰ، نفسِ رَسولؐ، صاحِبُ اللّوَاء، سَیِّدُ العَرب، اَبُوالرَّیحانَتَین، ہادی، فاروق، اور امیرُ البررَة وغیرہ شامل ہیں۔

ج۔ آپ کی کُنیت، ابُوالحسن، ابُوالسبطَین اور ابُوتُراب ہے۔ ابُوتُراب کی کُنیت رسول اللہؐ نے آپ کو عطا کی۔

د۔ حضرت علیؑ کی کُنیت ابُوالحسن تھی اور رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپ کو ابُوتُراب کی کُنیت عطا کی اور یہ کُنیت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نزدیک ایک بہترین کُنیت تھی اور رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیشہ آپؑ کو اسی کُنیت سے پکارا کرتے تھے۔

۵۔ تَسمِیَتُہُ

۱۔ بِالإسنادِ، عن المُفَضّلِ بْنِ عُمَر، عَن الصّادِقِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَن آبائِهِ عَليهمُ السّلامُ قالَ: قالَ رَسُولُ اللّهِ صَلّى اللّهُ عليهِ وَآلِهِ وسَلّم: لَمّا اُسْرِيَ بِيَ إلَى السَّماءِ أَوْحى إلَيَّ رَبّي جَلَّ جَلالُهُ فَقالَ: يا مُحَمَّدُ إنّي اطَّلَعْتُ عَلَى الأَرْضِ اطِّلاعَةً فَاخْتَرْتُكَ مِنْها فَجَعَلْتُكَ نَبِيّاً وَشَقَقْتُ لَكَ مِن اسْمِي اسْماً، فَأَنَا المَحْمُودُ وَانْتَ مُحَمَّدٌ، ثُمَّ اطَّلَعْتُ الثّانِيَةَ فَاخْتَرْتُ مِنْها عَلِيّاً وَجَعَلْتُهُ وَصِيَّكَ وَخَلِيفَتَكَ وَزَوْجَ

ابْنَتِکَ و أَبَاذُرِّيَّتِکَ، وَشَقَقْتُ لَهُ اسماً مِنْ أَسْمَائِيْ، فَأَنَا العَلِيُّ الْأَعْلٰى وَهُوَ عَلِيٌّ....(۱)

۲۔ قَالَ رَسُولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰه عليهِ وآلهِ وسلَّم :إذا كانَ يَوْمُ القِيامَةِ يُنادونَ عَلِيَّ بْنَ أَبِيْ طالِبِ بِسَبْعَةِ أَسْماءٍ :يَا صِدِّيقُ، يا دَالُّ، يَا عَابِدُ، يَا هادِيُ، يَا مَهْدِيُّ، يَا فَتٰى، يَا عَلِيُّ مُرَّ أَنْتَ وَشِيْعَتُکَ إِلَى الْجَنَّةِ بِغَيْرِ حِسَابٍ.(۲)

حضرت علی علیہ السلام کا نام

مفضّل بن عمر نے روایت نقل کی ہے کہ امام صادق علیہ السلام سے منقول ہے انہوں نے فرمایا: کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب مجھے رات کو آسمان پر لے جایا گیا خدا کی طرف سے مجھ پر وحی ہوئی: اے محمدؐ! میں نے زمین پر نگاہ کی اور تجھے اپنا نبی منتخب کیا اور تیرے نام کو اپنے نام سے مشتق کیا کیونکہ میرا نام محمود اور تیرا نام محمدؐ ہے اور اسی طرح زمین پر نگاہ ڈالی اور امیر المومنینؑ کو تیرا وصی جانشین اور داماد اور تیری اولاد کا باپ منتخب کیا اور اپنے ناموں میں سے ایک نام کا اس کے لئے انتخاب کیا کیونکہ میں علیِّ اعلیٰ ہوں اور وہ علیؑ ہے۔

۲۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن علی علیہ السلام کو سات ناموں سے پکارا جائے گا۔ ان سے کہا جائے گا اے صادق، اے رہنما، اے اللہ کی عبادت کرنے والے اے لوگوں کو ہدایت دینے والے، اے اللہ سے ہدایت پانے والے، اے جواں مرد، اے علیؑ تم اور تمہارے شیعہ بغیر کسی حساب کے جنت میں چلے جاؤ۔

۱۔ کمال الدین/ ۲۵۲

۲۔ احقاق الحق ۴/ ۳۰۰

۶ ۔ سلالة الموحّدين

۳۔عن الأصبغ بن نباتة قال :سَمِعتُ أميرَالمؤمنينَ صلواتُ اللّٰهِ عليهِ يقولُ: وَاللّٰهِ مَاعَبَدَ أبِیْ وَلَا جَدِّی عَبْدُ المُطَّلِبِ وَلَا هاشِمٌ وَلَا عَبْدُ مَنافٍ صَنَماً قَطُّ .قِیلَ لَهُ: فَمَا کَانُوْا یَعْبُدوْنَ؟ قَالَ :کَانُوْا یُصَلُّونَ إلَی البَیْتِ عَلٰی دِینِ اِبْراهیمَ علیهِ السلامُ مُتَمَسِّکِینَ بِهٖ.(۱)

حضرت علی علیہ السلام خدا کی پرستش کرنے والوں کی نسل سے

۳۔ اصبغ بن نباتہ کہتے ہیں کہ میں نے امیرالمومنینؑ سے سنا انہوں نے فرمایا: خدا کی قسم! میرے والد نے اور میرے دادا نے نیز ہاشم اور عبد مناف نے کبھی بتوں کی پوجا نہیں کی۔ وہ سب کے سب خدا پرست تھے۔ آپ سے پوچھا گیا کہ وہ کس کی پرستش کرتے تھے؟ آپ نے فرمایا: وہ دین ابراہیمؑ کے پیروکار تھے اور خانۂ کعبہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے تھے۔

۷۔تَوْقِیرُ الرَّسُوْلِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ لِفَاطِمَةَ بِنْتِ اَسَدٍ

۴۔بِالإسنادِ، عَن عبدِاللّٰهِ بنِ عبّاسٍ قَالَ :أَقْبَلَ عَلِیُّ بْنُ أَبِی طَالِبٍ علیهِ السلامُ ذاتَ یَوْمٍ إلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلیهِ وآلهِ وَسَلّمَ باکِیاً وَهُوَ یَقولُ :إنَّا لِلّٰهِ وَإنَّا إلَیْهِ

۱۔ کمال الدین وتمام النعمة/۱۷۴ والغدیر ۳۸۷/۷

راجعونَ، فَقالَ رَسولُ اللّٰه صَلّی اللّٰه عَلَیهِ و آلِهِ وسلّم مَهْ یا عَلیُّ! فَقالَ عَلِیّ علیه السلام: یا رَسولَ اللّٰه! ماتَتْ اُمّی فاطِمَةُ بِنْتُ أَسَدٍ .قالَ :فَبَکَی النَّبیّ صَلّی اللّٰه علیهِ و آلهِ وسَلَّمَ ثُمَّ قالَ :رَحِمَ اللّٰهُ اُمَّکَ، یا عَلِیُّ! أَمَا أَنَّهَا إِنْ کانَتْ لَکَ أُمّاً؛ فَقَدْ کانَتْ لِی اُمّاً، خُذْ عِمامَتِی هذِهِ وَخُذْ ثَوْبَیَّ هٰذَینِ فَکَفِّنْهَا فِیهِمَا وَمُرِ النِّسَاءَ فَلْیُحْسِنَّ غَسْلَهَا وَلَا تُخْرِجْهَا حَتّیٰ أَجِیءَ فَأَلِیَ أَمْرَها، قالَ :وأَقْبَلَ النَّبیّ صَلّی اللّٰه عَلَیهِ و آلهِ وسَلَّمَ بَعْدَ ساعَةٍ وَأُخْرِجَتْ فاطِمَةُ أُمُّ عَلِیٍّ علیهِ السّلامُ فَصَلّیٰ عَلَیْهَاالنَّبِیُّ صَلّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ آلِهِ وَسَلَّمَ صَلاةً لَمْ یُصَلِّ عَلیٰ أَحَدٍ قَبْلَهَا مِثْلَ تِلْکَ الصَّلاَةِ، ثُمَّ کَبَّرَ عَلَیْهَا أَرْبَعِینَ تَکْبِیرَةً، ثُمَّ دَخَلَ إِلَی القَبْرِ فَتَمَدَّدَ فِیهِ فَلَمْ یُسْمَعْ لَهُ أَنِینٌ وَلاَ حَرَکَةٌ، ثُمَّ قالَ :یا عَلِیُّ! اُدْخُلْ، یا حَسَنُ! اُدْخُلْ، فَدَخَلَ القَبْرَ، فَلَمَّا فَرِغَ مِمَّا احْتَاجَ إِلَیْهِ؛ قالَ :یا عَلِیُّ! اُخْرُجْ، یا حَسَنُ! اُخْرُجْ فَخَرَجَا، ثُمَّ زَحَفَ النَّبِیُّ صَلّی اللّٰهُ علیهِ و آلِهِ وسَلَّمَ حَتّیٰ صارَ عِنْدَ رَأْسِها ثُمَّ قالَ: یَا فاطِمَةُ أَنَا مُحَمَّدٌ سَیِّدُ وُلْدِ آدَمَ وَلَافَخْرَ، فَإِنْ أَتاکِ مُنْکَرٌ وَنَکِیرٌ فَسَأَلَاکِ :مَنْ رَبُّکِ؟ فَقُولِیْ :اَللّٰهُ رَبِّیْ وَمُحَمَّدٌ نَبِیِّیْ وَالْإِسْلامُ دِینی وَالقُرْآنُ کِتَابِیْ وَابْنِیْ اِمامِیْ وَوَلِیِّیْ، ثُمَّ قالَ :اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْ فاطِمَةَ بِالقَوْلِ الثَّابِتِ ثُمَّ خَرَجَ مِنْ قَبْرِهَا وَحَثَا عَلَیْهَا حَثَیَاتٍ ثُمَّ ضَرَبَ بِیَدِهِ الْیُمْنیٰ عَلَی الیُسْریٰ فَنَفَضَهُمَا، ثُمَّ قالَ:وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِهِ لَقَدْ سَمِعَتْ فاطِمَةُ تَصْفِیقَ یَمِیْنِیْ عَلیٰ شِمَالِیْ، فَقَامَ إِلَیْهِ عَمَّارُبْنُ یَاسِرٍ فَقالَ :فِدَاکَ أَبِیْ وَأُمِّیْ یا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَقَدْ صَلَّیْتَ عَلَیْهَا صَلاَةً لَمْ تُصَلِّ عَلیٰ أَحَدٍ قَبْلَهَامِثْلَ تِلْکَ الصَّلاَةِ، فَقالَ :یَا أَبَا الْیَقْظَانِ وَأَهْلُ ذٰلِکَ هِیَ مِنِّیْ وَلَقَدْ کَانَ لَهَا مِنْ أَبِیْ طَالِبٍ وِلْدٌ کَثِیْرٌ، وَلَقَدْ کَانَ خَیْرُهُمْ کَثِیْراً، وَکَانَ خَیْرُنا قَلِیْلاً، فَکَانَتْ تُشْبِعُنِیْ وَتُجِیْعُهُمْ وَتَکْسُوْنِیْ وَتُعْرِیْهِمْ وَتُدْهِنُنِیْ وَتُشْعِثُهُمْ .قالَ :فَلِمَ کَبَّرْتَ عَلَیْهَا أَرْبَعِیْنَ تَکْبِیْرَةً یا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قالَ :نَعَمْ یا

عَمَّارُ! اِلْتَفَتُّ عَنْ يَمِيْنِي فَنَظَرْتُ إِلٰى أَرْبعِينَ صَفّاً مِنَ المَلائِكَةِ فَكَبَّرْتُ لِكُلِّ صَفٍّ تَكْبِيرَةً، قَالَ :فَتَمَدَّدْتَ فِي القَبْرِ وَلَمْ يُسْمَعْ لَکَ أَنِينٌ وَلَا حَرَكَةٌ، قَالَ :إِنَّ النَّاسَ يُحْشَرُونَ يَوْمَ الْقِيامَةِ عُرَاةً فَلَمْ أَزَلْ أَطْلُبُ إِلٰى رَبِّيَ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ يَبْعَثَهاسَتِيرَةً، وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ مَا خَرَجْتُ مِنْ قَبْرِهَا حَتّٰى رَأَيْتُ مِصْبَاحَيْنِ مِنْ نُوْرٍ عِنْدَ رَأْسِها، وَمِصْبَاحَيْنِ مِنْ نُوْرٍ عِنْدَيَدَيْهَا، وَمِصْبَاحَيْنِ مِنْ نُوْرٍ عِنْدَ رِجْلَيْها، وَمَلَكَاهَا الْمُوَكَّلانِ بِقَبْرِهَا يَسْتَغْفِرَانِ لَهَا إِلٰى أَنْ تَقُومَ السَّاعَةُ.(۱)

پیغمبرصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حضرت علی علیہ السلام کی والدہ کا احترام کرنا

۴۔ابن عباس سے منقول ہے کہ ایک دن حضرت علی علیہ السلام روتے ہوئے اوران کلمات کا وِرد کرتے ہوئے (اِنّا لِلّٰہِ وَاِنّا اِلَیہِ رَاجِعُونَ ٥) رسولِ خداصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے، رسولِ خدا ؐ نے فرمایا: اے علیؑ کیا ہوا؟ علی علیہ السلام نے فرمایا: میری والدہ فاطمہ بنت اَسَد (س) رحلت فرما چکی ہیں ابنِ عباس کہتے ہیں: پیغمبرؐ بھی رونے لگے اور فرمایا: اے علیؑ! خدا آپؑ کی والدہ پر رحمت کرے اگر وہ آپؑ کی والدہ تھیں تو میری بھی والدہ تھیں، میری قمیض اور عمامہ لے جائیں اور انہیں کفن دیں اور خواتین سے کہیں انہیں بہترین غسل دیں اور میرے آنے سے پہلے جنازہ کو نہ اٹھانا کیونکہ ان کی تدفین اور دوسرے مراسم میرے ذمہ ہیں کچھ دیر کے بعد پیغمبرصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے علیؑ کی والدہ کا جنازہ آپؐ کے حضور لایا گیا آپ نے نماز جنازہ پڑھی ایسی نماز جو کہ ان سے پہلے کسی کے لئے بھی نہیں پڑھائی گئی۔

۱۔ أمالی الصدوق/ ۲۵۸

رسولِ اکرم ﷺ نے فاطمہ بنت اَسَد کے جنازہ پر چالیس تکبیریں کہیں اور قبر میں لیٹے اور ان کا بدنِ مقدّس کاملِ سکون کی حالت میں تھا اس کے بعد حضرتؐ نے فرمایا: اے علیؑ! اے حسنؑ قبر میں داخل ہو جاؤ۔ آپ دونوں قبر میں داخل ہو گئے، جب پیغمبر ﷺ نے جو کام ضروری تھے انجام دیے، جس وقت فارغ ہوئے فرمایا: اے علیؑ! اے حسنؑ! قبر سے نکل آؤ۔ پس وہ دونوں نکل آئے رسولِ خداؐ نے فاطمہ بنت اَسَد کے سر کے قریب پہنچ کر فرمایا: یا فاطمہ! میں محمدؐ ﷺ بنی آدم کا سردار ہوں، افتخار نہیں کر رہا ہوں، اگر منکر اور نکیر آپ کے پاس آئیں اور آپ سے پروردگار کے بارے میں سوال کریں تو کہنا: خدا میرا پروردگار ، محمدؐ میرے پیغمبر ، اسلام میرا دین ، قرآن میری کتاب اور میرا بیٹا میرا امام اور ولی ہے۔ اس کے بعد بارگاہِ الٰہی میں دعا مانگی: خداوندا! فاطمہ کو ان کے محکم کلمات پر ثابت قدم رکھ، اس کے بعد قبر سے خارج ہوئے اور اپنے ہاتھ سے کچھ مٹی قبر میں ڈالی اور دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ پر مارتے ہوئے فرمایا: مجھے اس کی قسم جس کے ہاتھ میں محمدؐ کی جان ہے! فاطمہ نے میرے دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر لگنے کی آواز سنی ہے پس عمّار یاسر کھڑے ہوئے اور کہا: یارسول اللہ ﷺ آپ پر میرے ماں باپ قربان ہو جائیں، فاطمہ کی میت پر ایسی نماز پڑھی جو کہ آج تک کسی میت پر نہیں پڑھائی! پیغمبر ﷺ نے فرمایا:

"یا ابو یقظان وہ اس نماز کے لائق اور مجھ سے اِسی سُلوک کی مستحق ہیں، حضرت ابو طالبؑ سے ان کے کافی فرزند تھے ان کے اخراجات زیادہ تھے لیکن ہمارے بہت ہی کم، فاطمہ مجھے پیٹ بھر کر کھانا کھلاتی تھیں جب کہ دوسرے بھوکے ہوتے تھے مجھے لباس پہناتی تھیں جب کہ دوسرے برہنہ ہوتے تھے اور مجھے صاف اور ستھرا رکھتی تھیں جب کہ دوسرے بچے خاک آلود ہوتے تھے" عمّار نے کہا: یا رسولِ خدا ﷺ! کیوں چالیس تکبیریں ان کے جنازہ پر کہیں؟

آپؐ نے فرمایا: جی ہاں اے عمّار میں نے اپنی دائیں طرف دیکھا تو فرشتوں کی چالیس صفیں بنی ہوئی تھیں، میں نے ہر ایک صف کے لئے ایک تکبیر کہی، عمّار نے کہا: آپؐ قبر میں کیوں سو گئے جب کہ آپ کی آواز بھی سنائی نہیں دی؟ فرمایا: قیامت کے دن لوگ برہنہ محشور ہوں گے، میں نے پروردگار سے التجا کی کہ ان کو لباس کے ساتھ زندہ کرے، مجھے اس کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے میں قبر سے خارج نہیں ہوا مگر یہ کہ میں نے دو نُورانی چراغ ان کے سر کے قریب اور دو نُورانی چراغ ان کے ہاتھوں کے قریب اور دو نُورانی چراغ ان کے پاؤں کے قریب دیکھے اور دو فرشتوں کو دیکھا جو ان کی قبر میں رہیں گے اور ہمیشہ ان کی بخشش اور مغفرت کی دُعا طلب کریں گے۔

پہلا حصّہ

اِسلام، علم، عِبادت، اَخلاق، سیرت اور عدالتِ علی علیہ السلام

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ:

فِيْ اِسْلَامِهٖ وَاِيْمَانِهٖ

۸ ـ اَوَّلُ مَنْ اَسْلَمَ

۵ ـ قَالَ النبيُّ صَلَّی اللّٰہُ علیہِ وآلِہٖ وَسلمَ :یا عَلِیُّ ! أَنْتَ أَوَّلُ الْمُسْلِمِينَ إِسْلَاماً، وَأَنْتَ أَوَّلُ الْمُؤْمِنِينَ إِيْمَاناً، وَأَنْتَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَؑ مِنْ موسٰیؑ.(۱)

۶ ـ عَنْ سَلْمَانَ الفارِسِیِّ، قَالَ :قَالَ رَسولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہ عَلَيْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ : أَوَّلُكُمْ وَارِداً عَلٰی)عَلَیَّ(الْحَوْض أَوَّلُكُمْ إِسْلَاماً عَلِيُّ بْنُ أَبِیْ طَالِبٍ عَلیہِ السلامُ.(۲)

۷ ـ عَنْ عَلِيٍّ عَلیہِ السَّلامُ قَالَ :أَنَا أَوَّلُ رَجُلٍ أَسْلَمَ مَعَ رَسولِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَيْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ.(۳)

۸ ـ قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَيہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ:عَلِيٌّ أَوَّلُ الْمُسْلِمِينَ إِسْلَاماً.(۴)

۹ ـ بالإسناد، علی بن موسی ابوالحسن عن أبيهِ عن آبائہٖ عليهمُ السلامُ إِنَّ عَلِیّاًعَلیہِ السلامُ أَوَّلُمَنْ أَسْلَمَ.(۵)

۱۰ ـ عَنْ سَلمانَ الْفَارِسِيِّ قَالَ :قَالَ رَسولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَيہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ خَيْرُ

---

۱ ـ احقاق الحق ۴/۲۱۸

۲ ـ فضائل الخمسة ۱/۱۷۹، الاستيعاب ۳/۱۰۹۱ (باختلاف فی موارد)

۳ ـ الغدير ۳/۲۲۱، مناقب علی بن ابیطالبؑ ۱۵/ وينابيع المودة ۱۵/ (باختلاف)

۴ ـ احقاق الحق ۱۵/۳۵۷

۵ ـ امالی الطوسی ۱/۳۵۲، الطرائف ۱۸/، فضائل الخمسة ۱/۱۷۸ وروضة الواعظين ۱/۸۵ باختلاف يسير

هٰذِهِ الْاُمَّةِ بَعْدِیْ اَوَّلُهَا اِسْلَامًا عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ عَلَیْهِ السَّلامُ.(۱)

۱۱۔ عن زید بن أرقم قال :اَوَّلُ مَنْ اَسْلَمَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰه علیهِ و آلهٖ وَسَلَّمَ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ عَلَیْهِ السَّلَامُ.(۲)

پہلی فصل

اسلام اور ایمانِ علی علیہ السلام

حضرت علی علیہ السلام مسلم اول

۵۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یاعلیؑ! تم پہلے فرد ہو جس نے اسلام قبول کیا اور تم پہلے وہ شخص ہو جو ایمان لائے۔ تمہاری نسبت مجھ سے ایسے ہے جیسے ہارونؑ کو موسیٰؑ کے ساتھ تھی۔

۶۔ سلمان فارسی سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

سب سے پہلے جو حوضِ کوثر کے کنارے میرے پاس آئے گا وہ تم میں سے پہلا مسلمان یعنی علی بن ابی طالب علیہ السلام ہے۔

۷۔ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: میں وہ پہلا فرد ہوں جو رسولِ خداؐ کے ساتھ اسلام لایا۔

۸۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام وہ پہلے شخص تھے جو اسلام لائے۔

۹۔ امام رضا علیہ السلام نے اپنے اجداد سے روایت نقل کی ہے انہوں نے فرمایا: علی علیہ السلام وہ پہلے شخص

۱۔ المسترشد / ۲۷۱

۲۔ المستدرک للحاکم ۳/ ۱۳۶

ہیں جنہوں نے اسلام قبول کیا۔

۱۰۔ سلمان فارسی سے نقل ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے بعد اس امت کے بہترین فرد وہ ہیں جنھوں نے سب سے پہلے اسلام قبول کیا وہ علی بن ابی طالب علیہ السلام ہیں۔

۱۱۔ زید بن ارقم کہتے ہیں: سب سے پہلے جو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لائے اور اسلام قبول کیا وہ علی بن ابی طالب علیہ السلام تھے۔

۹۔ اَوَّلُ مَنْ آمَنَ

۱۲۔ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَليهِ وَآلهِ وَسَلَّم :عَلِيٌّ أَوَّلُ الْمُؤْمِنِينَ.(۱)

۱۳۔ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَليهِ وَآلهِ وَسَلَّم :عَلِيٌّ أَوَّلُ النَّاسِ اِيْمَاناً.(۲)

۱۴۔ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلهِ وسلّم :عَلِيٌّ أَوَّلُ مَنْ آمَنَ بِيْ.(۳)

۱۵۔ وَرَوٰى اَبُوذَرٍّ وَسَلْمَانُ رَضِيَ اللّٰه عَنهُمَا قَالَا :أَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ بِيَدِ عَلِيٍّ فَقَالَ :أَلَا إِنَّ هٰذَا اَوَّلُ مَنْ آمَنَ بِيْ وَاَوَّلُ مَنْ يُصَافِحُنِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.(۴)

۱۶۔ زَيْدُ بْنُ أَرْقَم قَالَ :اَوَّلُ مَنْ آمَنَ بِاللّٰهِ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ.(۵)

۱۔ احقاق الحق ۱۵/۳۵۲
۲۔ احقاق الحق ۱۵/۳۵۰
۳۔ احقاق الحق ۱۵/۳۴۱
۴۔ احقاق الحق ۴/۳۴۷
۵۔ الغدیر ۳/۲۲۵

حضرت علی علیہ السلام مومن اول

۱۲۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام پہلے مومن ہیں۔

۱۳۔ آنحضرت نے فرمایا: علیؑ پہلے شخص ہیں جو ایمان لائے۔

۱۴۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام وہ پہلے فرد ہیں جو مجھ پر ایمان لائے۔

۱۵۔ ابوذر اور سلمان کہتے ہیں: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا: جان لیں یہ وہ پہلے شخص ہیں جو مجھ پر ایمان لائے اور قیامت کے دن پہلے شخص ہوں گے جو مجھ سے مصافحہ کریں گے۔

۱۰۔ رُجحَانُ اِیمَانُ عَلِیّ عَلَیْهِ السَّلَامُ

۱۷۔ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: لَوْ أَنَّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وُضِعَتْ فِيْ كَفَّةٍ وَوُضِعَ إِيْمَانُ عَلِيٍّ فِيْ كَفَّةٍ لَرَجَحَ إِيْمَانُ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ.(۱)

حضرت علی علیہ السلام کے ایمان کی فضیلت

۱۷۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر آسمان اور زمین کو ترازو کے ایک پلڑے پر اور دوسرے پلڑے پر علی علیہ السلام کے ایمان کو رکھا جائے تو علی بن ابی طالب علیہ السلام کا ایمان بھاری ہوگا۔

۱۔ امالی الطوسی ۱۸۸/۲، البحار ۱۰۴/۳، مناقب علی بن ابیطالب/۲۸۹، فضائل الخمسة ۱/۱۹۱، باختلاف یسیر والغدیر ۵/۳۶۳ باختلاف فی موارد

۱۱۔ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَتَرْبِيَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لَهُ

۱۸ ۔ عَنْ مُجَاهِدِ بْنِ جَبرٍ أَبِي الحَجاجِ قَالَ : كَانَ مِنْ نِعَمِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ عَلٰى عَلِيِّ بْنِ أبيطالبٍ عَليهِ السَّلامُ وَمَا صَنعَ اللّٰهُ لَهُ وَأَرَادَ بِهِ مِنَ الْخَيرِ، أَنَّ قُرَيْشًا أَصَابَتْهُمْ أَزْمَةٌ شَدِيدَةٌ وَكَانَ أَبُوطَالِبٍ فِيْ عِيَالٍ كَثِيرٍ . فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِعَمِّهِ الْعَبَّاسِ وَكَانَ مِنْ أَيْسَرِبَنِيْ هَاشِمٍ : يَا أَبَاالفَضْلِ ! إِنَّ أَخَاكَ أَبَا طَالِبٍ كَثِيْرُ الْعِيَالِ وَقَدْ أَصَابَ النَّاسَ مَا تَرٰى مِنْ هٰذِهِ الْأَزْمَةِ فَانْطَلِقْ بِنَا إِلَيْهِ نُخَفِّفُ (عَنْهُ) عِيَالَهُ آخُذُ مِنْ بَنِيهِ رَجُلاً وَتَأْخُذُ رَجُلاً فَنَكْفُهُمَا عَنْهُ، فَقَالَ العَبَّاسُ : قُمْ، فَانْطَلَقَا حَتّٰى أَتَيَا بَابَ أَبِيْ طَالِبٍ فَقَالَا : إِنَّا نُرِيدُ أَنْ نُخَفِّفَ عَنْكَ عِيَالَكَ حَتّٰى يَنْكَشِفَ عَنِ النَّاسِ مَاهُمْ فِيهِ مِنْ هٰذِهِ الْأَزْمَةِ، فَقَالَ لَهُمْ أَبُوطَالِبٍ : إِذَا تَرَكْتُمَا لِي عَقِيلًا فَاصْنَعَا مَا شِئْتُمَا . فَأَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وآلِهِ وَسَلَّمَ عَلِيّاً عليهِ السَّلَامُ وَأَخَذَ العَبَّاسُ جَعْفَرًا، فَلَمْ يَزَلْ عَلِيٌّ عَلَيهِ السَّلَامُ مَعَ رَسولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى بَعَثَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ نَبِيّاً فَآمَنَ بِهِ وَاتَّبَعَهُ وَصَدَّقَهُ، وَلَمْ يَزَلْ جَعْفَرٌ مَعَ العَبَّاسِ حَتّٰى أَسْلَمَ وَاسْتَغْنٰى عَنْهُ. (۱)

۱۹ ۔ وَفِي الحَدِيثِ أَنَّ أَمِيرَالمُؤْمِنِينَ عليهِ السَّلامُ يَوْمَ وُلِدَ كَانَ يَوْمَئِذٍ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْعُمْرِ ثَلَاثُونَ سَنَةً فَأَحَبَّهُ رَسُوْلُ اللّٰهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ حُبًّا شَدِيْدًا وَقَالَ لِأُمِّهِ : اِجْعَلِيْ مَهْدَهُ بِقُرْبِ فِرَاشِيْ، وَكَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَتَوَلّٰى أَكْثَرَ تَرْبِيَتِهِ، وَكَانَ يُطَهِّرُ عَلِيّاً عَلَيهِ السَّلَامُ فِي وَقْتِ غُسْلِهِ وَيُوجِرُهُ اللَّبَنَ عِنْدَ شُرْبِهِ وَيُحَرِّكُ مَهْدَهُ عِنْدَ نَوْمِهِ وَيُنَاغِيهِ فِيْ يَقْظَتِهِ وَيَحْمِلُه عَلٰى صَدْرِهِ وَيَقُوْلُ: هٰذَاأَخِيْ وَوَلِيِّيْ وَنَاصِرِيْ وَصَفِيِّيْ وَخَلِيفَتِيْ وَكَهْفِيْ وَصِهْرِيْ وَوَصِيِّيْ وَزَوْجُ كَرِيْمَتِيْ

۱۔ الحكم الزاهرة ۲/۹۸ به نقل از حلية الأبرار ۲/۲۳۱

وَأَمِينِي عَلٰى وَصِيَّتِي .وَكَانَ يَحْمِلُهُ عَلٰى كَتِفِهِ دَائِماً وَيَطُوفُ بِهِ جِبَالَ مَكَّةَ وَشِعَابَهَا وَ أَوْدِيَتَهَا.(۱)

۲۰ ـ وَكَانَ عَلِيٌّ عَلَيهِ السَّلَامُ يَقُولُ :مَاسَمِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ شَيْئاً إِلَّا حَفِظْتُهُ وَلَمْ أَنْسَهُ.(۲)

حضرت علی علیہ السلام اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تربیتی مکتب

۱۸۔ مجاہد بن جبر ابی الحجاج سے نقل ہوا ہے کہ: خداوندِ متعال کی نعمتوں میں سے ایک نعمت جو اس نے علی بن ابی طالب علیہ السلام کی خوبی کے لیے عطا کی وہ یہ ہے کہ قریش شدید قحط کا شکار ہوئے اور ابو طالب ؑ بھی کثیرالاولاد تھے۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے چچا عبّاس سے فرمایا جو بنی ہاشم میں سے مال دار تھے اے ابوالفضل آپ کے بھائی ابو طالب ؑ عیالدار ہیں اور لوگوں میں جو قحط آپڑا ہے اس کو بھی آپ دیکھ رہے ہیں آیئے ابو طالب ؑ کے پاس چلتے ہیں اور ان سے کچھ فرزند لے لیتے ہیں' ان میں سے ایک فرزند کو میں لے لیتا ہوں اور ایک کو آپ لے لیں اور ان کی سرپرستی کریں۔

عبّاس نے کہا: اٹھو چلیں جب ابو طالب ؑ کے گھر پہنچے تو ابو طالب ؑ سے کہا: ہم چاہتے ہیں کہ آپ سے اولاد کے بوجھ کو کم کریں تا کہ یہ سختی اور شدّت کم ہو جائے حضرت ابو طالب ؑ نے کہا: عقیل کو میرے لئے چھوڑیں اور جو جی چاہے انجام دیں۔ پس رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام کو اپنی سرپرستی میں لے لیا اور عبّاس نے جعفر کو' امیر المؤمنین علیہ السلام ہمیشہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ رہے یہاں تک

۱۔ حلیۃ الأبرار ۲/۲۳۲

۲۔ البحار ۳۵/۳۲۹

کہ خداوند نے آپؐ کو پیغمبر مبعوث کیا۔ علی علیہ السلام آپ پر ایمان لائے اور آپ کی پیروی کی اور جعفر بھی عبّاس کے ساتھ تھے اسلام قبول کیا اور عبّاس سے بے نیاز ہو گئے۔

۱۹۔ حدیث میں آیا ہے کہ: جس دن امیرُ المؤمنین علیہ السلام کی ولادت ہوئی تو رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر مبارک ۳۰ سال تھی، پیغمبرِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آپؑ سے بہت محبّت تھی اور انہوں نے آپکی والدہ سے کہا علی علیہ السلام کے گہوارے کو میرے بستر کے قریب رکھیں۔

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام کی تربیت کا سب سے زیادہ حصّہ اپنے ذمّہ لیا ہوا تھا اور ان کو نہلانے کے وقت صاف اور ستھرا کیا کرتے تھے اور انہیں دودھ پلایا کرتے تھے اور سونے کے وقت ان کا جھولا جھُلایا کرتے تھے اور جب بیدار ہوتے تھے تو چھوٹے بچوں کی زبان میں ان سے ہم کلام ہوتے تھے اور ان کو اپنے سینے پر بٹھاتے تھے اور فرمایا کرتے تھے: یہ ہیں میرے بھائی اور دوست اور مددگار، میرے جانشین، میری پناہگاہ، میرے داماد اور میرے وصی اور یہ ہیں میری بیٹی کے شوہر اور میری وصیت کے امین، رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیشہ علی علیہ السلام کو اپنے کندھے مبارک پر سوار کر کے مکّہ کے پہاڑوں، درّوں اور میدان میں گھمایا کرتے تھے۔

۲۰۔ اور ہمیشہ علی علیہ السلام فرمایا کرتے تھے: میں نے جو بھی رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا اسے یاد کیا اور کبھی بھی اسے نہیں بھلایا۔

۱۲۔ لُزُومُ مَعرِفَةِ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلامُ

۲۱۔ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: يَا عَلِيُّ: مَا عَرَفَ اللّٰهَ حَقَّ مَعرِفَتِهِ غَيرِي وَغَيرُكَ، وَمَا عَرَفَكَ حَقَّ مَعرِفَتِكَ غَيرُ اللّٰهِ وَغَيرِي.(۱)

۲۲ ـ كَمَا رُوِيَ فِي الْأَخْبَارِ الْكَثِيرَةِ أَنَّهُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ : يَا عَلِيُّ! مَا عَرَفَ اللّٰهَ إِلَّا أَنَا وَأَنْتَ وَمَا عَرَفَنِي إِلَّا اللّٰهُ وَأَنْتَ، وَمَا عَرَفَكَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَا.(۲)

۲۳ ـ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَلَا وَمَنْ عَرَفَ عَلِيّاً وَأَحَبَّهُ؛ بَعَثَ اللّٰهُ إِلَيْهِ مَلَكَ الْمَوْتِ كَمَا بَعَثَ اللّٰهُ إِلَى الْأَنْبِيَاءِ، وَدَفَعَ عَنْهُ أَهْوَالَ مُنْكَرٍ وَنَكِيرٍ وَنَوَّرَ قَبْرَهُ وَفَسَحَهُ مَسِيرَةَ سَبْعِينَ عَاماً وَبَيَّضَ وَجْهَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.(۳)

۲۴ ـ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِي حَدِيثٍ قَالَ :مَنْ زَعَمَ أَنَّهُ يُحِبُّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَلَا يُحِبُّ الْوَصِيَّ فَقَدْ كَذِبَ، وَمَنْ زَعَمَ أَنَّهُ يَعْرِفُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَلَا يَعْرِفُ الْوَصِيَّ فَقَدْ كَفَرَ.(۴)

۲۵ ـ وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ أَبِي الصَّلْتِ الهروِيِّ قالَ :سمعتُ الرضا عليه السلامُ يُحَدِّثُ عن آبائه عليهمُ السلامُ عن أميرِ المؤمنينَ صلواتُ اللّٰهِ عليه قالَ :سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ :سَمِعْتُ اللّٰهَ جَلَّ جَلَالُهُ يَقُولُ :عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ حُجَّتِي عَلَى خَلْقِي وَنُورِي فِي بِلَادِي وَأَمِينِي عَلَى عِلْمِي،لَا أُدْخِلُ النَّارَ مَنْ عَرَفَهُ وَإِنْ عَصَانِي، وَلَا أُدْخِلُ الْجَنَّةَ مَنْ أَنْكَرَهُ وَإِنْ أَطَاعَنِي.(۵)

۱ـ مناقب آل ابیطالب ۲۶۷/۳

۲ـ روضة المتقین ۴۹۲/۵

۳ـ البحار ۱۱۴/۲۷

۴ـ الوسائل ۵۶۲/۱۸

۵ ـ البحار ۱۱۶/۲۷

۲۶ ـ الأصبغ سَمِعتُ أميرَالمُؤمنينَ عليهِ السَّلامُ يقُولُ: وَيلٌ لِمَنْ جَهِلَ مَعْرِفَتِيْ وَلَمْ يَعْرِفْ حَقِّيْ أَلاَ إِنَّ حَقِّيْ هُوَ حَقُّ اللّٰهِ أَلاَ إِنَّ حَقَّ اللّٰهِ هُوَ حَقِّيْ(۱)

حضرت علی علیہ السلام کی پہچان کی ضرورت

۲۱۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علیؑ! آپ کے اور میرے علاوہ کسی نے بھی خدا کے مقام کو نہیں پہچانا، اور کسی نے بھی سوائے خدا اور میرے جس عظمت کے تم لائق ہو نہیں پہچانا۔

۲۲۔ اور بہت سی روایات میں نقل ہوا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علیؑ! کسی نے بھی میرے اور آپ کے علاوہ خدا کو نہیں پہچانا اور کسی نے بھی خدا اور آپ کے علاوہ مجھے نہیں پہچانا اور کسی نے بھی خدا اور میرے سوا آپ کو نہیں پہچانا۔

۲۳۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل ہے آنحضرتؐ نے فرمایا: جان لیں، جو بھی علی علیہ السلام کو پہچان لے اور اس سے محبّت کرے خداوند مَلَکُ الموت کو اس کے پاس اس طرح بھیجے گا جس طرح پیغمبروں کے پاس بھیجا مُنکر اور نکیر کے خوف کو اس سے دور کرے گا اور اس کی قبر کو نُورانی کرے گا اور اس کی قبر کو ستّر سال طولانی راستے کی طرح کھلا کرے گا اور قیامت کے دن اس کے چہرے کو نُورانی کرے گا۔

۲۴۔ حُسین بن علی علیہما السلام سے نقل ہوا ہے کہ: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک حدیث میں فرمایا: جو شخص یہ اعتقاد رکھتا ہے کہ وہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دوست رکھتا ہے، لیکن ان کے وصی کو دوست نہیں رکھتا

۱۔ البحار ۲۹/۳۸ و مناقب آل أبی طالب ۲۲/۳

تو وہ اپنے اس اعتقاد میں جھوٹا ہے اور جس شخص کا یہ اعتقاد ہو کہ وہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پہچانتا ہے لیکن اگر اس کے وصی کو نہیں پہچانتا تو گویا وہ شخص کافر ہو گیا۔

۲۵۔ ابو صلت ہروی کہتے ہیں: میں نے امام رضا علیہ السلام سے سنا انہوں اپنے اجداد علیہم السلام سے اور انہوں نے امیر المؤمنین علیہ السلام سے حدیث نقل کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا: میں نے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا انہوں نے فرمایا: میں نے خداوند سے سنا کہ: علی ابن ابی طالب علیہ السلام لوگوں پر میری حُجّت، شہروں کا نُور اور میرے علم کا امین ہے، جس نے ان کو پہچانا، اگر چہ وہ گنہگار ہی کیوں نہ ہو، اس شخص کو جہنم میں نہیں ڈالوں گا اور جس نے ان کا انکار کیا، اگر چہ میری اطاعت کرنے والا ہی کیوں نہ ہو، اس شخص کو جنّت میں جگہ نہیں ملے گی۔

۲۶۔ اصبغ کہتے ہیں: میں نے امیر المؤمنین علیہ السلام سے سنا کہ آپؑ نے فرمایا: افسوس ہے اس شخص پر جو مجھے اور میرے حق کو نہیں پہچانتا؛ یاد رہے کہ میرا حق خدا کا حق ہے، اور یہ بھی جان لیں کہ خدا کا حق بھی میرا حق ہے۔

۱۳۔ اَلنَّظَرُ اِلٰی وَجهِ عَلِیٍّ عَلَیْهِ السَّلَامُ عِبادَةٌ

۲۷۔ فِی حدیثِ رسولِ اللہِ صلَّی اللّٰہُ علیہِ وآلہٖ وسلَّمَ :اَلنَّظَرُ إِلی وَجهِ عَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ عِبادَةٌ....(۱)

۲۸۔ قالَ رسولُ اللّٰہِ صلَّی اللّٰہُ علیہِ وآلہٖ وسلَّمَ :اَلنَّظَرُ إِلَی البَیْتِ عِبادَةٌ

۱۔ بشارۃ المصطفیٰ /۵۷، المستدرک للحاکم ۳/۱۴۲، مناقب علی بن ابیطالب /۲۰۹ و فرائدالسمطین ۱/۱۸۱

وَالنَّظَرُ إِلٰی وَجْهِ عَلِیٍّ عِبادَةٌ.(۱)

حضرت علی علیہ السلام کے چہرے پر نگاہ کرنا عبادت ہے

۲۷۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام کے چہرے پر نگاہ کرنا عبادت ہے۔

۲۸۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بیتُ الحَرام پر نگاہ کرنا عبادت ہے اور علی علیہ السلام کے چہرے پر نگاہ کرنا بھی عبادت ہے۔

۱۴۔ ذِكْرُ عَلِيٍّ عِبادَةٌ

۲۹۔ قالَ رسولُ اللّٰهِ صلَّى اللّٰهُ عليهِ وآلهِ وسلَّمَ: ذِكْرُ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلامُ عِبادَةٌ.(۲)

۳۰۔ فِي حَديثٍ عَنِ الصّادِقِ عَليهِ السلامُ قالَ: قالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: النَّظَرُ إِلٰی عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عِبادَةٌ، وذِكْرُهُ عِبادَةٌ وَلَا يُقْبَلُ إِيْمانُ عَبْدٍ إِلَّا بِوِلَايَتِهِ وَالْبَرَاءَةِ مِنْ أَعْدَائِهِ.(۳)

حضرت علی علیہ السلام کا ذکر عبادت ہے

۲۹۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حضرت علی علیہ السلام کا ذکر عبادت ہے۔

۱۔ احقاق الحق ۷/۱۰۰

۲۔ مناقب علی بن أبی طالب/۲۰۶، روضة المتقین ۴/۴۷، الوسائل ۱۱/۵۶۸، احقاق الحق ۱۷/۱۳۷، کنز العمال ۱۱/۶۰۱ و البحار ۲۶/۲۲۹

۳۔ امالی الصدوق ۱/۱۱۹، الإثنا عشریة ۶۲، حلیة الأبرار ۱/۲۸۵، روضة الواعظین ۱/۱۱۴

۳۰۔ایک حدیث میں امام صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام کے چہرے کی زیارت کرنا اور ان کا ذکر کرنا عبادت ہے۔ کسی بھی شخص کے ایمان کو قبول نہیں کیا جائے گا مگر یہ کہ ان کی وِلایت کو قبول کرے اور ان کے دشمنوں سے بیزاری اور دوری اختیار کرے۔

۱۵۔زَيِّنُوا مَجَالِسَكُمْ بِذِكْرِ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ

۳۱۔عَن جَابِرِ بنِ عَبدِاللّٰهِ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عليهِ و آلِهِ وَسلَّمَ : زَيِّنُوا مَجَالِسَكُمْ بِذِكْرِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عَلَيهِ السَّلامُ.(۱)

حضرت علی علیہ السلام کے ذکر سے مجالس کو رونق بخشنا

۳۱۔جابر بن عبداللہ انصاری سے نقل ہوا کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنی مجالس کو علی علیہ السلام کے ذِکر کے ذریعہ زینت بخشیں۔

۱۶۔نَشْرُ فَضَائِلِ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ

۳۲۔عَن يَحيىَ البصريِّ قالَ :حدَّثنا مُحمّدُ بنُ زَكريَّا الجوهريُّ عَن مُحمّدِ بنِ عمارةَ عَن أبيهِ عَنِ الصّادقِ جعفرِ بنِ محمّدٍ عَنْ أبيهِ محمّدِ بنِ عليٍّ عَنْ آبائِهِ الصّادقينَ عَليهمُ السّلامُ قالَ :قالَ رَسُولُ اللّٰهِ صلَّى اللّٰهُ عليهِ وَآلِهِ وسلَّمَ :إنَّ اللّٰهَ تَبارَكَ وَتَعالىٰ

۱۔ بشارۃ المصطفیٰ / ۶۱، مستدرک الوسائل ۱۲ / ۳۹۳، مناقب علی بن أبی طالبؑ / ۲۱۱ والبحار ۱۹۹/۳۸۱

جَعَلَ لِأَخِیْ عَلِیّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ علیه السَّلامُ فَضَائِلَ لَا یُحْصٰی عَدَدُهَا فَمَنْ ذَکَرَ فَضِیلَةً مِنْ فَضَائِلِهِ مُقِرًّا بِهَا؛ غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَمَا تَأَخَّرَ وَلَوْ وَافَی فِی الْآخِرَةِ بِذُنُوبِ الثَّقَلَیْنِ، وَمَنْ کَتَبَ فَضِیلَةً مِنْ فَضَائِلِ عَلِیّ بْنِ أَبِی طَالِبٍ علیه السَّلامُ؛ لَمْ تَزَلِ الْمَلَائِکَةُ تَسْتَغْفِرُ لَهُ مَا بَقِیَ لِتِلْکَ الْکِتَابَةِ رَسْمٌ وَمَنِ اسْتَمَعَ إِلَی فَضِیلَةٍ مِنْ فَضَائِلِهِ؛ غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ الذُّنُوبَ الَّتِی اکْتَسَبَهَا بِالْاِسْتِمَاعِ. وَمَنْ نَظَرَ إِلَی کِتَابَةٍ مِنْ فَضَائِلِهِ؛ غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ الذُّنُوبَ الَّتِی اکْتَسَبَهَا بِالنَّظَرِ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: اَلنَّظَرُ إِلَی عَلِیّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ عِبَادَةٌ، وَلَا یُقْبَلُ إِیْمَانُ عَبْدٍ إِلَّا بِوِلَایَتِهِ وَالْبَرَاءَةِ مِنْ أَعْدَائِهِ.(۱)

۳۳ـ وَبِالإسنادِ إلی جعفرِ بنِ محمّدٍ الصادقِ عن أبیهِ عن جدّهِ الحسینِ عن أبیهِ عَلِیّ علیهمُ السلامُ أنّهُ قالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰه عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ یقولُ: فَضْلُ عَلِیّ عَلَی هٰذِهِ الْأُمَّةِ کَفَضْلِ شَهْرِ رَمَضَانَ عَلَی سَائِرِ الشُّهُورِ وَفَضْلُ عَلِیّ عَلَی هٰذِهِ الْأُمَّةِ کَفَضْلِ لَیْلَةِ الْقَدْرِ عَلَی سَائِرِ اللَّیَالِیْ، وَفَضْلُ عَلِیِّ بْنِ أَبِی طَالِبٍ عَلَی هٰذِهِ الْأُمَّةِ کَفَضْلِ الْجُمُعَةِ عَلَی سَائِرِ الْأَیَّامِ، فَطُوبٰی لِمَنْ آمَنَ بِهِ وَصَدَّقَ بِوِلَایَتِهِ وَالْوَیْلُ لِمَنْ جَحَدَهُ وَجَحَدَ حَقَّهُ، حَقًّا عَلَی اللّٰهِ أَنْ لَا یُنِیلَهُ شَیْئًا مِنْ رَوْحِهِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ وَلَا تَنَالُهُ شَفَاعَةُ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰه عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ.(۲)

۳۴ـ بِالإسنادِ عن جابرِ بنِ عبدِاللّٰهِ الأنصاریّ أنّهُ قالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ یقولُ: إِنَّ فِیْ عَلِیّ خِصَالاً لَوْ کَانَتْ وَاحِدَةٌ مِنْهَا فِیْ جَمِیْعِ النَّاسِ

۱ـ حلیة الأبرار ۱/۲۸۵، الإثنا عشریة/ ۶۲ احقاق الحق۵/ ۱۳۰، ارشاد القلوب / ۲۰۹ باختلاف یسیر، انوار الهدایة / ۱۳۱ والبحار / ۳۸/ ۱۹۶ باختلاف فی موارد

۲ـ احقاق الحق ۵/ ۷۰، الفضائل / ۱۴۶ والبحار ۳۸/ ۱۴ باختلاف فی موارد

لَا کُتَفَوْا بِهَا فَضْلاً.(۱)

۳۵۔عَنْ جَابِرِ الْجُعفيّ عَنْ أبِي جعفرٍ محمدِ بنِ عليّ الباقرِعليهِ السلامُ عَنْ جَابِرِ بنِ عبداللّٰهِ الأنصاريّ قَالَ :قَالَ رَسولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عليهِ وآلهِ وسَلَّمَ :إنَّ جَبْرَئِيلَ نَزَلَ عَلَيَّ وَقَالَ :إنَّ اللّٰهَ يَأمُرُکَ أنْ تَقُوْمَ بِتفضِيلِ عَلِيّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ خَطِيباً عَلٰى أَصْحَابِکَ لِيُبَلِّغُوا مَنْ بَعْدَهُمْ ذٰلِکَ عَنْکَ، وَيَأمُرُجَمِيعَ الْمَلائِکَةِ أَنْ تَسْمَعَ مَا تَذْكُرُهُ، وَاللّٰهُ يُوحِيْ إِلَيْکَ يَا مُحَمَّدُ ! أَنَّ مَنْ خَالَفَکَ فِی أَمْرِهِ دَخَلَ النَّارَ، وَمَنْ أَطَاعَکَ فَلَهُ الجَنَّةُ.(۲)

حضرت علی علیہ السلام کے فضائل کو پھیلانا

۳۶۔یحییٰ بصری کہتے ہیں محمد بن زکریّا جوہری نے محمد بن عمارہ سے اس نے اپنے والد سے اوراس نے امام صادق علیہ السلام سے انہوں نے اپنے والد امام باقر علیہ السلام اورانہوں نے اپنے اجداد سے حدیث نقل کی ہے رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

خداوندِ متعال نے میرے بھائی علی بن ابی طالب علیہ السلام کے بے شمار فضائل بیان کیے ہیں جو بھی ان کے فضائل میں سے ایک فضیلت کو ذکر کرے اوراس کا اقرار کرے خداونداس کے پہلے اورآئندہ والے گناہ معاف کردے گا چاہے جتنے بھی بھاری گناہ کیوں نہ ہوں۔اور جو بھی ان کے فضائل میں

۱۔ امالی الصدوق ۱۸/، البحار ۹۴/۳۸، جامع الأخبار ۵۱/، انوار الهداية ۱۳۴/ واحقاق الحق ۲۸۷/۴ باختلاف فی موارد

۲۔أمالي الطوسی ۱۱۸/۱ و أمالي المفيد ۷۷/باختلاف يسير

سے کسی ایک فضیلت کو لکھے گا جب تک اس کا لکھا ہوا باقی رہے گا ملائکہ اس کے لیے مغفرت طلب کرتے رہیں گے اور جو ان کی کسی ایک فضیلت کو سُنے گا تو خداوند اس کے کانوں سے کیے ہوئے گناہ معاف کردے گا اور جو بھی ان کے لکھے ہوئے فضائل پر نگاہ کرے گا تو خداوند اس کے تمام گناہ جو اس نے آنکھوں سے انجام دیے ہیں معاف کرے گا اس کے بعد رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام پر نگاہ کرنا عبادت ہے اور کسی شخص کے ایمان کو قبول نہیں کیا جائے گا مگر یہ کہ وہ ان کو دوست رکھتا ہو اور ان کے دشمنوں سے بیزار ہو۔

۳۳۔ امام صادق علیہ السلام نے اپنے والدِ گرامی اور انہوں نے اپنے جدِّ بزرگوار امام حسن علیہ السلام سے اور انہوں نے اپنے والد علی بن ابی طالب علیہ السلام سے نقل کیا انہوں نے فرمایا: عُمَر ابن خطّاب نے کہا: میں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا انہوں نے فرمایا: حضرت علی علیہ السلام کی برتری اور فضیلت اس امّت پر اس طرح ہے جیسے ماہِ رَمَضان کی دوسرے مہینوں پر اور علیؑ کی برتری اس امت پر ایسے ہے جیسے شبِ قدر کی دوسری راتوں پر اور علی علیہ السلام کی فضیلت اس امت پر اس طرح ہے جیسے جمعہ کے دن کی دوسرے دنوں پر، خوش نصیب ہے وہ شخص جو ان سے تمسّک کرے اور ان کی ولایت کو قبول کرے اور بد بخت ہے وہ شخص جو ان کی ولایت اور حق کا منکر ہو اور یہ خدا کے ذمّہ ہے کہ ایسے شخص کو قیامت کے دن اپنی رحمت سے محروم کرے اور حضرت محمّد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت اس کو نصیب نہ ہو۔

۳۴۔ جابر بن عبداللہ انصاری سے نقل ہوا ہے انہوں نے کہا: میں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا انہوں نے فرمایا: علی علیہ السلام میں ایسی خصلتیں موجود تھیں اگر ان میں سے ایک خصلت بھی تمام لوگوں میں موجود ہوتی تو ان سب کے لیے کافی تھی۔

۳۵۔ جابر جُعفی نے امام محمد باقر علیہ السلام اور جابر بن عبداللہ انصاری سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خداؐ

١١٩ ــ عَنْ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ :وَلَعَمْرِيْ مَا عَلَيَّ مِنْ قِتَالِ مَنْ خَالَفَ الْحَقَّ وَخَابَطَ الْغَيَّ مِن ادْهَانٍ وَلَا ايهَانٍ.(١)

١٢٠ ــ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :لَا تَشْكُوْا عَلِيّاً، فَوَاللّٰهِ أَنَّهُ لَأَخْشَنُ فِيْ ذَاتِ اللّٰهِ.(٢)

١٢١ ۔ وَقَالَ(النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ) : عَلِيٌّ عَمُوْدُ الدِّيْنِ، وَقَالَ :هٰذَا هُوَ الَّذِيْ يَضْرِبُ النَّاسَ بِالسَّيْفِ عَلَى الْحَقِّ بَعْدِيْ.(٣)

حضرت علی علیہ السلام کی استقامت

۱۱۹۔ علی علیہ السلام نے فرمایا: مجھے اپنی جان کی قسم! میں کبھی بھی حق کے مخالفین اور گمراہ لوگوں کے ساتھ جنگ میں سستی نہیں کروں گا۔

۱۲۰۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے آپ نے فرمایا: علی علیہ السلام سے کوئی اور شکایت نہ کریں کیونکہ وہ خداوند کے بارے میں خوشامد نہیں کرتا۔

۱۲۱۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام دین کا ستون ہے اور فرمایا یہ وہ ہے جو حق کے دفاع کی

١۔ نهج البلاغه فيض ٧٨/

٢۔ بهج الصباغة ١٢٩/٤، احقاق الحق ٢٤٤/٤ والبحار ٣٧٤/٢١ باختلاف في موارد

٣۔ الكافي ٣٥٤/١

خاطر تلوار اٹھا کر لوگوں سے لڑے گا۔

نَمَاذِجُ مِنْ قَضَاءِ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ

۳۴۔ قَضَاؤُهُ لِخَمْسَةٍ فِيْ قَضِيَّةٍ وَّاحِدَةٍ

۱۲۲۔ بِالإِسْنَادِ، عَنِ الْأَصْبغ بن نَبَاته قَالَ :اُتِيَ عُمَرُ بِخَمْسَةِ نَفَرٍ اُخِذُوْا فِي الزِّنَا، فَأَمَرَ أَنْ يُقَامَ عَلٰى كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمُ الْحَدَّ، وَكَانَ أَمِيرُالْمُؤمِنِينَ عَلَيهِ السَّلَامُ حَاضِرًا فَقَالَ :يَا عُمَرُ! لَيْسَ هٰذَا حُكْمَهُمْ؟!

قَالَ عُمَرُ :فَأَقِمْ أَنْتَ الْحَدَّ عَلَيْهِمْ، فَقَدَّمَ عَلَيهِ السَّلَامُ وَاحِدًا مِنْهُمْ فَضَرَبَ عُنُقَهُ، وَقَدَّمَ الْآخَرَفَرَجَمَهُ، وَقَدَّمَ الثَّالِثَ فَضَرَبَهُ الْحَدَّ، وَقَدَّمَ الرَّابِعَ فَضَرَبَهُ نِصْفَ الْحَدِّ، وَقَدَّمَ الْخَامِسَ فَعَزَّرَهُ فَتَحَيَّرَ عُمَرُ وَتَعَجَّبَ النَّاسُ مِنْ فِعْلِهِ، فَقَالَ عُمَرُ :يَا أَبَاالْحَسَنِ خَمْسَةُ نَفَرٍ فِيْ قِصَّةٍ وَّاحِدَةٍ،أَقَمْتَ عَلَيْهِمْ خَمْسَةَ حُدُوْدٍ، لَيْسَ شَيْءٌ مِّنْهَا يَشْبَهُ الْآخَرَ؟ !! فَقَالَ أَمِيرُالْمُؤمِنِينَ عَلَيهِ السَّلَامُ :أَمَّاالْأَوَّلُ :فَكَانَ ذِمِّيًّا فَخَرَجَ عَنْ ذِمَّتِهِ لَمْ يَكُنْ لَهُ حَدٌّ إِلَّا السَّيْفُ.

وَاَمَّا الثَّانِيْ :فَرَجُلٌ مُحْصَنٌ كَانَ حَدُّهُ الرَّجْمُ.

وَأَمَّا الثَّالِثُ :فَغَيْرُ مُحْصَنٍ حَدُّهُ الْجَلْدُ، وَأَمَّا الرَّابِعُ :فَعَبْدٌ ضَرَبْنَاهُ نِصْفَ الْحَدِّ .وَأَمَّاالْخَامِسُ :مَجْنُونٌ مَغْلُوبٌ عَلٰى عَقْلِهِ.(۱)

۱۔ التهذیب ۵۰/۱۰، الفصول المائة ۳۳۱/۵

حضرت علی علیہ السلام کے فیصلوں میں سے چند فیصلے

حضرت علی علیہ السلام کا ایک قضیے میں فیصلہ

۱۲۲۔ اصبغ بن نباتہ کہتے ہیں کہ پانچ زانیوں کو حضرت عمرؓ کے پاس لایا گیا۔ حضرت عمرؓ نے ہر ایک پر حد جاری کرنے کا حکم دیا۔ حضرت علیؑ وہاں پر موجود تھے۔ آپ نے حضرت عمرؓ سے فرمایا کہ اس کا حکم اس طرح نہیں ہے۔ حضرت عمرؓ نے کہا: آپ ان پر حد جاری کریں۔

امیرُ المومنینؑ نے ایک کی گردن اُڑا دی اور دوسرے کو سنگسار کیا اور تیسرے کو کوڑے لگائے چوتھے پر آدھی حد جاری کی پانچویں کو تنبیہ کی یعنی شرعی حد سے کم سزا دی۔ عمر اس حکم سے حیران ہو کر رہ گئے اور لوگوں نے بھی تعجّب کیا عمر نے کہا: یا ابا الحسنؑ! آپ نے پانچوں افراد پر ایک ہی واقعہ میں مختلف حَد جاری کی؟ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: پہلا فرد اہلِ ذمّہ تھا وہ اپنے ذمّہ سے خارج ہو چکا تھا اس پر تلوار کے علاوہ کوئی اور حَد نہیں تھی دوسرا فرد شادی شدہ تھا اس کو سنگسار ہی ہونا تھا اور تیسرا شخص کیونکہ غیر شادی شدہ تھا اس نے کوڑے کھائے اور چوتھا فرد کیونکہ غلام تھا اس پر آدھی حد جاری کی گئی اور جو پانچواں شخص تھا وہ پاگل تھا اس لیے اس پر حد جاری نہیں کی گئی۔

۳۵۔ جَارِيَتَانِ تنَازَعَتَا فِي ابْنٍ وَّبِنْتٍ

۱۲۳ ـ عَن جابرِ الجعفيّ عن تميمِ بنِ خزامِ الأسديّ :أَنَّهُ دُفِعَ إِلىٰ عُمَرَ مُنَازَعَةُ جَارِيَتَيْنِ تنَازَعَتَا فِي ابْنٍ وَبِنْتٍ، فَقَالَ:أَيْنَ أَبو الْحَسَنِ مُفَرِّجُ الْكُرَبِ؟ فَدُعِيَ لَهُ بِهِ فَقَصَّ

عَلَیهِ الْقِصَّةَ،فَدَعَا بِقَارُوْرَتَینِ فَوَزَنَهُمَا، ثُمَّ أَمَرَ كُلَّ وَاحِدَةٍ فَحَلَبَتْ فِی قَارُورَةٍ، وَوَزَنَ الْقَارُوْرَتَینِ فَرَجَحَتْ إِحْدَاهُمَاعَلَی الْاُخْرٰی، فَقَالَ :اَلْإِبْنُ لِلَّتِی لَبَنُهَا أَرْجَحُ، وَالبِنْتُ لِلَّتِی لَبَنُهَا أَخَفُّ .فَقَالَ عُمَرُ :مِنْ أَینَ قُلْتَ ذٰلِکَ یَا أَبَاالْحَسَنِ؟ فَقَالَ عَلَیهِ السَّلَامُ :لِأَنَّ اللّٰهَ جَعَلَ لِلذَّکَرِ مِثْلَ حَظِّ الْأُنْثَیَینِ.(۱)

دوعورتوں کے درمیان ایک بیٹی اور بیٹے پر جھگڑا

۱۲۳۔ جابر بن جعفی نے تمیم بن اسدی سے نقل کیا کہ: دو کنیزیں جو ایک لڑکی اور لڑکے پر آپس میں جھگڑا کررہی تھیں انہیں عمر کے سامنے لایا گیا عمر نے کہا: کہاں ہے ابُوالحسنؑ جو غم کو دور کرنے والے ہیں؟ بس امیر المؤمنین علیہ السلام اس کے پاس آئے اور عمر نے پورا واقعہ سنایا۔ علی علیہ السلام نے دو شیشیاں منگوائیں اور ان کا وزن کیا اس کے بعد ان دو کنیزوں سے کہا کہ ان شیشیوں میں اپنا دودھ نکال کر لے آئیں اس کے بعد دودھ کا وزن کیا ان میں سے ایک کا وزن بھاری تھا۔ فرمایا: لڑکا اس عورت کا ہے جس کا دودھ بھاری ہے اور لڑکی اس کی ہے جس کا دودھ ہلکا ہے عمر نے کہا: یا اباالحسنؑ! اس کو کہاں سے بیان کررہے ہو؟ فرمایا: اس لیے کہ خداوند نے مرد کے حصے کو عورت کے حصہ سے دُگنا قرار دیا ہے۔

۳۶۔اِمْرَأَتَانِ تَنَازَعَتَا طِفْلًا وَاحِدًا

۱۲۴۔وَرُوِیَ أَنَّ امْرَأَتَینِ تَنَازَعَتَا عَلٰی عَهْدِ عُمَرَ فِی طِفْلٍ ادَّعَتْهُ كُلُّ وَاحِدَةٍ مِنْهُ

۱۔الفصول المائة ۳۳۴/۵، الغدیر ۱۲۶/۶، الفقیه ۱۹/۳ باختلاف فی موارد

مـا وَلَـدا لَهـا بِـغَيْـرِ بَيِّـنَةٍ وَلَمْ يُنازِعْهُ مَا فِيهِ غَيْرُهُما، فَالْتَبَسَ الْحُكْمُ فِي ذٰلِكَ عَلٰى عُمَرَ وَفَـزَعَ فِيـهِ إِلٰى أَمِيـرِ الْـمُؤمِنينَ عليهِ السلامُ، فَاسْتَدْعَى الْمَرْأَتَيْنِ وَوَعَظَهُما وَخَوَّفَهُمَا، فَـأَقَـامَتَـا عَـلَـى التَّنازُعِ وَالإِخْتِلافِ، فَقَالَ عَلَيهِ السَّلامُ عِنْدَ تَمَادِيْهِمَا فِي النِّزاعِ :اِيْتُونِيْ بِمِـنْشَارٍ، فَقالَتِ الْمَرْأَتانِ :مَـا تَصْنَعُ؟فَقَالَ :أَقُـدُّهُ نِـصْـفَيْنِ لِكُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْكُمَا نِصْفُهُ. فَسَكَتَتْ إِحْدٰيهُمَا وَقالَتِ الْأُخْرٰى :الـلّٰـهَ اللّٰهَ يَاأَبَا الْحَسَنِ إِنْ كَانَ لَابُدَّ مِنْ ذٰلِكَ فَقَدْ سَمَحْتُ بِهِ لَهَا فَقَالَ :اَللّٰهُ أَكْبَرُ هٰذَا ابْنُكِ دُوْنَهَا، وَلَوْ كَانَ ابْنَهَا لَرَقَّتْ عَلَيْهِ وَاَشْفَقَتْ فَـاعْـتَـرَفَـتِ الْـمَـرْأَةُ الْأُخْرٰى بِأَنَّ الْحَقَّ مَعَ صَاحِبَتِهَا وَالْوَلَدُ لَهَادُوْنَهَا، فَسُرِيَ عَنْ عُمَرَ وَدَعَا لِأَمِيْرِ الْمُؤمنينَ عَليهِ السَّلامُ بِمَا فَرَّجَ عَنْهُ فِي الْقَضَاءِ (۱)

دوعورتوں کا ایک بچّے پر تنازعہ

۱۲۴۔ نقل ہوا ہے کہ عمر کے زمانے میں دو عورتیں ایک بچّے پر آپس میں لڑ رہی تھیں ہر ایک عورت بغیر کسی گواہ کے یہ دعوٰی کررہی تھی کہ بچّہ میرا ہے ان کے علاوہ کوئی اور دعوے دار نہیں تھا عمر اس مسئلہ کے حکم کے بارے میں کچھ نہیں جانتا تھا۔ مجبوراً اس نے امیر المؤمنین علیہ السلام کی پناہ لی علی علیہ السلام نے دونوں عورتوں کو طلب کیا ان کو نصیحت کی اور انہیں سمجھایا۔ لیکن وہ ویسے ہی اپنے دعوے پر ڈٹی رہیں علیؑ نے جب دیکھا کہ دونوں کا جھگڑا ختم نہیں ہوگا فرمایا میرے لیے ایک آری لے آئیں عورتوں نے پوچھا کیا کروگے؟ فرمایا اس بچّے کے دو حصے کرتا ہوں اور ہر ایک کو اس کا آدھا حصّہ دوں گا اس

۱۔ الارشاد للمفید/ ۱۱۰، کشف الیقین/ ۶۷ ومناقب آل ابیطالب ۲/ ۳۶۷ باختلاف فی موارد

وقت ان دو عورتوں میں سے ایک عورت چپ رہی لیکن دوسری نے کہا: یا ابا الحسن: اگر ایسا کرنا چاہتے ہو تو میں یہ بچّہ اس عورت کو بخش دیتی ہوں علی علیہ السلام نے فرمایا اللہ اکبر! یہ بچّہ تمہارا بیٹا ہے اس کا نہیں اگر اس کا بیٹا ہوتا اس کا دل تڑپ جاتا اور اس پر رحم کھاتی یہاں پر اس عورت نے اعتراف کیا کہ حق اس عورت کا ہے اور یہ بچّہ بھی اس کا ہے۔ عمر اس فیصلے سے بہت خوش ہوا اور علی علیہ السلام کے لیے دعا کی کیوں کہ امیر المومنین علیہ السلام نے اس فیصلے کے ذریعے اس کی پریشانی کو دور کیا۔

۳۷۔ قَضَاؤُهُ فِي الْأَمَانَةِ

۱۲۵ ۔ بِالإِسنادِ، عَنْ حنشِ بنِ الْمُعتمرِ قَالَ :إِنَّ رَجُلَيْنِ أَتَيَا امْرَأَةً مِنْ قُرَيْشٍ فَاسْتَوْدَعَاهَامِائَةَ دِيْنارٍ وَقَالَا :لَا تَدْفَعِيْهَا إِلَى أَحَدٍ مِنَّا دُوْنَ صَاحِبِهِ حَتَّى نَجْتَمِعَ، فَلَبِثَا حَوْلاً، ثُمَّ جَاءَ أَحَدُهُمَا إِلَيْهَا وَقَالَ :إِنَّ صَاحِبِيْ قَدْ مَاتَ فَادْفَعِيْ إِلَيَّ الدَّنَانِيرَ فَأَبَتْ فَثَقِلَ عَلَيْهَا بِأَهْلِهَا، فَلَمْ يَزَالُوْابِهَا حَتَّى دَفَعَتْهَا إِلَيْهِ، ثُمَّ لَبِثَ حَوْلاً آخَرَ فَجَاءَ الْآخَرُ فَقَالَ: اِدْفَعِيْ إِلَيَّ الدَّنَانِيْرَ.

فَقَالَتْ :إِنَّ صَاحِبَكَ جَاءَ نِيْ وَزَعَمَ أَنَّكَ قَدْ مِتَّ فَدَفَعْتُهَا إِلَيْهِ .فَاخْتَصَمَا إِلَى عُمَرَ فَأَرَادَأَنْ يَقْضِيَ عَلَيْهَا وَقَالَ لَهَا :مَا أَرَاكِ إِلَّا ضَامِنَةً، فَقَالَتْ :أُنْشِدُكَ اللّٰهَ أَنْ تَقْضِيَ بَيْنَنَا وَارْفَعْنَاإِلَى عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ فَرَفَعَهَا إِلَى عَلِيٍّ وَعَرَفَ أَنَّهُمَا قَدْ مَكَرَا بِهَا، فَقَالَ :أَلَيْسَ قُلْتُمَا لَاتَدْفَعِيْهَا إِلَى وَاحِدٍ مِنَّا دُوْنَ صَاحِبِهِ؟ اقَالَ :بَلٰى.

قَالَ :فَإِنَّ مَالَكَ عِنْدَنَا، إِذْهَبْ فَجِيْءْ بِصَاحِبِكَ حَتَّى نَدْفَعَهَا إِلَيْكُمَا فَبَلَغَ ذٰلِكَ عُمَرَفَقَالَ :لَا أَبْقَانِيَ اللّٰهُ بَعْدَ ابْنِ أَبِيْ طَالِبٍ.(۱)

۱۔ الفصول المائة ۲۳۳/۵ بنقل از مناقب آل ابیطالب ۳۶۷/۲

ایک امانت کے بارے میں فیصلہ

۱۲۵۔ حنش بن مُعْتمِر کہتا ہے کہ دو مردوں نے ایک سو دینار بطورِ امانت ایک قریشی عورت کے پاس رکھے اور اس سے کہا: اس امانت کو اگر ہم میں سے کوئی ایک آئے تو نہ دینا جب تک ہم دونوں ساتھ نہ آئیں۔ ایک سال گذر جانے کے بعد ان میں سے ایک شخص اس عورت کے پاس آیا اور کہا میرا دوست مر چکا ہے دینار مجھے دے دو اس عورت نے دینار دینے سے انکار کیا وہ شخص اس عورت کے خانوادہ سے ملا اور ان سے کہا کہ اس عورت سے کہیں کہ میری امانت واپس کر دے اس کے خانوادہ نے اس عورت کو اتنا مجبور کیا کہ اس نے لاچار ہو کر وہ دینار اس مرد کو دے دیے مزید ایک سال گذرنے کے بعد اس مرد کا دوست آیا اور اس عورت سے کہا کہ دینار مجھے دے دو عورت نے کہا ایک سال پہلے تمہارا دوست میرے پاس آیا اور مجھے کہا کہ تم مر چکے ہو میں نے تو دینار اسے واپس کر دیے اس فیصلے کو عمر کے پاس لے گئے عمر نے چاہا کہ اس عورت کے خلاف حکم صادر کرے اس عورت سے کہا تم ضامن ہو عورت نے کہا خدا کے لیے میرا یہ فیصلہ آپ نہ کریں اسے علی علیہ السلام پر چھوڑ دیں عمر نے عورت کو علیؑ کے پاس بھیجا علی علیہ السلام جانتے تھے کہ ان دو مردوں نے اس عورت کے ساتھ دھوکہ اور فریب کیا ہے اس آدمی سے کہا کیا تم دونوں نے اس عورت سے نہیں کہا تھا کہ دینار تم میں سے ایک شخص کو نہ دے اس شخص نے کہا جی ہاں ہم نے اسے کہا تھا فرمایا: آپ کا مال ہمارے پاس ہے تم جاؤ اور اپنے دوسرے ساتھی کو ساتھ لے کر آؤ تا کہ تمہاری امانت واپس کی جائے جب اس فیصلے کی خبر عمر تک پہنچی کہا خدایا مجھے ابوطالبؑ کے بیٹے کے بعد زندہ نہ رکھنا۔

☆☆☆

اَلْفَصْلُ الثَّالِث

فِیْ عِبادَةِ عَلِیٍّ عَلَیْهِ السَّلاَمُ

۳۸ ـ عِبادَةُ عَلِیٍّ عَلَیْهِ السَّلاَمُ

۱۲۶ ـ قَالَ اَمیرُالمؤمنینَ علیهِ السلامُ :عَبَدْتُ اللّٰهَ قَبْلَ أَنْ یَعْبُدَهُ أَحَدٌ مِنْ هذِهِ الْأُمَّةِ خَمْسَ سِنِیْنَ أَوْسَبْعَ سِنِینَ.(۱)

۱۲۷ ـ قَالَ عَلِیٌّ علیهِ السلامُ :عَبَدْتُ اللّٰهَ مَعَ رَسولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ سَبْعَ سِنینَ قَبْلَ أَنْ یَعْبُدَهُ أَحَدٌ مِنْ هذِهِ الْأُمَّةِ.(۲)

۱۲۸ ـ بِالإسْنادِ، عَنْ عبدِاللّٰهِ بنِ أَبِی الهُذَیْلِ عَن عَلِیٍّ علیهِ السلامُ قَالَ :مَا أَعْرِفُ أَحَدًا مِنْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ عَبَدَ اللّٰهَ بَعْدَ نَبِیِّنَا غَیْرِیْ، عَبَدْتُ اللّٰهَ قَبْلَ أَنْ یَعْبُدَهُ أَحَدٌ مِنْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ تِسْعَ سِنِینَ.(۳)

۱۲۹ ـ عَنْ جَابِرٍ عَنْ عبدِاللّٰهِ بْنِ یَحْیٰی عَنْ عَلِیٍّ علیهِ السلامُ قَالَ :صَلَّیْتُ مَعَ النَّبِیِّ صلَّی اللّٰهُ علیهِ وآلِهِ وسَلَّمَ ثَلاثَ سِنِیْنَ قَبْلَ أَنْ یُصَلِّیَ مَعَهُ أَحَدٌ.(۴)

---

۱ ـ روضة الواعظین ۱/۸۵، فضائل الخمسة ۱/۱۹۲

۲ ـ کنز العمال ۱۳/۱۲۲، جامع الاحادیث للسیوطی ۱۶/۲۴۳

۳ ـ خصائص امیر المؤمنین للنسائی /۴۷

۴ ـ حلیة الأبرار ۱/۱۳۹، البحار ۳۹/۲۵۲ والغدیر ۳/۲۲۳ باختلاف یسیر

۱۳۰ ـ (فِیْ حدیثٍ) عَنْ أبِی عبدِاللّٰهِ علیهِ السلامُ قَالَ .....وَكَانَ أميرُالْمؤمِنينَ علیهِ السلامُ یَقُولُ وَهُوَسَاجِدٌ :اِرْحَمْ ذُلِّیْ بَیْنَ یَدَیْکَ، وَتَضَرُّعِیْ إلَیْکَ، وَوَحْشَتِیْ مِنَ النَّاسِ، وَآنِسْنِیْ بِکَ یَاکَرِیمُ.(۱)

۱۳۱ ـ وَكَانَ عَلِیٌّ صَلَوٰاتُ اللّٰهِ عَلَیْهِ أوَّلَ مَنْ سَجَدَ لِلّٰهِ شُکْرًا، وَأوَّلَ مَنْ وَضَعَ وَجْهَهُ عَلَی الْأرْضِ بَعْدَ سَجْدَتِهِ مِنْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ بَعْدَ رَسولِ اللّٰهِ صَلّی اللّٰه علیهِ وَآلهِ وَسَلَّمَ....(۲)

۱۳۲ ـ بِالإسنادِ، عَنْ أبِی عبدِاللّٰهِ علیهِ السَّلامُ قَالَ :كَانَ عَلِیٌّ صَلَوٰاتُ اللّٰهِ عَلَیْهِ إذَا سَجَدَ یَتَخَوّٰی كَمَا یَتَخَوّٰی الْبَعِیْرُ الضَّامِرُ.(۳)

۱۳۳ ـ فَقَالَ (عَلِیٌّ عَلَیْهِ السَّلامُ):إلٰهِیْ كَفٰی بِیْ عِزًّا أنْ أكُونَ لَکَ عَبْدًا، وَكَفٰی بِی فَخْرًا أنْ تَكُونَ لِیْ رَبًّا، أنْتَ كَمَا أُحِبُّ فَاجْعَلْنِیْ كَمَا تُحِبُّ.(۴)

۱۳۴ ـ عَنْ أمیرِالمُؤمِنینَ علیهِ السلامُ :أیُّهَا النَّاسُ! إنِّیْ وَاللّٰهِ مَا أحُثُّكُمْ عَلٰی طاعَةٍ إلَّا وَسَبَقْتُكُمْ إلَیْهَا، وَلَا أنْهَاكُمْ عَنْ مَعْصِیَةٍ إلَّا وَأتَنَاهٰی قَبْلَكُمْ عَنْهَا.(۵)

---

۱ ـ الکافی ۳/۳۲۹

۲ ـ امالی الطوسی ۲/۸۰، حلیة الابرار ۱/۲۷۶ باختلاف یسیر

۳ ـ الکافی ۳/۳۲۴

۴ ـ البحار ۷۷/۴۰۰، مفاتیح الجنان / ۲۴۰

۵ ـ نهج البلاغه فیض / ۵۵۵، صبحی الصالح / ۲۵۰، المحجة البیضاء ۸/۱۳۵

تیسری فصل

حضرت علی علیہ السلام کی عبادت

۱۲۶۔امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: میں نے خدا کی پانچ سال پہلے عبادت کی،اس سے پہلے کہ اس اُمّت کا کوئی فرد خدا کی پرستش کرے۔

۱۲۷۔حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: اس سے پہلے کہ اس امت کا کوئی فرد خدا کی پرستش کرے میں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ سات سال پہلے خدا کی عبادت کی۔

۱۲۸۔عبداللہ بن اَبی ہُذَیل علی علیہ السلام سے نقل کررہا ہے کہ انہوں نے فرمایا: میرے سوا اس اُمّت میں سے کوئی ایسا شخص نہیں جس نے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علاوہ خدا کی پرستش کی ہو،میں نو سال کا تھا کہ خدا کی عبادت کی اس سے پہلے کہ کوئی امتی خدا کی پرستش کرتا۔

۱۲۹۔جابر بن عبداللہ بن یحیٰ نے علی علیہ السلام سے نقل کیا انہوں نے فرمایا: میں نے تین سال پہلے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی اِس سے قبل کہ کوئی اَور نماز پڑھتا۔

۱۳۰۔ایک حدیث میں امام صادق علیہ السلام سے منقول ہے انہوں نے فرمایا: امیر المومنین علیہ السلام جس وقت حالتِ سجدہ میں ہوتے تھے تو فرمایا کرتے تھے: خُداوندا تیرے حضور عاجزی اور انکساری کررہا ہوں اور تیری بارگاہ میں التجا اور التماس کررہا ہوں اور مجھے لوگوں کا خوف اور ڈر ہے ان پر رحم فرما۔خداوندِ بزرگوار مجھے اپنی محبت کرنے والا قرار دے۔

۱۳۱۔روایت میں نقل ہوا کہ حضرت علی علیہ السلام رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد پہلے فرد تھے جنہوں

نے خدا کا سجدۂ شکر ادا کیا اور اِس امت میں سے پہلے فرد تھے کہ سجدہ بجالانے کے بعد اپنی صورت کو خاک پر رکھا۔

۱۳۲۔ امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: حضرت علی علیہ السلام جب سجدہ کیا کرتے تھے تو ان کی حالت اس طرح ہوتی تھی جس طرح ایک کمزور اونٹ بیٹھتا ہے۔

۱۳۳۔ گفتارِ حضرت علی علیہ السلام میں ہے آپؑ نے فرمایا: پروردگار! یہی عزّت میرے لیے کافی ہے کہ تیرا بندہ بنوں اور یہی میرے لیے باعث فخر ہے کہ تو میرا پروردگار ہے۔ تُو ایسے ہے جس طرح میں دوست رکھتا ہوں اور مجھے بھی ایسا بنا جس طرح تُو دوست رکھتا ہے۔

۱۳۴۔ امیر المؤمنین علیہ السلام نے فرمایا: اے لوگو خدا کی قسم میں تمہیں اطاعت کے لیے مجبور نہیں کرتا اس سے پہلے کہ میں خود اُس کو انجام دوں، اور تمہیں گناہ سے دُوری اور پرہیز کے لیے نہیں کہتا اس سے پہلے کہ میں خود گناہ سے دُور رہوں۔

۳۹ ۔ عَلِیٌّ عَلَیْهِ السَّلَامُ اَوَّلُ مَنْ صَلّٰی

۱۳۵ ۔ عنِ ابنِ عباسٍ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صلَّى اللّٰهُ عليهِ وآلِهِ وسَلَّمَ أَوَّلُ مَنْ صَلّٰى مَعِيَ عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ عليهِ السلامُ.(۱)

۱۳۶ ۔قَالَ رَسولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عليهِ وآلِهِ وسَلَّمَ لِعَلِيٍّ عَليهِ السَّلَامُ :هٰذَا أَوَّلُ مَنْ آمَنَ بِيْ وَصَدَّقَنِيْ وَصَلّٰى مَعِيْ.(۲)

۱ ۔ البحار ۳۸/ ۳۰۲

۲۔ احقاق الحق ۴/ ۳۴۶

۱۳۷ ۔ عَنْ زَيدِ بنِ اَرْقَمَ اَنَّهُ قَالَ:أَوَّلُ مَنْ صَلّٰى مَعَ رَسولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَليهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ.(۱)

۱۳۸ ۔ عَن سَلمةَ بن كُهَيلٍ قالَ :سَمِعتُ حَبّةَ الْعُرَنِيّ قَالَ :سَمِعْتُ عَلِيّاً يَقُوْلُ : أَنَا أَوَّلُ مَنْ صَلّٰى مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَ آلِهِ وَسَلَّمَ.(۲)

حضرت علی علیہ السلام پہلے نمازی

۱۳۵۔ ابن عباس سے نقل ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سب سے پہلے جس نے میرے ساتھ نماز پڑھی وہ علی بن ابی طالب علیہ السلام تھے۔

۱۳۶۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام کے بارے میں فرمایا: یہ وہ پہلا فرد ہے جو مجھ پر ایمان لایا میری تصدیق کی اور میرے ساتھ نماز پڑھی۔

۱۳۷۔ زید بن ارقم نے کہا: علی بن ابی طالب علیہ السلام پہلے شخص تھے جنہوں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی۔

۱۳۸۔ مسلمہ بن کہیل نے کہا میں نے حبہ عرنی سے سُنا اس نے کہا علی علیہ السلام نے فرمایا: میں پہلا فرد ہوں جس نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی۔

۴۰ ۔ وضُوءُ عَلِيٍّ عليهِ السَّلَامُ وصَلَاتُهُ

۱۳۹ ۔ بالإسنادِ، عَن أَبِي عبدِاللّٰهِ عليهِ السَّلامُ قَالَ :بَيْنَا أَمِيرُالمُؤمِنينَ عَلَيْهِ

۱ ۔ الطرائف / ۱۸، فضائل الخمسة ۱ / ۱۹۵، خصائص امير المؤمنين / ۴۳

۲ ۔ خصائص أمير المؤمنين / ۴۲

السَّلَامُ قاعِدٌ وَمَعَهُ ابْنُهُ مُحَمَّدٌ إذْ قَالَ :يَا مُحَمَّدُ! اِيْتِنِيْ بِإنَاءٍ مِنْ مَاءٍ فَأَتَاهُ بِهِ فَصَبَّهُ بِيَدِهِ الْيُمْنٰى عَلَى يَدِهِ الْيُسْرٰى ثُمَّ قَالَ :اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَ الْمَاءَ طَهُوْرًا وَلَمْ يَجْعَلْهُ نَجِسًا ثُمَّ اسْتَنْجٰى فَقَالَ :اَللّٰهُمَّ حَصِّنْ فَرْجِيْ وَأَعِفَّهُ وَاسْتُرْ عَوْرَتِيْ وَحَرِّمْهَا عَلَى النَّارِ ثُمَّ اسْتَنْشَقَ فَقَالَ :اَللّٰهُمَّ لَا تُحَرِّمْ عَلَيَّ رِيْحَ الْجَنَّةِ وَاجْعَلْنِي مِمَّنْ يَشُمُّ رِيْحَهَا وَطِيْبَهَا وَرَيْحَانَهَا ثُمَّ تَمَضْمَضَ فَقَالَ :اَللّٰهُمَّ أَنْطِقْ لِسَانِي بِذِكْرِکَ وَاجْعَلْنِيْ مِمَّنْ تَرْضٰى عَنْهُ ثُمَّ غَسَلَ وَجْهَهُ فَقَالَ :اَللّٰهُمَّ بَيِّضْ وَجْهِيْ يَوْمَ تَسْوَدُّ (فِيْهِ) الْوُجُوْهُ وَلَا تُسَوِّدْ وَجْهِيَ يَوْمَ تَبْيَضُّ (فِيْهِ) الْوُجُوْهُ، ثُمَّ غَسَلَ يَمِيْنَهُ فَقَالَ :اَللّٰهُمَّ أَعْطِنِيْ كِتَابِيْ بِيَمِيْنِيْ وَالْخُلْدَ بِيَسَارِيْ ثُمَّ غَسَلَ شِمَالَهُ فَقَالَ :اَللّٰهُمَّ لَا تُعْطِنِيْ كِتَابِيْ بِشِمَالِيْ وَلَا تَجْعَلْهَا مَغْلُوْلَةً إِلٰى عُنُقِيْ وَأَعُوْذُ بِکَ مِنْ مُقَطَّعَاتِ النِّيْرَانِ ثُمَّ مَسَحَ رَأْسَهُ فَقَالَ :اَللّٰهُمَّ غَشِّنِيْ بِرَحْمَتِکَ وَبَرَكَاتِکَ وَعَفْوِکَ ثُمَّ مَسَحَ عَلٰى رِجْلَيْهِ فَقَالَ :اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْ قَدَمِي (عَلَى الصِّرَاطِ) يَوْمَ تَزِلُّ فِيْهِ الْأَقْدَامُ وَاجْعَلْ سَعْيِيْ فِيْمَا يُرْضِيْکَ عَنِّيْ ثُمَّ الْتَفَتَ إِلٰى مُحَمَّدٍ فَقَالَ :يَا مُحَمَّدُ! مَنْ تَوَضَّأَ بِمِثْلِ مَا تَوَضَّأْتُ وَقَالَ مِثْلَ مَا قُلْتُ، خَلَقَ اللّٰهُ لَهُ مِنْ كُلِّ قَطْرَةٍ مَلَكًا يُقَدِّسُهُ وَيُسَبِّحُهُ وَيُكَبِّرُهُ وَيُهَلِّلُهُ وَيُكْتَبُ لَهُ ثَوَابُ ذٰلِکَ.(۱)

۱۲۰ـ رُوِیَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عليهِ السَّلامُ أَنَّهُ كَانَ إِذَا حَضَرَ وَقْتُ الصَّلَاةِ ارْتَعَدَتْ فَرَائِصُهُ وَتَغَيَّرَ لَوْنُهُ فَسُئِلَ عَنْ ذٰلِکَ فَقَالَ :جَاءَ وَقْتُ الْأَمَانَةِ الَّتِي عَرَضَهَا اللّٰهُ عَلَى السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالْجِبَالِ فَأَبَيْنَ أَنْ يَحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْإِنْسَانُ فَلَا أَدْرِيْ أَأُحْسِنُ أَدَاءَ مَا حَمَلْتُ أَمْ لَا؟(۲)

۱ـ الکافی ۳۹/۷۰.

۲ـ احقاق الحق ۱۰۶/۸، البحار ۱۷/۴۱، حلیة الابرار ۳۲۰/۲ باختلاف فی موارد

۱۴۱ ۔ وَكَانَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيهِ السَّلامُ إِذا أَخَذَ الْوُضُوءَ يَتَغَيَّرُ وَجْهُهُ مِنْ خِيفَةِ اللّٰهِ تَعالىٰ.(۱)

حضرت علی علیہ السلام کا وضو اور نماز

۱۳۹ا۔امام صادق علیہ السلام سے منقول ہے انہوں نے فرمایا: ایک دن امیر المؤمنین علیہ السلام بیٹھے ہوئے تھے اور ان کے فرزند محمد بھی ساتھ تھے اسی دوران محمد سے فرمایا پانی کا برتن میرے لیے لے آؤ محمد پانی لائے علی علیہ السلام نے اپنے دائیں ہاتھ سے بائیں ہاتھ پر پانی ڈالا اور فرمایا: شکر ہے اس خدا کا جس نے پانی کو پاک اور پاکیزہ بنایا اس کو نجس نہیں بنایا۔ پھر استنجا کے بعد فرمایا: خدایا میرے دامن کو پاک کر اور مجھے عفت عطا فرما اور میری شرمگاہ کو ڈھانپ دے اور مجھ پر آگ کو حرام قرار دے اس کے بعد کلی کی اور فرمایا: خدایا! میری زبان کو اپنے ذکر سے کھول دے اور مجھے ان میں سے قرار دے جن سے تو خوش ہے اس کے بعد ناک میں پانی ڈالا اور فرمایا: الٰہی بہشت کی خوشبو کو مجھ پر حرام نہ کر اور مجھے ان میں سے قرار دے جو اس کی خوشبو اور عطر اور پھول سے معطّر ہوتے ہیں۔ اس وقت چہرے کو دھویا اور فرمایا: خدایا! جس دن چہرے سفید اور نورانی ہوں گے میرے چہرے کو سیاہ نہ کرنا، اس کے بعد دایاں ہاتھ دھویا اور فرمایا: خدایا! میرے اعمال نامہ کو میرے دائیں ہاتھ میں پکڑانا اس کے بعد بائیں ہاتھ کو دھویا اور فرمایا الٰہی میرے نامہ اعمال کو میرے بائیں ہاتھ میں نہ پکڑانا اور میرے ہاتھوں کو گردن کے ساتھ نہ باندھنا میں آگ کے بھڑکتے ہوئے شعلوں سے تجھ سے پناہ مانگتا ہوں۔

۱۔ عدة الداعی / ۱۳۸

پھر سر کا مسح کیا اور فرمایا: خدایا: مجھے اپنی رحمت و برکت اور بخشش میں شامل فرما؛ اس کے بعد پیروں کا مسح کیا اور فرمایا: پروردگار میرے قدموں کو جس دن قدم ڈگمگا جائیں گے مضبوط اور محکم قرار دینا میری تلاش اور کوشش کو ہر وہ عمل جس میں تیری خشنودی ہو قرار دے اس وقت محمد کی طرف دیکھا اور فرمایا: محمد! جو بھی میری طرح وضو کرے گا اور جو کچھ میں نے کہا ہے ویسے ہی دُعا کرے گا تو خداوند اس کے وضو کے پانی کے ہر قطرے سے ایک فرشتہ پیدا کرے گا جو اللہ کی تسبیح اور تقدیس کرے گا اور ' اللہ اکبر ولا الٰہ الا اللہ ' کا ذکر کرے گا جس کا ثواب وضو کرنے والے کے اعمال میں لکھا جائے گا۔

۱۴۰۔ نقل ہوا ہے کہ جب نماز کا وقت ہوتا تھا تو امیر المومنین علیہ السلام کے بدن مبارک پر لرزہ اور کپ کپی طاری ہو جاتی تھی اور آپؑ کے چہرے کا رنگ تبدیل ہو جاتا تھا جب آپؑ سے اس تبدیلی اور دگرگونی کی وجہ پوچھی گئی تو فرمایا: ابھی خداوند کی اس امانت کی ادائیگی کا وقت آپہنچا ہے جسے خدا نے آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں کو دینا چاہا تو وہ اس کے قبول کرنے سے خوف زدہ ہو گئے لیکن انسان نے اسے اپنے ذمہ لے لیا میں نہیں جانتا آیا اس امانت کو جسے میں نے اپنے ذمہ لیا ہے اسے احسن اور نیک طریقے سے ادا کرسکوں گا یا نہیں؟

۱۴۱۔ نقل ہوا ہے کہ وضو کرتے وقت امیر المومنین علیہ السلام کے چہرے کا رنگ خوفِ الٰہی سے تبدیل ہو جاتا تھا۔

۴۱۔ فَضلُ الصَّلاۃِ عِندَ عَلِیٍّ عَلَیهِ السَّلَامُ

۱۴۲۔ وَلَمْ یَترُکْ (عَلِیٌّ عَلیهِ السَّلَامُ) صَلاۃَ اللَّیلِ قَطُّ حَتّٰی لَیلَةِ الْهَرِیرِ. وَ

كَانَ يَوْمًا فِيْ حَرْبِ صِفِّينَ مُشْتَغِلًا بِالْحَرْبِ وَالْقِتَالِ، وَكَانَ مَعَ ذٰلِكَ بَيْنَ الصَّفَّيْنِ يُرَاقِبُ الشَّمْسَ. فَقَالَ لَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ :يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ، مَا هٰذَا الْفِعْلُ؟ فَقَالَ :أَنْظُرُ إِلَى الزَّوَالِ حَتّٰى نُصَلِّيَ .فَقَالَ لَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ :هَلْ هٰذَا وَقْتُ صَلَاةٍ؟ إِنَّ عِنْدَنَا لَشُغْلًا بِالْقِتَالِ (عَنِ الصَّلَاةِ) فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ :فَعَلٰى مَا نُقَاتِلُهُمْ؟ إِنَّمَا نُقَاتِلُهُمْ عَلَى الصَّلَاةِ.(١)

حضرت علی علیہ السلام کی نگاہ میں نماز کی فضیلت

١٤٢۔ علی علیہ السلام نے کبھی نماز کو قضاء نہیں کیا حتّی کہ لیلۃ الہریر میں بھی نماز شب ادا کی، جنگِ صفّین میں آپ جنگ کرنے میں مصروف تھے تو آپ سورج کی طرف دیکھ رہے تھے ابن عباس نے کہا: یا امیر المؤمنین علیہ السلام کیا کر رہے ہو؟ فرمایا سورج کے زوال کو دیکھ رہا ہوں تا کہ نماز پڑھیں ابن عباس نے کہا آیا ابھی نماز کا وقت ہے؟ جب کہ ہم جنگ کرنے میں مصروف ہیں! علی علیہ السلام نے فرمایا: پھر کس لیے ان سے جنگ کر رہے ہیں؟ ہم نماز کی خاطر ان کے ساتھ جنگ کر رہے ہیں۔

٤٢۔ عَلِيٌّ وَصَلَاةُ الْجَمَاعَةِ

١٤٣۔ (فِيْ حَدِيثٍ)قَالَ عَلِيٌّ عَلَيهِ السَّلَامُ :يَا أَبَا الدَّرْدَاءِ ! أُصَلِّي الْعِشَاءَ وَالْفَجْرَ فِيْ جَمَاعَةٍ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أُحْيِيَ بَيْنَهُمَا، أَمَا سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ :لَوْ يَعْلَمُوْنَ مَا فِيْهِمَا لَأَتَوْهُمَا وَلَوْ حَبْوًا وَأَنَّهُمَا لَيُكَفِّرَانِ مَا بَيْنَهُمَا.(١)

١۔ كشف اليقين في فضائل أمير المؤمنين عليه السلام

۱۴۴- إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ طَوَّلَ الرُّكُوعَ فِي بَعْضِ الصَّلَوَاتِ تَطْوِيلًا خَارِجًا عَنِ الْعَادَةِ فَسُئِلَ عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ: أَمْسَكَ جَبْرَئِيلُ يَدِي فِي رُكْبَتِي حَتّٰى أَتٰى عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ فَأَدْرَكَ تِلْكَ الرَّكْعَةَ.(۲)

حضرت علی علیہ السلام اور نمازِ جماعت

۱۴۳- حدیث میں نقل ہوا ہے کہ امیر المومنینؑ نے فرمایا: یا ابُو درداء! نمازِ عشاء اور صبح کو جماعت کے ساتھ پڑھنا میری نظر میں زیادہ بہتر ہے اس سے کہ عشاء سے لے کر صبح تک بیدار رہوں۔ کیا تم نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نہیں سنا انہوں نے فرمایا: اگر لوگ یہ جانتے کہ یہ نماز کس قدر پُرفضیلت ہے تو اس کے پڑھنے کے لیے حاضر ہو جاتے یہاں تک کہ اگر انہیں ہاتھوں اور پیٹ کے بَل چل کر آنا پڑتا، یہ دو نمازیں اُن گناہوں کی مغفرت کا سبب بنتی ہیں جو اِن کے دوران انجام ہوں۔

۱۴۴- نقل ہوا ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی ایک نماز میں ذکرِ رکوع کو معمول سے زیادہ طول دیا۔ اس کی وجہ حضرتؐ سے پوچھی گئی تو آپؐ نے فرمایا: جبرئیل علیہ السلام نے میرے ہاتھوں کو زانو پر پکڑا ہوا تھا یہاں تک کہ علی علیہ السلام آئے اور انہوں نے اس رکعت میں شرکت کی۔

---

١ - الحكم الزاهرة ٢/٢٢٦ بنقل از سفينة البحار ١/١٧٦

٢- احقاق الحق ٦/٨٩

۴۳ـ صَلَاة اَلْف رَكْعَةٍ

۱۴۵ـ عَنْ جَميلِ بنِ صَالِح، عَنْ أبِی عبدِاللّٰهِ علیهِ السَّلَامُ قَالَ :إن اسْتَطَعْتَ أَنْ تُصَلِّیَ فِیْ شَهْرِ رَمَضَانَ وَغَیْرِهِ فی الْیَوْمِ وَاللَّیْلَةِ أَلْف رَكْعَةٍ فَافْعَلْ، فَإنَّ عَلِيّاًعَلیهِ السَّلَامُ كَانَ يُصَلِّی فِی الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ أَلْف رَكْعَةٍ.(۱)

۱۴۶ـ (فِیْ حَدیثٍ)عَنِ الْباقِرِعَلیهِ السَّلامُ اَنَّهٗ قَالَ... :وَكَانَ (عَلِیٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ) يُصَلِّیْ فِی الْيَومِ وَاللَّيْلَةِأَلْف رَكْعَةٍ.(۲)

۱۴۷ـ بِالْإسْنَادِ عَنِ الْبَاقِرِعَلیهِ السَّلَامُ أَنَّهٗ قَالَ :كَانَ عَلِیُّ بْنُ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ يُصَلِّیْ فِی الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ أَلْف رَكْعَةٍ.

كَمَا كَانَ يَفْعَلُ أَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَيهِ السَّلَامُ، كَانَ لَهٗ خَمْسُمِائَةِ نَخْلَةٍ، فَكَانَ يُصَلِّیْ عِنْدَ كُلِّ نَخْلَةٍرَكْعَتَيْنِ.(۳)

۱۴۸ـ بِالْإسْنَادِ عَنْ أبِی بَصِیْرٍ قَالَ :دَخَلْنَا عَلیٰ أَبِی عَبدِاللّٰهِ عَلیهِ السَّلَامُ فَقَالَ لَهٗ أَبُوْبَصِیْرٍ :مَاتَقُولُ فِی الصَّلَاةِ فِیْ شَهْرِ رَمَضَانَ؟ فَقَالَ :لِشَهْرِ رَمَضانَ حُرْمَةٌ وَحَقٌّ لَايُشْبِهُهٗ شَیْءٌ مِّنَ الشُّهُوْرِ، صَلِّ مَا اسْتَطَعْتَ فِیْ شَهْرِ رَمَضَانَ تَطَوُّعًا بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ، فَإنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ تُصَلِّیَ فِیْ كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ أَلْف رَكْعَةٍ؛ فَافْعَلْ، إنَّ عَلِيّاًعَلَيْهِ السَّلَامُ فِیْ آخِرِ عُمُرِهٖ كَانَ يُصَلِّیْ فِیْ كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍأَلْف رَكْعَةٍ، فَصَلِّ يَا أَبَا مُحَمَّدٍ زِيَادَةً فِیْ رَمَضَانَ....(۴)

۱ـ جامع احادیث الشیعة ۲۰۱/۷

۲ـ احقاق الحق ۶۰۰/۸

۳ـ البحار ۱۵/۴۱ ۴ـ الکافی ۱۵۴/۴

حضرت علی علیہ السلام روزانہ ہزار رکعت نماز پڑھتے تھے

۱۴۵۔ جمیل بن صالح نے امام صادق علیہ السلام سے نقل کیا انہوں نے فرمایا: اگر ماہ رمضان اور دوسرے مہینوں میں دن رات میں ہزار رکعت نماز پڑھ سکتے ہو تو ایسا کرو، چونکہ علی علیہ السلام ہر دن اور رات ہزار رکعت نماز پڑھا کرتے تھے۔

۱۴۶۔ حدیث میں امام باقر علیہ السلام سے نقل ہوا ہے فرمایا: علی علیہ السلام ہر دن رات ہزار رکعت نماز پڑھا کرتے تھے۔

۱۴۷۔ امام باقر علیہ السلام نے فرمایا: امام سجاد علیہ السلام ہر دن اور رات ہزار رکعت نماز پڑھا کرتے تھے امیر المومنین علیہ السلام بھی اسی طرح نماز پڑھا کرتے تھے علی علیہ السلام کے پاس پانچ سو کھجور کے درخت تھے اور وہ ہر درخت کے قریب دو رکعت نماز پڑھا کرتے تھے۔

۱۴۸۔ ابو بصیر نے کہا میں امام صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے آنحضرتؑ سے پوچھا آپ کی نظر میں ماہ رمضان میں نماز پڑھنا کیسا ہے؟ فرمایا: ماہ رمضان حرمت اور حق رکھتا ہے کہ اَور مہینے ایسی حُرمت اور حق نہیں رکھتے جتنی بھی قدرت رکھتے ہو ماہ رمضان میں دن رات نوافل پڑھو اگر ہزار رکعت نماز دن اور رات میں پڑھ سکتے ہو تو ایسا کرو۔ چونکہ علی علیہ السلام اپنی زندگی کے آخری ایام میں ہر دن اور رات کو ہزار رکعت نماز پڑھا کرتے تھے اس لئے یا ابو محمد! ماہ رمضان میں دوسرے مہینوں سے زیادہ نماز پڑھو۔

۴۴۔ مِنْ مُنَاجَاتِهِ

۱۴۹۔ اِلٰهِیْ! لَیْسَ اعْتِذَارِیْ اِلَیْکَ اِعْتِذَارَ مَنْ یَسْتَغْنِیْ عَنْ قَبُوْلِ عُذْرِهٖ، فَاقْبَلْ

عُذْرِیْ یاخَیْرَ مَنِ اعْتَذَرَ إلَیْهِ المُسِیْئُوْنَ.(١)

١٥٠ ـ بِالْإسْنادِ، عَنِ الأَصْبَغِ بْنِ نَباتَةَ قالَ :کانَ أَمِیْرُ الْمُؤْمِنِینَ عَلَیْهِ السَّلَامُ یَقُوْلُ فِیْ سُجُوْدِہِ:أُناجِیْکَ یا سَیِّدِیْ کَما یُناجِی الْعَبْدُ الذَّلِیْلُ مَوْلَاہُ وَأَطْلُبُ إلَیْکَ طَلَبَ مَنْ یَعْلَمُ أَنَّکَ تُعْطِیْ وَلَایَنْقُصُ مِمَّا عِنْدَکَ شَیْءٌ، وَأَسْتَغْفِرُکَ اسْتِغْفارَ مَنْ یَعْلَمُ أَنَّهُ لَایَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إلَّا أَنْتَ، وَأَتَوَکَّلُ عَلَیْکَ تَوَکُّلَ مَنْ یَعْلَمُ أَنَّکَ عَلیٰ کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ.(٢)

حضرت علی علیہ السلام کی دُعا اور مُناجات

١٤٩۔خدایا! میری معذرت طلبی تیری بارگاہ میں اس کی معذرت اور معافی کی طرح نہیں ہے جو قبول ہونے سے بے نیاز ہو، بس میری معذرت کو قبول فرمااے وہ بہترین ذات گنہگار جس کی بارگاہ میں معذرت اور معافی طلب کرتے ہیں۔

١٥٠۔اصبغ بن نباتہ نے کہا:امیرُالمؤمنین علیہ السلام ذِکرِ سجدہ میں کہا کرتے تھے۔اے مولا میں تجھ سے مناجات اور التجا کرر ہا ہوں جس طرح ایک حقیر اور عاجز غلام اپنے آقا سے مناجات کرتا ہے میں تجھ سے حاجت طلب کرر ہا ہوں اس کی طرح طلب کرر ہا ہوں جو جانتا ہے کہ تو اسے عطا کرے گا اور جو کچھ تیرے پاس ہے اس میں کمی نہیں آئے گی اور میں تجھ سے بخشش چاہتا ہوں اس

١۔ نهج السعادة ٦/١٩١، البلد الامين / ٣١٦ باختلاف يسير

٢۔ امالى الصدوق / ٢١١، روضة الواعظين ٢/٣٢٦

کی طرح معافی مانگتا ہوں جو جانتا ہے کہ تیرے سوا کوئی اس کے گناہوں کو معاف نہیں کرے گا اور تجھ پر توکّل کر رہا ہوں اس کی طرح جو جانتا ہے تو ہر چیز پر قادر ہے۔

۴۵۔ اِخلَاصُ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ

۱۵۱۔ وَقَالَ أَمِيرُ الْمُؤمِنِيْنَ وَسَيِّدُ الْمُوَحِّدِينَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِ :مَا عَبَدْتُكَ خَوفاً مِنْ نَارِكَ وَلَا طَمَعاً فِيْ جَنَّتِكَ، لٰكِنْ وَجَدْتُكَ أَهْلاً لِلْعِبَادَةِ فَعَبَدْتُكَ....(۱)

۱۵۲۔ (فِيْ حَدِيْثٍ) وَلَمَّا أَدْرَكَ عَمْرَو بْنَ عَبْدِوَدٍّ لَمْ يَضْرِبْهُ، فَوَقَعُوْا فِيْ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَرَدَّ عَنْهُ حُذَيْفَةُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :مَهْ يَا حُذَيْفَةُ !فَإِنَّ عَلِيّاً سَيَذْكُرُ سَبَبَ وَقْفَتِهِ، ثُمَّ إِنَّهُ ضَرَبَهُ، فَلَمَّا جَاءَ سَأَلَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ :قَدْ كَانَ شَتَمَ اُمِّيْ وَتَفَلَ فِيْ وَجْهِيْ، فَخَشِيْتُ أَنْ أَضْرِبَهُ لِحَظِّ نَفْسِيْ، فَتَرَكْتُهُ حَتّٰى سَكَنَ مَا بِيْ ثُمَّ قَتَلْتُهُ فِى اللّٰهِ.(۲)

حضرت علی علیہ السلام کا اِخلاص

۱۵۱۔ امیرالمؤمنین علیہ السلام سرورِ مُوحّدِین نے فرمایا: خدایا! میں تیری عبادت اس لیے نہیں کرتا کہ مجھے جہنّم کی آگ کا خوف یا جنّت کی لالچ ہے بلکہ تجھے پرستش اور عبادت کا لائق جانتا ہوں اسی لیے تیری عبادت کرتا ہوں۔

۱۔ البحار ۷۰/۱۸۶، عوالی اللئالی ۱/۴۰۴ باختلاف یسیر

۲۔ البحار ۴۱/۵۰

۱۵۲۔ حدیث میں نقل ہوا ہے کہ جس وقت علی علیہ السلام عمرو بن عبدوُدّ پر غالب آئے تو اس پر ضرب نہ چلائی لوگوں نے حضرتؑ کے اس عمل کو عیب سمجھا لیکن حُذیفہ نے حضرتؑ کا دفاع کیا پیغمبرِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا حُذیفہ: علی علیہ السلام خود اس کام کی وجہ بیان کرے گا عمرو بن عبدوُدّ کو قتل کرنے کے بعد جب علی علیہ السلام پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے تو پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کام کا سبب پوچھا علی علیہ السلام نے کہا: اس نے میری والدہ کو گالی دی اور اپنا آب دھان میرے چہرے پر پھینکا میں ڈر گیا کہ اگر اس کو قتل کرتا ہوں تو میرا غصّہ اس میں شامل ہو جائے گا۔ اس لئے میں نے اس کو چھوڑ دیا جب میرا غصّہ ٹھنڈا ہوا تب میں نے اس کو خدا کی خاطر واصلِ جہنّم کیا۔

۴۶۔ اَلاِنْقِطَاعُ التَّامّ

۱۵۳۔ رُوِیَ أَنَّ عَلِیّاً قَدْ أَصَابَ رِجْلَهُ فِیْ غَزْوَةِ أُحُدٍ سَهْمٌ صَعُبَ إِخْرَاجُهُ، فَأَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بِإِخْرَاجِهِ حِیْنَ اشْتِغَالِهِ بِالصَّلَاةِ فَأَخْرَجُوْهُ مِنْ رِجْلِهِ، فَقَالَ بَعْدَ فَرَاغِهِ عَنِ الصَّلَاةِ بِأَنَّهُ لَمْ یَلْتَفِتْ بِذٰلِکَ.(۱)

حضرت علی علیہ السلام کا نماز میں خضوع وخشوع

۱۵۳۔ روایت میں نقل ہوا ہے کہ جنگِ اُحُد میں علی علیہ السلام کے پاؤں میں تیر لگا جس کا نکالنا

۲۔ احقاق الحق ۸/ ۶۰۲

مشکل تھا رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اِس تیر کو اس وقت نکالیں جب علی علیہ السلام نماز کی حالت میں ہوں ایسے ہی کیا گیا، علی علیہ السلام نے نماز پڑھنے کے بعد فرمایا میں بالکل متوجہ بھی نہیں ہوا۔

☆☆☆

اَلْفَصْلُ الرَّابِعُ

فِیْ اَخْلَاقِہٖ وَسِیْرَتِہٖ

۴۷۔ اِخْلَاصُہٗ فِی التَّوَکُّلِ عَلَی اللّٰہِ

۱۵۴۔ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ أَبِیْ عَبْدِاللّٰہِ عَلَیْہِ السَّلَامُ قَالَ: کَانَ قَنْبَرُ غُلَامُ عَلِیٍّ یُحِبُّ عَلِیًّا عَلَیْہِ السَّلَامُ حُبًّا شَدِیْدًا فَإِذَا خَرَجَ عَلِیٌّ صَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیْہِ خَرَجَ عَلٰی أَثَرِہٖ بِالسَّیْفِ، فَرَآہُ ذَاتَ لَیْلَۃٍ فَقَالَ: یَا قَنْبَرُ! مَالَکَ؟ فَقَالَ: جِئْتُ لِأَمْشِیْ خَلْفَکَ یَا أَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ قَالَ: وَیْحَکَ! أَمِنْ أَھْلِ السَّمَاءِ تَحْرُسُنِیْ أَوْ مِنْ أَھْلِ الْأَرْضِ؟ فَقَالَ: لَا، بَلْ مِنْ أَھْلِ الْأَرْضِ فَقَالَ: إِنَّ أَھْلَ الْأَرْضِ لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ لِیْ شَیْئًا إِلَّا بِإِذْنِ اللّٰہِ مِنَ السَّمَاءِ فَارْجِعْ فَرَجَعَ.(۱)

چوتھی فصل

حضرت علی علیہ السلام کے اخلاق اور سیرت

حضرت علی علیہ السلام کا توکل علی اللہ میں اخلاص

۱۵۴۔ امام صادق علیہ السلام سے منقول ہے انہوں نے فرمایا: علی علیہ السلام کا غلام قنبر آپؑ سے بہت

۱۔ الکافی ۲/۶۳

محبت کرتا تھا اس لیے جس وقت بھی علی علیہ السلام گھر سے خارج ہوتے تھے تو وہ تلوار اٹھا کر آپؑ کے پیچھے حرکت کرتا تھا، ایک رات آپؑ نے قنبر کو دیکھا پوچھا کس لیے آئے ہو؟ جواب دیا یا امیر المؤمنین علیہ السلام! اس لیے آیا ہوں کہ آپ کے پیچھے چلوں، آپؑ نے فرمایا: حیف ہو تم پر! آیا تو چاہتا ہے میری اہلِ آسمان سے حفاظت کرے یا اہلِ زمین سے؟ کہا: اہلِ زمین سے فرمایا: اہلِ زمین خدا کے اذن کے بغیر میرے ساتھ کچھ بھی نہیں کر سکتے واپس جاؤ قنبر واپس چلے گئے۔

۴۸۔ حُسْنُ خُلْقِهِ

۱۵۵۔ وَدَعَا)عَلِيٌّ(عَلَيهِ السَّلامُ غُلاماً لَهُ مِراراً فَلَمْ يُجِبْهُ، فَخَرَجَ فَوَجَدَهُ عَلىٰ بَابِ الْبَيْتِ،فَقَالَ :ما حَمَلَكَ عَلىٰ تَرْكِ إِجَابَتِيْ؟ قَالَ :كَسِلْتُ عَنْ إِجابَتِكَ وَأَمِنْتُ عُقُوبَتَكَ، فَقَالَ :اَلْحَمْدُلِلّٰهِ الَّذِيْ جَعَلَنِيْ مِمَّنْ يَأْمَنُهُ خَلْقُهُ، اِمْضِ فَأَنْتَ حُرٌّ لِوَجْهِ اللّٰهِ.(۱)

۱۵۶۔ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ أَبِي عَبدِاللّٰهِ عَنْ آبائِهِ عَلَيهِمُ السَّلامُ :أَنَّ أَمِيرَالمُؤْمِنِيْنَ عَلَيهِ السَّلامُ صَاحَبَ رَجُلاً ذِمِّيّاًفَقَالَ لَهُ الذِّمِّيُّ :أَيْنَ تُرِيدُ يا عَبْدَاللّٰهِ فَقَالَ :أُرِيدُ الْكُوفَةَ، فَلَمَّا عَدَلَ الطَّرِيقُ بِالذِّمِّيِّ عَدَلَ مَعَهُ أَميرُالْمُؤْمِنِينَ عَلَيهِ السَّلامُ فَقَالَ (لَهُ خ ل) الذِّمِّيُّ: أَلَسْتَ زَعَمْتَ أَنَّكَ تُرِيدُ الْكُوفَةَ؟ فَقَالَ لَهُ :بَلىٰ فَقَالَ لَهُ الذِّمِّيُّ :فَقَدْ تَرَكْتَ الطَّرِيقَ؟ فَقَالَ لَهُ :قَدْ عَلِمْتُ ذٰلِكَ قَالَ :فَلِمَ عَدَلْتَ مَعِيْ وَقَدْعَلِمْتَ ذٰلِكَ؟ فَقَالَ لَهُ أَمِيرُالْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلَامُ :هٰذَا مِنْ تَمَامِ حُسْنِ الصُّحْبَةِ أَنْ يُشَيِّعَ الرَّجُلُ(صَاحِبَهُ خ ل)

۱۔ البحار ۴۱/۴۸

هَنِيئَةً إِذَا فَارَقَهُ، وَكَذٰلِكَ أَمَرَنَا نَبِيُّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ الذِّمِّيُّ :هٰكَذَا قَالَ؟ قَالَ :نَعَمْ، قَالَ الذِّمِّيُّ :لَا جَرَمَ إِنَّمَا تَبِعَهُ مَنْ تَبِعَهُ لِأَفْعَالِهِ الْكَرِيمَةِ فَأَنَا أُشْهِدُكَ أَنِّيْ عَلٰى دِيْنِكَ وَرَجَعَ الذِّمِّيُّ مَعَ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيهِ السَّلَامُ فَلَمَّا عَرَفَهُ أَسْلَمَ.(۱)

حضرت علی علیہ السلام عُمدہ خصلت والے

۱۵۵۔روایت میں نقل ہوا ہے کہ ایک دن علی علیہ السلام نے چند مرتبہ اپنے غلام کو آواز دی، غلام نے جواب نہ دیا۔علی علیہ السلام گھر سے باہر آئے غلام کی پیٹھ کے پیچھے کھڑے ہو کر فرمایا: جواب کیوں نہیں دیا؟ غلام نے کہا: میں جواب دینے کی حالت میں نہیں تھا اور آپ کی سزا سے بھی امان میں تھا،علی علیہ السلام نے فرمایا:شکر ہے اس خدا کا جس نے مجھے ان میں سے قرار دیا ہے جن سے اُس کی مخلوق امان میں ہے۔جاؤ ، تم خدا کے راستے میں آزاد ہو۔

۱۵۶۔امام صادق علیہ السلام نے فرمایا:علی علیہ السلام کا فر ذمّی کے ساتھ ہمسفر ہوئے اس شخص نے پوچھا: اے خدا کے بندے کہاں جاؤ گے؟ فرمایا: کوفہ جاؤں گا جب اس کا راستہ جدا ہوا تو علی علیہ السلام اس کے ساتھ چلتے رہے،اس شخص نے کہا کیا آپ نے نہیں کہا تھا کہ کوفہ جاؤں گا؟ فرمایا: ہاں اس نے کہا: یہ تو کوفہ کا راستہ نہیں ہے فرمایا: جانتا ہوں کہا: پھر کیوں میرے ساتھ آرہے ہو؟ فرمایا: یہ کمالِ حُسن مُعاشرت ہے کہ جب انسان اپنے دوست سے جدا ہو تو چند قدم اور بھی اس کے ساتھ چلے ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں اس طرح حکم دیا ہے۔ذمّی نے کہا آپ کے پیغمبرؐ نے اسی طرح

۱۔حلیۃ الأبرار ۱/۲۶۸، البحار ۴۱/۵۳ باختلاف فی موارد

کہا ہے؟ فرمایا: جی ہاں، ذمّی نے کہا بس ان کی اچھی سیرت اور عمل دیکھ کر لوگ ان کے پیرو کار بنے ہیں، میں تم کو اپنا گواہ بنا رہا ہوں کہ میں نے تمہارا دین قبول کر لیا ہے اس وقت وہ کافر ذمّی علی علیہ السلام کے ساتھ واپس آ گیا اور جب ان کو پہچان لیا تو مسلمان ہو گیا۔

۴۹۔ تَوَاضُعُهُ

۱۵۷۔ قَالَ صَعْصَعَةُ بْنُ صَوْحَانَ وَغَيْرُهُ مِنْ شِيعَتِهِ وَأَصْحَابِهِ: كَانَ فِينَا كَأَحَدِ مِنَّا لِيْنُ جَانِبٍ وَشِدَّةُ تَوَاضُعٍ وَسُهُولَةُ قِيَادٍ، وَكُنَّا نَهَابُهُ مَهَابَةَ الْأَسِيرِ الْمَرْبُوطِ لِلسَّيَّافِ الْوَاقِفِ عَلَى رَأْسِهِ. (۱)

۱۵۸۔ كَانَ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَدْخُلُ السُّوقَ وَيَحْمِلُ التَّمْرَ وَالسَّوِيقَ وَالْمِلْحَ وَأَشْبَاهَ ذٰلِكَ فِي ثَوْبِهِ تَارَةً وَفِي يَدِهِ أُخْرَى وَيَقُولُ:

لَا يُنْقِصُ الْكَامِلَ مِنْ كَمَالِهِ مَا جَرَّ مِنْ نَفْعٍ إِلَى عِيَالِهِ (۲)

۱۵۹۔ عَنْ أَبِي عَبْدِاللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: خَرَجَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَلَى أَصْحَابِهِ وَهُوَ رَاكِبٌ، فَمَشَوْا خَلْفَهُ، فَالْتَفَتَ إِلَيْهِمْ فَقَالَ: لَكُمْ حَاجَةٌ؟ فَقَالُوا: لَا يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، وَلٰكِنَّا نُحِبُّ أَنْ نَمْشِيَ مَعَكَ، فَقَالَ لَهُمْ: اِنْصَرِفُوا فَإِنَّ مَشْيَ الْمَاشِي مَعَ الرَّاكِبِ مَفْسَدَةٌ لِلرَّاكِبِ وَمَذَلَّةٌ لِلْمَاشِي.... (۳)

۱۔ احقاق الحق ۸/ ۱۵۲

۲۔ احقاق الحق ۸/ ۱۵۳، البحار ۴۱/ ۵۴ باختلاف فی موارد

۳۔ البحار ۴۱/ ۵۵، جامع أحاديث الشيعة ۱۶/ ۸۸۰ باختلاف يسير

حضرت علی علیہ السلام کی عاجزی اور انکساری

۱۵۷۔ صَعصَعَہ بن صَوحان چند شیعیانِ حیدرِ کرّار اور آپؑ کے اصحاب نے کہا: امیرُالمومنینؑ ہمارے درمیان ہماری مانند تھے۔ آپؑ میں بہت زیادہ تواضع اور عاجزی تھی جس کی وجہ سے تمام لوگ آپ کی طرف مائل ہو جاتے تھے اس دوران ہم پر ہیبت اور خوف طاری ہو جاتا تھا اس طرح جیسے کوئی کسی اسیر کے سر پر تلوار اٹھائے کھڑا ہو۔

۱۵۸۔ روایت میں بیان ہوا ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام جس وقت بازار جایا کرتے تھے تو کھجور اور آٹا اور نمک کپڑے میں ڈال کر یا اپنے ہاتھوں میں اٹھا کر لے جاتے تھے اور فرمایا کرتے تھے اپنے عیال کے لیے خوراک لے جانا بہت ہی مفید ہے اور یہ انسان کے کمال میں کمی کا باعث نہیں بنتا۔

۱۵۹۔ امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: ایک مرتبہ امیر المومنین علیہ السلام گھوڑے پر سوار تھے اور اپنے اصحاب کے قریب سے گذرے، اصحاب نے آپ کا پیچھا کیا جب آپ کی نگاہ ان پر پڑی تو ان سے پوچھا آیا کوئی حاجت رکھتے ہو؟ انہوں نے کہا نہیں یا امیر المومنین علیہ السلام ہمیں آپؑ کے پیچھے چلنا اچھا لگتا ہے فرمایا: واپس لوٹ جاؤ کیونکہ سوار کے پیچھے پیدل چلنا اس کے لیے تباہی اور پیدل چلنے والے کے لیے ذِلّت کا باعث بنتا ہے۔

۵۰ ۔ حِلْمُهٗ

۱۶۰ ۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّمَ :عَلِیٌّ أَفْضَلُ النَّاسِ حِلْمًا.(۱)

۱۶۱ ۔ عَنِ ابْنِ عَباسٍ قَالَ :قَالَ رَسولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلیہِ وآلِہٖ وسَلَّمَ :وَلَوْ کَانَ الْحِلْمُ رَجُلًا؛ لَکَانَ عَلِیًّا.(۲)

حضرت علی علیہ السلام کا تحمل

۱۶۰۔رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:علی علیہ السلام تحمل اور صبر میں لوگوں سے افضل ہیں۔

۱۶۱۔ابن عباس سے نقل ہوا کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:اگر صبر اور تحمل انسانی شکل اختیار کرلے تو وہ علی علیہ السلام ہوں گے۔

۵۱ ۔ صَبْرُہٗ

۱۶۲ ۔ فِیْ خُطبةٍ لَہٗ علیہِ السَّلامُ ... :فَرَأَیْتُ أَنَّ الصَّبْرَ عَلی ھَاتَا أَحْجٰی، فَصَبَرْتُ وَفِی الْعَیْنِ قَذًی، وَفِی الْحَلْقِ شَجًا أَرٰی تُرَاثِیَ نَھْبًا.(۳)

۱۶۳ عَنْ عَلِیٍّ عَلیہِ السَّلَامُ مَرْفُوعاً)قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلیہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ(یَا عَلِیُّ !کَیْفَ أَنْتَ إِذَا زَھِدَ النَّاسُ فِی الْآخِرَةِ وَرَغِبوا فِی الدُّنْیا وَأَکَلُوا التُّرَاثَ أَکْلًا لَمًّا وَأَحَبُّوا الْمَالَ حُبًّا جَمًّا وَاتَّخَذُوْا دِیْنَ اللّٰہِ دَغَلًا وَمَالَ اللّٰہِ دُوَلًا قَالَ :قُلْتُ :یَا

---

۱ ۔ احقاق الحق ۱۵/ ۴۱۰

۲ ۔ الفصول المائة ۴/ ۱۸۴، فرائد السمطین ۲/ ۶۸

۳۔ نہج البلاغہ فیض / ۴۷، صبحی الصالح /۴۸، تذکرۃ الخواص / ۱۱۸ باختلاف فی موارد

رَسُولَ اللّٰهِ ! أَتْرُكُهُمْ وَأَتْرُكُ مَا فَعَلُوْهُ وَإِنِّي أَخْتَارُ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ وَالدَّارَ الآخِرَةَ وَأَصْبِرُ عَلٰى مَصَائِبِ الدُّنْيَا وَهَوَاهَا حَتّٰى أَلْحَقَ بِكَ بِمَشِيئَةِ اللّٰهِ قَالَ: صَدَقْتَ يَا عَلِيُّ ! اَللّٰهُمَّ افْعَلْ ذٰلِكَ بِهِ. (۱)

حضرت علی علیہ السلام کا صبر

۱۶۲۔ حضرت نے نہج البلاغہ میں ارشاد فرمایا: جب میں نے دیکھا کہ ابھی صبر کے سوا اور کوئی چارہ نہیں تو میں نے صبر کرلیا اس طرح جیسے کسی کی آنکھ میں کانٹا اور گردن میں ہڈی پھنسی ہوئی ہو میں دیکھ رہا تھا کہ میری میراث لوٹی جارہی ہے۔

۱۶۳۔ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: مجھ سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علی علیہ السلام تم اس وقت کیسے ہوگے جب لوگ آخرت کو بھول کر دنیا کے ساتھ دل لگائیں گے ثروت کو ایک ہی وقت میں کھا جائیں گے اور مال اور دولت سے بہت زیادہ محبت رکھیں گے خدا کے دین کو فریب کاری اور دھوکے کا وسیلہ بنائیں گے اور بیت المال کو ایک دوسرے کے ہاتھ میں چرخائیں گے؟ میں نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ان کو اور ان کے کاموں کو چھوڑ کر خدا اور پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آخرت کے راستے کا انتخاب کروں گا اور دنیا کے مصائب پر صبر کروں گا یہاں تک کہ رضایت الٰہی سے آپ کے ساتھ ملحق ہوجاؤں۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علیؑ تم نے سچ کہا، خدایا! علی کے ساتھ ایسا ہی کرنا۔

۱۔ احقاق الحق ۸/ ۶۱۴

۵۲ ـ عَلِیٌّ عَلَیهِ السَّلَام وَزُهْدُهُ

۱۶۴ ـ عَنْ قَبِیصَةَ بنِ جَابِرٍ قَالَ :مَا رَأَیتُ أَزْهَدَ فِی الدُّنْیا مِنْ عَلِیِّ بْنِ أَبِی طَالِبٍ علیهِ السَّلامُ.(۱)

۱۶۵ ـ بِالْإِسْنادِ، قَالَ رسُولُ اللّٰهِ صَلّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَ آلِهِ وسَلَّمَ :یَا عَلِیُّ إنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی قَدْ زَیَّنَکَ بِزِینَةٍ لَمْ تُزَیِّنِ الْعِبَادُ بِزِینَةٍ أَحَبَّ إِلَی اللّٰهِ تعالیٰ مِنْها:هِیَ زِینَةُ الْأَبْرارِ عِنْدَاللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، اَلزُّهْدُ فِی الدُّنْیافَجَعَلَکَ لاتَرْزَأُ مِنَ الدُّنْیا شَیْئاً وَلَا تَرْزَأُ الدُّنْیا مِنْکَ شَیْئًا وَوَهَبَ لَکَ حُبَّ الْمَسَاکِینِ فَجَعَلَکَ تَرْضٰی بِهِمْ أَتْبَاعًا وَیَرْضَوْنَ بِکَ إِمامًا.(۲)

۱۶۶ ـ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ أَبِی جَعفرِ الباقرِعلیهِ السَّلامُ أَنَّهُ قَالَ :وَاللّٰهِ إِنْ کَانَ عَلِیٌّ عَلَیْهِ السَّلَامُ لَیَأْکُلُ أَکْلَ الْعَبْدِوَیَجْلِس جِلْسَةَ الْعَبْدِ، وَإِنْ کَانَ لَیَشْتَرِیَ الْقَمِیصَیْنِ السُّنْبُلَانِیینِ فَیُخَیِّرُ غُلَامَهُ خَیْرَهُمَا ثُمَّ یَلْبَسُ الآخَرَ.(۳)

۱۶۷ ـ کَانَ عَلِیٌّ عَلَیهِ السَّلَامُ :یَلْبَس لِباسًا مَرْقُوعًا وَنَعْلَاهُ مِنْ لِیفٍ.(۴)

۱۶۸ ـ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ أَبِی عَبْدِاللّٰهِ علیهِ السَّلامُ عَنْ عَلِیٍّ عَلَیهِ السَّلامُ أَنَّهُ کَانَ یَمْشِیَ فِیْ نَعْلٍ وَّاحِدَةٍ وَیُصْلِحُ الْأُخْرٰی لَایَرٰی بِذٰلِکَ بَأْسًا.(۵)

۱ـ کشف الغمة ۱/۱۶۵

۲ ـ احقاق الحق ۴/۴۹۰، الیقین/ ۸۵، المحجةالبیضاء ۴/۱۹۰، کشفالغمة ۱/۱۷۰ باختلاف فی موارد

۳ـ امالی الصدوق / ۲۳۲، روضة المتقین ۱۳/۲۶۲ باختلاف فی موارد

۴ـ احقاق الحق ۸/۳۰۱ ۵ـ الکافی ۶/۴۷۷

۱۶۹ ـ وَكَانَ عَلِيٌّ عليهِ السَّلامُ يَرْقَعُ قَمِيصَهُ، وَيَقُولُ :إِنّ لُبْسَ المَرْقُوعِ يُخَشِّعُ القَلْبَ وَيَقْتَدِي بِهِ المُؤْمِنُ.(۱)

۱۷۰ ـ قَالَ أمِيرُ المُؤْمِنِيْنَ عليهِ السَّلامُ :إِنَّ اللّٰهَ جَعَلَنِيْ إِماماً لِخَلْقِهِ فَفَرَضَ عَلَيَّ التَّقْدِيْرَ فِيْ نَفْسِيْ وَمَطْعَمِيْ وَمَشْرَبِيْ وَمَلْبَسِيْ كَضُعَفَاءِ النَّاسِ كَيْ يَقْتَدِيَ الْفَقِيرُ بِفَقْرِيْ وَلاَ يُطْغِي الْغَنِيَّ غِنَاهُ.(۲)

۱۷۱ ـ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ زيدِ بنِ الْحَسَنِ قَالَ :سَمِعْتُ أبَا عبدِاللّٰهِ عليهِ السَّلامُ يَقُوْلُ :كَانَ أَميرُ الْمُؤْمِنينَ عَلَيهِ السَّلاَمُ أَشْبَهَ النَّاسِ طُعْمَةً بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَأْكُلُ الْخُبْزَ وَالْخَلَّ وَالزَّيْتَ وَيُطْعِمُ النَّاسَ الْخُبْزَ وَاللَّحْمَ.(۳)

حضرت علی علیہ السلام کا زہد

۱۶۴۔ قمیصہ بن جابر نے کہا: میں نے اِس دنیا میں کسی کو بھی علی علیہ السلام سے زیادہ زاہد نہیں دیکھا۔

۱۶۵۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علی علیہ السلام خدا نے تم کو اس دنیا میں ایک ایسی زینت سے نوازا ہے جو خدا کے نزدیک بہترین زینت ہے، کسی اَور کو اس زینت سے نہیں نوازا، یہ زینت ان کی زینت ہے جو خدا کے نزدیک صالحین میں سے گنے جاتے ہیں اور یہ نیکی دنیا میں ہے تم کو خدا نے

---

۱ ـ احقاق الحق ۳۰۳/۸

۲ ـ حلیة الأبرار ۳۴۰/۱

۳ ـ الکافی ۳۳۱/۶

ایسے قرار دیا ہے کہ دنیا تم سے دور ہے اور تم دنیا سے بیزار ہو اور تم کو مساکین کا دوست بنایا اور تم کو ایسے قرار دیا کہ تم ان کی پیروی سے خوش ہو اور وہ تمہاری امامت سے خوشحال ہیں۔

۱۶۶۔ امام باقر علیہ السلام سے نقل ہوا انہوں نے فرمایا: خدا کی قسم علی علیہ السلام غلاموں کی مانند کھانا کھاتے تھے اور ان کی طرح بیٹھتے تھے اور معمولاً دو لباس سنبلانی خریدا کرتے تھے ان میں سے بہترین اور عمدہ لباس غلام کو دیا کرتے تھے اور دوسرا خود پہنا کرتے تھے۔

۱۶۷۔ روایت میں نقل ہوا کہ علی علیہ السلام پیوند لگا ہوا لباس پہنتے تھے اور آپ کے جوتے کھجور کی چھال سے بنے ہوئے تھے۔

۱۶۸۔ امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: علی علیہ السلام بعض اوقات پاؤں میں ایک جوتا پہن کر چلتے تھے اور دوسرے کی مرمّت کرتے تھے اور اس کام کو عیب نہیں سمجھتے تھے۔

۱۶۹۔ روایت میں نقل ہوا کہ علی علیہ السلام اپنے لباس کو خود پیوند لگاتے تھے اور فرماتے تھے پیوند والا لباس دل میں عاجزی اور انکساری پیدا کرتا ہے اور مؤمنین اس کی پیروی کرتے ہیں۔

۱۷۰۔ امیر المؤمنین علیہ السلام نے فرمایا: خداوند مُتعال نے مجھے لوگوں کا امام بنایا اور مجھ سے اِقرار لیا گیا ہے کہ میں اپنی خوراک، لباس، اور خورد و نوش میں مسکین اور غریب لوگوں کی مانند زندگی بسر کروں تا کہ محتاج اور نیاز مند لوگ میرے فقر کی اطاعت کریں اور مالدار لوگ بے نیازی کی وجہ سے طاغوت اختیار نہ کریں۔

۱۷۱۔ زید بن حسن نے کہا میں نے امام صادق علیہ السلام سے سنا انہوں نے فرمایا: امیر المؤمنینؑ اپنی خوراک میں رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سب سے زیادہ مُشابہ تھے خود روٹی، سرکہ اور زیتون کا تیل کھایا کرتے تھے اور لوگوں کو روٹی اور گوشت دیا کرتے تھے۔

۵۳ ۔ اَلدُّنیَا عِندَ عَلِیٍّ عَلَیہِ السَّلَام

۱۷۲ ۔ عَنْ علیٍ علیہِ السلامُ :لَدُنیَاکُم عِندِیْ أَھوَنُ مِنْ عُراقِ خِنزِیرٍ عَلٰی یَدِ مَجذومٍ.(۱)

۱۷۳ ۔ وَقَالَ)عَلِیٌّ(علیہِ السَّلامُ :یَا دُنیا یَا دُنیا أَبِیْ تَعَرَّضتِ، أَمْ إِلَیَّ تَشَوَّقْتِ؟ لَا حَانَ حِینُکِ ھَیہَاتَ غُرِّیْ غَیرِیْ لَا حَاجَۃَ لِیْ فِیکِ، قَدْ طَلَّقْتُکِ ثَلاثاً لَا رَجْعَۃَ لِیْ فِیکِ، وَلَہٗ علیہِ السَّلام:

طَلِّقِ الدُّنیَا ثَلاثاً وَاتَّخِذْ زَوجاً سِوَاھَا

إِنَّھَا زَوجَۃُ سَوءٍ لَاتُبَالِیْ مَنْ أَتَاھَا(۲)

۱۷۴ ۔ قَالَ عبدُاللّٰہِ بنُ عباسٍ :دَخَلْتُ عَلٰی أمیرِالمؤمنینَ علیہِ السَّلامُ بِذِی قَارٍ وَھُوَ یَخصِفُ نَعلَہٗ، فَقالَ لِیْ :مَا قِیمَۃُ ھٰذَا النَّعلِ؟ فَقُلْتُ :لَا قیمَۃَ لَھا، فقالَ علیہِ السَّلامُ: وَاللّٰہِ لَھِیَ أَحَبُّ إِلَیَّ مِنْ إِمْرَتِکُمْ إِلّا أَنْ أُقِیمَ حَقّاً أَوْ أَدفَعَ بَاطِلاً....(۳)

دنیا حضرت علی علیہ السلام کی نگاہ میں

۱۷۲۔ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: آپ کی یہ دنیا میرے نزدیک اس خنزیر کی ہڈی سے بھی پست تر ہے جو جذامی شخص کے ہاتھ میں ہے۔

۱۔ غرر الحکم / ۵۸۲

۲۔ مناقب آل أبیطالب ۲/ ۱۰۲

۳۔ نہج البلاغہ فیض / ۱۰۲، تذکرۃ الخواص / ۱۱۰ باختلاف یسیر

۱۷۳۔ امیر المؤمنین علیہ السلام نے فرمایا: اے دنیا! اے دنیا! آیا اپنے آپ کو مجھے پیش کر رہی ہو اور مجھ سے محبّت کرنا چاہتی ہو؟ کبھی بھی تیرا وقت نہیں آئے گا افسوس! کسی اَور کو دھوکا اور فریب دے، مجھے تیری ضرورت نہیں، میں نے تجھے تین طلاقیں دی ہیں اور تجھ سے رجوع نہیں کروں گا۔

(یہ شعر بھی حضرت علیؑ کا ہے)

دنیا کو تین طلاقیں دے کر دوسری شریکِ حیات کا انتخاب کرلو، کیونکہ وہ بُری ہمسفر ہے اور اس کے لیے فکر مند نہ ہو کہ کون اس کا پیچھا کرتا ہے۔

۱۷۴۔ عبداللہ بن عباس سے نقل ہے کہ میں "ذی قار" میں علی علیہ السلام کے پاس گیا اس وقت حضرتؑ اپنے جوتے کو پیوند لگا رہے تھے مجھ سے پوچھا: اس جوتے کی اہمیت کیا ہے؟ میں نے کہا: کوئی اہمیت نہیں: فرمایا: خُدا کی قسم! یہ جوتا میرے نزدیک تمہاری حکمرانی سے محبوب تر ہے اور اس کی قدر و قیمت اس سے زیادہ ہے مگر یہ کہ میں حق کے لیے قیام کروں یا باطل کو روک لوں۔

۵۴۔ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَبِيعُ سَيْفَهُ

۱۷۵۔ عَنْ أَبِي حَيَّانَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ: رَأَيْتُ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ عَلَيهِ السَّلامُ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُولُ: مَنْ يَشْتَرِي مِنِّي سَيْفِي هٰذا؟ فَلَوْ كَانَ عِنْدِي ثَمَنُ إِزَارٍ مَا بِعْتُهُ، فَقَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ فَقَالَ: نُسَلِّفُكَ ثَمَنَ إِزَارٍ (قَالَ:) قَالَ عَبْدُالرَّزَّاقِ: وَكَانَتْ بِيَدِهِ الدُّنْيَا كُلُّهَا إِلَّا مَا كَانَ مِنَ الشَّامِ. (۱)

۱۷۶۔ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ مجمعِ التَّيْمِيِّ قَالَ: خَرَجَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ عَلَيْهِ

۱۔ فضائل الخمسۃ ۳/۳، احقاق الحق ۸/ ۲۵۱، الاستیعاب ۳/۱۱۱۴، الامام علی ۳/ ۲۳۷ باختلاف فی موارد

السَّلَامُ بِسَيْفِهِ إِلَى السُّوقِ فَقَالَ :مَنْ يَشْتَرِي مِنِّي سَيْفِي هٰذَا فَلَوْ كَانَ عِنْدِي أَرْبَعَةُ دَرَاهِمَ أَشْتَرِي بِهَا إِزَارًا مَا بِعْتُهُ.(۱)

حضرت علی علیہ السلام اپنی تلوار فروخت کرتے ہیں

۱۷۵۔ابو حیان تیمی نے اپنے والد سے نقل کیا اس نے کہا: میں نے علی علیہ السلام کو منبر پر دیکھا فرما رہے تھے کون میری تلوار کو خریدے گا؟ اگر میرے پاس قمیض خریدنے کی رقم ہوتی تو اس کو نہ بیچتا۔ پس ایک آدمی نے کھڑے ہو کر کہا: ہم ایک قمیض کی رقم آپ کو قرض دیتے ہیں راوی کہتا ہے: عبدالرزاق نے کہا: اس وقت کی بات ہے جب کہ پوری دنیا کی حکمرانی علی علیہ السلام کے پاس تھی سوائے شام کے۔

۱۷۶۔مجمع تیمی نے کہا: علی بن ابی طالب علیہ السلام کے ہاتھ میں تلوار تھی بازار میں آئے اور فرمایا: کون میری اس تلوار کو خریدے گا؟ اگر میرے پاس قمیض خریدنے کے لیے چار درہم ہوتے تو میں اس تلوار کو فروخت نہ کرتا۔

۵۵۔ قَنَاعَةُ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَام

۱۷۷ ــ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ السَّبِيعِيِّ قَالَ :كُنْتُ عَلَى عُنُقِ أَبِي يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَأَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلِيُّ بْنُ أَبِيطَالِبِ عَلَيهِ السَّلَامُ يَخْطُبُ وَهُوَ يَتَرَوَّحُ بِكُمِّهِ فَقُلْتُ :

۱۔ احقاق الحق ۸/۲۵۲۔

يَا أَبَهُ أَميرُالْمُؤْمِنينَ يَجِدُ الْحَرَّ؟ اِفَقَالَ لِيْ :لا يَجِدُ حَرًّا وَلَا بَرْدًا، وَلٰكِنَّهُ غَسَلَ قَمِيصَهُ وَهُوَ رَطِبٌ وَلَا لَهُ غَيْرُهُ فَهُوَ يَتَرَوَّحُ بِهٖ.(۱)

۱۷۸ ـ عَنِ الأسْوَدِ وَعَلْقَمَةَ قَالَا :دَخَلْنَا عَلٰى أميرِالْمُؤمِنينَ عليهِ السَّلامُ وَبَيْنَ يَدَيْهِ طَبَقٌ مِّنْ خُوصٍ عَلَيْهِ قُرْصٌ أَوْ قُرْصَانِ مِنْ شَعِيرٍ وإنَّ أسْطَارَ النُّخَالَةِ لَتَبِينُ فِي الْخُبْزِ وَهُوَ يَكْسِرُعَلٰى رُكْبَتَيْهِ وَيَأْكُلُ بِمِلْحٍ جَرِيْشٍ، فَقُلْنَا لِجَارِيَةٍ لَهُ سَوْدَاءَ اسْمُهَا فِضَّةٌ :أَلَا نَخَلْتِ هٰذَا الدَّقِيْقَ لِأَمِيرِالْمُؤْمِنِينَ عَليهِ السَّلامُ؟ فَقَالَتْ :أَيَأْكُلُ هُوَ الْمُهَنَّا وَيَكُونُ الْوِزْرُ فِيْ عُنُقِيْ؟ اِفْتَبَسَّمَ عَليهِ السَّلامُ وَقَالَ :أَنَاأَمَرْتُهَاأَنْ لَّا تَنْخُلَهُ، قُلْنَا :وَلِمَ يَا أَمِيرَالمُؤمِنينَ؟ قَالَ :ذٰلِكَ لَأَجْدَرُ أَنْ تُذَلَّ النَّفْسُ وَيَقْتَدِيَ بِيَ(لِيَ خ ل) الْمُؤمِنُ وَأَلْحَق بِأَصْحَابِيْ.(۲)

۱۷۹ ـ رُوِيَ عَن سُوَيد بْنِ غَفَلَةَ قَالَ :دَخَلْتُ عَلٰى عَلِيّ عليهِ السَّلامُ فَوَجَدْتُهُ جَالِسًا وَبَيْنَ يَدَيْهِ إنَاءٌ فِيْهِ لَبَنٌ أجِدُ رِيْحَ حُمُوْضَتِهٖ فِيْ يَده رَغِيفٌ أرٰى قِشَارَ الشَّعِيْرِ فِيْ وَجْهِهٖ وَهُوَ يَكْسِرُهُ بِيَدِهٖ وَيَطْرَحُهُ فيهِ، فَقَالَ :اُدْنُ فَأَصِبْ مِنْ طَعَامِنَا، فَقُلْتُ :إِنِّيْ صَائِمٌ....(۳)

۱۸۰ ـ وَرُوِيَ أَنَّ عَلِيًّا عَليهِ السَّلامُ اجْتَازَ بِقَصَّابٍ وَعِنْدَهُ لَحْمٌ سَمِيْنٌ، فَقَالَ (يَا) أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ:هٰذَا اللَّحْمُ سَمِيْنٌ أشْتَرِ مِنْهُ، فَقَالَ لَهُ :لَيْسَ الثَّمَنُ حَاضِرًا، فَقَالَ :أنَا أَصْبِرُ يَا أمِيْرَالْمُؤْمِنِيْنَ،فَقَالَ لَهُ :أنَا أَصْبِرُ عَنِ اللَّحْمِ.(۴)

---

۱ ـ الغارات ۱/۹۸

۲ ـ مجموعة ورام ۱/۴۸، احقاق الحق ۸/۷۷۲

۳ ـ ارشاد القلوب / ۲۱۵

۴ ـ ارشاد القلوب / ۱۱۹

۱۸۱ ـ قَالَ عَلِيٌّ عَلَيهِ السَّلَامُ :إِنَّ أَمِيرَكُمْ هٰذَا قَدْ رَضِيَ مِنْ دُنْيَاكُمْ بِطِمْرَيْهِ، وَإِنَّهُ لَا يَأْكُلُ اللَّحْمَ فِي السَّنَةِ إِلَّا الفِلْذَةَ مِنْ كَبِدِ أُضْحِيَةٍ.(۱)

حضرت علی علیہ السلام کی قناعت

۱۷۷۔ ابو اسحاق سبیعی سے نقل ہوا اس نے کہا: جمعہ کے دن میں اپنے والد کے کندھے پر سوار تھا اس وقت امیر المؤمنین علیہ السلام خطبہ پڑھ رہے تھے اور اپنی آستینوں کو حرکت دے رہے تھے میں نے اپنے والد سے کہا: امیرُ المؤمنین علیہ السلام گرمی محسوس کر رہے ہیں، میرے والد نے کہا: نہ گرمی محسوس کر رہے ہیں اور نہ سردی بلکہ ان کی قمیض گیلی ہے چونکہ اس کے علاوہ اُن کے پاس کوئی اور قمیض نہیں اس کو ہلا رہے ہیں تا کہ خشک ہو جائے۔

۱۷۸۔ اَسود اور علقمہ کہتے ہیں: ہم علی علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے ہم نے دیکھا کہ آپؑ کے سامنے کھجور کے پتّوں سے بنا ہوا تھال رکھا ہوا تھا اور اس میں ایک یا دو روٹیاں جَو کی رکھی ہوئیں تھیں جن پر بھُوسی ظاہر تھی اور علی علیہ السلام روٹی کو زانو سے توڑ کر نمک کے ساتھ تناول فرما رہے تھے ہم نے ان کی حبشی کنیز جس کا نام فِضّہ تھا اس سے کہا: امیر المؤمنین علیہ السلام کے لیے آٹا کیوں نہیں چھانا؟ کنیز نے کہا: آیا امیر المؤمنین علیہ السلام خوش مزہ اور لذیذ کھانا کھائیں اور اس کا گناہ مجھ پر ہو؟ علی علیہ السلام مسکرائے اور فرمایا: میں نے اسے کہا ہے کہ آٹے کو صاف نہ کرے ہم نے کہا کیوں؟ یا امیر المؤمنین علیہ السلام انہوں نے فرمایا: یہ اپنے نفس کو حقیر اور ذلیل کرنے کے لیے بہتر ہے، کیونکہ

۱ ۔ احقاق الحق ۲۸۹/۸

مؤمنین میری پیروی کرتے ہیں اور میں بھی اپنے اصحاب کے ساتھ متصل ہو جاؤں۔

۱۷۹۔سوید بن غفلہ نے کہا: ہم علیؑ کے پاس گئے دیکھا آپ بیٹھے ہوئے تھے اور آپ کے سامنے ایک برتن رکھا ہوا تھا جس میں تھوڑی سی لسّی تھی اور اس کی کھٹائی کی بو محسوس ہو رہی تھی جَو سے بنی ہوئی روٹی جس پر جَو کے چھلکے ظاہر تھے ان کے ہاتھ میں تھی اس کو توڑ کر لسّی میں ڈال رہے تھے اور مجھ سے فرمایا: میرے قریب آؤ اور ہمارے ساتھ کھانا کھاؤ، میں نے عرض کی میرا روزہ ہے۔

۱۸۰۔نقل ہوا کہ علیؑ ایک قصّاب کے قریب سے گذرے اس کے پاس موٹا تازہ گوشت رکھا ہوا تھا اس نے امیر المؤمنینؑ سے کہا: یا امیر المؤمنینؑ یہ موٹا اور تازہ گوشت ہے مجھ سے خرید لو علیؑ نے فرمایا: پیسے نہیں ہیں قصاب نے کہا: میں صبر کرلوں گا فرمایا: میں گوشت کھانے سے صبر کرلوں گا۔

۱۸۱۔حضرت علیؑ نے فرمایا: تمہارا حکمران تمہاری اس دنیا میں دو پُرانے لباس پر راضی ہے اور پورے سال میں گوشت نہیں کھاتا فقط قربانی کا تھوڑا سا جگر اس کے لیے کفایت کرتا ہے۔

۵۶ ۔ طَعَامُ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَام

۱۸۲ ۔ وَعَنِ الأَحْنَفِ بنِ قيسٍ قَالَ :دَخلْتُ عَلَى عَلِيٍّ عليهِ السَّلامُ وَقْتَ إفطارِهِ إذا دَعَا بِجَرَابٍ مَختومٍ فيهِ سَوِيقُ الشَّعِيرِ قلتُ لهُ :يَا أمِيرَ المؤمِنِينَ خِفْتَ أَنْ يُؤْخَذَ مِنْهُ فَخَتَمْتَ فِيْهِ؟ قَالَ :لاَوَلٰكِنِّي خِفْتُ أَنْ يُلَيِّنَه "يَلُتَّه ظ" الحَسَنُ أَوِ الحُسَيْنُ بِسمْنٍ أَوْزَيْتٍ قُلْتُ :هُمَا حَرَامٌ عَلَيْكَ؟قَالَ :لاَ وَلٰكِنْ يَجِبُ عَلَى الأئِمَّةِ أنْ يَغْتَذُوا بِغِذَاءِ

ضُعَفَاءِ النَّاسِ وَأَفْقَرِهِمْ كَيْلَا يَشْكُوَ الْفَقِيرُ مِنْ فَقْرِهِ وَلَا يَطْغَى الْغَنِيُّ لِغِنَاهُ.(١)

١٨٣ ـ كَانَ عَلِيّ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَطْبَخُ فِي كُلِّ يَوْمٍ صَاعاً مِنَ الشَّعِيرِ وَوَضَعَهُ فِي شَيْءٍ وَيَخْتِمُ رَأْسَهُ وَيَأْكُلُ مِنْهُ عِنْدَ إِفْطَارِهِ قُرْصًا، وَقَدْ يَأْكُلُ مِنْ دَقِيقِهِ غَيْرَ مَطْبُوخٍ، وَسُئِلَ عَنْ خَتْمِهِ فَقَالَ عَلَيهِ السَّلَامُ: مَخَافَةَ أَنْ يَلُتَّهُ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ بِزَيْتٍ.(٢)

١٨٤ ـ وَكَانَ عَلِيٌّ عَلَيهِ السَّلَامُ يَخْتِمُ عَلَى الْجِرَابِ الَّذِي فِيهِ دَقِيقُ الشَّعِيرِ الَّذِي يَأْكُلُ مِنْهُ وَيَقُولُ: لَا أُحِبُّ أَنْ يَدْخُلَ بَطْنِي إِلَّا مَا أَعْلَمُ.(٣)

١٨٥ ـ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ: أُتِيَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيهِ السَّلَامُ بِفَالُوذَجٍ فَأَبَى أَنْ يَأْكُلَ مِنْهُ، وَقَالَ: شَيْءٌ لَمْ يَأْكُلْ مِنْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لَا أُحِبُّ أَنْ آكُلَ مِنْهُ.(٤)

١٨٦ ـ عَنْ حَبَّةَ الْعُرَنِيِّ: أَنَّ عَلِيّاً عَلَيهِ السَّلَامُ أُتِيَ بِالْفَالُوذَجِ فَوُضِعَ قُدَّامَهُ فَقَالَ: وَاللّٰهِ إِنَّكَ لَطَيِّبُ الرِّيحِ، حَسَنُ اللَّوْنِ، طَيِّبُ الْمَطْعَمِ، وَلٰكِنِّي أَكْرَهُ أَنْ أُعَوِّدَ نَفْسِي مَا لَمْ تَعْتَدْ.(٥)

١٨٧ ـ عَنْ سَعْدِ بنِ كلثومٍ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ الصَّادِقِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ، فَذُكِرَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَأَطْرَاهُ وَمَدَحَهُ بِمَا هُوَ

---

١ ـ احقاق الحق ٨/٢٨٣

٢ ـ احقاق الحق ٨/٢٨٤

٣ ـ احقاق الحق ٨/٢٨٠

٤ ـ ارشاد القلوب / ٢١٥، المناقب للخوارزمی، احقاق الحق ٨/٢٨٧ باختلاف یسیر

٥ ـ احقاق الحق ٨/٢٨٦

أَهْلُهُ. ثُمَّ قَالَ: وَاللّٰهِ مَا أَكَلَ عَلِيُّ بْنُ أَبِيطَالِبٍ عَلَيْهِ السَّلامُ مِنَ الدُّنْيَا حَرَاماً قَطُّ حَتّٰى مَضٰى لِسَبِيلِهِ، وَمَا عُرِضَ لَهُ أَمْرَانِ قَطُّ هُمَا لِلّٰهِ رِضًى إِلَّا أَخَذَ بِأَشَدِّهِمَا عَلَيْهِ فِيْ دِيْنِهِ....(۱)

حضرت علی علیہ السلام کی غذا

۱۸۲۔ اَحنف بن قیس نے کہا: افطار کے وقت میں حضرت علی علیہ السلام کی خدمت میں پہنچا حضرت نے جَو کے آٹے کی تھیلی منگوائی جس کا مُنہ بندھا ہوا تھا میں نے کہا: یاامیر المومنین علیہ السلام اس خوف سے کہ کوئی اس تھیلی میں سے کچھ آٹا اُٹھا نہ لے منہ باندھ کے رکھا ہوا ہے؟ فرمایا: نہیں! مجھے ڈر ہے کہ کہیں حَسَن یا حُسین علیہ السلام اس آٹے پر مکھن یا زیتون کا تیل نہ لگا دیں۔ ہم نے کہا: کیا یہ دونوں چیزیں آپ پر حرام ہیں؟ فرمایا: نہیں! لیکن رہبرانِ قوم پر لازم ہے کہ ان کی غذا ایسی ہو جیسی غَریب لوگ کھاتے ہیں تاکہ غریب اور محتاج لوگ اپنی غربت اور فقیری کی شکایت کرنے والے نہ ہوں اور دولت مند لوگ بے نیازی کی وجہ سے سرکشی اختیار نہ کریں۔

۱۸۳۔ روایت میں نقل ہوا کہ علی علیہ السلام روزانہ تین کلو جَو کے آٹے سے روٹی بنا کر اسے تھیلی میں ڈال کر تھیلی کا منہ بند کر دیتے تھے افطار کے وقت اس میں سے ایک روٹی نکال کر تناول فرماتے تھے اور کبھی کبھار صرف ستو تناول کرتے تھے حضرتؑ سے تھیلی کے باندھنے کے بارے میں پوچھا گیا فرمایا مجھے خوف ہے کہ حسنؑ اور حسینؑ اس پر گھی نہ لگا دیں۔

۱۔ عوالم ۱۸/۹۰

۱۸۴۔ روایت میں بیان ہوا ہے کہ علی علیہ السلام جس تھیلی میں جو کا آٹا تھا اس میں سے تناول فرما کر اس کو باندھ دیتے تھے اور فرماتے تھے میں پسند نہیں کرتا کہ سوائے اس چیز کے جسے میں جانتا ہوں کوئی چیز میرے شکم میں داخل ہو۔

۱۸۵۔ عدی بن ثابت نے کہا: امیر المؤمنین علیہ السلام کے لئے فالودہ لایا گیا حضرت ؑ نے کھانے سے انکار کیا اور فرمایا: میں اس چیز کو کھانا پسند نہیں کرتا جسے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہ کھایا ہو۔

۱۸۶۔ حبّہ عرنی نے کہا: علی علیہ السلام کے لیے فالودہ لایا گیا اور اسے آپ کی خدمت میں پیش کیا گیا، علی علیہ السلام نے فرمایا: خُدا کی قسم تو بہت خُوش رنگ، خوشبودار اور لذیذ ہے، لیکن میں پسند نہیں کرتا کہ جس چیز کی مجھے عادت نہیں اس کی عادت ڈالوں۔

۱۸۷۔ سعد بن مکتوم نے کہا: ہم امام صادق علیہ السلام کی خدمت میں تھے آپ ؑ نے امیر المؤمنین ؑ کے فضائل بیان کیے جن فضائل کے حضرت ؑ لائق تھے ان کی شان میں بیان فرمائے۔ اس کے بعد فرمایا: خدا کی قسم! علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے دنیا میں کبھی بھی حرام نہیں کھایا یہاں تک کہ اس دنیا سے رخصت ہو گئے اور کوئی دو چیزیں جو باعثِ خوشنودیٔ خدا تھیں ان کو پیش نہیں کی گئیں مگر یہ کہ ان میں سے اہم ترین کو اپنے دین کے لیے پسند کیا۔

اَلْفَصْلُ الْخَامِسُ

فِیْ عَدَالَتِهِ وَ حِفْظِهِ لِبَیْتِ الْمَالِ

۵۷ ـ عَدَالَتُهُ

۱۸۸ ـ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ آلِهِ وَسَلَّمَ: عَلِیٌّ أَعْدَلُ النَّاسِ فِی الرَّعِیَّةِ.(۱)

۱۸۹ ـ وَقَالَ (عَلِیٌّ) عَلَیْهِ السَّلَامُ فِیْ بَعْضِ خُطَبِهِ: وَاللّٰهِ لَوْ أُعْطِیْتُ الْأَقَالِیْمَ السَّبْعَةَ بِمَا تَحْتَ أَفْلَاکِهَا عَلٰی أَنْ أَعْصِیَ اللّٰهَ فِیْ نَمْلَةٍ أَسْلُبُهَا جُلْبَ شَعِیْرَةٍ مَا فَعَلْتُهُ، وَإِنَّ دُنْیَاکُمْ عِنْدِیْ لَأَهْوَنُ مِنْ وَرَقَةٍ فِی فَمِ جَرَادَةٍ تَقْضَمُهَا، مَا لِعَلِیٍّ وَنَعِیمٍ یَفْنٰی وَلَذَّةٍ لَا تَبْقٰی؟(۲)

پانچویں فصل

حضرت علی علیہ السلام کی عدالت اور بیت المال کی تقسیم

حضرت علی علیہ السلام کی عدالت

۱۸۸۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام میری رعیت میں عادل ترین فرد ہیں۔

---

۱ ـ احقاق الحق ۱۵/ ۳۹۲

۲ ـ سفینة البحار ۳/ ۱۳۱

١٨٩۔علی علیہ السلام نے ایک خطبے میں فرمایا: خدا کی قسم اگر مجھے سات آسمانوں کے نیچے جو کچھ بھی ہے اس کی ولایت دی جائے تا کہ میں ایک چیونٹی کے حق میں خدا کی نافرمانی کروں اور جو کے چھلکے کو اس سے لے لوں میں ہرگز ایسا نہیں کروں گا قطعاً یہ تمہاری دنیا میرے نزدیک اس پتّے سے بھی پست تر ہے جسے ٹڈّی اپنے منہ میں چباتی ہے۔ علیؑ کو ان فانی نعمتوں اور ختم ہونی والی لذّتوں سے کیا کام؟!

۵۸۔عَلِیٌّ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَبَیْتُ مَالِ الْمُسْلِمِیْن

١٩٠۔بِالْإِسْنَادِ عَنْ مُحمّدِ بْنِ اِبراهیمَ النَّوْفَلِیِّ رَفَعَهُ إِلٰی جَعفرِ بْنِ مُحمدٍ أَنَّهُ ذُکِرَ عَنْ آبَائِهِ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ أَنَّ أَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلیهِ السّلامُ کَتَبَ إِلٰی عُمَّالِهِ :أَدِقُّوْا أَقْلَامَکُمْ، وَقَارِبُوا بَیْنَ سُطُوْرِکُمْ،وَاحْذِفُوْا عَنّی فُضُوْلَکُمْ، وَاقْصِدُوْا قَصْدَ الْمَعَانِیْ، وإِیَّاکُمْ وَالْإِکْثَارَ، فَإِنَّ أَمْوَالَ الْمُسْلِمینَ لَاتَحْتَمِلُ الْإِضْرَارَ.(١)

١٩١۔ ... عَنْ هِلَالِ بْنِ مُسلمِ الْجُحْدرِیِّ قَالَ :سَمِعْتُ جَدِّیْ حَرَّةَ -أَوْ حَوَّةَ- قَالَ :شَهِدْتُ عَلِیَّ بْنَ أَبِیْ طَالِبٍ عَلیهِ السَّلَامُ أُتِیَ بِمَالٍ عِنْدَ الْمَسَاءِ، فَقَالَ : اِقْسِمُوْا هٰذَا الْمَالَ .فَقَالُوْا :قَدْ أَمْسَیْنَا یَاأَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ فَأَخِّرْهُ إِلٰی غَدٍ، فَقَالَ لَهُمْ : تَقْبَلُوْنَ أَنْ أَعِیْشَ إِلَی الْغَدِ؟ فَقَالُوْا :مَاذَا بِأَیْدِیْنَا؟قَالَ :فَلَا تُؤَخِّرُوْهُ حَتّٰی تُقَسِّمُوْهُ، فَأُتِیَ بِشَمْعٍ فَقَسَّمُوْا ذٰلِکَ الْمَالَ مِنْ تَحْتِ لَیْلَتِهِمْ.(٢)

١٩٢۔وَکَانَ عَلِیٌّ عَلیهِ السَّلَامُ یُقَسِّمُ مَا فِیْ بَیْتِ الْمَالِ کُلَّ جُمُعَةٍ حَتّٰی لَا

١۔الخصال ١٠/٣١٠، نهج السعادة ٤/٣٠، البحار ١٠٥/٤١

٢۔البحار ١٠٧/٤١

یَتْرُکَ فِیہِ شَیْئاً، وَدَخَلَ مَرَّةً إِلیٰ بَیْتِ الْمالِ فَوَجَدَ الذَّھَبَ وَالْفِضَّةَ فَقَالَ :یَا صَفْرَاءُ! اِصْفِرِیْ وَیَا بَیْضَاءُ! أَبْیِضِیْ وَغُرِّیْ غَیْرِیْ لاَ حَاجَةَ لِیْ فِیْکِ.(۱)

۱۹۳ ـ بِالْإِسْنادِ، عَنِ الْأَصبغِ بْنِ نَباتَةَ أَنَّہُ قَالَ :کَانَ أَمِیرُالْمُؤْمِنِینَ عَلِیُّ بْنُ أَبِیْ طَالِبِ عَلَیْہِ السَّلاَمُ إِذا أُتِیَ بِالْمَالِ، أَدْخَلَہُ بَیْتَ مَالِ الْمُسْلِمِینَ ثُمَّ جَمَعَ الْمُسْتَحِقِّینَ ثُمَّ ضَرَبَ یَدَہُ فِی الْمَالِ فَنَثَرَہُ یَمْنَةً وَیَسْرَةً وَھُوَ یَقُوْلُ :یَا صَفْرَاءُ یَا بَیْضَاءُ! لاَ تَغُرِّیْنِیْ غُرِّیْ غَیْرِیْ:

ھٰذَا جِنَایَ وَخِیَارُہُ فِیْہِ إِذْ کُلُّ جَانٍ یَدُہُ إِلیٰ فِیْہِ

ثُمَّ لاَ یَخْرُجُ حَتّٰی یُفَرِّقَ مَا فِی بَیْتِ مَالِ الْمُسْلِمِیْنَ وَیُؤْتِیَ کُلَّ ذِیْ حَقٍّ حَقَّہُ، ثُمَّ یَأْمُرُ أَنْ یُکْنَسَ وَ یُرَشَّ، ثُمَّ یُصَلِّیْ فِیْہِ رَکْعَتَیْنِ ثُمَّ یُطَلِّقُ الدُّنْیا ثَلاَثاً، یَقُولُ بَعْدَ التَّسْلِیْمِ :یَا دُنْیَا لاَتَتَعَرَّضِیْنَ لِیْ وَلاَ تَتَشَوَّقِیْنَ وَلاَ تَغُرِّیْنِیْ، فَقَدْ طَلَّقْتُکِ ثَلاَثاً لاَ رَجْعَةَ لِیْ عَلَیْکِ.(۲)

حضرت علی علیہ السلام اور مسلمانوں کا بیتُ المال

۱۹۰۔ محمد بن ابراہیم نوفلی سے نقل ہوا ہے کہ جعفر بن محمد نے اپنے اَجداد علیہم السلام سے نقل کیا ہے کہ علی علیہ السلام نے اپنے خادمین سے فرمایا: اپنے قلموں سے باریک اور سطریں ملا کر لکھیں زیادہ فاصلہ نہ رکھیں اور میرے لیے زیادہ تعریفیں نہ لکھیں مختصر معنی کریں اور زیادہ روی سے پرہیز کریں،

۱۔ احقاق الحق ۱۹/۱۸

۲۔ امالی الصدوق /۲۳۳

کیونکہ مسلمانوں کا مال ضائع اور اسراف کرنے کے لیے نہیں ہے۔

۱۹۱۔ ہلال بن محدری نے کہا میں نے اپنے جد حرّہ (یا حوہ) سے سنا اس نے کہا: ایک رات ہم حضرت علی علیہ السلام کی خدمت میں تھے آپؑ کے پاس مال لایا گیا حضرتؑ نے فرمایا: اس کو تقسیم کریں: انہوں نے کہا: یا امیر المؤمنین علیہ السلام ابھی رات ہے اس کو کل پر چھوڑیں: فرمایا: آپ اس کو قبول کرتے ہیں کہ کل میں زندہ رہوں گا؟ ہم کیا کر سکتے ہیں؟ فرمایا: کام میں دیر نہ کریں اور مال کو تقسیم کریں بس چراغ لائے اور رات ہی کو مال تقسیم کیا گیا۔

۱۹۲۔ روایت میں نقل ہوا ہے کہ امیر المؤمنین علیہ السلام ہر جمعہ کو پورا بیتُ المال تقسیم کرتے تھے اور اس میں سے ذرّہ بھی باقی نہیں چھوڑتے تھے ایک مرتبہ بیتُ المال میں داخل ہوئے وہاں پر کچھ مقدار سونا اور چاندی دیکھی ان سے مخاطب ہو کر فرمایا: اے سونا! زرد ہو جا اور اے چاندی سفید ہو جا کسی اَور کو فریب دو! مجھے تمہاری ضرورت نہیں۔

۱۹۳۔ اصبغ بن نباتہ نے کہا: امیر المؤمنین علیہ السلام کی شخصیت ایسی تھی کہ جس وقت ان کے پاس مال لایا جاتا اس مال کو بیت المال میں رکھ دیتے اور اسی وقت حاجت مندوں کو جمع کرتے تھے اور اس کے بعد اپنے ہاتھوں کو اَموال میں ڈال کر ادھر اُدھر بکھیر دیتے اور فرماتے تھے اے سونا اے چاندی مجھے فریب نہ دو، کسی اَور کو دھوکہ دو! (یہ میرے ہاتھ کا چنا ہوا ہے اور چننے والے کا ہاتھ اس کے منہ کی طرف بلند ہے) اس وقت تک بیت المال سے باہر نہیں آتے تھے جب تک اسے تقسیم نہ کریں اور ہر ایک کو اس کا حق دیا کرتے تھے اس کے بعد فرماتے تھے کہ بیت المال کو جھاڑو دے کر پانی سے دھو دیں اس کے بعد دو رکعت نماز پڑھتے تھے اور سلام پھیرنے کے بعد دنیا کو تین طلاق دے کر فرماتے تھے: اے دنیا میرے پیچھے مت آ اور مجھے اپنا مشتاق نہ بنا اور فریب نہ دے میں

نے تجھ کو تین طلاقیں دے دی ہیں اور کبھی بھی رُجوع نہیں کروں گا۔

۵۹۔ عَلِیٌّ عَلَیْهِ السَّلَامُ یُؤَدِّبُ عَقِیلاً

۱۹۴۔ عَنْ مُحمدِ بْنِ مسلِمٍ عَنْ أبی عبدِاللّٰهِ علیهِ السَّلامُ قَالَ :لَمَا وُلّیَ عَلِیٌّ عَلیهِ السَّلامُ صَعِدَ الْمِنبَرَ فَحَمِدَاللّٰهَ وَأَثْنٰی عَلَیهِ ثُمَّ قَالَ :إِنّیْ وَاللّٰهِ لَا أَرْزَؤُکُمْ مِنْ فَیْئِکُمْ دِرْهَمًا مَا قَامَ لِیْ عِذْقٌ بِیَثْرِبَ فَلْیُصَدِّقْکُمْ أَنْفُسُکُمْ، أَفَتَرَوْنِیْ مَانِعاً نَفْسِیْ وَمُعْطِیکُمْ؟ قَالَ :فَقَامَ إِلَیْهِ عَقِیلٌ کَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ فَقَالَ لَهُ :وَاللّٰهِ لَتَجْعَلُنِیْ وَأَسْوَدَ بِالْمَدِینَةِ سَوَاءً ؟ فَقَالَ :إِجْلِسْ، أَمَا کَانَ هٰهُنَا أَحَدٌ یَتَکَلَّمُ غَیْرُکَ وَمَا فَضْلُکَ عَلَیْهِ إِلَّا بِسَابِقَةٍ أَوْ بِتَقْوٰی.(۱)

۱۹۵۔ وَذَکَرَ عَمْرُو بْنُ عَلَاءٍ أَنَّ عَقِیلاً لَمَّا سَأَلَ عَطَاءَهُ مِنْ بَیْتِ الْمَالِ، قَالَ لَهُ أَمِیرُالْمُؤْمِنِینَ عَلَیهِ السَّلَامُ :تُقِیمُ إِلَی یَوْمِ الْجُمُعَةِ، فَأَقَامَ فَلَمَّا صَلّٰی أَمِیرُالْمُؤْمِنِینَ الْجُمُعَةَ، قَالَ لِعَقِیلٍ :مَا تَقُولُ فِیمَنْ خَانَ هٰؤُلَاءِ أَجْمَعِینَ؟ قَالَ :بِئْسَ الرَّجُلُ ذَاکَ، قَالَ :فَأَنْتَ تَأْمُرُنِیْ أَنْ أَخُونَ هٰؤُلَاءِ وَأُعْطِیَکَ؟(۲)

حضرت علی علیہ السلام عقیل کو تادیب کرتے ہیں

۱۹۴۔ محمد بن مسلم امام صادق علیہ السلام سے روایت نقل کررہا ہے انہوں نے فرمایا: جس وقت علی علیہ السلام خلافت پر فائز ہوئے منبر پر بیٹھ کر خُدا کی حمد وثنا کی اس کے بعد فرمایا: خدا کی قسم! جب تک میں

۱۔ الکافی ۱۲۹/۸

۲۔ البحار ۱۱۴/۴۱، الغارات ۵۰/۱ باختلاف فی موارد

مدینے میں کھجور کی ٹہنی کا مالک ہوں ایک درہم بھی تمہارے مالِ غنیمت سے کم نہیں کروں گا اور تم اس بات پر یقین کر لو آیا تم یہ تصور کرتے ہو کہ میں اپنے لیے نہیں رکھتا اور تمہیں دے دیتا ہوں؟ اس دوران عقیل کھڑے ہو کر کہتے ہیں: آپ خدا کی قسم! مجھے اور اُس سیاہ غلام کو برابر کر رہے ہیں جو مدینے میں رہتا ہے؟ علی علیہ السلام نے فرمایا: بیٹھ جاؤ! تمہارے علاوہ کوئی اور یہاں پر گفتگو کرنے والا نہیں تھا؟ تم اس سیاہ غلام پر کیا برتری رکھتے ہو؟ مگر یہ کہ تم میں تقویٰ اور پرہیز گاری زیادہ ہو۔

۱۹۵۔ عمرو بن علاء نے کہا: جس وقت عقیل نے بیتُ المال میں سے علی علیہ السلام سے اپنا حصہ طلب کیا امیر المومنین علیہ السلام نے ان سے فرمایا: جمعہ کے دن تک صبر کرو۔ عقیل نے صبر کیا: جمعہ کے دن نماز سے فارغ ہو کر امیر المومنین علیہ السلام نے عقیل سے فرمایا: اس شخص کے بارے میں تمہاری رائے کیا ہے جو ان سب لوگوں کے ساتھ خیانت کرے؟ کہا: اس قسم کا آدمی بہت ہی بُرا ہے۔ فرمایا: تم مجھ سے یہ چاہتے ہو کہ ان لوگوں کے ساتھ خیانت کروں اور ان کا حصہ تمہیں دے دوں؟!

٧٠ ـ نَمَاذِجُ مِنْ اِيْثَارِ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامِ

١٩٦ ـ (وَرُوِيَ) أَنَّ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ أَفْضَلُ السَّلَامِ :أَتَى سُوقَ الْكَرَابِيسِ، فَإِذَا هُوَ بِرَجُلٍ وَسِيمٍ فَقَالَ :يَا هٰذَا اِعِنْدَكَ ثَوْبَانِ بِخَمْسَةِ دَرَاهِمَ؟ فَوَثَبَ الرَّجُلُ فَقَالَ : يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ اِعِنْدِيَ حَاجَتُكَ، فَلَمَّا عَرَفَهُ مَضَى عَنْهُ، فَوَقَفَ عَلَى غُلَامٍ، فَقَالَ :يَا غُلَامُ اِعِنْدَكَ ثَوْبَانِ بِخَمْسَةِ دَرَاهِمَ؟ قَالَ :نَعَمْ عِنْدِي ثَوْبَانِ فَأَخَذَ ثَوْبَيْنِ أَحَدُهُمَا بِثَلَاثَةِ دَرَاهِمَ وَالْآخَرُ بِدِرْهَمَيْنِ .فَقَالَ :يَا قَنْبَرُ! خُذِ الَّذِي بِثَلَاثَةِ دَرَاهِمَ، فَقَالَ :أَنْتَ أَوْلَى بِهِ تَصْعَدُ الْمِنْبَرَ وَتَخْطُبُ النَّاسَ، قَالَ :وَأَنْتَ شَابٌّ وَلَكَ شَرَهُ الشَّبَابِ وَأَنَا أَسْتَحْيِي مِنْ

رَبِّیَ أَنْ أَتَفَضَّلَ عَلَیْکَ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلیه وَآله وسَلَّم یَقُولُ: أَلْبِسُوهُمْ مِمَّا تَلْبَسُونَ، وَأَطْعِمُوهُمْ مِمَّا تَأْكُلُونَ....(۱)

۱۹۷ ـ قَالَ الْبَاقِرُ علیه السَّلَامُ فِي قَوْلِهِ تعالیٰ: یُوفُونَ بِالنَّذْرِ وَیَخَافُونَ قَالَ:

مَرِضَ الْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ عَلَیْهِمَا السَّلَامُ وَهُمَا صَبِیَّانِ صِغَارٌ (صَغِیرَانِ) فَعَادَهُمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ علیه وآلِهِ وَمَعَهُ رَجُلَانِ فَقَالَ أَحَدُهُمَا: یَا أَبَا الْحَسَنِ لَوْ نَذَرْتَ فِي ابْنَیْکَ نَذْرًا انَّ اللّٰهَ عَافَاهُمَا، فَقَالَ: اَصُومُ ثَلَاثَةَ اَیَّامٍ شُكْرًا لِلّٰهِ تَعَالیٰ وَكَذٰلِکَ قَالَتْ فَاطِمَةُ علیها السَّلَامُ، وَقَالَ الصَّبِیَّانِ: وَنَحْنُ أَیْضًا نَصُومُ ثَلَاثَةَ اَیَّامٍ وَكَذٰلِکَ قَالَتْ: جَارِیَتُهُمْ فِضَّةُ فَأَلْبَسَهُمَا اللّٰهُ الْعَافِیَةَ فَأَصْبَحُوا صِیَامًا وَلَیْسَ عِنْدَهُمْ طَعَامٌ، فَانْطَلَقَ عَلِیٌّ علیه السلامُ إِلیٰ جَارٍ لَهُ مِنَ الْیَهُودِ(۲) یُقَالُ لَهُ: شَمْعُونُ یُعَالِجُ الصُّوفَ؛ فَقَالَ: هَلْ لَکَ أَنْ تُعْطِیَنِی جَزَّةً مِنْ صُوفٍ تَغْزِلُهَا لَکَ ابْنَةُ مُحَمَّدٍ بِثَلَاثَةِ أَصْوَاعٍ مِنْ شَعِیرٍ؟ قَالَ: نَعَمْ فَأَعْطَاهُ فَجَاءَ بِالصُّوفِ، وَالشَّعِیرِ وَأَخْبَرَ فَاطِمَةَ علیها السَّلَامُ فَقَبِلَتْ وَأَطَاعَتْ؛ ثُمَّ عَمَدَتْ فَغَزَلَتْ ثُلُثَ الصُّوفِ؛ ثُمَّ أَخَذَتْ صَاعًا مِنَ الشَّعِیرِ فَطَحَنَتْهُ وَعَجَنَتْهُ وَخَبَزَتْ مِنْهُ خَمْسَةَ اَقْرَاصٍ لِكُلِّ وَاحِدٍ قُرْصًا، وَصَلّٰی عَلِیٌّ مَعَ النَّبِیِّ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَیْهِمَا الْمَغْرِبَ، ثُمَّ أَتیٰ مَنْزِلَهُ فَوُضِعَ الْخُوَانُ وَجَلَسُوا خَمْسَتُهُمْ فَأَوَّلُ لُقْمَةٍ كَسَرَهَا عَلِیٌّ علیه السَّلَامُ إِذَا مِسْكِینٌ قَدْ وَقَفَ بِالْبَابِ، فَقَالَ: اَلسَّلَامُ عَلَیْكُمْ یَا أَهْلَ بَیْتِ مُحَمَّدٍ أَنَا مِسْكِینٌ مِنْ مَسَاكِینِ الْمُسْلِمِینَ اَطْعِمُونِی مِمَّا تَأْكُلُونَ اَطْعَمَكُمُ اللّٰهُ مِنْ مَوَائِدِ الْجَنَّةِ، فَوَضَعَ عَلِیٌّ

---

۱ ـ روضة الواعظین ۱۰۷/۱

۲ ـ وفی رِوایة إِرْشَادِ الْقُلوبِ، ص ۲۲۳، هٰكَذا: فَآجَرَ عَلِیٌّ علیه السَّلَامُ نَفْسَهُ لَیْلَةً إِلَی الصُّبْحِ یَسْقِی نَخْلًا بِشَیْءٍ مِنْ شَعِیرٍ وَأَتیٰ بِهِ إِلَی الْمَنْزِلِ.

اللُّقْمَةَ مِنْ يَدِهِ، (...إلىٰ أنْ قالَ :)وَعَمَدَتْ (أیْ فَاطِمَةُ عَليهَا السَّلامُ) إلىٰ مَا كَانَ عَلَى الْخُوَان فَدَفَعَتْهُ إلَى الْمِسْكِيْنِ؛ وَبَاتُوْا جِيَاعاً وَاَصْبَحُوْا صِيَاماً لَمْ يَذُوْقُوْا إلَّا الْمَاءَ الْقُرَاحَ، ثُمَّ عَمَدَتْ إلَى الثُّلُثِ الثَّانِيْ مِنَ الصُّوْفِ فَغَزَلَتْهُ ثُمَّ اَخَذَتْ صَاعًا مِنَ الشَّعِيْرِ فَطَحَنَتْهُ وَعَجَنَتْهُ وَخَبَزَتْ مِنْهُ خَمْسَةَ أقْرَاصٍ لِكُلِّ وَاحِدٍ قُرْصاً وَصَلّٰى عَلِيٌّ الْمَغْرِبَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰه عَليهِ وَآلِهِ، ثُمَّ أتٰى مَنْزِلَهُ فَلَمَّا وُضِعَ الْخُوَانُ بَيْنَ يَدَيْهِ وَجَلَسُوْا خَمْسَتُهُمْ فَـأَوَّلُ لُقْمَةٍ كَسَرَهَا عَلِيٌّ إذَا يَتِيمٌ مِنْ يَتَامَى الْمُسْلِمينَ قَدْ وَقَفَ بِالْبَابِ، فَقَالَ :اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا أَهْلَ بَيْتِ مُحَمَّدٍ اَنَا يَتِيمٌ مِنْ يَتَامَى الْمُسْلِمِينَ اَطْعِمُوْنِيْ مِمَّا تَأْكُلُوْن أطْعَمَكُمُ اللّٰهُ مِنْ مَوَائِدِ الْجَنَّةِ، فَوَضَعَ عَلِيٌّ اللُّقْمَةَ مِنْ يَدِهِ (...اِلىٰ أنْ قَالَ:)ثُمَّ عَمَدَتْ فَاطِمَةُ إلىٰ جَمِيْعِ مَافِي الْخُوَانِ، وَأعْطَتْهُ وَبَاتُوا جِيَاعاً لَمْ يَذُوْقُوا إلَّا الْمَاءَ الْقُرَاحَ وَأَصْبَحُوْا صِيَاماً، وَعَمَدَتْ فاطِمَةُ عَليهَا السَّلامُ، فَغَزَلَتِ الثُّلُثَ الْبَاقِيَ مِنَ الصُّوفِ وَطَحَنَتِ الصَّاعَ الْبَاقِيَ؛ وَعَجَنَتْ وَخَبَزَتْ مِنهُ خَمْسَةَ اَقْرَاصٍ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ قُرْصاً وَصَلّٰى الْمَغْرِبَ مَعَ النَّبِيِّ عَلَيهِمَا السَّلامُ، ثُمَّ أتٰى مَنْزِلَهُ فَقُرِّبَ إلَيْهِ الْخُوَانُ وَجَلَسُوْا خَمْسَتُهُمْ فَأَوَّلُ لُقْمَةٍ كَسَرَهَا عَلِيٌّ عليهِ السَّلامُ اِذَا اَسِيْرٌ مِنْ اُسَرَاءِ الْمُشْرِكِينَ قَدْ وَقَفَ بِالْبَابِ فَقَالَ :اَلسَّلامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ بَيْتِ مُحَمَّدٍ تَأْسِرُوْنَنَا، وَتَشُدُّوْنَنَا وَلَاتُطْعِمُونَنَا؟ اِفَوَضَعَ عَلِيٌّ عليهِ السَّلامُ اللُّقْمَةَ مِنْ يَدِهِ (...اِلىٰ أنْ قالَ :) وَعَمَدُوْا إلىٰ مَا كَانَ عَلَى الْخُوَانِ فَاَعْطَوْهُ، وَبَاتُوْا جِيَاعاً وَاَصْبَحُوْا مُفْطِرِيْنَ وَلَيْسَ عِنْدَهُمْ شَیْءٌ .قَالَ شُعَيْبٌ فِیْ حَدِيْثِهِ : وَاَقْبَلَ عَلِيٌّ عليهِ السَّلامُ بِالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ عَلَيهِمَا السَّلامُ نَحْوَ رَسُوْلِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَهُمَا يَرْتَعِشَانِ كَالْفِرَاخِ مِنْ شِدَّةِ الْجُوْعِ، فَلَمَّا بَصُرَ بِهِمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وآلِهِ قَالَ :يَا اَبَا الْحَسَنِ شَدَّ مَا يَسُوْءُنِیْ مَا اَرٰی بِكُمْ،اِنْطَلِقْ إلىٰ ابْنَتِیْ فَاطِمَةَ،

فَانْطَلَقُوا وَهِيَ فِيْ مِحْرَابِهَا قَدْ لَصِقَ بَطْنُهَا بِظَهْرِهَا مِنْ شِدَّةِ الْجُوْعِ؛ وَغَارَتْ عَيْنَاهَا فَلَمَّا رَآهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ ضَمَّهَا اِلَيْهِ فَقَالَ :وَا غَوْثَاهُ بِاللّٰهِ اَنْتُمْ مُنْذُ ثَلَاثٍ فِيمَا أَرٰى وَاَنَا غَافِلٌ عَنْكُمْ فَهَبَطَ جَبْرَئِيلُ عَلَيهِ السَّلَامُ فَقَالَ :يَا مُحَمَّدُ خُذْ مَا هَنَّأَ اللّٰهُ لَکَ فِيْ أَهْلِبَيْتِکَ، قَالَ :وَمَا آخُذُ يَا جَبْرَئِيلُ؟ قَالَ :هَلْ أَتٰى عَلَى الْإِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ، حَتّٰى بَلَغَ إِلٰى قَوْلِهٖ :(... إِنَّ هٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَآءً وَّكَانَ سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا)(١)

١٩٨ ـ قَدْ رَوَى الْخَاصُّ وَالْعَامُّ أَنَّ الْآيَاتِ مِنْ هٰذِهِ السُّوْرَةِ وَهِيَ قَوْلُهٗ :﴿ إِنَّ الْأَبْرَارَ يَشْرَبُوْنَ مِنْ كَأْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوْرًا٥ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللّٰهِ يُفَجِّرُوْنَهَا تَفْجِيْرًا٥ يُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا٥ وَيُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّيَتِيْمًا وَّأَسِيْرًا٥ إِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا٥ إِنَّا نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا٥ فَوَقَاهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَقّٰهُمْ نَضْرَةً وَّسُرُوْرًا٥ وَجَزَاهُمْ بِمَا صَبَرُوْا جَنَّةً وَّحَرِيْرًا٥ ..﴾(٢) إِلٰى قَوْلِهٖ :كَانَ سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا٥ نَزَلَتْ فِيْ عَلِيٍّ وَّفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَجَارِيَةٍ لَّهُمْ تُسَمّٰى فِضَّةَ وَهُوَ الْمَرْوِيُّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَمُجَاهِدٍ وَّأَبِيْ صَالِحٍ).(٣)

حضرت علی علیہ السلام کے ایثار کی چند مثالیں

۱۹۶۔ روایت میں نقل ہوا ہے کہ علی علیہ السلام کپڑے کے بازار میں داخل ہوئے آپ کی ایک

---

١ ـ روضة الواعظين ١٦٠/١، تفسير ابوالفتوح ١١/٣٤٦، تفسير فرات الكوفى / ١٩٦، ارشادالقلوب / ٢٢٢ باختلاف فى موارد، أورده فى مجمع البيان / ١٠ ملخصاً

٢ ـ انسان / ٧ ـ ١٢ ٣ ـ تفسير مجمع البيان ٤٠٣ / ٩ ـ ١٠

خوبصورت شخص سے ملاقات ہوئی اس سے فرمایا: اے شخص کیا تمہارے پاس پانچ درہم والے دو لباس ہیں وہ شخص اپنی جگہ سے کھڑے ہو کر عرض کرتا ہے یا امیر المؤمنین علیہ السلام! جو آپ کو چاہیے میرے پاس موجود ہے۔ جب علی علیہ السلام نے دیکھا کہ اس شخص نے انہیں پہچان لیا ہے تو اسے چھوڑ کر ایک غلام کے پاس آئے اور اس سے فرمایا: اے غلام! کیا تمہارے پاس پانچ درہم والے دو لباس ہیں؟ کہا جی ہاں میرے پاس دو لباس ہیں اُن دو لباس میں سے ایک لباس کو تین درہم اور دوسرے کو دو درہم میں خریدا اور قنبر سے فرمایا: تین درہم والا لباس تم لے لو قنبر نے عرض کی: آپؑ اس کے لائق ہیں اور یہ لباس آپ کی شخصیت کے مطابق ہے کیونکہ آپ منبر پر جا کر لوگوں کو خطبے سناتے ہیں۔ فرمایا: تم جوان ہو اور جوانی کی خواہشات تم میں ہیں اور میں بارگاہِ الٰہی میں شرم محسوس کرتا ہوں کہ خود کو تم پر ترجیح دوں، میں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا انہوں نے فرمایا: اپنے غلاموں کو وہ لباس پہنائیں جو خود پہنتے ہو اور وہی کھانا کھلائیں جو خود کھاتے ہو۔

۱۹۷۔ امام باقر علیہ السلام نے کلامِ الٰہی ''یُوفُونَ بِالنَّذرِ وَیَخَافُونَ'' کے بارے میں فرمایا: حَسَن اور حُسین علیہما السلام دونوں بچپن میں بیمار ہو گئے پیغمبرِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے دو اصحاب کے ساتھ ان کی عیادت کے لیے آئے۔ ان میں سے ایک نے علی علیہ السلام سے عرض کی اگر اپنے ان دو فرزندوں کے لئے نَذر کرو تو خدا انہیں شِفا دے گا علی علیہ السلام نے فرمایا: شکرِ الٰہی کی خاطر میں تین دن روزے رکھوں گا۔ فاطمہ علیہا السلام نے ایسے ہی فرمایا: اور بچّوں نے بھی کہا ہم بھی تین دن روزے رکھیں گے اور ان کی کنیز فضّہ نے بھی کہا۔ خدا نے حَسَن اور حُسین علیہما السلام کو شِفا دی اور سب نے روزے رکھنا شروع کر دیے اس دن ان کے پاس غذا نہیں تھی علی علیہ السلام اپنے یہودی ہمسایہ کے پاس آئے جس کا نام شمعون تھا جو اُون کا کام کرتا تھا اس سے فرمایا: کیا تم مجھے کچھ مقدار میں اُون دو گے تاکہ اس کو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیٹی تین صاع جَو

کے بدلے میں کات لے اس نے کہا: ہاں اور کچھ مقدار اُون حضرتؑ کو دے دی حضرتؑ اُون اور جو کو گھر لائے اور فاطمہ سلام اللہ علیہا کو بتایا۔ فاطمہ سلام اللہ علیہا نے قبول کیا اور اطاعت کی اس وقت حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا نے اُون کا تیسرا حصّہ کات لیا اور تین کیلو جوا ٹھا لیے اور ان کا آٹا نکال کر پانچ روٹیاں بنائیں ہر ایک فرد کے لیے ایک روٹی پکائی علی علیہ السلام نے مغرب کی نماز رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ادا کی اور گھر تشریف لائے، دستر خوان لگایا گیا پانچوں افراد دستر خوان پر بیٹھ گئے، علی علیہ السلام نے پہلا لقمہ ہی توڑا تھا کہ نابینا نے صَدا دی اے آلِ محمدؐ تم پر سلام ہو میں ایک نابینا مسلمان ہوں جو کچھ خود کھا رہے ہو مجھے بھی کھلاؤ، خداوند تم کو بہشتی دستر خوان کا کھانا عطا کرے گا علی علیہ السلام نے لقمہ رکھ دیا ،......
فاطمہ سلام اللہ علیہا نے سارا کھانا اٹھا کر نابینا کو دے دیا، سب بھوکے رہ گئے اور فقط پانی کے ساتھ افطار کیا دوسرے دن فاطمہ سلام اللہ علیہا نے کچھ مقدار اور اُون کو کاتا اور تین کیلو جو پیس کر آٹا گوندھا اور پانچ روٹیاں بنائیں حضرت علی علیہ السلام نے مغرب کی نماز رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ پڑھی اور گھر تشریف لائے دستر خوان بچھایا گیا پانچوں افراد دستر خوان پر بیٹھ گئے علی علیہ السلام نے پہلا لقمہ توڑا ہی تھا کہ باہر سے ایک یتیم مسلمان کی آواز سنائی دی اس نے کہا: اے آلِ محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! سلام ہو تم پر میں ایک یتیم مسلمان ہوں جو کچھ خود کھا رہے ہو مجھے بھی کھلاؤ، خدا آپ کو بہشتی دستر خوان سے نعمتیں عطا کرے گا علی علیہ السلام نے لقمہ رکھ دیا (اور فرمایا:) فاطمہ سلام اللہ علیہا نے دستر خوان کا تمام کھانا اس یتیم کو دے دیا خود بھوکے رہ گئے اور پانی کے ساتھ افطار کیا تیسرے دن پھر روزہ رکھا تیسرے دن فاطمہ سلام اللہ علیہا نے باقی بچی ہوئی اُون کو کات لیا اور باقی ماندہ جو کا آٹا بنایا اور پانچ روٹیاں پکائیں اور ہر ایک کے لیے ایک روٹی بنائی علی علیہ السلام نے مغرب کی نماز پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ پڑھی اور گھر تشریف لائے جس وقت دستر خوان لگایا گیا تو پانچوں افراد دستر خوان پر بیٹھ گئے علی علیہ السلام نے پہلا لقمہ اٹھایا ہی تھا کہ ایک

مشرک اَسیر نے گھر کے دروازے پر آواز دی اے آلِ محمدؐ! سلام ہو آپ پر آپ ہمیں اَسیر کر کے قید میں بند کر دیتے ہیں کیا مجھے کھانا نہیں دو گے؟ علی علیہ السلام نے لقمہ رکھ دیا اور جو کچھ بھی دسترخوان پر تھا سب کا سب اَسیر کو دے دیا اور خود بھوکے رہ گئے اور ان کے پاس کوئی چیز بھی نہیں تھی جس سے وہ افطار کرتے۔

شُعیب نے حدیث میں نقل کیا ہے کہ: علی علیہ السلام حَسَن اور حُسین علیہما السلام کا ہاتھ پکڑ کر رسولِ خداؐ کے پاس لائے اس وقت یہ دونوں بچّے سخت بھوک کی وجہ سے کانپ رہے تھے۔ جس وقت پیغمبرؐ کی نگاہ ان پر پڑی تو فرمایا: یا اباالحسنؑ! آپ کی حالت دیکھ کر کس قدر مجھ پر ناگوار ہے! بیٹی فاطمہؑ کے گھر چلیں، سب روانہ ہوئے جب فاطمہ سلام اللہ علیہا کے گھر پہنچے اس وقت فاطمہ سلام اللہ علیہا محرابِ عبادت میں تھیں۔ بھوک کی شدت کی وجہ سے آپ کا شکم پیٹھ کے ساتھ ملا ہوتھا اور آنکھیں اندر کی طرف داخل ہو گئیں تھیں، جب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا کی یہ حالت دیکھی ان کو اپنے قریب بٹھایا اور فریاد بلند کی: آہ! تین دن سے آپ اس حالت میں گذار رہے ہیں اور مجھے خبر تک نہیں! اس وقت جبرئیل نازل ہوئے اور فرمایا: یا محمدؐ! لے لو اس مبارک باد کو جو خداوند نے تیرے خاندان کے بارے میں عطا کی ہے: پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا جبرئیلؑ کس چیز کو لے لوں؟ جبرئیلؑ نے (سورۂ دَھر کی) هَلْ اَتٰی عَلَی الْاِنْسَانِ حِیْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ سے اِس آیت تک تلاوت کی: ' اِنَّ هٰذَا کَانَ لَکُمْ جَزَآءً وَّکَانَ سَعْیُکُمْ مَّشْکُوْرًا۔ '

۱۹۸۔ شیعہ اور سنی دونوں نے روایت کی ہے کہ اس سورہ کی آیات اِنَّ الْاَبْرَارَ یَشْرَبُوْنَ سے کَانَ سَعْیُکُمْ مَّشْکُوْرًا یعنی یقیناً نیک لوگ (جنت میں) مشروب کے ایسے ساغر پئیں گے جن میں کافور کی آمیزش ہوگی... یہ لوگ نذریں پوری کرتے ہیں اور اس دن سے جس کی سختی پھیل رہی

ہوگی خوف رکھتے ہیں اور (باوجودیکہ ان کو خود طعام کی حاجت ہے) اللہ کی محبت میں مسکین اور یتیم اور قیدی کو کھانا کھلاتے ہیں (اور ان سے کہتے ہیں کہ) ہم تم کو خالص اللہ کے لیے کھلاتے ہیں۔ ہم تم سے نہ کوئی بدلہ چاہتے ہیں نہ شکریہ۔ بے شک ہمیں تو اپنے رب سے اس دن کے عذاب کا خوف ہے جو سخت مصیبت کا انتہائی طویل دن ہوگا۔ پس اللہ تعالیٰ انہیں اس دن کے شر سے بچا لے گا اور انہیں تازگی اور سرور بخشے گا اور ان کے صبر کے بدلے میں انہیں جنت میں ریشمی لباس عطا کرے گا... (اور ان سے کہے گا یہ تمہارا صلہ ہے اور تمہاری کوشش (خدا کے ہاں) مقبول ہوئی تک حضرت علی علیہ السلام، بی بی فاطمہؑ، امام حسنؑ، امام حسینؑ اور ان کی کنیز فضہؓ کی شان میں نازل ہوئیں۔ یہی روایت ابن عباسؓ، مجاہد اور ابو صالح سے بھی مروی ہے۔

۱۶۱ ـ عَلِیٌّ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَرِعَایَةُ الْأَرَامِلِ

۱۹۹ ـ وَنَظَرَ عَلِیٌّ عَلَیهِ السَّلَامُ إِلَی امْرَأَةٍ عَلَی کَتِفِهَا قِرْبَةُ مَاءٍ، فَأَخَذَ مِنْهَا الْقِرْبَةَ فَحَمَلَهَا إِلَی مَوْضِعِهَا، وَسَأَلَهَا عَنْ حَالِهَا فَقَالَتْ: بَعَثَ عَلِیُّ بْنُ أَبِی طَالِبٍ صَاحِبِی إِلَی بَعْضِ الثُّغُوْرِ فَقُتِلَ، وَتَرَکَ عَلَیَّ صِبْیَاناً یَتَامیٰ، وَلَیْسَ عِنْدِیْ شَیْءٌ، فَقَدْ أَلْجَأَتْنِی الضَّرُوْرَةُ إِلَی خِدْمَةِ النَّاسِ، فَانْصَرَفَ وَبَاتَ لَیْلَتَهُ قَلِقاً فَلَمَّا أَصْبَحَ حَمَلَ زِنْبِیْلاً فِیْهِ طَعَامٌ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: أَعْطِنِیْ أَحْمِلْهُ عَنْکَ، فَقَالَ: مَنْ یَحْمِلُ وِزْرِیْ عَنِّیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ؟ فَأَتَی وَقَرَعَ الْبَابَ، فَقَالَتْ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: أَنَا ذٰلِکَ الْعَبْدُ الَّذِیْ حَمَلَ مَعَکِ الْقِرْبَةَ، فَافْتَحِیْ فَإِنَّ مَعِیَ شَیْئاً لِلصِّبْیَانِ، فَقَالَتْ: رَضِیَ اللّٰهُ عَنْکَ وَحَکَمَ بَیْنِی وَبَیْنَ عَلِیِّ بْنِ أَبِیْطَالِبٍ، فَدَخَلَ وَقَالَ: إِنِّیْ أَحْبَبْتُ اکْتِسَابَ الثَّوَابِ، فَاخْتَارِیْ بَیْنَ أَنْ تَعْجِنِیْنَ وَتَخْبِزِیْنَ وَبَیْنَ أَنْ تُعَلِّلِیْنَ الصِّبْیَانَ لِأَخْبِزَ أَنَا، فَقَالَتْ: أَنَا بِالْخُبْزِ أَبْصَرُ وَعَلَیْهِ أَقْدَرُ،

وَلٰکِنْ شَأنُکَ وَلاصِبْیَان، فَعَلِّلْهُمْ حتّٰی أُفْرِغَ مِنَ الْخبزِ، قال(۱)فَعَمَدَتْ إِلَی الدَّقِیقِ فَعَجَنَتْهُ، وَعَمَدَ عَلِیٌّ علیهِ السَّلامُ إِلَی اللَّحْمِ فَطَبَخَهُ، وَجَعَلَ یُلَقِّمُ الصِّبْیانَ مِنَ اللَّحْمِ وَالتَّمْرِ وَغَیْرِهٖ، فَکُلَّمَا نَاوَلَ الصِّبْیانُ مِنْ ذٰلِکَ شَیْئاً قَالَ لَهُ :یَا بُنَیَّ !اِجْعَلْ عَلِیَّ بْنَ أَبِی طَالِبٍ فِی حِلٍّ مِمَّا أَمَرَ فِی أَمْرِکَ فَلَمَّا اخْتَمَرَ الْعَجِینُ قالتْ :یَا عبدَاللّٰهِ اسْجِرِ التَّنُّوْرَ فَبَادَرَ بِسَجْرِهٖ فَلَمَّا اَشْعَلَهُ وَلَفَحَ فِی وَجْهِهٖ جَعَلَ یَقُوْلُ :ذُقْ یَا عَلِیُّ هٰذَا جَزَاءُ مَنْ ضَیَّعَ الْأَرَامِلَ وَالْیَتَامٰی،فَرَأَتْهُ امْرَأةٌ تَعْرِفُهُ فَقَالَتْ :وَیْحَکِ اِهٰذَا أَمِیرُالْمُؤْمِنِیْنَ، قَالَ: فَبَادَرَتِ الْمَرْأَةُ وَهِیَ تَقُولُ:وَاحَیَائِیْ مِنْکَ یَا اَمِیْرَالْمُؤْمِنِیْنَ فَقَالَ :بَلْ وَاحَیَائِیْ مِنْکِ یَا أَمَةَ اللّٰهِ فِیْمَا قَصَّرْتُ فِیْ أَمْرِکِ.(۲)

حضرت علی علیہ السلام اور بیوہ عورتوں کی دیکھ بھال

۱۹۹۔ایک دن حضرت علی علیہ السلام کا راستے سے گذر ہوا انہوں نے ایک عورت کو دیکھا جس نے پانی کی مشک اٹھائی ہوئی تھی حضرت علی علیہ السلام نے اس سے مشک لے کر اسے اس کی منزلِ مقصود تک پہنچایا۔ اور اسی ضمن میں اس سے احوال پرسی بھی کی عورت نے کہا: حضرت علی بن ابی طالبؑ نے میرے شوہر کو ایک محاذ پر بھیجا وہ وہاں پر قتل ہو گیا اس وقت میرے پاس چند یتیم بچّے ہیں جن کی دیکھ بھال کر رہی ہوں اور میری مالی حالت بہت خراب ہے مجبور ہوں کہ لوگوں کے کام کاج کروں علی علیہ السلام گھر واپس آئے اور رات سے لے کر صبح تک پریشان رہے صبح سویرے جس ٹوکری میں کھانا رکھا ہوا تھا اس کو اٹھایا اور اس عورت کے گھر کی طرف روانہ ہوئے راستے میں کسی نے حضرتؑ سے

۱۔ میری نظر میں قامت صحیح ہے۔

۲۔البحار ۵۲/۴۱

کہا ٹوکری مجھے دے دیں میں اٹھاؤں گا فرمایا: قیامت کے دن کون میرا بھاری وزن اٹھائے گا؟ علی علیہ السلام اس عورت کے گھر پہنچے دستک دی عورت نے کہا: کون ہے؟ علی علیہ السلام نے فرمایا: میں وہی ہوں جس نے کل تمہاری مدد کی اور مشک کو گھر تک پہنچایا، دروازہ کھولیں میں بچّوں کے لیے کچھ لایا ہوں عورت نے کہا: خدا تم سے راضی ہو اور میرے اور علی علیہ السلام کے درمیان فیصلہ کرے۔ علی علیہ السلام گھر میں داخل ہوئے اور فرمایا: مجھے ثواب کمانا بہت پسند ہے ان دو کاموں میں سے ایک کو اختیار کرو یا آٹا گوندھ کر روٹی پکاؤ یا بچّوں کی دیکھ بھال کرو اور میں روٹی پکاؤں۔ عورت نے کہا میں روٹی پکانے میں ماہر ہوں اور بہتر یہی ہے کہ میں اس کام کو انتخاب کروں تم بچوں کی دیکھ بھال کرو جب تک میں روٹی پکانے سے فارغ ہو جاؤں اُس وقت عورت نے آٹا گوندھا اور علی علیہ السلام نے گوشت پکایا حضرت علی علیہ السلام گوشت اور کھجور کے لقمے بنا بنا کر بچّوں کو کھلا رہے تھے اور ہر لقمہ کھلاتے وقت فرما رہے تھے۔ بچّو! جس مشکل کا بھی آپ کو سامنا کرنا پڑا علی بن ابی طالب علیہ السلام کو معاف کرو جس وقت آٹا تیار ہو گیا عورت نے حضرت علی علیہ السلام سے کہا تم تنور جلاؤ حضرت علی علیہ السلام نے تنور جلایا جس وقت آگ کے شعلے بھڑکنے لگے اور ان کی حرارت آپ کے چہرے تک پہنچی تو اپنے آپ سے مخاطب ہو کر کہنے لگے اے علی! چکھ لو! یہ اس کی سزا ہے جس نے بیوہ عورتوں اور یتیم بچّوں کی دیکھ بھال نہیں کی۔ اسی دوران ایک عورت جو حضرت علی علیہ السلام کو پہچانتی تھی گھر میں داخل ہوئی گھر کی مالکہ سے کہا: حیف ہو تم پر! یہ امیر المؤمنین علیہ السلام ہیں عورت بہت شرمسار ہوئی لیکن حضرت علی علیہ السلام نے اس سے فرمایا: اے خدا کی بندی! مجھے تم سے شرمندہ ہونا چاہیے کیونکہ مجھ سے کوتاہی ہوئی ہے۔

۶۲ ۔ عَلِیٌّ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَ کَفَالَةُ الْأَیْتَامِ

۲۰۰ ۔ أَبُو الطُّفَیْلِ :رَأَیْتُ عَلِیّاً علیهِ السَّلامُ یَدْعُو الیَتامیٰ فَیُطْعِمُهُمُ العَسَلَ، حَتّٰی

قَالَ بَعْضُ أَصْحَابِهِ :لَوَدِدْتُ أَنِّی کُنْتُ یَتِیمًا.(۱)

۲۰۱ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ أَبِی بَصِیرٍ، عَنْ أَبِی عَبْدِاللّٰهِ علیهِ السّلامُ قَالَ:قَالَ أَمِیرُالْمُؤْمِنِینَ علیهِ السّلامُ :أَنَاالْهَادِی وَالْمُهْتَدِی، وَأَبُو الْیَتَامٰی، وَزَوْجُ الْأَرَامِلِ وَالْمَسَاکِینِ، وَأَنَا مَلْجَأُ کُلِّ ضَعِیفٍ،وَمَأْمَنُ کُلِّ خَائِفٍ....(۲)

حضرت علی علیہ السلام اور یتیموں کی سرپرستی

۲۰۰۔ابوالطفیل نے کہا: میں نے علی علیہ السلام کو دیکھا وہ یتیموں کو بلا کر شہد کھلا رہے تھے اس وقت ان کے ایک صحابی نے کہا اچھا تھا کہ میں بھی یتیم ہوتا۔

۲۰۱۔ابوبصیر نے امام صادق علیہ السلام سے روایت کی کہ امیرالمومنین علیہ السلام نے فرمایا: میں ہدایت کرنے والا ہوں اور ہدایت یافتہ ہوں اور یتیموں کا باپ اور بیوہ عورتوں اور مسکینوں کی مدد کرنے والا ہوں میں ہر کمزور اور ضعیف کی پناہ گاہ ہوں اور ہر خوف زدہ کے لیے امان ہوں۔

۶۳۔عَلِیٌّ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَتَحْرِیْرُ الرِّقَابِ

۲۰۲ ۔ عَنْ زَیْدِ الشَّحَّامِ عَنْ أَبِی عبدِاللّٰهِ عَلیهِ السَّلامُ قَالَ :إِنَّ عَلِیّاًعَلیهِ السَّلامُ أَعْتَقَ أَلْفَ مَمْلُوکٍ مِنْ)مَّالِهِ-خل(کَدِّیَدِهِ.(۳)

۱۔ البحار ۲۹/۴۱ ۲۔ الاختصاص / ۲۴۲

۳۔ المحاسن ۶۲۴/۲، البحار ۴۳/۴۱، حلیة الابرار ۳۶۲/۱، الکافی ۷۶/۵ باختلاف یسیر،الغارات ۹۲/۱ باختلاف فی موارد

٢٠٣ ـ عَنِ الباقِرِ عَليهِ السَّلامُ أنَّهُ قالَ :أَعْتَقَ عَلِيٌّ عليهِ السَّلامُ أَلْفَ عَبْدٍ....(١)

حضرت علی علیہ السلام اور غلاموں کو آزاد کرنا

٢٠٢ـ زید بن شحّام نے امام صادق علیہ السلام سے نقل کیا انہوں نے فرمایا: حضرت علی علیہ السلام نے اپنے ہاتھوں کی کمائی سے ہزار غلاموں کو آزاد کیا۔

٢٠٣ـ امام باقر علیہ السلام نے فرمایا: علی علیہ السلام نے ہزار غلاموں کو آزاد کیا۔

٦٤ـ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ يُؤَاخِذُ وُلَاتَهُ

٢٠٤ ـ وَمِنْ كِتابٍ لَهُ عليهِ السَّلامُ إلىٰ عُثْمانَ بْنِ حُنَيْفٍ الأَنْصارِيِّ - وَهُوَ عامِلُهُ عَلَى الْبَصْرَةِ - وَقَدْ بَلَغَهُ أَنَّهُ دُعِيَ إلىٰ وَليمَةِ قَوْمٍ مِنْ أَهْلِها فَمَضىٰ إلَيْها :أَمَّا بَعْدُ يَاابْنَ حُنَيْفٍ اِفَقَدْ بَلَغَنِي أَنَّ رَجُلاً مِنْ فِتْيَةِ أَهْلِ الْبَصْرَةِ دَعاکَ إلىٰ مَأْدُبَةٍ فَأَسْرَعْتَ إلَيْها، تُسْتَطَابُ لَکَ الْأَلْوَانُ، وَتُنْقَلُ إلَيْکَ الْجِفانُ، وَمَا ظَنَنْتُ أَنَّکَ تُجِيبُ إلىٰ طَعامِ قَوْمٍ عَائِلُهُمْ مَجْفُوٌّ، وَغَنِيُّهُمْ مَدْعُوٌّ، فَانْظُرْ إلىٰ ما تَقْضِمُهُ مِنْ هٰذَا الْمَقْضَمِ، فَمَا اشْتَبَهَ عَلَيْکَ عِلْمُهُ فَالْفِظْهُ، وَمَا أَيْقَنْتَ بِطِيبِ وَجْهِهِ فَنَلْ مِنْهُ .أَلَا وَإنَّ لِكُلِّ مَأْمُومٍ إماماً يَقْتَدِي بِهِ، وَيَسْتَضِيءُ بِنُورِ عِلْمِهِ، أَلَا وَإنَّ إمَامَكُمْ قَدِ اكْتَفىٰ مِنْ دُنْيَاهُ بِطِمْرَيْهِ، وَمِنْ طُعْمِهِ بِقُرْصَيْهِ، أَلَا وَإنَّكُمْ لا تَقْدِرُونَ عَلىٰ ذٰلِکَ، وَلٰكِنْ أَعِينُونِي بِوَرَعٍ وَاجْتِهادٍ، وَعِفَّةٍ وَسَدَادٍ، فَوَاللّٰهِ مَا كَنَزْتُ مِنْ دُنْيَاكُمْ تِبْراً، وَلَا ادَّخَرْتُ مِنْ غَنَائِمِهَا وَفْراً، وَلَا أَعْدَدْتُ

١ ـ احقاق الحق ٨/ ٦٠٠

لِبَالِي ثَوْبِي طِمْراً ...وَلَوْ شِئْتُ لَاهْتَدَيْتُ الطَّرِيقَ إِلٰى مُصَفّٰى هٰذَا الْعَسَلِ، وَلُبَابِ هٰذَا الْقَمْحِ، وَنَسَائِجِ هٰذَا الْقَزِّ، وَلٰكِنْ هَيْهَاتَ أَنْ يَغْلِبَنِي هَوَايَ، وَيَقُودَنِي جَشَعِي إِلٰى تَخَيُّرِ الْأَطْعِمَةِ، وَلَعَلَّ بِالْحِجَازِ أَوِ الْيَمَامَةِ مَنْ لَا طَمَعَ لَهُ فِي الْقُرْصِ، وَلَا عَهْدَ لَهُ بِالشِّبَعِ، وَأَبِيتَ مِبْطَاناً وَحَوْلِي بُطُونٌ غَرْثٰى، وَأَكْبَادٌ حَرّٰى، أَوْ أَكُونَ كَمَا قَالَ الْقَائِلُ:

وَحَسْبُكَ دَاءً أَنْ تَبِيتَ بِبِطْنَةٍ وَحَوْلَكَ أَكْبَادٌ تَحِنُّ إِلَى الْقِدِّ(۱)

حضرت علی علیہ السلام اپنے گورنروں کی باز پرسی کرتے ہیں

۲۰۴۔ "حضرت علی علیہ السلام کے خطوط میں سے ایک خط جو انہوں نے اپنے بصرہ کے گورنر عثمان بن حُنَیف انصاری کو لکھا جب حضرتؑ کو اطلاع ملی کہ عثمان بن حنیف کو بصرہ کے ایک شخص نے دعوت دی اور عثمان اس کی دعوت کھانے گیا ہے" اَمّا بَعدُ! اے حنیف کے بیٹے! مجھے اطلاع ملی ہے بصرہ کے ایک نوجوان نے تجھے دعوت کے لیے بلایا اور تو نے اس کی دعوت قبول کی ہے، اس نے تیرے لیے کئی قسموں کے کھانے تیار کیے اور مختلف قسم کے برتن لایا میرے گمان میں نہیں تھا تو اُن کی دعوت کو قبول کرے گا جو حاجت مندوں کو بھگا دیتے ہیں اور ستمگاروں کی دعوت کرتے ہیں۔ ابھی نگاہ کرو کہ کس چیز کو دستر خوان پر کھا رہے ہو، کچھ غذا تیرے لیے مشکوک ہے اس کو منہ سے نکال دے اور جس چیز کا یقین ہے کہ حلال کے ذریعہ سے مہیا ہوئی ہے اس کو کھا لے جان لو کہ ہر شخص کو ایک پیشوا کی پیروی کرنی چاہیے اور اس سے علم حاصل کرنا چاہیے جان لیں کہ تمہارے پیشوا نے اس دنیا میں دو پرانے لباس اور دو جَو کی روٹیوں پر اکتفا کیا جان لیں کہ اس کام کے لیے تمہارے پاس قدرت

۱۔ نهج البلاغة فيض / ۹۵۶، صبحي الصالح / ۴۱۶

نہیں لیکن پرہیزگاری و عفّت کی تلاش و کوشش میں میری مدد کرو۔ خُدا کی قسم! میں نے تمہاری اِس دنیا میں نہ کوئی زر و دولت جمع کی، نہ ہی غنائم میں اور مال میں ذخیرہ کیا ہے اور نہ ہی اپنے پُرانے لباس کو تبدیل کرنے کے لیے کوئی دوسرا پرانا لباس فراہم کیا ہے۔ اگر میں ایسا چاہتا تو اپنے لیے خالص شہد اور ریشم سے بنا ہوا لباس مہیا کر سکتا تھا لیکن یہ محال ہے کہ ہَوائے نفس مجھ پر غلبہ کرے اور حرص مجھے مختلف کھانوں کی طرف لے جائے اور شاید کوئی حجاز یا یمامہ میں موجود ہو جس کے پاس کھانے کے لیے روٹی نہ ہو اور نہ ہی کبھی پیٹ بھر کے کھایا ہو کیا میں پیٹ بھر کر سو جاؤں اور میرے اَطراف میں بھُوکے پیٹ اور پیاسے جگر موجود ہوں یا ایسا بن کر رہوں جس طرح کسی نے یہ شعر کہا ہے: یہ درد آپ کے لیے کافی ہے رات کو پیٹ بھر کر سو جاؤ اور دوسری طرف لوگ بھوکے ہوں اور اس تمنّا میں ہوں کہ کہیں سے خوراک کا چھلکا میسر ہو جائے۔

۶۵ ۔ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَالْمُسْتَضْعَفِيْن

۲۰۵ ۔ وَفِيْ عَهْدِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِلٰى مَالِكِ الْاَشْتَرِ النَّخعِيِّ رَحِمَهُ اللّٰه:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

هٰذَا مَا أَمَرَ بِهٖ عَبْدُاللّٰهِ عَلِيٌّ أَمِيرُالْمُؤْمِنِينَ مَالِكَ بْنَ الْحَارِثِ الْأَشْتَرِ فِيْ عَهْدِهٖ إِلَيْهِ...أَمَرَهٗ بِتَقْوَى اللّٰهِ، وَإِيْثَارِ طَاعَتِهٖ، وَاتِّبَاعِ مَا أَمَرَ بِهٖ فِيْ كِتَابِهٖ :مِنْ فَرَائِضِهٖ وَسُنَنِهِ الَّتِيْ لَا يَسْعَدُ أَحَدٌ إِلَّا بِاتِّبَاعِهَا، وَلَا يَشْقٰى إِلَّا مَعَ جُحُوْدِهَا وَإِضَاعَتِها، وَأَنْ يَنْصُرَ اللّٰهَ سُبْحَانَهٗ بِقَلْبِهٖ، وَيَدِهٖ وَلِسَانِهٖ، فَإِنَّهٗ جَلَّ اِسْمُهٗ قَدْ تَكَفَّلَ بِنَصْرِ مَنْ نَصَرَهٗ، وَإِعْزَازِ مَنْ أَعَزَّهٗ.

وَأَمَرَهُ أَنْ يَكْسِرَ نَفْسَهُ عِنْدَ الشَّهَوَاتِ، وَيَزَعَهَا عِنْدَ الْجَمَحَاتِ فَإِنَّ النَّفْسَ أَمَّارَةٌ بِالسُّوْءِ إِلَّا مَا رَحِمَ اللّٰهُ....

أَنْصِفِ اللّٰهَ وَأَنْصِفِ النَّاسَ مِنْ نَفْسِکَ وَمِنْ خَاصَّةِ أَهْلِکَ وَمَنْ لَکَ فِيْهِ هَوًی مِنْ رَعِيَّتِکَ، فَإِنَّکَ إِلَّا تَفْعَلْ تَظْلِمْ ! وَمَنْ ظَلَمَ عِبَادَ اللّٰه؛ کَانَ اللّٰهُ خَصْمَهُ دُونَ عِبَادِهِ، وَمَنْ خَاصَمَهُ اللّٰهُ؛ أَدْحَضَ حُجَّتَهُ، وَکَانَ لِلّٰهِ حَرْباً حَتّٰی يَنْزِعَ وَيَتُوْبَ، وَلَيْسَ شَيْءٌ أَدْعٰی إِلٰی تَغْيِيْرِ نِعْمَةِ اللّٰهِ وَتَعْجِيْلِ نِقْمَتِهِ مِنْ إِقَامَةٍ عَلٰی ظُلْمٍ، فَإِنَّ اللّٰهَ يَسْمَعُ دَعْوَةَ الْمُضْطَهَدِينَ، وَهُوَ لِلظَّالِمِيْنَ بِالْمِرْصَادِ....(١)

ثُمَّ اللّٰهَ اللّٰهَ فِي الطَّبَقَةِ السُّفْلٰی مِنَ الَّذِيْنَ لَا حِيْلَةَ لَهُمْ مِنَ الْمَسَاکِيْنِ وَالْمُحْتَاجِيْنَ وَأَهْلِ الْبُؤْسٰی وَالزَّمْنٰی، فَأَنَّ فِی هٰذِهِ الطَّبَقَةِ قَانِعًا وَمُعْتَرًّا، وَاحْفَظْ لِلّٰهِ مَا اسْتَحْفَظَکَ مِنْ حَقِّهِ فِيهِمْ، وَاجْعَلْ لَهُمْ قِسْماً مِنْ بَيْتِ مَالِکَ، وَقِسْماً مِنْ غَلَّاتِ صَوَافِي الْإِسْلَامِ فِيْ کُلِّ بَلَدٍ، فَإِنَّ لِلْأَقْصٰی مِنْهُمْ مِثْلَ الَّذِیْ لِلْأَدْنٰی، وَکُلٌّ قَدِ اسْتُرْعِيْتَ حَقَّهُ، فَلَا يَشْغَلَنَّکَ عَنْهُمْ بَطَرٌ، فَإِنَّکَ لَاتُعْذَرُ بِتَضْيِيعِ التَّافِهِ لِإِحْکَامِکَ الْکَثِيْرَ الْمُهِمَّ، فَلَا تُشْخِصْ هَمَّکَ عَنْهُمْ، وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّکَ لَهُمْ، وَتَفَقَّدْ أُمُوْرَ مَنْ لَا يَصِلُ إِلَيْکَ مِنْهُمْ مِمَّنْ تَقْتَحِمُهُ الْعُيُوْنُ، وَتَحَقِّرُهُ الرِّجَالُ، فَفَرِّغْ لِأُولٰئِکَ مِنْ أَهْلِ الْخَشْيَةِ وَالتَّوَاضُعِ، فَلْيَرْفَعْ إِلَيْکَ أُمُوْرَهُمْ، ثُمَّ اعْمَلْ فِيهِمْ بِالْإِعْذَارِ إِلَی اللّٰهِ يَوْمَ تَلْقَاهُ، فَإِنَّ هٰؤُلَاءِ مِنْ بَيْنِ الرَّعِيَّةِ أَحْوَجُ إِلَی الْإِنْصَافِ مِنْ غَيْرِهِمْ، وَکُلٌّ فَأَعْذِرْ إِلَی اللّٰهِ فِیْ تَأْدِيَةِ حَقِّهِ إِلَيْهِ، وَتَعَهَّدْ أَهْلَ الْيُتْمِ وَذَوِی الرِّقَّةِ فِی السِّنِّ مِمَّنْ لَا حِيْلَةَ لَهُ وَلَا يَنْصِبُ لِلْمَسْأَلَةِ نَفْسَهُ، وَذٰلِکَ عَلَی الْوُلَاةِ ثَقِيلٌ، وَالْحَقُّ کُلُّهُ ثَقِيلٌ، وَقَدْ يُخَفِّفُهُ اللّٰهُ عَلٰی أَقْوَامٍ

١ ـ نهج البلاغه فيض / ٩٨٢، صبحی الصالح / ٤٢٦

طَلَبُوا الْعَاقِبَةَ فَصَبَّرُوْا أَنْفُسَهُمْ، وَوَثِقُوْا بِصِدْقِ مَوْعُوْدِ اللّٰهِ لَهُمْ....(۱)

وَإِيَّاكَ وَالْمَنَّ عَلٰى رَعِيَّتِكَ بِإِحْسَانِكَ، أَوِ التَّزَيُّدَ فِيْمَا كَانَ مِنْ فِعْلِكَ، أَوْ أَنْ تَعِدَهُمْ فَتُتْبِعَ مَوْعِدَكَ بِخُلْفِكَ، فَإِنَّ الْمَنَّ يُبْطِلُ الْإِحْسَانَ، وَالتَّزَيُّدَ يُذْهِبُ بِنُوْرِ الْحَقِّ، وَالْخُلْفَ يُوْجِبُ الْمَقْتَ عِنْدَاللّٰهِ وَالنَّاسِ، قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى :كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَاللّٰهِ أَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ.(۲)

۲۰۶ـ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ أَبِيْ عَبْدِاللّٰهِ عَلَيهِ السَّلَامُ قَالَ :أَوْصٰى أَمِيْرُالْمُؤْمِنِيْنَ عَلَيهِ السَّلَامُ فَقَالَ :إِنَّ أَبَا نَيْزَرَوَرِبَاحًا وَجُبَيْرًا عُتِقُوْا عَلٰى أَنْ يَعْمَلُوْا فِي الْمَالِ خَمْسَ سِنِيْنَ.(۳)

حضرت علی علیہ السلام اور مستضعفین

۲۰۵ـ حضرت علی علیہ السلام نے جو مالک اشتر کو خط لکھا:

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو نہایت ہی مہربان اور رحم والا ہے، یہ بندۂ خدا امیر المومنین علیہ السلام کا فرمان ہے مالک اشتر کو جو اُن کے ساتھ پیمان باندھا گیا، اس کو خدا کے خوف کا حکم دے رہے ہیں کہ خدا کی اطاعت کو دوسرے کاموں پر مقدّم کرنا اور جو کچھ بھی خدا کی کتاب میں ذکر ہوا ہے واجبات اور سُنّتِ الٰہی کی پیروی کرے، وہ اَحکامات اور فرامین جن کی پیروی کرنے کے بغیر کسی کو سعادت حاصل نہیں ہوگی اور جو بھی اس کی سُنّت اور فرمان کا انکار کرے سوائے بدبختی

۱ـ نہج البلاغہ فیض / ۱۰۱۰، صبحی الصالح / ۴۳۸

۲ـ نہج البلاغہ فیض / ۱۰۲۲، صبحی الصالح / ۴۴۴، تحف العقول / ۸۴ باختلاف فی موارد.

۳ـ البحار ۴۲/۷۱

کے کوئی اور چیز حاصل نہیں ہوگی اور ان کو حکم دے رہے ہیں ہاتھ اور زبان اور قلب سے خدا کی مدد کرے کیونکہ خداوند اس کو کامیابی عطا کرے گا جو اس کی مدد کرے گا اور جو خدا کو دوست رکھتا ہے خدا اس کو دوست رکھتا ہے اور اس کو حکم دے رہے ہیں کہ خواہشات نفسانی سے پرہیز کرے اور جس وقت نفس اس پر حملہ کرے تو اس کو بھگا دے کیونکہ نفس اس کو بُرائی پر مجبور کرتا ہے مگر وہ انسان نفس کا شکار نہیں ہوتا جس پر خدا کی رحمت ہو۔ خدا کے ساتھ اور لوگوں کے ساتھ، اپنے نزدیکی رشتہ داروں اور رعیّت کے ساتھ جن کو دوست رکھتے ہو عدل اور انصاف کرو چنانچہ اگر ایسا نہ کیا تو ظلم کیا ہے اور جو بھی خدا کے بندوں پر ظلم کرے خدا بندوں کی بجائے خود اس کا دشمن ہے اور خدا جس کا دشمن ہو اس کی دلیل کو قبول نہیں کرے گا وہ ایسے ہے جیسے خدا کے ساتھ جنگ کرر ہا ہے یہاں تک کہ وہ اس عمل سے دور ہو جائے اور توبہ کرے اور ظلم کے بغیر کوئی چیز بھی خدا کی نعمت میں تبدیلی نہیں لاتی اور خدا کے غضب کو فوراً فراہم نہیں کرتی کیونکہ خداوند مظلوموں کی فریاد کو سنتا ہے اور ظالموں کا مقابلہ کرتا ہے۔

بس خُدا سے ڈرو، خدُا سے ڈرو بالخصوص معاشرے کے محروم طبقہ کے لوگوں کے لیے جو بیچارے اور مفلس لوگ ہیں جن کے پاس کچھ بھی نہیں، محتاج ہیں، مشکلات اور سختیوں کا شکار ہیں چنانچہ اس محروم طبقہ میں کچھ ایسے فقیر بھی ہیں جو تھوڑی سی چیز پر صبر کر لیتے ہیں اور دوسروں کے مزاحم نہیں بنتے اور ایسے فقیر بھی ہیں جو اپنی حاجت کو پورا کرنے کے لیے دوسروں کے پیچھے لگے رہتے ہیں پس خدا کی رضایت اور اس کے حق کی اطاعت کر، جس کو اس نے ان لوگوں کے لیے معیّن کیا ہے اور اس کا حکم دیا ہے اس کو انجام دے اور کچھ حصّہ بیتُ المال میں سے اور کچھ حصّہ ان غلات میں سے جو زمینیں غنائم اسلام میں سے ہیں شہر میں محروم طبقہ کے لوگوں کے لیے قرار دے چونکہ

دُور رہنے والے مسلمان اور قریب رہنے والے دونوں برابر کے حصّہ دار ہیں اور تم مسئول ہو کہ مُساوات میں رعایت کرو کہیں یہ ایسا نہ ہو کہ حکومت کی خوشی تم کو ان کی مدد اور دسترسی سے روک لے۔ کبھی بھی زیادہ اور اہم کاموں کی وجہ سے چھوٹی مسئولیت اور ذمہ داری کو چھوڑ دینا قابلِ قبول نہیں ہوگا اور ہمیشہ ان کی مشکلات کی فکر میں رہو اور ان سے بے توجّہی نہ کرو بالخصوص ان لوگوں کے مسائل اور مشکلات کو حل کرو جن کی پہنچ تم تک نہیں ہے اور آنکھیں ان کو حقارت سے دیکھتی ہیں اور لوگ ان کو حقیر جانتے ہیں ایسے گروہ کے لیے ان افراد میں سے ایک فرد کا انتخاب کرو جو تمہارے لیے موردِ اطمینان ہو فروتن اور خدا ترس ہو تا کہ ان کے بارے میں تحقیق کرے اور ان کے مسائل تم تک پہنچائے، تم ان کی مشکلات کو دور کرنے کے لئے ایسا عمل انجام دو تا کہ خدا کی بارگاہ میں تمہارا عُذر قابلِ قبول ہو چونکہ وہ لوگ تمہاری رعیّت میں سے دوسروں کی نسبت زیادہ عدالت کے نیاز مند ہیں پس ہر ایک کے حق کو ادا کرنے میں خدا کے نزدیک تمہارے پاس عُذر اور حُجّت ہو یتیموں اور بوڑھوں میں جو لاچار و مجبور ہیں جن کے پاس کوئی حیلہ نہیں اور دوسروں سے سوال نہیں کرتے ان کی حاجت کو پورا کرو البتہ یہ کام حکمرانوں کے لیے بھاری اور سنگین ہے اور ہر حق کا وزن بھاری ہے خداوند ان لوگوں کے کندھے سے اس کا وزن ہلکا کر دیتا ہے جو آخرت کے طالب ہیں اور اپنے نفس کو صبر کرنے پر مجبور کرتے ہیں اور پرودگار کے کیے ہوئے وعدے پر مطمئن ہیں۔ جن لوگوں کی خدمت کی ہے ان سے مت کہو کہ میں نے تم پر احسان کیا ہے یا جو کچھ بھی انجام دیا ہے اس کو بڑا نہ سمجھو یا لوگوں سے جو وعدہ کیا ہے اس کی خلاف ورزی نہ کرو۔ احسان جتلانا نیک کام کی اجرت کو ختم کر دیتا ہے اور کام کو بڑا سمجھنا حق کے نور کو بجھا دیتا ہے اور وعدہ خلافی کرنا خدا کے غضب اور لوگوں کے غصّے کو زیادہ کرتا ہے ارشادِ باری تعالیٰ ہوتا ہے: خدا کے نزدیک سب سے بڑا گناہ یہ ہے کہ جو

کہو اس پر عمل نہ کرو ۔

٢٠٦۔ امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: امیرالمومنین علیہ السلام نے وصیت کی اور فرمایا: ابونیزر، رباح اور جُبیر اس شرط پر آزاد کیے گئے ہیں کہ وہ پانچ سال بیت المال میں کام کریں گے۔

٦٦ ـ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَالْبَرَكَةُ فِيْ كَدِّهِ وَغَرْسِهِ

٢٠٧ ـ عَنْ زُرَارَةَ، عَنْ أَبِي جَعفرٍ عليهِ السَّلامُ قَالَ :لَقِيَ رَجُلٌ أَمِيرَالمُؤْمِنينَ عَليهِ السَّلَامُ وَتَحْتَهُ وَسَقٌ مِنْ نَوى، فَقَالَ لَهُ :مَا هٰذَا يَا أَبَا الْحَسَنِ تَحْتَكَ؟ فَقَالَ :مِائَةُ أَلْفِ عَذْقٍ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، قَالَ :فَغَرَسَهُ فَلَمْ يُغادِرْ مِنْهُ نَواةً واحِدَةً.(١)

٢٠٨ ـ قَالَ ابْنُ دَأْبٍ :فَكَانَ يَحْمِلُ الْوَسَقَ فِيهِ ثَلاثُمِائَةِ أَلْفِ نَواةٍ فَيُقالُ لَهُ :مَا هٰذا؟فَيَقولُ :ثَلاثُمِائَةِ أَلْفِ نَخْلَةٍ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، فَيَغْرِسُ النَّوى كُلَّها فَلَا تَذْهَبُ مِنْهُ نَواةٌ يَنْبُعَ وَأَعاجِيبِها.(٢)

٢٠٩ ـ عَنْ أَبِيْ عَبدِاللّٰهِ عَليهِ السَّلَامُ قَالَ :إِنَّ أَمِيرَالْمُؤْمِنينَ عليهِ السَّلَامُ كَانَ يَخْرُجُ وَمَعَهُ أَحْمَالُ النَّوى .فَيُقالُ لَهُ :يَا أَبَا الْحَسَنِ إِمَا هٰذا مَعَكَ؟ فَيَقُولُ :نَخْلٌ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ فَيَغْرِسُهُ فَلَمْ يُغادِرْ)فَمَا يُغَادِرُ(مِنْهُ وَاحِدَةً.(٣)

---

١ ـ البحار ٤١/٥٨، حلية الأبرار ١/٣٦٢ باختلاف يسير

٢ ـ الاختصاص / ١٥٢

٣ ـ البحار ٤١/٥٨، حلية الأبرار ١/٣٦٢، الكافي ٥/٧٧

حضرت علی علیہ السلام کی محنت اور شجرکاری کی برکتیں

۲۰۷۔ زُرارہ نے امام باقر علیہ السلام سے نقل کیا انہوں نے فرمایا: ایک شخص نے امیر المومنین علیہ السلام کو دیکھا وہ کھجور کی گٹھلیوں پر بیٹھے ہوئے تھے، ان سے پوچھا ابُوالحسنؑ! کس چیز پر بیٹھے ہوئے ہیں؟ فرمایا: انشاءاللہ ایک لاکھ کھجور کے درختوں پر، وہ شخص کہتا ہے علی علیہ السلام نے سب کو کاشت کیا ایک گٹھلی بھی باقی نہ چھوڑی۔

۲۰۸۔ ابن دأب کہتا ہے: علی علیہ السلام نے اپنے کندھے پر بوجھ اٹھایا ہوا تھا جس میں تین لاکھ کھجور کی گٹھلیاں تھیں۔ ان سے پوچھا یہ کیا ہے؟ فرمایا: تین لاکھ کھجور کے درخت اگر خدا نے چاہا تو۔ پھر آپؑ نے تمام گٹھلیوں کو ینبع کی زرخیز زمین میں کاشت کر دیا اور کوئی دانہ بھی ضایع نہ ہوا۔

۲۰۹۔ امام صادق علیہ السلام سے نقل ہوا انہوں نے فرمایا: امیر المومنین علیہ السلام کھجور کی گٹھلیوں کا وزن اٹھا کر باہر جا رہے تھے، ان سے پوچھا گیا: ابُوالحسنؑ! یہ کس چیز کا وزن ہے؟ فرمایا: اگر خدا نے چاہا تو درخت ہیں، پھر ان کو کاشت کیا اور ایک دانہ بھی باقی نہ چھوڑا۔

۶۷ ـ سَخَاءُ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ كَرَمُهُ

۲۱۰ ـ وَفِيْ حَدِيثِ ابنِ عباسٍ انَّ الْمِقْدادَ قَالَ لَهُ: أَنَا مُنْذُ ثَلاثَةِ أَيَّامٍ مَا طَعِمْتُ شَيْئاً، فَخَرَجَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبَاعَ دِرْعَهُ بِخَمْسِمِائَةٍ، وَدَفَعَ إِلَيْهِ بَعْضَهَا وَانْصَرَفَ مُتَحَيِّراً فَنَادَاهُ أَعْرَابِيٌّ: اِشْتَرِ مِنِّيْ هٰذِهِ النَّاقَةَ مُؤَجَّلاً، فَاشْتَرَاهَا بِمِائَةِ دِرْهَمٍ

وَمَضَی الْأَعْرَابِیُّ، فَاسْتَقْبَلَهُ آخَرُ وَقَالَ :بِعْنِیَ هٰذِهِ النَاقَةَ بِمِائَةٍ وَّخَمْسِیْنَ دِرْهَماً فَبَاعَ وَصَاحَ یَاحَسَنُ وَیَا حُسَیْنُ! أُمْضِیَافِی طَلَبِ الْأَعْرَابِیِّ، وَهُوَ عَلَی الْبَابِ، فَرَآهُ النَّبِیُّ فَقَالَ وَهُوَ مُتَبَسِّمٌ :یَا عَلِیُّ الْأَعْرَابِیُّ صَاحِبُ النَّاقَةِ جَبْرَئِیلُ وَالْمُشْتَرِی مِیْکَائِیلُ، یَا عَلِیُّ؛ اَلْمِائَةُ عَنِ النَّاقَةِ وَالْخَمْسِینَ بِالْخمْسِ الَّتِی دَفَعْتَهَا إِلَی الْمِقْدَادِ ثُمَّ تَلَا :وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّهُ مَخْرَجًا.(۱)

۲۱۱ ـ وَرَوٰی مُحَمَّدُ بْنُ فضیلِ بنِ غزوانَ قَالَ :قِیْلَ لِعَلِیٍّ عَلَیهِ السَّلامُ :کَمْ تَتَصَدَّقُ؟ کَمْ تُخْرِجُ مَالَکَ؟ أَلَا تُمْسِکُ؟ قَالَ :إِنِّیْ وَاللّٰهِ لَوْ أَعْلَمُ أَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی قَبِلَ مِنِّیْ فَرْضًا وَّاحِدًا لَأَمْسَکْتُ،وَلٰکِنِّیْ وَاللّٰهِ لَا أَدْرِی أَقَبِلَ سُبْحَانَهُ مِنِّیْ شَیْئاً أَمْ لَا؟(۲)

حضرت علی علیہ السلام کی سخاوت اور کرامت

۲۱۰۔ ابنِ عباس سے نقل ہوا ہے کہ مقداد نے حضرت علی علیہ السلام سے عرض کی تین دن سے میں نے کھانا نہیں کھایا حضرت علی علیہ السلام اپنے بیت الشرف سے باہر نکلے اور پانچ سو درہم میں اپنی زرہ فروخت کی اور اس رقم میں سے کچھ حصّہ مقداد کو دے کر حالات کے بارے میں سوچتے ہوئے واپس لوٹے، راستے میں ایک اَعرابی (بادیہ نشین) نے حضرتؑ سے کہا اس اونٹ کو مجھ سے اُدھار خرید لو حضرت علی علیہ السلام نے سو درہم کا اونٹ خرید لیا اَعرابی چلا گیا، ایک اَور شخص پہنچا اور کہا اس اونٹ کو مجھے ڈیڑھ سو درہم میں بیچ دو علی علیہ السلام نے اونٹ فروخت کر دیا۔ آپؑ گھر کے قریب کھڑے تھے حَسَن اور حُسین علیہما السلام کو آواز دی اور فرمایا: اَعرابی

۱۔ مناقب آل أبیطالب ۷۸/۲

۲۔ البحار ۱۳۸/۴۱

کے پیچھے جائیں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام کو دیکھا اور تبسّم کرتے ہوئے فرمایا:

یا علی علیہ السلام اونٹ کے مالک جبرئیل اور خریدنے والے میکائیل تھے، یا علی! سو درہم اونٹ کے بدلے میں اور پچاس درہم پانچ درہم کے بدلے میں جو مقداد کو دیے اس کے بعد اس آیت کی تلاوت فرمائی: ''وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَهُ مَخْرَجًا...''

۲۱۱۔ محمد بن فضیل بن غزوان نے کہا: حضرت علی علیہ السلام سے کہا گیا: کتنا صدقہ دیتے ہو؟! اور اپنے مال میں سے کتنا خرچ کرتے ہو؟! آیا کچھ اپنے لیے نہیں رکھتے ہو؟ فرمایا: خدا کی قسم اگر یہ جان لوں کہ خداوند نے مجھ سے ایک واجب عمل کو قبول کرلیا ہے تو کچھ اپنے لیے بھی رکھ لوں گا لیکن خدا کی قسم میں نہیں جانتا کہ خدا نے مجھ سے کوئی چیز قبول کی ہے یا نہیں؟

۶۸ ۔ اَلتَّصَدُّقُ بِالْخَاتَمِ

۲۱۲ ۔ عَنِ الحَسنِ بنِ زيدٍ، عَنْ أبيهِ زيدِ بنِ حسنٍ عَنْ جدِّهِ قَالَ :سَمِعْتُ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍيقولُ :وَقَفَ لِعَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ سَائِلٌ وَهُوَ رَاكِعٌ فِي صَلاةِ التَّطَوُّعِ فَنزَعَ خَاتَمَهُ فَأَعْطَاهُ السَّائِلَ فَأَتَى رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عليهِ وَآلِهِ وسَلَّمَ فَأَعْلَمَهُ ذٰلِكَ فَنَزَلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عليهِ وآلِهِ وسَلَّمَ هٰذِهِ الْآيَةُ :إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ إِلَى آخِرِ الْآيَةِ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيهِ وَآلِهِ وسَلّم؛ مَنْ كُنْتُ مَوْلاَهُ فَإِنَّ عَلِيّاً مَوْلاَهُ، اَللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالاَهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ.(۱)

۲۱۳۔ وَرَوَى الثَّعْلَبِيُّ فِي تَفْسِيرِهِ:

أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ العَبَّاسِ كَانَ عَلَى شَفِيرِ زَمْزَمَ وَهُوَ يَقُولُ :سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

۱ ۔ إحقاق الحق ۱۴/۳

عَلَیهِ وَآلہِ یَقولُ :وھو(یُکرِّرُ الأحادیث) إِذْ أَقْبَلَ رَجُلٌ مُعْتَمٌّ بِعِمامَةٍ وَقَدْ غَطّٰی بِها أَکْثَرَ وَجْھِہِ فَکانَ ابْنُ عَبّاسٍ لایَقولُ، قالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ علیہِ وآلہِ إِلّا وَقالَ ذٰلِکَ الرَّجُلُ :قالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلیہِ وآلہِ، فَقالَ لَہُ ابْنُ عَبّاسٍ :بِاللّٰہِ عَلَیْکَ مَنْ أَنْتَ؟ فَکَشَفَ العِمامَةَ عَنْ وَجْھِہِ وَقالَ :أَیُّھا النّاسُ اِمَنْ عَرَفَنِیْ فَقَدْ عَرَفَنِیْ وَمَنْ لَمْ یَعْرِفْنِیْ فَأَنَا أُعَرِّفُہٗ بِنَفْسِیْ أَنَا جُنْدُبُ بْنُ جُنادَةَ أَبُوذَرِّ الْغِفارِیُّ سَمِعْتُ رَسولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ علیہِ وَآلہِ بِھاتَیْنِ وَإِلّا صُمَّتا (یَعْنِیْ أُذُنَیْہِ) وَرَأَیْتُہٗ بِھاتَیْنِ (یَعْنی عَیْنَیْہِ) وَإِلّا عُمِیَتا، یَقُوْلُ :عَلِیٌّ قائِدُ الْبَرَرَةِ، عَلِیٌّ قاتِلُ الْکَفَرَةِ، مَنْصُوْرٌ مَنْ نَصَرَہٗ مَخْذُوْلٌ مَنْ خَذَلَہٗ مَلْعُوْنٌ مَنْ جَحَدَوِلایَتَہٗ، أَمَا إِنِّیْ صَلَّیْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ علیہِ وَآلِہِ صَلاةَ الظُّھْرِ فَسَأَلَ سائِلٌ فِی الْمَسْجِدِ فَلَمْ یُعْطِہِ أَحَدٌ شَیْئاً فَرَفَعَ السّائِلُ یَدَہٗ إِلَی السَّماءِ وَقالَ :اَللّٰھُمَّ! أُشْھِدُکَ أَنّیْ سأَلْتُ فِیْ مَسْجِدِرَسُولِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ علیہِ وَآلہِ فَلَمْ یُعْطِنِیْ أَحَدٌ شَیْئاً، وَکانَ أَمیرُ الْمُؤْمِنینَ عَلیہِ السَّلامُ رَاکِعاً فَأَوْمٰی إِلَیْہِ بِخُنْصِرِہِ الْیُمْنٰی وَکانَ یَتَخَتَّمُ فِیھا فَأَقْبَلَ السّائِلُ حَتّٰی أَخَذَ الْخاتَمَ مِنْ خُنْصِرِہٖ وَالنَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ علیہِ وَآلِہِ شاھَدَہٗ فَلَمّا فَرَغَ مِنْ صَلاتِہٖ رَفَعَ رَأْسَہٗ إِلَی السَّماءِ وَقالَ :اَللّٰھُمَّ !إِنَّ أَخِیْ مُوْسٰی سَأَلَکَ فَقالَ :رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْ لِیْ أَمْرِیْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِنْ لِسانِیْ یَفْقَھُوا قَوْلِیْ وَاجْعَلْ لِیْ وَزِیْرًامِنْ أَھْلِیْ ھارُوْنَ أَخِیْ اُشْدُدْ بِہٖ أَزْرِیْ وَأَشْرِکْہُ فِیْ أَمْرِیْ اَللّٰھُمَّ فَأَنْزَلْتَ عَلَیْہِ قُرْآناً ناطِقاًسَنَشُدُّ عَضُدَکَ بِأَخِیْکَ وَنَجْعَلُ لَکُما سُلْطاناً فَلا یَصِلُوْنَ إِلَیْکُما بِآیاتِنا اَللّٰھُمَّ وَأَنَا مُحَمَّدٌنَبِیُّکَ وَصَفِیُّکَ اَللّٰھُمَّ فَاشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْ لِیْ أَمْرِی وَاجْعَلْ لِیْ وَزِیْرًا مِنْ أَھْلِیْ عَلِیّاً أَخِیْ اُشْدُدْ بِہٖ ظَھْرِیْ۔

وَقالَ أَبُوذَرٍّ :فَما اسْتَتَمَّ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہِ کَلامَہٗ حَتّٰی نَزَلَ

جَبْرَائِيلُ عليهِ السَّلامُ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ فَقَالَ :يَا مُحَمَّدُ اِقْرَأْ، قَالَ :وَمَا أَقْرَأُ، قَالَ :اِقْرَأْ :إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُمْ رَاكِعُونَ.(۱)

حضرت علی علیہ السلام نے انگوٹھی زکوۃ میں دی

۲۱۲۔ حسن بن زید نے اپنے والد زید بن حسن اور اس نے اپنے اجداد سے نقل کیا اس نے کہا: میں نے عمّار یاسر سے سنا اس نے کہا: حضرت علی علیہ السلام نافلہ نماز کے رکوع میں تھے کہ ایک سائل نے ان کے نزدیک آکھڑے ہوکر مدد مانگی حضرت علی علیہ السلام نے انگوٹھی اتاری اور سائل کو دے دی۔ سائل پیغمبرؐ کے پاس آیا اور اس ماجرے سے ان کو آگاہ کیا تو اس وقت یہ آیت پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوئی "اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ..." رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس جس کا میں مولا ہوں علیؑ بھی اس کے مولا ہیں، خداوندا! دوست رکھ اس کو جو ان کو دوست رکھتا ہے اور اس کے ساتھ دشمنی رکھ جو ان کے ساتھ دشمنی رکھتا ہے۔

۲۱۳۔ ثعلبی نے اپنی تفسیر میں نقل کیا ہے کہ عبداللہ بن عبّاس زمزم کے کنارے بیٹھے ہوئے تھے اور پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث نقل کررہے تھے اسی دوران ایک شخص جس نے سر پر عمامہ رکھا ہوا تھا اور عمامے سے اپنے چہرے کو ڈھانپا ہوا تھا داخل ہوا ابن عباس جو بھی حدیث رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کررہے تھے یہ شخص بھی رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حدیث نقل کررہا تھا ابنِ عبّاس نے اس سے کہا:

۱۔ ارشاد القلوب / ۲۲۰، نورالابصار / ۸۶، کشف الغمۃ ۱/ ۱۶۶، مجمع البیان ۳/ ۲۱۰، تذکرۃ الخواص / ۴۲ باختلاف فی موارد

اے لوگو جو بھی مجھے جانتا ہے سو جانتا ہے اور جو مجھے نہیں جانتا میں اپنا تعارف کروا رہا ہوں، میں جُندُب بن جُنادہ ابُوذر غفاری ہوں، میں نے اپنے ان دونوں کانوں سے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا اور اگر نہ سنا تو میرے دونوں کان بہرے ہو جائیں اور ان دونوں آنکھوں سے دیکھا اگر نہ دیکھا ہو تو میری دونوں آنکھیں اندھی ہو جائیں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حضرت علی علیہ السلام صالحین کے رہبر اور کافروں کے قاتل ہیں جو ان کی مدد کرے گا اس کی مدد ہو گی اور جو ان کی مدد کرنے سے دریغ کرے گا وہ پشیمان ہو گا اور جو ان کی ولایت کا منکر ہو گا وہ ملعون ہے۔ جان لیں! ایک دن میں نے ظہر کی نماز پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ادا کی ایک سائل مسجد میں داخل ہوا اور کچھ مانگا لیکن کسی نے اس کو کوئی چیز نہ دی، سائل نے اپنے ہاتھ آسمان کی طرف بلند کیے اور کہا: خدایا گواہ رہنا، میں رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مسجد میں گدائی کرنے آیا ہوں لیکن کسی نے کوئی چیز نہیں دی۔ حضرت علی علیہ السلام حالتِ رکوع میں تھے چھوٹی انگلی سے جس میں انگوٹھی پہن رکھی تھی سائل کو اشارہ کیا سائل آیا اور حضرت علیؑ کی انگلی سے انگوٹھی اتار لی پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ ماجرا دیکھ رہے تھے جس وقت علی علیہ السلام کی نماز ختم ہوئی پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا سر مبارک آسمان کی طرف بلند کیا اور فرمایا: خُدایا میرے بھائی موسیٰؑ نے تجھ سے درخواست کی اور کہا: پروردگار! تُو میرے لیے میرے سینہ کو کشادہ فرما اور میرا کام میرے لیے آسان کر دے اور میری زبان کی گرہ کھول دے تا کہ لوگ میری بات اچھی طرح سمجھ لیں اور میرے خاندان میں سے میرے بھائی ہارونؑ کو میرا وزیر بنا دے، اس کے ذریعہ سے میری پُشت مضبوط کر دے اور میرے کام میں اس کو میرا شریک بنا۔ خدایا! تو نے پھر اُس کلام کو ان پر نازل کیا جو قرآنِ ناطق ہے "اور جلد ہی اس کے بازو کو اس کے بھائی کے ذریعہ سے مضبوط بنایا اور تم دونوں کو اپنے معجزات کے ذریعہ سے مسلّط کریں گے تا کہ وہ تم تک نہ پہنچ سکیں۔" خدایا! میں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تیرا

بھیجا ہوا پیغمبر ہوں تو میرے لیے میرے سینہ کو کشادہ فرما اور میرا کام میرے لیے آسان کر دے اور میرے خاندان میں سے میرے بھائی علی علیہ السلام کو میرا وزیر بنا دے اس کے ذریعہ سے میری پشت مضبوط کر دے۔

ابوذر کہتا ہے: ابھی رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دُعا ختم نہیں ہوئی تھی کہ جبرئیلؑ خدا کی طرف سے نازل ہوئے اور کہا: یا محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! پڑھ۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا پڑھوں؟ کہا پڑھ:

"اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رَاكِعُوْنَ"۔

تمہارے مالک اور سرپرست بس یہی ہیں: خُدا، اُس کا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور وہ مومنین جو پابندی سے نماز ادا کرتے ہیں اور حالتِ رکوع میں زکوٰۃ دیتے ہیں۔

دُوسرا حصّہ

فضائل اور مناقب حضرت علی علیہ السلام

قرآن اور احادیث میں

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

فَضَائِلُهُ فِی الْکِتَابِ

۶۹ ـ فَضَائِلُهُ فِی الْکِتَابِ

۲۱۴ ـ قَالَ ابْنُ عَبّاسٍ (رض) :لَمَّا نَزَلَتْ :إِنَّمَا أَنْتَ مُنْذِرٌ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَنَا الْمُنْذِرُ وَعَلِیٌّ الْهَادِی، وَبِکَ یَا عَلِیُّ یَهْتَدِی الْمُهْتَدُوْنَ مِنْ بَعْدِیْ.(۱)

۲۱۵ ـ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ أَبِی عَبْدِاللّٰهِ علیه السّلامُ فِی قَوْلِهِ تَعَالٰی :یُرِیْدُ اللّٰهُ بِکُمُ الْیُسْرَ وَلَا یُرِیْدُ بِکُمُ الْعُسْرَ قَالَ :فَذٰلِکَ الْیُسْرُ أَمِیرُالْمُؤمِنِینَ عَلیُّ بْنُ أَبِی طَالِبٍ علیهِ السّلامُ.(۲)

۲۱۶ ـ عَنِ الرِّضَا، عَنْ آبَائِهِ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ عَنْ عَلِیٍّ علیهِ السّلامُ قَالَ: اَلسَّابِقُوْنَ السَّابِقُوْنَ نَزَلَتْ فِیَّ.(فِیَّ نَزَلَتْ).(۳)

۲۱۷ ـ عَنِ الرِّضَا عَنْ آبائِهِ علیهمُ السّلامُ قَالَ :قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: نَزَلَتْ "اَلَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ أَمْوَالَهُمْ بِاللَّیْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَّعَلَانِیَةً" فِی عَلِیٍّ علیهِ السَّلامُ.(۴)

۱ـ احقاق الحق ۴/۳۱۰، اثبات الهداة ۲/۲۳۷، نور الابصار / ۸۷باختلاف فی موارد

۲ـ البحار ۳۶/۱۲۸، الحکم الزاهرة ۱/۷۶

۳ـ البحار ۳۵/۳۳۵ ۴ـ البحار ۴۱/۳۵

۲۱۸ ۔ عَنْ اَبِی جَعفرٍعلیهِ السّلامُ فِیْ قَولِهٖ :وَمَثَلُ الَّذِینَ یُنفِقُونَ أَمْوَالَهُم ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ قَالَ :نَزَلَتْ فِیْ عَلِیٍّ.(۱)

۲۱۹ ۔ عَنْ أَبِی جَعفرٍعلیهِ السَّلامُ فِی قَولِهٖ "أُولٰئِکَ یُسَارِعُوْنَ فِي الْخَیْرَاتِ" (الآیة) قَالَ :عَلِیّ بْنُ أَبِی طالِبٍ عَلیهِ السَّلامُ لَمْ یَسْبِقْهُ أَحَدٌ.(۲)

۲۲۰ ۔ بِالإِسْنَادِ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ و آلِهٖ وَسلَّمَ فِیْ قَولِهٖ تَعَالٰی: "وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِیْنَ" قَالَ :هُوَعَلِیُّ بْنُ أَبِی طَالِبٍ.(۳)

۲۲۱ ۔ عَنْ أَبِی بَصِیْرٍ عَنْ اَبِی عَبْدِاللّٰهِ عَلیهِ السَّلامُ فِیْ قَوْلِهٖ تَعَالٰی: "ذٰلِکَ الْکِتَابُ لَارَیْبَ فِیْهِ" قَالَ :اَلْکِتَابُ عَلِیٌّ لَا شَکَّ فِیْهِ هُدًی لِّلْمُتَّقِیْنَ.(۴)

۲۲۲ ۔ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ جَابِرِ الْجُعْفِیِّ قَالَ :سَأَلْتُ أَبَا جَعْفَرٍعَلیهِ السَّلَامُ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ :وَمَنْ یُّعْرِضْ عَنْ ذِکْرِ رَبِّهٖ یَسْلُکْهُ عَذَابًا صَعَدًا قَالَ :مَنْ أَعْرَضَ عَنْ عَلِیٍّ یَسْلُکْهُ الْعَذَابَ الصَّعَدَ، وَهُوَ أَشَدُّ الْعَذَابِ.(۵)

۲۲۳ ۔ جَعْفَر الْفَزَارِیّ مُعَنْعَنًا عَنْ أَبِیْ جَعْفَرٍعلیهِ السَّلَامُ قَالَ :سَأَلْتُهُ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی :قُلْ هٰذِهٖ سَبِیْلِیْ أَدْعُوْ إِلَی اللّٰهِ عَلٰی بَصِیْرَةٍ أَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِیْ قَالَ :مَنِ اتَّبَعَنِیْ، عَلِیُّ بْنُ أَبِیْ طَالِبٍ عَلَیهِ السَّلَامُ.(۶)

---

۱ ۔ تفسیر العیاشی ۱/۱۴۸، البحار ۳۵/۴۱

۲ ۔ البحار ۳۳۲/۳۵، مناقب آل أبیطالب ۱۱۶/۲

۳ ۔ احقاق الحق ۳۰۶/۴، البحار ۳۱/۳۶

۴ ۔ البحار ۴۰۲/۳۵ ۵ ۔ البحار ۳۹۵/۳۵

۶ ۔ البحار ۲۵/۳۶

۲۲۴ ۔ عَنْ عَبدِالرَّحْمٰنِ بْنِ كَثِيرٍ عَنْ أَبِي عَبدِاللّٰهِ عليهِ السَّلامُ :فِي قَولِهِ تعالىٰ : وَشَاهِدٍ وَمَشْهُودٍ قَالَ :اَلنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَأَمِيرُالمُؤْمِنِينَ عَلَيهِ السَّلامُ.(۱)

۲۲۵ ۔ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْفضيلِ عَنْ أَبِي الْحَسَنِ عَليهِ السَّلامُ فِي قَولِهِ :وَلَوْ لَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ قَالَ :اَلْفَضْلُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَرَحْمَتُهُ أميرُالْمُؤْمِنينَ عَليهِ السَّلامُ).(۲)

۲۲۶ ۔ عَنِ الباقرِ عليهِ السَّلامُ فِي قولهِ تعالىٰ :يَآ أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِيْنَ قَالَ :مَعَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عَلَيهِ السَّلامُ.(۳)

۲۲۷ ۔ عَنْ أَبِي حَمْزَةَ قَالَ :سَأَلْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَليهِ السَّلامُ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالىٰ :قُلْ إِنَّمَآ أَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ فَقَالَ :إِنَّمَا أَعِظُكُمْ بِوِلَايَةِ عَلِيٍّ عليهِ السَّلامُ هِيَ الْوَاحِدَةُ الَّتِي قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالىٰ:إِنَّمَآ أَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ.(۴)

۲۲۸ ۔ عَلِيُّ بْنُ إِبرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ سَمَاعَةَ عَنْ أَبِي عبدِاللّٰهِ عليهِ السَّلامُ فِي قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ :وَأَوْفُوْا بِعَهْدِيْ قَالَ :بِوِلَايَةِ أَمِيرِالْمُؤْمِنِينَ عَليهِ السَّلامُ: أُوْفِ بِعَهْدِكُمْ أُوْفِ لَكُمُ الْجَنَّةَ.(۵)

---

۱ ۔ البحار ۳۵/۳۸۶، الكافی ۱/۴۲۵

۲ ۔ تفسير العياشی ۱/۲۶۱

۳ ۔ تفسير نور الثقلين ۲/۲۸۱، اثبات الهداة ۲/۹۹

۴ ۔ الكافی ۱/۴۲۰، اثبات الهداة ۲/۷، البحار ۲۳/۱۴۳

۵ ۔ البحار ۳۵/۹۷ باختلاف يسير، الكافی ۱/۴۳۱

۲۲۹ ـ قَدْ رُوِیَ عَنْ مَوْلَانَا، مُوسَی بْنِ جَعْفَرٍ الْکَاظِمِ عَلَیهِ السَّلامُ أَنَّ قَوْلَهُ تَعَالَیٰ: تَرَاهُمْ رُکَّعًا سُجَّدًا یَبْتَغُونَ فَضْلًا مِنَ اللّٰهِ وَرِضْوَاناً سِیمَاهُمْ فِی وُجُوهِهِمْ مِنْ أَثَرِ السُّجُودِ نَزَلَ فِی أَمِیرِ الْمُؤْمِنِینَ عَلِیِّ بْنِ أَبِی طَالِبٍ عَلَیهِ السَّلَامُ.(۱)

۲۳۰ ـ عَنْ أَبِی بَصِیرٍ، عَنْ أَبِی جَعْفَرٍ عَلَیهِ السَّلَامُ فِی قَوْلِ اللّٰهِ :وَبِالْوَالِدَیْنِ اِحْسَانًا قَالَ :إِنَّ رَسُولَ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وآلِهِ وَسَلَّمَ أَحَدُ الْوَالِدَیْنِ وَعَلِیٌّ الْآخَرُ.(۲)

۲۳۱ ـ عَنِ الْبَاقِرِ عَلَیهِ السَّلَامُ فِی قَوْلِهِ :إِنَّ الدِّینَ عِنْدَ اللّٰهِ الْإِسْلَامُ قَالَ :التَّسْلِیمُ لِعَلِیِّ بْنِ أَبِی طَالِبٍ عَلَیهِ السَّلَامُ بِالْوِلَایَةِ.(۳)

پہلی فصل

حضرت علی علیہ السلام کے فضائل قرآن کی نگاہ میں

۲۱۴۔ ابن عباس کہتے ہیں: جس وقت یہ آیت (اِنَّمَا اَنْتَ مُنْذِرٌ) نازل ہوئی تو پیغمبرؐ نے فرمایا: میں عذابِ الٰہی سے ڈرانے والا ہوں اور علی علیہ السلام ہدایت کرنے والے ہیں یا علی علیہ السلام!

۱ ـ کشف الیقین فی فضائل أمیر المؤمنین علیه السلام / ۱۱۹

۲ ـ البحار ۸/۳۶

۳ ـ البحار ۳۴۱/۳۵

میرے بعد راستہ ڈھونڈنے والے تیرے توسّل سے راستہ ڈھونڈیں گے۔

۲۱۵۔امام صادق علیہ السلام نے کلام الٰہی (یُرِیۡدُ اللّٰہُ بِکُمُ الۡیُسۡرَ وَلَا یُرِیۡدُ بِکُمُ الۡعُسۡرَ) کے بارے میں فرمایا: ''یُسر'' (آرام) سے مراد امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام ہیں۔

۲۱۶۔امام رضا علیہ السلام نے اپنے اَجداد سے نقل کیا کہ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: یہ آیت: وَالسّٰبِقُوۡنَ السّٰبِقُوۡنَ ''میری شان میں نازل ہوئی ہے۔

۲۱۷۔امام رضا علیہ السلام نے اپنے اَجداد سے نقل کیا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: (وہ لوگ جو دن اور رات کو چھپ کر یا ظاہر ہو کر اپنے مال کو خدا کے راہ میں خرچ کرتے ہیں) یہ آیت حضرت علی علیہ السلام کی شان میں نازل ہوئی ہے۔

۲۱۸۔امام باقر علیہ السلام سے نقل ہوا انہوں نے فرمایا: گفتارِ خداوند: ''ان کی طرح جو خدا کی رضایت کے لیے اپنے اموال کو خرچ کرتے ہیں''علی علیہ السلام کی شان میں نازل ہوئی ہے۔

۲۱۹۔امام باقر علیہ السلام نے گفتارِ خداوند: ''وہ جو نیک عمل کرنے میں جلدی کرتے ہیں'' کے بارے میں فرمایا: اس عمل میں کسی نے بھی علی بن ابی طالب علیہ السلام پر سبقت نہیں کی۔

۲۲۰۔رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گفتارِ خداوند ''صَالِحُ مُؤمِنِیۡن'' کے بارے میں فرمایا: وہ حضرت علی بن ابی طالب علیہ السلام ہیں۔

۲۲۱۔ابو بصیر نے امام صادق علیہ السلام سے نقل کیا حضرت نے گفتارِ خداوند: '' ذٰلِکَ الۡکِتٰبُ لَا رَیۡبَ فِیۡہِ '' کے بارے میں فرمایا: ''کتاب'' سے مراد حضرت علی علیہ السلام ہیں اس میں کوئی شک نہیں وہ پرہیزگاروں کے راہنما ہیں۔

۲۲۲۔جابر جعفی کہتے ہیں: میں نے امام باقر علیہ السلام سے کلام الٰہی ''جو بھی یادِ خدا سے منہ

پھیرے گا خداوند اس کو سخت عذاب میں مبتلا کرے گا'' کے بارے میں پوچھا فرمایا: جو بھی حضرت علیؑ سے منہ پھیرے گا خداوند اس پر سخت عذاب نازل کرے گا۔

۲۲۳۔ جعفر فزاری نقل کرتے ہیں کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے اس آیت ''کہہ دو کہ یہی میرا سیدھا راستا ہے، میں اور میرے پیروکار بصیرت کے ساتھ خدا کی طرف بلائیں گے'' کی تفسیر پوچھی تو امامؑ نے فرمایا یہاں پیروکار سے مراد علی بن ابی طالب علیہ السلام ہیں۔

۲۲۴۔ عبداللہ بن کثیر سے نقل ہوا کہ امام صادق علیہ السلام نے گفتارِ الٰہی ''قسم ہے شاہد اور مشہود کی'' کے بارے میں فرمایا: یہ دونوں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور امیر المؤمنینؑ ہیں۔

۲۲۵۔ محمد بن فضیل نے ابوالحسن علیہ السلام سے نقل کیا حضرت نے گفتارِ خداوند: ''اگر فضلِ خدا اور رحمت تم پر نہ ہوتی...'' کے بارے میں فرمایا: فضلِ خدا پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور رحمتِ خدا امیر المؤمنین علیہ السلام ہیں۔

۲۲۶۔ امام باقر علیہ السلام نے گفتارِ خداوند: ''اے مُؤمنین تقویٰ خدا اختیار کرو اور سچوں کے ساتھ ہو جاؤ'' کے بارے میں فرمایا: علی بن ابی طالب علیہ السلام کے ساتھ ہو جاؤ۔

۲۲۷۔ ابوحمزہ کہتے ہیں: امام باقر علیہ السلام سے گفتارِ خداوند: ''کہہ دو فقط تم کو ایک چیز کی نصیحت کرتا ہوں'' کے بارے میں پوچھا فرمایا: فقط تم کو ولایتِ علی بن ابی طالب علیہ السلام کی نصیحت کرتا ہوں۔ یہ وہی چیز ہے کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہوا: ''اِنَّمَآ اَعِظُکُمۡ بِوَاحِدَۃٍ''۔

۲۲۸۔ علی بن ابراہیم نے اپنے والد سے اس نے ابن ابی عمیر سے اور اس نے سماعۃ سے اور اس نے امام صادق علیہ السلام سے نقل کیا کہ حضرت نے گفتارِ خداوند: ''میرے وعدہ کی وفا کریں'' کے بارے میں فرمایا: حضرت علی بن ابی طالب علیہ السلام کی ولایت سے وفا کریں ''تا کہ میں تمہارے وعدہ کی

وفا کروں‘‘ یعنی تمہارے لیے بہشت کی وفا کروں۔

۲۲۹۔ ہمارے مولا موسیٰ بن جعفر علیہ السلام سے روایت نقل ہوئی ہے کہ گفتارِ خداوند: ’’ان کو حالتِ رکوع اور سجدہ میں دیکھ رہے ہو کہ وہ خدا کے فضل اور خوشنودی کے پیچھے ہیں اور سجدہ کے آثار ان کے چہروں پر نمایاں ہیں‘‘ یہ آیت علی علیہ السلام کی شان میں نازل ہوئی ہے۔

۲۳۰۔ ابوبصیر سے نقل ہوا اس نے کہا: امام باقر علیہ السلام نے گفتارِ خداوند ’’وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا‘‘ کے بارے میں فرمایا: ایک باپ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور دوسرے باپ حضرت علی علیہ السلام ہیں۔

۲۳۱۔ امام باقر علیہ السلام نے گفتارِ خداوند: ’’بے شک خدا کے نزدیک دین، دینِ اسلام ہے‘‘ کے بارے میں فرمایا: اسلام یعنی ولایتِ علی علیہ السلام کو قبول کرنا‘‘۔

اَلْفَصْلُ الثّانِی

فِیْ ذِکْرِ بَعْضِ مُقامَاتِہٖ وَمَنْزِلَتِہٖ فِی السّنَۃِ

۷۰۔بَعْضُ مُقامَاتِہٖ وَمَنْزِلَتِہٖ

۲۳۲۔ ... عَنْ عَلِیِّ بْنِ مُوْسیَ الرِّضَا عَنْ آبَائِہٖ عَلیھِمُ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ :خُلِقْتُ أَنَاوَعَلِیٌّ مِنْ نُوْرٍ وَاحِدٍ.(۱)

۲۳۳۔عَنِ ابنِ عبّاسٍ قَالَ :سَمِعتُ رَسُولَ اللّٰہِ صلّی اللّٰہ عَلیہِ وآلِہٖ وسَلّمَ یَقُولُ لِعَلِیٍّ عَلیہِ السّلامُ :خُلِقْتُ أنَا وَأَنْتَ مِنْ نُوْرِ اللّٰہِ تَعالٰی.(۲)

۲۳۴۔عَنْ سَلْمَانَ قَالَ :سَمِعْتُ حَبِیْبِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ :کُنْتُ أَنَا وَعَلِیٌّ نُوْرًا بَیْنَ یَدَیِ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ قَبْلَ أَنْ یَخْلُقَ اللّٰہُ آدَمَ بِأَرْبَعَۃَ عَشَرَ أَلْفِ عَامٍ، فَلَمَّا خَلَقَ اللّٰہُ آدَمَ، قَسَّمَ اللّٰہُ ذٰلِکَ النُّوْرَ جُزْئَیْنِ، فَجُزْءٌ أَنَا وَجُزْءٌ عَلِیٌّ.(۳)

۲۳۵۔بِالْإِسْنَادِ، عَنْ أَبِی عَبْدِاللّٰہِ علیہِ السّلامُ قَالَ :عَمَّمَ رَسولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ عَلِیّاًعَلَیْہِ السَّلَامُ بِیَدِہٖ، فَسَدَ لَھَامِنْ بَیْنِ یَدَیْہِ وَقَصَّرَھا مِنْ خَلْفِہٖ قَدْرَ أَرْبَعِ أَصَابِعَ، ثُمَّ قَالَ :أَدْبِرْ فَأَدْبَرَ، ثُمَّ قَالَ :أَقْبِلْ فَأَقْبَلَ،فَقَالَ (ثُمَّ قَالَ) :ھٰکَذَا تِیْجَانُ الْمَلَائِکَۃِ.(۴)

۱۔ عیون اخبار الرضا ۵۸/۲، أمالی الصدوق/ ۱۹۶، غایۃ المرام/ ۲۹

۲۔احقاق الحق ۲۵۴/۵

۳۔احقاق الحق ۲۴۳/۵، ارشاد القلوب/ ۲۱۰ باختلاف فی موارد

۴۔ البحار ۶۹/۴۲، الغدیر ۲۹۱/۱ باختلاف فی موارد

۲۳۶ ـ وَقَالَ (النَّبِيُّ)صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَنَا كَالشَّمْسِ وَعَلِيٌّ كَالْقَمَرِ وَأَهْلُ بَيْتِیْ كَالنُّجُوْمِ، بِأَيِّهِمِ اقْتَدَيْتُمِ اهْتَدَيْتُمْ.(۱)

۲۳۷ (فِیْ حَدِيثٍ) عَنْ أَبِی ذَرٍّ قَالَ :سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰه صَلَّى اللّٰه عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ :لَوْلَا أَنَا وَعَلِيٌّ مَاعُرِفَ اللّٰهُ، وَلَوْلَا أنَا وَعَلِيٌّ مَا عُبِدَ اللّٰهُ، وَلَوْلَا أَنَا وَعَلِيٌّ مَا كَانَ ثَوَابٌ وَلَا عِقَابٌ، وَلَا يَسْتُرُ عَلِيّاً عَنِ اللّٰهِ سَتْرٌ وَلَايَحْجُبُهُ عَنِ اللّٰهِ حِجَابٌ، وَهُوَ السَّتْرُ وَالْحِجَابُ فِيْمَا بَيْنَ اللّٰهِ وَبَيْنَ خَلْقِهِ).(۲)

۲۳۸ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :عَلِيٌّ أَعْظَمُ النَّاسِ عِنْدَ اللّٰهِ مَزِيَّةً.(۳)

۲۳۹ ـ عَنْ أَبِی بَصِيرٍ، عَنْ أَبِی جَعفرٍ عليهِ السَّلَامُ قَالَ :خَرَجَ أَمِيرُالْمُؤْمِنينَ عليهِ السَّلَامُ ذَاتَ لَيْلَةٍ بَعْدَعَتَمَةٍ وَهُوَ يَقُوْلُ :هَمْهَمَةٌ هَمْهَمَةٌ وَلَيْلَةٌ مُظْلِمَةٌ، خَرَجَ عَلَيْكُمُ الْإِمَامُ عَلَيْهِ قَمِيْصُ آدَمَ، وَفِیْ يَدِهِ خَاتَمُ سُلَيْمَانَ، وَعَصَا مُوْسىٰ عليهِ السَّلَامُ.(۴)

۲۴۰ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰه صلى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وسلمَ :عَلِيٌّ مُفَرِّجُ كُرْبَتِیْ.(۵)

۲۴۱ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰه صَلَّى اللّٰه عَلَيهِ وَآلِهِ وسلم:عَلِيٌّ أَبُو الْأَئِمَّةِ الطَّاهِرِيْنَ.(۶)

۲۴۲ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلمَ :عَلِيٌّ عَلَى الحَوْضِ خَلِيْفَتِیْ.(۷)

---

۱ ـ عوالی اللئالی ۸۶/۴ — ۲ ـ سليم بن قيس / ۲۴۷

۳ ـ احقاق الحق ۳۸۳/۱۵ — ۴ ـ البحار ۸۱/۱۴، الكافی ۲۳۱/۱

۵ ـ احقاق الحق ۱۷۴/۵۱ — ۶ ـ احقاق الحق ۵۸۶/۱۵

۷ ـ احقاق الحق ۲۱۹/۱۵

۲۴۳ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ :عَلِیٌّ صَاحِبُ حَوْضِی یَوْمَ الْقِیَامَةِ.(۱)

۲۴۴ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ :عَلِیٌّ آخِرُ النَّاسِ بِیْ عَهْدًا عِنْدَ الْمَوْتِ.(۲)

۲۴۵ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ لِعَلِیٍّ :جَعَلْتُکَ عَلَماً فِیْمَا بَیْنِیْ وَبَیْنَ اُمَّتِیْ.(۳)

۲۴۶ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ :عَلِیٌّ بَابُ عِلْمِیْ وَمُبَیِّنٌ لِاُمَّتِیْ مَا اُرْسِلْتُ بِهٖ مِنْ بَعْدِی، حُبُّهٗ اِیْمَانٌ وَبُغْضُهٗ نِفَاقٌ وَالنَّظُرُ اِلَیْهِ رَأْفَةٌ وَمَوَدَّتُهٗ عِبَادَةٌ.(۴)

۲۴۷ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ :عَلِیٌّ أَکْرَمُ الْخَلْقِ وَأَعَزُّهُمْ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ.(۵)

۲۴۸ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ :عَلِیٌّ أَقْرَبُ الْخَلْقِ إِلَی النَّبِیِّ.(۶)

۲۴۹ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ :عَلِیٌّ أَتْقَی النَّاسِ.(۷)

۲۵۰ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ :عَلِیٌّ أَوَّلُ مَنْ یَلْقَانِیْ عِنْدَ الْحَوْضِ.(۸)

---

۱ ـ احقاق الحق ۴/ ۲۷۰ ـ ۲ ـ احقاق الحق ۱۵/ ۴۰۳
۳ ـ احقاق الحق ۱۵/ ۶۰۶ ـ ۴ ـ ینابیع المودة / ۲۳۵
۵ ـ احقاق الحق ۱۵/ ۵۶۲ ـ ۶ ـ احقاق الحق ۱۵/ ۴۰۶
۷ ـ احقاق الحق ۱۵/ ۴۰۸ ـ ۸ ـ احقاق الحق ۱۵/ ۴۲۱

۲۵۱ـ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عليهِ وآلِهِ وَسَلَّمَ: عَلِيٌّ حُجَّةُ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيامَةِ.(۱)

۲۵۲ـ بِالْإِسْنَادِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: أَنَا وَعَلِيٌّ مِنْ شَجَرَةٍ وَاحِدَةٍ وَالنَّاسُ مِنْ أَشْجَارٍ شَتّٰى.

۲۵۳ـ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عليهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ عليهِ السَّلَامُ: أَنْتَ تُبَيِّنُ لِأُمَّتِيْ مَا اخْتَلَفُوا فِيهِ مِنْ بَعْدِيْ.(۲)

۲۵۴ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: أَنَا وَعَلِيٌّ حُجَّةُ اللّٰهِ عَلٰى عِبادِهِ.(۳)

۲۵۵ـ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عليهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ: اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ وَجِبْرِيْلُ عَنْكَ رَاضُوْنَ.(۴)

۲۵۶ـ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عليهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: عَلِيٌّ مِنِّيْ وَأَنَا مِنْهُ، فَقَالَ جَبْرَائِيلُ: يَا مُحَمَّدُ وَأَنَا مِنْكُمَا.(۵)

۲۵۷ـ وَبِالْإِسْنَادِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عليهِ السَّلَامُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: يَا عَلِيُّ! خُلِقَ النَّاسُ مِنْ شَجَرٍ شَتّٰى وَخُلِقْتُ أَنَا وأَنْتَ مِنْ شَجَرَةٍ وَاحِدَةٍ، أَنَا أَصْلُهَا وَأَنْتَ فَرْعُهَا وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ أَغْصَانُهَا وَشِيْعَتُنَا أَوْرَاقُهَا، فَمَنْ تَعَلَّقَ بِغُصْنٍ مِنْ أَغْصَانِهَا؛ أَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ.(٦)

۱ـ احقاق الحق ١٧٥/٥١ — ۲ـ المجروحين ٣٨٠/١

۳ـ ارشاد القلوب / ٢٣٦، كشف الغمة ١/١٦١، تاريخ بغداد ٨٨/٢ باختلاف يسير

۴ـ احقاق الحق ٨٣/٦، كنز العمال ١٠٧/١٣ باختلاف يسير

۵ـ أمالی الطوسی ٣٤٤/١، احقاق الحق ١٨٧/٥ باختلاف يسير

٦ـ عيون اخبار الرضا ٧٣/٢

۲۵۸ ـ عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ علیه وَ آلِهٖ وسَلَّمَ قَالَ :اَتَانِیْ جَبْرَئِیلُ علیهِ السَّلامُ فَقَالَ :اُبَشِّرُکَ یَا مُحَمَّدُ بِمَا تَجُوزُ عَلَی الصِّرَاطِ؟ قَالَ :قُلْتُ لَهٗ: بَلٰی، قَالَ :تَجُوْزُ بِنُوْرِ اللّٰهِ وَیَجُوْزُ عَلِیٌّ بِنُوْرِکَ وَنُوْرُکَ مِنْ نُوْرِ اللّٰهِ وَتَجُوْزُ اُمَّتُکَ بِنُوْرِ عَلِیٍّ، نُوْرُ عَلِیٍّ مِنْ نُوْرِکَ، وَمَنْ لَمْ یَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ مَعَ عَلِیٍّ نُورًا فَمَالَهٗ مِنْ نُوْرٍ.(۱)

۲۵۹ ـ عَنِ ابْنِ عبّاسٍ قال :قَالَ رَسوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلیهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ :صَلَّتِ الْمَلاٰئِکَةُ عَلَیَّ وَعَلٰی عَلِیٍّ سَبْعَ سِنِینَ، قِیلَ :وَلِمَ ذٰلِکَ یَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ :لَمْ یَکُنْ مَعِیَ مِنَ الرِّجَالِ غَیْرُهٗ.(۲)

۲۶۰ ـ عَنِ ابْنِ أَبِی لَیْلَی الْغِفَارِیِّ قَالَ :سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ :سَتَکُوْنُ بَعْدِیْ فِتْنَةٌ، فَإِذَا کَانَ ذٰلِکَ فَالْزَمُوْا عَلِیَّ بْنَ أَبِی طَالِبٍ فَإِنَّهٗ أَوَّلُ مَنْ یَرَانِیْ وَأَوَّلُ مَنْ یُصَافِحُنِی یَوْمَ القِیَامَةِ، وَهُوَ مَعِیَ فِی السَّمَاءِ الْعُلْیَا وَهُوَ الْفَارُوْقُ بَیْنَ الحَقِّ وَالْبَاطِلِ.(۳)

۲۶۱ ـ عَنِ الشَّعبیِّ قَالَ :قَالَ عَلِیٌّ علیهِ السَّلامُ :قَالَ لِیْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ و آلِهٖ وسَلَّمَ :مَرْحَبًا بِسَیِّدِ الْمُسْلِمِیْنَ، وَإِمَامِ الْمُتَّقِینَ فَقِیْلَ لِعَلِیٍّ :(فَمَا کَانَ ن ل) مَا شُکْرُکَ؟ قَالَ :حَمِدْتُ اللّٰهَ تَعَالٰی عَلٰی مَا آتَانِیْ، وَسَأَلْتُهُ الشُّکْرَ عَلٰی مَا أَوْلاَنِیْ وَأَنْ

۱ـ تفسیر فرات الکوفی / ۱۰۳

۲ـ کشف الغمة ۱/ ۲۹، روضة الواعظین ۱/ ۸۵، البحار ۴۰/ ۲۷، اعلام الوری/ ۱۸۵، الطرائف/ ۱۹ باختلاف یسیر، تفسیر ابوالفتوح ۱۱/ ۹ باختلاف فی موارد

۳ـ البحار ۳۸/ ۳۶، اثبات الهداة ۲/ ۲۱۸ باختلاف فی موارد

يَزِيْدَنِيْ مِمَّا أَعْطَانِي.(١)

٢٦٢ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰه عَليهِ وآلِهِ وَسَلَّمَ :يَأْتِيْ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيامَةِ بِالْأَعْمَالِ فَلَا يَنفَعُهُمْ إِلَّا مَنْ قَبِلْتُ أَنَاوَعَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ عَمَلَهُ.(٢)

٢٦٣ ـ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ عَلِيّ عَليهِ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَليهِ وَآلِهِ وسَلَّمَ :يَا عَلِيُّ !أُحِبُّ لَکَ مَا أُحِبُّ لِنَفسِيْ وَأَكْرَهُ لَکَ مَا أَكْرَهُ لِنَفْسِيْ.(٣)

٢٦٤ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عليهِ وَآلِهِ وسَلَّمَ :أَوَّلُ النَّاسِ وُرُوْدًا عَلَى الحَوْضِ وَأَوَّلُهُمْ اِسلَامًا :عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ عليهِ السَّلَامُ.(٤)

٢٦٥ ـ بِالْإِسْنَادِ عَنْ عَلِيّ عليهِ السَّلامُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَليه وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَحَبُّ أَهْلِ بَيْتِيْ إِلَيَّ وَأَفْضَلُ مَنْ أَتْرُکُ بَعْدِيْ عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ.(٥)

٢٦٦ ـ بِالْإِسْنَادِ فِيْ حَدِيْثٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وسَلَّمَ :يَا عَلِيُّ! أَنْتَ أَفْضَلُ أُمَّتِيْ فَضْلًا وَأَقْدَمُهُمْ سِلْمًا وَأَكْثَرُهُمْ عِلْمًا وَأَوْفَرُهُمْ حِلْمًا وَأَشْجَعُهُمْ قَلْبًا وَأَسْخَاهُمْ كَفًّا.(٦)

---

١ ـ حلية الاولياء ١/١٠٦، والامام علی بن ابی طالب ٢/٢٤٠، جامع احاديث للسيوطی ٢٧٥/١٦، اليقين / ١٧٤ باختلاف فی موارد

٢ ـ احقاق الحق ١٣٢/٧

٣ ـ احقاق الحق ٥٥٦/٦، فضائل الخمسة ١٨٣/٢، فرائد السمطين ٢١٦/١، عيون اخبار الرضا٢/٦٨ باختلاف فی موارد

٤ ـ ينابيع المودة / ٦١

٥ ـ امالی الصدوق / ٣٨٥، غاية المرام / ٤٥٤، البحار ١٦/٣٨

٦ ـ امالی الصدوق / ٤٧، ينابيع المودة / ٢٤، البحار ٩٠/٣٨، اثبات الهداة ٢/٤٩ باختلاف فی موارد

٢٦٧ ـ عَنْ جعفر بنِ محمدٍ، عَن أبيه عليهمُ السّلامُ عن جابرٍ قال :كُنْتُ أَنَا وَالْعَبّاسُ جَالِسَيْنِ عِنْدَالنَّبِيّ صلّى اللّهُ عليْهِ وَ آلِهِ وَسَلَّمَ إِذْ دَخَلَ عَلِيٌّ عليهِ السّلامُ فَسَلَّمَ فَرَدَّ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّهُ عليهِ وَ آلِهِ وسَلَّمَ السَّلامَ وَقامَ إِلَيْهِ وَعانَقَهُ وَقَبَّلَ مابَيْنَ عَيْنَيْهِ وَأَجْلَسَهُ عَنْ يَمِيْنِهِ، فقَالَ الْعَبّاسُ :يا رَسُولَ اللّهِ اَتُحِبُّهُ؟ فَقَالَ :يَا عَمُّ وَاللّهِ ! اَللّهُ أَشَدُّ حُبّا لَهُ مِنّيْ، إِنَّ اللّهَ عَزَّوَجَلَّ جَعَلَ ذُرِيَّةَ كُلّ نَبِيّ فِيْ صُلْبِهِ، وَجَعَلَ ذُرِيَّتِي فِيْ صُلْبِ عَلِيٍّ.(١)

٢٦٨ ـ قالَ رَسُوْلُ اللّه صَلّى اللّهُ عليه وآله وسلّمَ :أَعْطَانِي اللّهُ تعالَى خَمْسًا؛ وَأَعْطَى عَلِيًّا خَمْسًا :أَعْطَانِي جَوامِعَ الْكَلِمِ، وَأَعْطَى عَلِيًّا جَوامِعَ الْعِلْمِ .وَجَعَلَنِيْ نَبِيًّا وَجَعَلَهُ وَصِيًّا .وَأَعْطَانِي الْكَوْثَرَ وَأَعْطَاهُ السَّلْسَبِيْلَ، وَأَعْطَانِي الْوَحْيَ وَأَعْطَاهُ الْإِلْهامَ وَاُسْرِيَ بِي إِلَى السَّماءِ ، وَفَتَحَ لَهُ أَبْوابَ السَّماوَاتِ وَالْحُجُبَ.(٢)

٢٦٩ ـ قالَ رَسُوْلُ اللّهِ صَلَّى اللّهُ عليه وآله وسلّمَ لِعليّ :يا عَلِيُّ !اُوْتِيْتَ ثَلاثاً لَمْ يُؤْتَهُنَّ أَحَدٌ وَلا أَنَا، اُوْتِيتَ صِهْرا مِثْلِي وَلَمْ اُوتَ أَنا مِثْلِي، وَاُوتيتَ صدّيقةً مِثْلَ بِنْتِي وَلَمْ اُوتَ مِثْلَهَا زَوْجَةً، وَاُوتِيتَ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ مِنْ صُلْبِكَ وَلَمْ اُوتَ مِنْ صُلْبِي مِثْلَهُمَا وَلٰكِنَّكُمْ مِنّيْ وَأَنَا مِنكُمْ.(٣)

٢٧٠ ـ وَقَدْ رَوَى الْبَيْهَقِيُّ يَرْفَعُهُ بِسَنَدِهِ إِلىٰ رَسُولِ اللّه صَلّى اللّه عليه وآلِهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَالَ :مَنْ أَرَادَ أَنْ يَنْظُرَإِلىٰ آدَمَ فِي عِلْمِهِ وإِلىٰ نُوحٍ فِي تَقْوَاهُ وَإِلىٰ إِبْرَاهِيمَ فِيْ

---

١ ـ احقاق الحق ٧/٥

٢ ـ روضة الواعظين ١/١٠٩، انوار الهداية / ١٣٣

٣ ـ احقاق الحق ٤/٢٤٤، مناقب آل ابيطالب ٣/٢٦٢ باختلاف في موارد

حِلْمِهِ وَإِلٰی مُوسٰی فِیْ هَیْبَتِهِ وَإِلٰی عِیْسٰی فِیْ عِبادَتِهِ فَلْیَنْظُرْ إِلٰی عَلِیِّ بْنِ أَبِی طَالِبٍ.(١)

٢٧١ ـ عَنِ ابْنِ عَبّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ علیه و آله وَسَلَّمَ: مَنْ أَرَادَ أَنْ یَنْظُرَ إِلٰی إِبْرَاهِیمَ فِیْ حِلْمِهِ وَإِلٰی نُوحٍ فِی حُکْمِهِ وَإِلٰی یُوسُفَ فِی جَمَالِهِ فَلْیَنْظُرْ إِلٰی عَلِیّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ.(٢)

٢٧٢ ـ (وَرُوِیَ) اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلیهِ و آلِهِ وَسَلَّمَ نَظَرَ ذَاتَ یَوْمٍ إِلٰی عَلِیِّ بْنِ أَبِی طَالِبٍ علیه السّلامُ وَحَوْلَهُ جَمَاعَةٌ مِّنْ أَصْحابِهِ فَقَالَ: مَنْ أَحَبَّ أَنْ یَنْظُرَ إِلٰی یُوْسُفَ فِیْ جَمَالِهِ، وَإِلٰی إِبْرَاهِیمَ فِیْ سَخَائِهِ وَإِلٰی سُلَیْمَانَ فِیْ بَهْجَتِهِ، وَإِلٰی دَاوُدَ فِیْ قُوَّتِهِ، فَلْیَنْظُرْ إِلٰی هٰذَا.(٣)

٢٧٣ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: عَلِیٌّ أَخُوا الْمَلائِکَةِ الْمُقَرَّبِیْنَ.(٤)

٢٧٤ ـ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ أَبِی طَالِبٍ عَلیهِ السَّلامُ فِیْ قَوْلِهِ (تَعَالٰی): أَلْقِیَا فِیْ جَهَنَّمَ کُلَّ کَفَّارٍ عَنِیْدٍ قَالَ: فَقَالَ النَّبِیّ صَلَّی اللّٰهُ عَلیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی إِذَا جَمَعَ النَّاسَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ فِیْ صَعِیْدٍ وَّاحِدٍ؛ کُنْتُ أَنَا وَأَنْتَ یَا عَلِیُّ یَوْمَئِذٍ عَنْ یَمِیْنِ الْعَرْشِ فَیَقُوْلُ اللّٰهُ لِیْ وَلَکَ: قُوْمَا فَأَلْقِیَا مَنْ أَبْغَضَکُمَا وَخَالَفَکُمَا وَکَذَّبَکُمَا فِی النَّارِ.(٥)

٢٧٥ ـ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ عَبْدِالسّلامِ بنِ صَالِحِ الْهَرَوِیِّ، عَنْ عَلِیِّ بنِ مُوسَی الرِّضَا عَنْ آبائِهِ علیهمُ السّلامُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: مَا خَلَقَ اللّٰهُ

١ ـ کشف الغمة ١/١١٣، المحجة البیضاء ١٩٢/٤، البحار ٣٩/٣٩
٢ ـ ذخائر العقبیٰ / ٩٤
٣ ـ روضة الواعظین ١٢٨/١
٤ ـ احقاق الحق ٢٣٤/١٥
٥ ـ تفسیر الفرات / ١٦٦

خَلْقاً أَفْضَلُ مِنِّيْ وَلَا أَكْرَمُ عَلَيْهِ مِنِّيْ، قَالَ عَلِيٌّ عليه السَّلامُ :فَقُلْتُ :يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَأَنْتَ أَفْضَلُ أَمْ جَبْرَئِيلُ؟ فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيه وَآلِهِ وَسَلَّمَ :يَا عَلِيُّ إِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى فَضَّلَ أَنْبِيَاءَهُ الْمُرْسَلِينَ عَلٰى مَلَائِكَتِهِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَفَضَّلَنِيْ عَلٰى جَمِيْعِ النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِينَ وَالْفَضْلُ بَعْدِيْ لَكَ يَا عَلِيُّ وَلِلْأَئِمَّةِ مِنْ بَعْدِكَ فَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَخُدَّامُنَا وَخُدَّامُ مُحِبِّيْنَا، يَا عَلِيُّ، اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهُ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ آمَنُوْا بِوِلَايَتِنَا، يَا عَلِيُّ لَوْلَا نَحْنُ مَا خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ وَلَا حَوَّاءَ، وَلَا الْجَنَّةَ وَلَا النَّارَ، وَلَا السَّمَاءَ وَلَا الْأَرْضَ، وَكَيْفَ لَا نَكُوْنُ أَفْضَلَ مِنَ الْمَلَائِكَةِ وَقَدْ سَبَقْنَاهُم إِلَى التَّوْحِيْدِ وَمَعْرِفَةِ رَبِّنَا عَزَّوَجَلَّ وَتَسْبِيْحِهِ وَتَقْدِيْسِهِ وَتَهْلِيلِهِ....(۱)

۲۷۶۔ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ جَعْفَرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ آبَائِهِ عَلَيهِمُ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهِ وَسَلَّمَ :إِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى إِذَا جَمَعَ النَّاسَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَعَدَنِي الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ وَهُوَ وَافٍ لِّيْ بِهِ، إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ نُصِبَ مِنْبَرٌ لَهُ أَلْفُ دَرَجَةٍ لَا كَمَرَاقِيْكُمْ فَأَصْعَدُ حَتّٰى أَعْلُوَ فَوْقَهُ فَيَأْتِيْنِيْ جَبْرَئِيلُ بِلِوَاءِ الْحَمْدِ فَيَضَعُهُ فِيْ يَدِيْ وَيَقُوْلُ :يَا مُحَمَّدُ! هٰذَا الْمَقَامُ الْمَحْمُوْدُ الَّذِيْ وَعَدَكَ اللّٰهُ .فَأَقُوْلُ لِعَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ: اِصْعَدْ فَيَكُوْنُ أَسْفَلَ مِنِّيْ بِدَرَجَةٍ فَأَضَعُ لِوَائِي الْحَمْدَ فِيْ يَدِكَ، ثُمَّ يَأْتِيْ رِضْوَانُ بِمَفَاتِيْحِ الْجَنَّةِ فَيَقُوْلُ :يَا مُحَمَّدُ !هٰذَا الْمَقَامُ الْمَحْمُوْدُ الَّذِيْ وَعَدَكَ اللّٰهُ فَيَضَعُهَا فِيْ يَدِيْ فَأَضَعُهَا فِيْ حِجْرِ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ ثُمَّ يَأْتِيْ مَالِكُ خَازِنُ النَّارِ فَيَقُوْلُ :يَا مُحَمَّدُ! هٰذَا الْمَقَامُ الْمَحْمُوْدُ الَّذِيْ وَعَدَكَ اللّٰهُ، هٰذِهِ مَفَاتِيْحُ النَّارِ أَدْخِلْ عَدُوَّكَ وَعَدُوَّ ذُرِّيَّتِكَ وَعَدُوَّ أُمَّتِكَ النَّارَ فَآخُذُهَا وَأَضَعُهَا فِيْ حِجْرِ عَلِيٍّ، فَالنَّارُ وَالْجَنَّةُ يَوْمَئِذٍ أَسْمَعُ

۱۔ کمال الدین ۲۵۴/، رواه فی المحجة البیضاء ۲۲۶/۱

لِی وَلِعَلِیٍّ عَلیهِ السَّلامَ مِنَ الْعَرُوسِ لِزَوْجِها،فَهُوَ قَوْلُ اللّهِ تَبارَکَ وَتَعالیٰ أَلْقِیا فِیْ جَهَنَّمَ کُلَّ کَفّارٍ عَنِیدٍ أَلْقِ یا مُحَمَّدُ وَیا عَلِیُّ اعَدُوَّکُمافِی النّارِ، ثُمَّ أَقُومُ فَأُثْنِیْ عَلَی اللّهِ ثَناءً لَمْ یُثْنِ عَلَیْهِ أَحَدٌ قَبْلِیْ، ثُمَّ أُثْنِیْ عَلَی الْمَلائِکَةِالْمُقَرَّبِینَ، ثُمَّ أُثْنِیْ عَلَی الْاَنْبِیاءِ الْمُرْسَلِینَ....(١)

٢٧٧ ـ قالَ رَسُولُ اللّهِ صَلَّی اللّهُ عَلیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :عَلِیٌّ سَعِیدٌ فِی الدُّنیا وَمِنَ الصّالِحِینَ فِی الآخِرَةِ.(٢)

٢٧٨ ـعَنْ عَلیٍّ عَلَیهِ السَّلامُ قالَ :قالَ رَسُولُ اللّهِ صَلَّی اللّهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :عَلِیٌّ یَعْسُوْبُ الْمُؤْمِنِینَ، وَالْمالُ یَعْسُوبُ الْمُنافِقِینَ.(٣)

٢٧٩ ـ قالَ رَسُوْلُ اللّهِ صَلَّی اللّهُ عَلیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :عَلِیٌّ عِتْرَةُ رَسُولِ اللّهِ.(٤)

٢٨٠ ـ قالَ رَسُولُ اللّهِ صَلَّی اللّه عَلیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ:عَلِیٌّ خَیْرُ أَهْلِ رَسُولِ اللّهِ.(٥)

٢٨١ ـ قالَ رَسُوْلُ اللّه صَلَّی اللّهُ عَلیه وآله وسَلَّمَ :عَلِیٌّ خَیْرُ إِخْوَتِی.(٦)

٢٨٢ ـ بِالْإِسْنادِ، حَدَّثَنا أَنَسُ بْنُ مالِکٍ قالَ:بَعَثَنِیْ رَسُولُ اللّه صَلَّی اللّهُ عَلیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اِلیٰ أَبِیْ بَرزَةَالْأَسْلَمِیِّ:فَقالَ لَهُ :وَأَنا أَسْمَعُهُ :یا أَبا بَرْزَةَ إِنَّ رَبَّ الْعالَمِیْنَ تَعالیٰ عَهِدَ إِلَیَّ فِیْ عَلِیِّ بْنِ أَبِی طالِبٍ عَهْدًا فَقالَ :عَلِیٌّ رایَةُ الْهُدیٰ، وَمَنارُ الْاِیْمانِ

---

١ ـ تفسیر الفرات / ١٦٧ ۲ ـ احقاق الحق ١٥ / ٥٢٣

٣ ـ البحار ٤٠ / ٢٥، الغدیر ٨ / ٨٩، الیقین / ١٧٢

٤ ـ احقاق الحق ١٥ / ٥٦١ ٥ ـ احقاق الحق ١٥ / ٢٥٥

٦ ـ احقاق الحق ١٥ / ٢٥٩

وَإِمامُ أَوْلِيائی وَنورُ جَميعِ مَنْ أَطاعَنی، يا أَبا بَرْزَةَ! عَلِیُّ بْنُ أَبی طالِبٍ مَعِیَ غَداً فِی الْقِيامَةِ عَلى حَوْضی وَصاحِبُ لِوائی وَمَعِی غَداً عَلى مَفاتيحِ خَزائِنِ جَنَّةِ رَبّی.(١)

٢٨٣ ـ بالإسنادِ، عَنْ زَيدِ بنِ عَلِیٍّ عَنْ أَبيهِ عَنْ آبائِهِ عَنْ عَلِیٍّ عليه السَّلامُ قالَ: كانَ لی عَشَرَةٌ مِنْ رَسُولِ اللّهِ صلّى اللّهُ عليه وآلِهِ وَسلَّمَ ما اُحِبُّ أَنَّ لی بِإِحْداهُنَّ ما طَلَعَتْ عَلَيهِ الشَّمْسُ قال لی: يا عَلِیُّ أَنْتَ أَخی فِی الدُّنيا وَالآخِرَةِ، وَأَقْرَبُ الْخَلائِقِ مِنّی فی الْمَوْقِفِ يَوْمَ الْقِيامَةِ، وَمَنْزِلی يُواجِهُ مَنْزِلَكَ فِی الْجَنَّةِ كَما يَتَواجَهُ مَنْزِلُ الأَخَوَيْنِ فِی اللّهِ، وَأَنْتَ الْوَلِیُّ، وَالْوَزيرُ، وَالْوَصِیُّ، وَالْخَليفَةُ فِی الأَهْلِ وَالْمالِ وَفِی الْمُسْلِمينَ فی كُلِّ غَيْبَةٍ، وَأَنْتَ صاحِبُ لِوائی فِی الدُّنيا وَالآخِرَةِ، وَلِيُّكَ وَلِيّی وَوَلِيّی وَلِیُّ اللّهِ وَعَدُوُّكَ عَدُوّی وَعَدُوّی عَدُوُّ اللّهِ تَعالى.(٢)

٢٨٤ ـ قالَ عَلِیٌّ عليه السَّلامُ: كانَتْ لی مَنْزِلَةٌ مِنْ رَسُولِ اللّهِ صَلَّى اللّهُ عليهِ وآلِه وسَلَّمَ لَمْ تَكُنْ لِأَحَدٍ مِنَ الْخَلائِقِ، فَكُنْتُ آتيهِ كُلَّ سَحَرٍ فَأَقُولُ: اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يا نَبِیَّ اللّهِ، فَإِنْ تَنَحْنَحَ انْصَرَفْتُ إِلى أَهْلی، وَإِلّا دَخَلْتُ عَلَيْهِ.(٣)

٢٨٥ ـ قال رَسُولُ اللّهِ صَلَّى اللّهُ عليه وآله وَسَلَّمَ لِعَلِیٍّ عليه السَّلامُ وَضَرَبَ بَيْنَ كَتِفَيْهِ، يا عَلِیُّ! لَكَ سَبْعُ خِصالٍ لايُحاجُّكَ فيهِنَّ أَحَدٌ يَوْمَ الْقِيامَةِ: أَنْتَ أَوَّلُ الْمُؤْمِنينَ بِاللّهِ ايماناً، وَأَوْفاهُمْ بِعَهْدِ اللّهِ، وَأَقْوَمُهُمْ بِأَمْرِ اللّهِ، وَأَرْأَفُهُمْ بِالرَّعِيَّةِ، وَأَقْسَمُهُمْ بِالسَّوِيَّةِ، وأَعْلَمُهُمْ بِالْقَضِيَّةِ، وَأَعْظَمُهُمْ مَزِيَّةً يَوْمَ الْقِيامَةِ.(٤)

---

١ ـ تاريخ بغداد ١٠٢/١٤
٢ ـ تيسير المطالب / ٦٥
٣ ـ خصائص امير المؤمنين عليه السلام / ١١٢
٤ ـ حلية الأولياء ١٠٦/١

۲۸۶ ـ عَنْ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلامُ قَالَ :مَا رَمَدتُّ مُنْذُ تفَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِيْ عَيْنِیْ.(۱)

۲۸۷ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :عَلِيٌّ أَمِيْنِیْ.(۲)

۲۸۸ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :عَلِيٌّ أَوْفَى النَّاسِ بِعَهْدِ اللّٰهِ.(۳)

۲۸۹ ـ عَنْ عُمَرَ، قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :يَقُوْلُ لِعَلِيٍّ(عَلَيهِ السَّلَامُ) :يَا عَلِيُّ اِيَدُكَ فِيْ يَدِيْ تَدْخُلُ مَعِيَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَيْثُ أَدْخُلُ.(۴)

۲۹۰ ـ عَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ :أَنْتَ نَجْمُ بَنِيْ هَاشِمٍ.(۵)

۲۹۱ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :عَلِيٌّ أَفْضَلُ أُمَّتِيْ عِنْدَاللّٰهِ.(۶)

---

۱ ـ مسند احمد بن حنبل ۱/۱۲۵

۲ ـ احقاق الحق ۱۵/۵۶۰

۳ ـ احقاق الحق ۱۵/۳۸۷

۴ ـ احقاق الحق ۶/۲۹۹

۵ ـ البحار ۲۴/۸۲

۶ ـ احقاق الحق ۱۵/۶۰۴، المسترشد / ۲۷۸، واثبات الهداة ۲/۲۷۸ باختلاف يسير

دوسری فصل

احادیث میں حضرت علی علیہ السلام کا مقام اور منزلت

۲۳۲۔امام رضا علیہ السلام نے اپنے اَجداد سے نقل کیا کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں اور علیؑ ایک نور سے خلق کیے گئے ہیں۔

۲۳۳۔ابن عباس کہتے ہیں میں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا آنحضرتؐ نے علی علیہ السلام سے فرمایا میں اور تم خداوند کے نور سے خلق کیے گئے ہیں۔

۲۳۴۔سلمان کہتے ہیں میں نے اپنے حبیب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا آپؐ نے فرمایا: آدمؑ کے خلق ہونے سے چودہ ہزار سال پہلے میں اور علیؑ بارگاہِ خداوندِ بزرگ میں ایک نور تھے جس وقت خدا نے آدمؑ کو خلق کیا اس نور کے دو حصے کیے ایک میں اور دوسرا حصہ علی علیہ السلام ہیں۔

۲۳۵۔امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے دستِ مبارک سے علی علیہ السلام کے سر پر عمامہ باندھا اس کی ایک طرف کو آگے لٹکا دیا اور دوسری طرف کو پشت سر چار انگلیوں کے برابر چھوٹا بنایا اس کے بعد ان سے فرمایا: چلیے: علی علیہ السلام چل دیے پھر فرمایا: آیئے علی علیہ السلام آئے پھر فرمایا: فرشتوں کا تاج اس طرح ہے۔

۲۳۶۔پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں آفتاب کی مثل ہوں اور علی علیہ السلام مہتاب کی مانند ہیں اور

میرا خاندان ستاروں کی مثل ہے، ان میں سے جس کی بھی پیروی کی ہدایت پالو گے۔

۲۳۷۔ ابوذر کہتے ہیں: میں نے رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا فرمایا: اگر میں اور علی علیہ السلام نہ ہوتے تو خدا کی پہچان نہ ہوتی اور اگر میں اور علی علیہ السلام نہ ہوتے تو خدا کی پرستش نہ ہوتی اور اگر میں اور علی علیہ السلام نہ ہوتے تو سزا اور جزا نہ ہوتی۔ کوئی بھی پردہ علی علیہ السلام اور خدا کے درمیان وجود نہیں رکھتا اور ان کے درمیان کوئی حجاب نہیں ہوگا، بلکہ علی علیہ السلام خدا اور اس کی مخلوق کے درمیان پردہ اور حجاب ہے۔

۲۳۸۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام خدا کے نزدیک لوگوں میں بلند مرتبہ کا مالک ہے۔

۲۳۹۔ ابوبصیر نے امام باقر علیہ السلام سے نقل کیا کہ انہوں نے فرمایا: ایک رات امیر المومنینؑ رات کا کچھ حصہ گذر چکا تھا گھر سے باہر آئے اور فرمایا: شور و غل ہے اور رات اندھیری ہے! تمہارا پیشوا آدمؑ کا لباس پہن کر اور سلیمانؑ کی انگوٹھی اور موسیٰؑ کا عصا لے کر تمہارے لیے گھر سے باہر نکلا ہے۔

۲۴۰۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام میرے غم کو دور رکھتا ہے۔

۲۴۱۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام ائمۂ معصومین علیہم السلام کا باپ ہے۔

۲۴۲۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام حوضِ کوثر پر میرا جانشین ہے۔

۲۴۳۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام قیامت کے دن میرے حوض کے مالک ہیں۔

۲۴۴۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام وہ آخری فرد ہے جس سے میں رحلت کے وقت ہم کلام ہوں گا۔

۲۴۵۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا: میں نے تم کو اپنے اور امت کے درمیان نشانہ ظاہر قرار دیا ہے۔

۲۴۶۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام میرے علم کا دروازہ ہے اور جو کچھ میرے بعد بھیجا گیا ہے میری امت کے لیے بیان کرے گا اُس کی دوستی علامتِ ایمان اور اس کی دشمنی نفاق کی علامت ہے اس کی طرف نگاہ کرنا مایۂ مہربانی اور اس کی مَودّت عبادت ہے۔

۲۴۷۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام میرے نزدیک لوگوں میں سے قابلِ احترام اور عزّت مند ہے۔

۲۴۸۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام لوگوں میں سے میرے قریب تر ہے۔

۲۴۹۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام لوگوں میں سے متّقی اور پرہیزگار ہے۔

۲۵۰۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام وہ پہلا فرد ہے جو حوضِ کوثر کے کنارے میرا دیدار کرے گا۔

۲۵۱۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام قیامت کے دن خدا کی حجّت ہے۔

۲۵۲۔ جابر سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں اور علی علیہ السلام ایک درخت سے ہیں اور لوگ مختلف درختوں سے۔

۲۵۳۔ حَسَن نے اَنَس سے اور اس نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا آنحضرتؐ نے حضرت علیؑ سے فرمایا: تو میری امت کے لیے جو چیز میرے بعد باعثِ اختلاف ہوگی بیان کرے گا۔

۲۵۴۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں اور علی علیہ السلام حجّتِ خدا ہیں اس کی مخلوق پر۔

۲۵۵۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا: خدا، پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور جبرئیلؑ تم سے

راضی ہیں۔

۲۵۶۔ابوسعید خُدری سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام مجھ میں سے ہے اور میں علی علیہ السلام میں سے ہوں۔ جبرئیلؑ نے کہا: یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میں تم میں سے ہوں۔

۲۵۷۔علی علیہ السلام سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یاعلی علیہ السلام! لوگ مختلف درختوں سے خلق کیے گئے ہیں اور میں اور تم ایک درخت سے خلق ہوئے ہیں' میں اس کی جڑ اور تم اس کا تنا ہو، حَسَن اور حُسین علیہما السلام اس کی شاخیں اور ہمارے شیعہ اس کے پتّے ہیں جو بھی ان شاخوں میں سے کسی ایک کے ساتھ لٹک جائے گا خدا اس کو بہشت میں داخل کرے گا۔

۲۵۸۔ابوہریرہ سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جبرئیلؑ میرے پاس آئے اور کہا: یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آیا میں تم کو خوشخبری سناؤں کہ تم کس چیز کے توسّل سے پُلِ صراط عبور کرو گے؟ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے کہا جی ہاں۔ جبرئیل نے کہا: خدا کے نور کے توسّل سے گزرو گے اور علی علیہ السلام تمہارے نور کے توسّل سے گذریں گے کیونکہ تمہارا نور خدا کا نور ہے اور تمہاری امت علیؑ کے نور کے توسّل سے عبور کرے گی۔ کیونکہ علی علیہ السلام کا نور تمہارا نور ہے اور جس کے نور کو خدا علی علیہ السلام کے ساتھ قرار نہیں دے گا اس کے پاس کوئی نور بھی نہیں ہوگا۔

۲۵۹۔ابن عباس سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: فرشتوں نے سات سال مجھ پر اور علی علیہ السلام پر درود بھیجا۔ آنحضرتؐ سے پُوچھا گیا: کس لئے؟ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اِس لے کہ مَردوں میں اس کے سوا میرے ساتھ کوئی اَور نہیں تھا۔

۲۶۰۔ابن ابی لیلیٰ غفاری کہتے ہیں کہ میں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا انہوں نے فرمایا: میرے بعد فتنہ کھڑا ہوگا۔ اس وقت علی علیہ السلام کے ساتھ رہو ۔ کیونکہ وہ پہلا فرد ہے جو مجھے دیکھے گا

اور پہلا فرد ہے جو قیامت کے دن مجھ سے مصافحہ کرے گا۔ وہ بلندتر آسمان پر میرے ساتھ ہے وہ حق اور باطل کے درمیان جدائی پیدا کرے گا۔

۲۶۱۔ شعبی سے نقل ہوا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: آفرین ہو مسلمانوں کے سرور اور پرہیزگاروں کے پیشوا پر۔ علی علیہ السلام سے کہا گیا کیسے اس نعمت کا شکر ادا کرو گے؟ فرمایا: جو کچھ خدا نے مجھے عطا کیا ہے اس کا شکر کروں گا اور اس سے التماس کی ہے کہ مجھے اپنی نعمتوں کے شکر ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور اپنی نعمتوں کو مجھ پر زیادہ کرے۔

۲۶۲۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن لوگ اپنے اعمال کے ساتھ واردِ محشر ہوں گے فقط اس کا عمل فائدہ مند ہے جس کے عمل کو میں اور علی علیہ السلام نے قبول کیا ہوگا۔

۲۶۳۔ علی علیہ السلام نے فرمایا: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: یا علیؑ! جس چیز کو میں اپنے لیے پسند کرتا ہوں تمہارے لیے بھی پسند کرتا ہوں اور جس چیز کو میں اپنے لیے پسند نہیں کرتا تمہارے لیے بھی پسند نہیں کروں گا۔

۲۶۴۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی بن ابی طالب علیہ السلام پہلے فرد ہیں جو حوضِ کوثر میں داخل ہوں گے اور پہلے فرد ہیں جس نے اسلام قبول کیا ہے۔

۲۶۵۔ حضرت علی علیہ السلام سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی بن ابی طالب علیہ السلام میرے نزدیک میرے خاندان میں سے محبوب ترین فرد ہے اور اتنے اونچے مقام والا ہے کہ میں اس کو اپنے بعد جانشین بنا رہا ہوں۔

۲۶۶۔ حدیث میں نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا: یا علی علیہ السلام! تم فضیلت کے لحاظ سے میری امّت میں برترین فرد ہو اور صلح اور دوستی کے لحاظ سے سب سے آگے ہو

تم ان سب سے عاقل، دلیر، علیم اور مہربان ہو۔

۲۶۷۔ جعفر بن محمد نے اپنے والد سے اور انہوں نے جابر سے نقل کیا اس نے کہا: میں اور عباس پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، اسی وقت حضرت علی علیہ السلام داخل ہوئے اور سلام کیا۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سلام کا جواب دیا اور کھڑے ہو کر ان سے مصافحہ کیا اور ان کی پیشانی کا بوسہ لیا اور ان کو اپنی دائیں جانب بٹھایا عباس نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ ان کو دوست رکھتے ہیں؟ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: چچا جان خدا کی قسم! خدا اس کو بہت زیادہ دوست رکھتا ہے۔ خدا نے ہر ایک پیغمبر کی نسل کو اس پیغمبر کی صُلب میں قرار دیا ہے اور میری نسل کو علی علیہ السلام کی صُلب میں قرار دیا ہے۔

۲۶۸۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خداوند نے مجھے پانچ بخششیں اور علی علیہ السلام کو بھی پانچ بخششیں عطا کی ہیں مجھے گفتگو جامع اور علی علیہ السلام کو دانش جامع عطا کی مجھے پیغمبر اور ان کو وصی قرار دیا ہے اور مجھے کوثر اور ان کو سلسبیل عطا کی مجھے وحی سے اور ان کو الہام سے نوازا ہے مجھے رات کو آسمان پر لے گئے اور علی علیہ السلام کے لئے آسمان کے دروازے اور پردے کھلے ہوئے ہیں۔

۲۶۹۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا: یا علیؑ! تم کو تین ایسی خصوصیات عطا کی گئی ہیں جو کسی اور کو اور مجھے عطا نہیں کی گئیں مجھ جیسا تمہاری ہمسر کا باپ ہے اور میں اس طرح نہیں ہوں تم میری بیٹی صدیقہ کے شوہر ہو اور میں اس کی نظیر نہیں ہوں اور تم اپنے صلب میں حسن اور حسین علیہما السلام رکھتے ہو کہ میں ان دونوں کی مانند اپنی صلب میں نہیں رکھتا۔ لہذا آپ سب مجھ میں سے ہیں اور میں تم میں سے ہوں۔

۲۷۰۔ بیہقی نے اپنی سند سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا آنحضرتؐ نے فرمایا: جو کوئی بھی یہ چاہتا ہے کہ علم آدمؑ اور پرہیزگاری نوحؑ اور بردباری ابراہیمؑ اور عظمت موسیٰؑ اور عبادت عیسیٰؑ پر

نظر کرے تو وہ علی بن ابی طالب علیہ السلام پر نگاہ کرے۔

۲۷۱۔ ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ نے فرمایا: جو حضرت ابراہیمؑ کی بُردباری، حضرت نوحؑ کی فرمانبرداری اور حضرت یوسفؑ کا حسن دیکھنا چاہے وہ علی علیہ السلام کے چہرے کو دیکھے۔

۲۷۲۔ روایت میں نقل ہوا ہے کہ ایک دن رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس چند اصحاب بیٹھے ہوئے تھے، آنحضرت نے علی بن ابی طالب علیہ السلام پر نگاہ کی اور فرمایا: جو کوئی بھی یہ پسند کرتا ہے کہ جمالِ یوسفؑ اور سخاوتِ ابراہیمؑ اور حشمتِ سلیمانؑ اور قدرتِ داؤدؑ پر نگاہ کرے تو وہ اس مرد پر نگاہ کرے۔

۲۷۳۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام مقرب فرشتوں کا بھائی ہے۔

۲۷۴۔ علی بن ابی طالب علیہ السلام نے گفتارِ خداوند: "اَلْقِيَا فِي جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ" کے بارے میں نقل کیا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن جس وقت خداوند لوگوں کو ایک میدان میں جمع کرے گا تو یا علی علیہ السلام! میں اور تم عرش کے دائیں طرف مستقر ہوں گے، اس وقت خداوند مجھ سے اور تم سے کہے گا: کھڑے ہو جاؤ اور اپنے دشمنوں اور مخالفین اور منکروں کو آگ میں پھینک دو۔"

۲۷۵۔ عبدالسلام بن صالح ہروی نے امام رضا علیہ السلام سے اور حضرتؑ نے اپنے اَجداد علیہم السلام سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خداوند نے مجھ سے بہتر اور پُرفضیلت کسی اَور کو خلق نہیں کیا۔ علی علیہ السلام نے فرمایا میں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپؐ افضل ہیں یا جبرئیلؑ؟ فرمایا: یا علی علیہ السلام! خداوند نے اپنے بھیجے ہوئے پیغمبروں کو اپنے مقرب فرشتوں پر برتری عطا کی ہے اور مجھے تمام پیغمبروں اور رسولوں پر برتری عطا کی ہے اور میرے بعد یہ برتری تمہیں اور تمہارے

بعد ائمہ کو نصیب ہوگی۔ ملائکہ ہمارے اور ہمارے محبین کے خدمتگوار ہیں' یا علیؑ! جو عرش کو اٹھاتے ہیں اور اس کے اطراف میں موجود ہیں یہ سب اپنے پرودگار کی تسبیح و تقدیس کرتے ہیں اور اُن کے لئے جنہوں نے ہماری ولایت کو قبول کیا ہے مغفرت طلب کرتے ہیں۔ یا علیؑ! اگر ہم نہ ہوتے تو خداوند آدمؑ اور حوّا کو خلق نہ کرتا اور بہشت اور دوزخ اور آسمان و زمین کو خلق نہ کرتا۔ کس طرح ہم فرشتوں پر برتر نہ ہوں جب کہ ہم توحید اور معرفتِ پروردگار اور تسبیح و تقدیس میں ان سے مقدّم تھے۔

۲۷۶۔ امام صادق علیہ السلام نے اپنے والدِ گرامی سے انہوں نے اپنے اَجدادِ بزرگوار سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن جس وقت خداوند لوگوں کو جمع کرے گا میرے ساتھ پسندیدہ مقام کا وعدہ کیا جائے گا اور اس وعدہ کی وفا کی جائے گی۔ جب قیامت کا دن آپہنچے گا، ایک منبر لگایا جائے گا جس کی ہزار سیڑھیاں ہوں گی اور وہ آپ کے منبر کی مانند نہیں ہے میں اس منبر پر بیٹھ جاؤں گا اور جبرئیلؑ پرچمِ حمد کو میرے ہاتھ میں دے گا اور کہے گا: یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! یہ وہی پسندیدہ مقام ہے جس کا خدا نے آپؐ کے ساتھ وعدہ کیا تھا۔ بس میں علی علیہ السلام سے کہوں گا: اوپر آجائیں: علی علیہ السلام مجھ سے ایک سیڑھی نیچے بیٹھ جائیں گے اور میں یہ پرچمِ حمد ان کو دے دوں گا اس کے بعد ''رضوان'' بہشت کی چابیاں لائے گا اور کہے گا: یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! یہ وہی پسندیدہ مقام ہے جس کا خدا نے آپؐ کے ساتھ وعدہ کیا تھا اور چابیاں میرے ہاتھ میں دے گا اور میں ان کو علی علیہ السلام کے پاس رکھ دوں گا، اس وقت ''مالک'' خازنِ دوزخ آئے گا اور کہے گا: یا محمدؐ! یہ وہی پسندیدہ مقام ہے جس کا خدا نے آپؐ کے ساتھ وعدہ کیا تھا یہ دوزخ کی چابیاں ہیں، اپنے دشمنوں اور اپنے دشمنوں کی نسل کو اور اپنی امت کے دشمنوں کو آگ میں ڈال دو میں چابیاں لے کر علی علیہ السلام کے پاس رکھ دوں

گا اس دن بہشت اور دوزخ میرے اور علی علیہ السلام کی فرمانبرداری میں ہوں گی دلہن سے بھی زیادہ جو اپنے شوہر کے تابع ہوتی ہے۔ یہ ہے کلامِ الٰہی کہ خداوند نے فرمایا: "ہر کافر اور کفر پیشہ کو جہنّم میں ڈال دو" یعنی، یا محمدؐ اور یا علیؑ: اپنے دشمنوں کو آگ میں ڈال دو۔ اس کے بعد میں کھڑے ہو کر اس قدر خدا کی حمد و ثنا کروں گا کہ مجھ سے پہلے کسی نے ایسی ثنا نہیں کی ہوگی، پھر مقرّب فرشتوں اور ان کے بعد بھیجے ہوئے پیغمبروں کی ثنا کروں گا۔

۲۷۷۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام اس دنیا میں نیک بخت اور آخرت میں صاحبانِ لیاقت میں سے ہیں۔

۲۷۸۔ حضرت علی علیہ السلام سے نقل ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام مومنین کے سردار و رہبر ہیں اور مال منافقین کا رہبر ہے۔

۲۷۹۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خاندان میں سے ہیں۔

۲۸۰۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خاندان میں سے بہترین فرد ہیں

۲۸۱ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام میرے بہترین بھائیوں میں سے ہیں۔

۲۸۲۔ اَنَس بن مالک کہتے ہیں: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے ابو برزہ اسلمی کے پیچھے بھیجا اس وقت میں سن رہا تھا کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ابو برزہ! رب العالمین نے علی علیہ السلام کے بارے میں میرے ساتھ عہد کیا ہے اور فرمایا ہے علی علیہ السلام ہدایت کے پرچم اور ایمان کا ستون اور میرے دوستوں کے پیشوا اور میرے تمام فرمانبرداروں کے راستہ کے نور ہیں۔ یا ابو برزہ! علی بن ابی طالب علیہ السلام قیامت کے دن میرے حوض پر میرے ساتھ ہیں، وہ میرے پرچم دار ہیں اور قیامت

کے دن پروردگار کی بہشت کی چابیاں اُن کے اختیار میں ہوں گی۔

۲۸۳۔ زید بن علی نے اپنے والدِ گرامی سے انہوں نے اپنے اَجداد اور انہوں نے علی علیہ السلام سے نقل کیا کہ آنحضرتؑ نے فرمایا: مجھے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے ایسی دس خصوصیات حاصل ہوئی ہیں کہ میں پسند نہیں کرتا کہ ان میں سے ایک کو ان تمام کے بدلے میں جن پر خورشید کی شعاعیں پڑتی ہیں دے دوں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے مجھ سے فرمایا: یا علیؑ! تم اس دنیا اور آخرت میں میرے بھائی ہو اور قیامت کے دن لوگوں میں سے میرے قریب ٹھہرنے والے تم ہو اور بہشت میں میرا گھر تمہارے گھر کے سامنے ہوگا اس طرح جیسے دو دینی بھائیوں کا گھر ایک دوسرے کے سامنے ہوتا ہے اور تم میرے دوست، وزیر اور وصی ہو اور میرے خاندان میں سے اور مال کے بارے میں بھی اور جہاں پر میں مسلمانوں کے درمیان نہیں ہوں تم میرے جانشین ہو تم دنیا اور آخرت میں میرے پرچم دار ہو تمہارا دوست میرا دوست اور تمہارا دشمن میرا دشمن اور میرا دشمن خدا کا دشمن ہے۔

۲۸۴۔ علی علیہ السلام نے فرمایا: میں رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے نزدیک ایسا مقام اور منزلت رکھتا تھا اس منزلت کو اور لوگ نہیں رکھتے تھے میں ہر صبح صادق کے وقت پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے پیچھے جاتا تھا اور کہتا تھا اے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم آپ پر سلام ہو۔ اگر پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم گلہ صاف کرتے تھے تو میں گھر واپس آجاتا تھا ورنہ ان کی خدمت میں حاضر ہو جاتا تھا۔

۲۸۵۔ ایک دن رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے علی علیہ السلام کے کندھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے فرمایا: یا علیؑ! تم میں ایسی سات خصلتیں پائی جاتی ہیں کہ قیامت کے دن کوئی بھی ان کے بارے میں آپ سے اظہار ناراضگی نہیں کرے گا۔ تم پہلے فرد ہو جو خدا پر ایمان لائے ہو اور تم دوسروں سے زیادہ وعدۂ خدا کے وفادار ہو اور دوسروں سے بہتر خدا کے فرمان کی اطاعت کرتے ہو اور دوسروں کی نسبت رعیّت

کے ساتھ بہت زیادہ مہربان ہواور مساوات کی دوسروں سے بہتر رعایت کرتے ہواور قضاوت کرنے میں دوسروں سے زیادہ عقل مند ہواور قیامت کے دن تمہارا مرتبہ سب سے زیادہ ہوگا۔

۲۸۶۔حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: جب سے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میری آنکھ میں آبِ دھان ڈالا تو اس وقت سے میں آنکھ کے درد میں مبتلا نہیں ہوا۔

۲۸۷۔رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام میرے لیے قابلِ اعتماد ہیں۔

۲۸۸۔رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام دوسرے لوگوں سے زیادہ خدا کے وعدے کے وفادار ہیں۔

۲۸۹۔عمرؓ کہتے ہیں: میں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا آپؐ نے علی علیہ السلام سے فرمایا: یا علیؑ! تمہارا ہاتھ میرے ہاتھ میں ہے، قیامت کے دن جس جگہ میں جاؤں گا تم بھی داخل ہوگے۔

۲۹۰۔امام رضا علیہ السلام سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا: تم ہاشمی خاندان کے ستارہ ہو۔

۲۹۱۔رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام خدا کے نزدیک میری امّت میں سے برتر ہیں۔

۱۷۔مُبَاهَاةُ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ وَالْمَلَائِكَةِ بِعَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ

۲۹۲۔عَنْ جابِرِ بْنِ عَبدِاللّٰهِ الْاَنصارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عليهِ وآلِهِ وسلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُبَاهِيْ بِعَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ كُلَّ يَوْمٍ عَلَى الْمَلَائِكَةِ الْمُقَرَّبِينَ حَتّٰى يَقُولَ: بَخٍّ بَخٍّ هَنِيئاً لَكَ يَا عَلِيُّ.(۱)

۱۔ینابیع المودۃ/ ۲۳۱، ملحقات احقاق ۲۵۸/۲۱

۲۹۳ ۔ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عليهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ عليهِ السَّلَامُ :قَدْ بَاهَى اللّٰهُ بِکَ أَهْلَ سَبْعِ سَمَاوَاتِهِ.(۱)

۲۹۴ ۔ بِالْإِسْنَادِ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَليهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :يَفْتَخِرُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ آدَمُ بِابْنِهِ شِيْثٍ، وَأَفْتَخِرُ أَنَابِعَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ.(۲)

۲۹۵ ۔ فِيْ حَدِيْثٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَليهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :يَا عَلِيُّ ...اوَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَتَقَرَّبُ إِلَى اللّٰهِ تُقَدَّسُ ذِكْرُهُ بِمَحَبَّتِکَ وَوِلَايَتِکَ، وَاللّٰهِ إِنَّ أَهْلَ مَوَدَّتِکَ فِي السَّمَاءِ لَأَكْثَرُ مِنْهُمْ فِي الْأَرْضِ....(۳)

۲۹۶ ۔ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ :إِنَّ مَلَكَيْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ لَيَفْتَخِرَانِ عَلَى سَائِرِ الْأَمْلَاکِ،لِكَوْنِهِمَا مَعَ عَلِيٍّ، لِأَنَّهُمَا لَمْ يَصْعَدَا إِلَى اللّٰهِ مِنْهُ قَطُّ بِشَيْءٍ يُسْخِطُهُ.(۴)

حضرت علی علیہ السلام پر خُدا، پیغمبرؐ اور فرشتوں کا فخر کرنا

۲۹۲۔ جابر بن عبداللہ انصاری کہتے ہیں: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خداوند ہر روز اپنے مقرّب ملائکہ کے ساتھ علی بن ابی طالب علیہ السلام پر افتخار کرتا ہے حتّٰی کہ کہتا ہے واہ واہ! علیؑ! مُبارک ہو تم کو۔

۲۹۳۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا: خداوند سات آسمانوں پر رہنے والوں کے ساتھ تم پر افتخار کرتا ہے۔

---

۱ ۔ احقاق الحق ۶/۱۰۵

۲ ۔ احقاق الحق ۶/۵۳۲، فرائد السمطین ۱/۲۳۲، البحار ۳۹/۴۹

۳۔ امالی الصدوق / ۲۷۲ ۴ ۔ الطرائف / ۷۹، مناقب علی بن ابیطالب / ۱۲۷

۲۹۴۔رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن آدمؑ اپنے بیٹے ''شیثؑ'' پر افتخار کریں گے اور میں علی بن ابی طالب علیہ السلام پر افتخار کروں گا۔

۲۹۵۔حدیث میں نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا: یا علیؑ ! فرشتے تیری محبّت اور ولایت کے ذریعے خدا سے تقرّب حاصل کرتے ہیں، خدا کی قسم تمہارے زمین والے دوستوں سے آسمان والے دوست زیادہ ہیں۔

۲۹۶۔پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حضرت علی علیہ السلام کے دو موکّل فرشتے دوسرے ملائکہ پر افتخار کریں گے کیونکہ وہ علی علیہ السلام کے ساتھ ہیں اور ان کے کسی ایسے کام کو جو موجبِ خشمِ خدا ہو خدا کی طرف لے کر نہیں جاتے۔

۷۲۔ صُعُوْدُ عَلِیٍّ عَلَیهِ السَّلَامُ عَلٰی مَنکَبِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِکَسْرِ الْأَصْنَامِ

۲۹۷ ۔ بِالْإِسْنَادِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِعَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ یَوْمَ فَتْحِ مَکَّةَ :أَمَا تَرٰی هٰذَا الصَّنَمَ بِأَعْلَی الْکَعْبَةِ؟ قَالَ :بَلٰی یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ :فَأَحْمِلُکَ فَتَنَاوَلُهُ؟فَقَالَ :بَلْ أَنَا أَحْمِلُکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَقَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :وَاللّٰهِ لَوْ أَنَّ رَبِیْعَةَ وَمُضَرَ جَهِدُوْا أَنْ یَحْمِلُوْا مِنِّیْ بَضْعَةً وَأَنَا حَیٌّ مَا قَدِرُوْا، وَلٰکِنْ قِفْ یَا عَلِیُّ فَضَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بِیَدِهٖ إِلٰی سَاقَیْ عَلِیٍّ فَوْقَ الْقَرَبُوْسِ ثُمَّ اقْتَلَعَهُ مِنَ الْأَرْضِ بِیَدِهٖ فَرَفَعَهُ حَتّٰی تَبَیَّنَ بَیَاضُ اِبِطَیْهِ ثُمَّ قَالَ لَهُ :مَاتَرٰی یَا عَلِیُّ؟ قَالَ :أَرٰی أَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ شَرَّفَنِیْ بِکَ حَتّٰی أَنِّیْ لَوْ أَرَدْتُ أَنْ أَمَسَّ السَّمَاءَ

لَمَسْتُهَا، فَقَالَ لَهُ :تَنَاوَلِ الصَّنَمَ يَا عَلِيُّ فَتَنَاوَلَهُ ثُمَّ رَمَى بِهِ، ثُمَّ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ وَسَلَّمَ مِنْ تَحْتِ عَلِيٍّ وَتَرَكَ رِجْلَيْهِ فَسَقَطَ عَلَى الْأَرْضِ فَضَحِكَ .فَقَالَ لَهُ :مَا أَضْحَكَكَ يَا عَلِيُّ؟ فَقَالَ :سَقَطْتُ مِنْ أَعْلَى الْكَعْبَةِ فَمَا أَصَابَنِيْ شَيْءٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :وَكَيْفَ يُصِيْبُكَ شَيْءٌ وَإِنَّمَا حَمَلَكَ مُحَمَّدٌ، وَأَنْزَلَكَ جِبْرِيْلُ عَلَيهِمَا السَّلَامُ؟(۱)

حضرت علی علیہ السلام کا رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دوش پر سوار ہو کر بُتوں کو توڑنا

۲۹۷۔ابو ہُریرہ کہتے ہیں: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فتحِ مکّہ کے دن علی علیہ السلام سے فرمایا: اس بُت کو خانہ کعبہ کی بلندی پر نہیں دیکھ رہے ہو؟ علی علیہ السلام نے عرض کی کیوں نہیں یا رسولِ خدا! پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں تم کو کندھے پر اُٹھاتا ہوں تاکہ بُت کو نیچے لے آؤ: علی علیہ السلام نے عرض کی نہ، میں آپؐ کو کندھے پر اٹھاتا ہوں۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خدا کی قسم، اگر قبیلہ رَبیعہ اور مُضر تلاش وکوشش کریں کہ میرے زندہ ہوتے ہوئے میرے بدن کے ٹکڑے کو کندھے پر اٹھائیں اٹھا نہیں پائیں گے۔ لیکن یا علی علیہ السلام تم کھڑے ہو جاؤ پس رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام کو زمین سے بلند کیا اور اتنا اوپر اٹھایا کہ آپ کے بغل کی سفیدی نمایاں ہوگئی، اس کے بعد ان سے فرمایا: یا علیؑ! کیا دیکھ رہے ہو؟ عرض کی میں دیکھ رہا ہوں کہ خداوند نے آپ کے توسّل سے مجھے اتنی شرافت عطا کی ہے کہ اگر میں چاہوں تو آسمان کو چھو سکتا ہوں۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علیؑ! بت کو اٹھا لو علی علیہ السلام نے بت کو اٹھا کر

۱۔ مناقب علی بن ابیطالب / ۲۰۲، رواہ فی الطرائف / ۸۰ و کشف الیقین / ۴۴۶ باختلاف فی موارد

زمین پر پھینک دیا اسی دوران رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علی علیہ السلام کے قدموں کے نیچے سے ہٹ گئے امیرالمومنین علیہ السلام زمین پر گر پڑے اور مسکرانے لگے۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علی علیہ السلام! مسکراتے کیوں ہو؟ عرض کی کعبہ کی بلندی سے گرا ہوں اور کوئی تکلیف ہی نہیں ہوئی رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہیں کیسے چوٹ لگتی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تم کو اٹھایا اور جبرئیل نے اُتارا ہے۔

۷۳۔ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَلَيْلَةُ الْمَبِيْتِ

۲۹۸۔ قَالَ بَعْضُ أَصْحَابِ الْحَدِيثِ أَوْحَى اللّٰهُ تَعَالٰى إِلٰى جِبْرِيلَ وَمِيكَائِيلَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ أَنْ اِنْزِلَا إِلٰى عَلِيٍّ وَاحْرُسَاهُ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ إِلَى الصَّبَاحِ فَنَزَلَا إِلَيْهِ وَهُمْ يَقُوْلُوْنَ :بَخٍ بَخٍ اِمَنْ مِثْلُكَ يَاعَلِيُّ قَدْ بَاهَى اللّٰهُ بِكَ مَلَائِكَتَهُ (وَاَوْرَدَ الْإِمَامُ الْغَزَالِيُّ فِيْ كِتَابِ اِحْيَاءِ الْعُلُوْمِ) :أَنَّ لَيْلَةَ بَاتَ عَلِيٌّ عَلَيهِ السَّلَامُ عَلٰى فِرَاشِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ أَوْحَى اللّٰهُ تَعَالٰى إِلٰى جِبْرِيْلَ وَمِيكَائِيْلَ أَنِّيْ آخَيْتُ بَيْنَكُمَا وَجَعَلْتُ عُمْرَ أَحَدِكُمَا أَطْوَلَ مِنْ عُمْرِ الْآخَرِ، فَأَيُّكُمَا يُؤْثِرُ صَاحِبَهُ بِالْحَيَاةِ؟ فَاخْتَارَ كِلَاهُمَا الْحَيَاةَ وَأَحَبَّاهَا فَأَوْحَى اللّٰهُ إِلَيْهِمَا :أَفَلَا كُنْتُمَا مِثْلَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ آخَيْتُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ مُحَمَّدٍ فَبَاتَ عَلٰى فِرَاشِهِ يَفْدِيْهِ بِنَفْسِهِ وَيُؤْثِرُهُ بِالْحَيَاةِ .اِهْبِطَا الْأَرْضَ فَاحْفَظَاهُ مِنْ عَدُوِّهِ، فَكَانَ جِبْرِيلُ عِنْدَ رَأْسِهِ وَمِيكَائِيلُ عِنْدَ رِجْلَيْهِ يُنَادِيْ وَيَقُوْلُ :بَخٍ بَخٍ مَنْ مِثْلُكَ يَابْنَ أَبِيْ طَالِبٍ، يُبَاهِي اللّٰهُ بِكَ الْمَلَائِكَةَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ :وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ.(۱)

۲۹۹۔ بِالْإِسْنَادِ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَوْحَى اللّٰهُ إِلٰى

۱۔ نور الابصار / ۹۶

جَبْرَئِيلَ وَمِيكَائِيلَ أَنِّي آخَيْتُ بَيْنَكُمَا وَجَعَلْتُ عُمْرَ أَحَدِكُما أَطْوَلَ مِنْ عُمْرِ صاحِبِهِ فَأَيُّكُمَا يُؤْثِرُ أَخاهُ عُمْرَهُ؟ فَكِلاهُمَا كَرِهَا الْمَوْتَ، فَأَوْحَى اللّٰهُ إِلَيْهِمَا :أَنِّي آخَيْتُ بَيْنَ عَلِيٍّ وَلِيِّي وَبَيْنَ مُحَمَّدٍ نَبِيِّي فَآثَرَ عَلِيٌّ حَياةَ النَّبِيِّ فَرَقَدَ عَلٰى فِرَاشِ النَّبِيِّ يَقِيهِ بِمُهْجَتِهِ، اِهْبِطَا إِلَى الْأَرْضِ وَاحْفَظَاهُ مِنْ عَدُوِّهِ فَهَبَطَا،فَجَلَسَ جَبْرَئِيلُ عِنْدَ رَأْسِهِ وَمِيكَائِيلَ عِنْدَ رِجْلَيْهِ وَجَعَلَ جَبْرَائِيلُ يَقُولُ :بَخٍّ بَخٍّ ،مَنْ مِثْلُكَ يَاابْنَ أَبِي طَالِبٍ وَاللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ يُبَاهِيَ بِكَ الْمَلائِكَةَ؟ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ :وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَشْرِي نَفْسَهُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ.(۱)

۳۰۰- رَوَى اَبُوسَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ قَالَ :لَمَّا خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْغَارِ أَوْحَى اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ إِلٰى جَبْرئِيلَ وَمِيكائِيلَ أَنِّي قَدْ آخَيْتُ بَيْنَكُمَا وَجَعَلْتُ عُمْرَ أَحَدِكُمَا أَطْوَلَ مِنْ عُمْرِ الْآخَرِ فَأَيُّكُمَا يُؤْثِرُ صَاحِبَهُ بِالْحَيَاةِ فَكِلاهُمَا اخْتَارَا حُبَّ الْحَيَاةِ، فَأَوْحَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَيْهِمَا :أَفَلا كُنْتُمَا مِثْلَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ آخَيْتُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَبَاتَ عَلٰى فِرَاشِهِ يَقِيهِ (يَفْدِيهِ ن، خ) بِنَفْسِهِ اِهْبِطَا إِلَى الْأَرْضِ فَاحْفَظَاهُ مِنْ عَدُوِّهِ فَكَانَ جَبْرائِيلُ عِنْدَ رَأْسِهِ وَمِيكائِيلُ عِنْدَ رِجْلَيْهِ وَجَبْرائِيلُ يُنادِي :مَنْ مِثْلُكَ يَاابْنَ أَبِي طَالِبٍ يُبَاهِي اللّٰهُ بِكَ الْمَلائِكَةَ،وَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِي حَقِّهِ :وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَشْرِي نَفْسَهُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ رَؤُوفٌ بِالْعِبَادِ.(۲)

۳۰۱- عَنْ حَكِيمِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فِي قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَشْرِي نَفْسَهُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ قَالَ :نَزَلَتْ فِي عَلِيٍّ عَلَيْهِ

۱- ينابيع المودة / ۹۲، الغدير ۴۸/۲ والطرائف / ۳۷ باختلاف فى موارد

۲- ارشاد القلوب / ۲۲۴، حلية الابرار ۲۸۰/۱ باختلاف فى موارد

السَّلامُ حِينَ بَاتَ عَلٰى فِرَاشِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ.(۱)

۳۰۲۔ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: لَمَّا تَوَجَّهَ رَسُولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَليهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ إِلَى الْغَارِ وَمَعَهُ أَبوبَكْرٍ أَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَلِيّاًعَلَيهِ السَّلامُ أَنْ يَّنَامَ عَلٰى فِرَاشِهٖ وَيَتَغَشّٰى بِبُرْدَتِهٖ، فَبَاتَ عَلِيٌّ عَلَيهِ السَّلامُ مُوَطِّناً نَفْسَهُ عَلَى الْقَتْلِ، وَجَاءَتْ رِجَالٌ مِنْ قُرَيْشٍ مِنْ بُطُوْنِهَا يُرِيْدُوْنَ قَتْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَلَمَّا أَرَادُوْا أَنْ يَضَعُوْا عَلَيْهِ أَسْيَافَهُمْ فَهُمْ لَايَشُكُّوْنَ أَنَّهُ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا: أَيْقِظُوهُ لِيَجِدَ أَلَمَ الْقَتْلِ، وَيَرَى السَّيْفَ يَأْخُذُهُ، فَلَمَّا أَيْقَظُوْهُ فَرَأَوْهُ عَلِيّاًعَلَيهِ السَّلامُ تَرَكُوْهُ وَتَفَرَّقُوْا فِيْ طَلَبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ.(۲)

حضرت علی علیہ السلام کا پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بستر پر سونا

۲۹۸۔ بعض محدثین نے نقل کیا ہے کہ خداوند نے جبرئیل اور میکائیل کو وحی کی کہ علی علیہ السلام کے پاس جائیں اور اس رات سے لے کر صبح تک ان کی حفاظت کریں، پس جبرئیلؑ اور میکائیلؑ آسمان سے اترے اور کہا: واہ، واہ! یا علیؑ! خداوند اپنے فرشتوں کے ساتھ تم پر افتخار کر رہا ہے۔

غزالی نے اپنی کتاب احیاء العلوم میں نقل کیا ہے کہ جس رات علی علیہ السلام رسولِ خداؐ کے بستر پر سوئے تو خداوند نے جبرئیلؑ اور میکائیلؑ کو وحی کی کہ میں نے تمہارے درمیان اُخوت کو

۱۔ امالی الطوسی ۲/۶۱، حلیة الأبرار ۱/۲۷۴، البحار ۱۹/۵۵

۲۔حلیة الابرار ۱/۲۷۵

برقرار کیا ہے اور ایک کی عمر کو دوسرے کی عمر پر طولانی کیا ہے تم میں سے کون اپنی زندگی کو دوسرے پر فدا کرے گا؟ ان دونوں نے اپنی زندگی کو اہمیت دی اور اپنی زندگی سے اُنس اور محبّت کا اظہار کیا خداوند نے ان دونوں کو وحی کی۔ آیا تم علی بن ابی طالب علیہ السلام کی طرح نہیں ہو کہ میں نے محمدؐ اور اُن کے درمیان اخوّت کو برقرار کیا ہے اور وہ پیغمبر کے بستر پر سوئے اور ان کی زندگی کو اپنی زندگی پر ترجیح دی اور اپنی جان کو ان پر فدا کر دیا؟ ابھی زمین پر اتریں اور ان کی دشمنوں سے حفاظت کریں۔ پس جبرئیلؑ ان کے سر کی طرف اور میکائیلؑ قدموں کی طرف کھڑے ہو گئے اور دونوں کہنے لگے واہ، واہ ہوا ابوطالب کے فرزند پر جس پر خدا اپنے فرشتوں کے ساتھ افتخار کرتا ہے۔ تو اس وقت خداوند نے اس آیت کو نازل کیا ''بعض لوگ خدا کی رضایت حاصل کرنے کے لیے اپنی جانوں کو فروخت کر دیتے ہیں اور خدا اپنے بندوں پر مہربان ہے''۔

۲۹۹۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خداوند نے جبرئیلؑ اور میکائیلؑ پر وحی کی کہ میں نے تمہارے درمیان اخوّت کو برقرار کیا ہے اور ایک کی عمر کو دوسرے کی عمر پر طولانی کیا ہے۔ تم میں سے کون اپنی عمر کو اپنے بھائی پر نثار کرے گا؟ دونوں نے موت سے ناراضگی کا اظہار کیا۔ خداوند نے ان پر وحی کی کہ میں نے اپنے ولی علی علیہ السلام اور اپنے پیغمبر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درمیان اخوّت کو برقرار کیا ہے اور حضرت علی علیہ السلام نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی کو اپنی زندگی پر ترجیح دی ہے اور ان کے بستر پر سوئے اور اپنے خون سے ان کی حفاظت کی؛ ابھی زمین پر اتر جاؤ اور ان کی دشمنوں کے شر سے حفاظت کرو۔ پس دونوں اترے؛ جبرئیلؑ ان کے سرہانے اور میکائیلؑ ان کے قدموں کی طرف بیٹھ گئے، اور جبرئیلؑ نے کہا: واہ، واہ اے ابوطالب کے بیٹے: خداوند اپنے فرشتوں کے ساتھ تم پر افتخار کر رہا ہے اس وقت خداوند نے اس آیت کو نازل کیا'' وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِی نَفْسَهُ

ابْتِغَاۤءَ مَرْضَاتِ اللّٰہِ"۔

٣٠٠۔ابوسعید خُدری کہتا ہے: جس وقت رسولِ خدا ﷺ غارِ حرا کی طرف روانہ ہوئے، خداوند نے جبرئیلؑ اور میکائیلؑ پر وحی نازل کی کہ میں نے تمہارے درمیان برادری برقرار کی ہے اور ایک کی عمر کو دوسرے کی عمر پر طولانی کیا ہے۔تم میں سے کون اپنی حیات کو دوسرے پر ایثار کرے گا؟ دونوں نے زندگی کے ساتھ محبّت کا انتخاب کیا۔خداوند نے ان پر وحی کی۔آیا تم علی بن ابی طالبؑ کی مثل نہیں ہو کہ میں نے ان کے اور محمد ﷺ کے درمیان برادری کو برقرار کیا علیؑ پیغمبر اکرم ﷺ کے بستر پر سوئے اور ان کی راہ میں فِدا کاری کی؟ ابھی زمین پر اُتر جاؤ اور ان کی ان کے دشمنوں کے شر سے حفاظت کرو۔پس جبرئیلؑ ان کے سرہانے اور میکائیلؑ ان کے قدموں کی طرف بیٹھ گئے، اور جبرئیلؑ ندا دے رہے تھے: اے ابو طالبؑ کے فرزند! تمہاری مثل کون ہے؟ خدا اپنے فرشتوں کے ساتھ تم پر افتخار کررہا ہے پس خداوند نے اس آیت کو علیؑ کی شان میں نازل فرمایا: "وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِیْ نَفْسَهُ ابْتِغَاۤءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ"۔ (سورہ بقرہ آیت ٢٠٧)

٣٠١۔حکیم بن جبیر نے علی بن حسینؑ سے نقل کیا ہے کہ حضرتؑ نے گفتارِ خداوند: "کچھ لوگ خدا کی خشنودی طلب کرنے کی خاطر اپنی جان کو بیچ دیتے ہیں کے بارے میں فرمایا: یہ آیت علیؑ کی شان میں نازل ہوئی جس وقت پیغمبر ﷺ کے بستر پر سوئے۔

٣٠٢۔اُنس بن مالک کہتے ہیں: جس وقت رسولِ خدا ﷺ نے چاہا کہ غار کی طرف روانہ ہوں اُس وقت ابوبکر بھی ان کے ساتھ تھے تو علیؑ سے فرمایا: یہ پوشاک اپنے اوپر ڈال کر ان

کے بستر پر سو جائیں۔ علی علیہ السلام شہادت کے لئے تیار تھے ان کے بستر پر سو گئے قبیلہ قریش کے چند لوگ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قتل کرنے کے لئے ان کے گھر میں داخل ہوئے تلوار نکالتے وقت ان کو یقین تھا کہ رسولِ خداؐ بستر پر سو رہے ہیں، ایک دوسرے سے کہنے لگے اس کو بیدار کریں تا کہ قتل ہونے کے درد کو محسوس کرے اور اپنے بدن پر تلوار کو چلتے دیکھے جب ان کو بیدار کیا دیکھا تو علی بن ابی طالب علیہ السلام ہیں ان کو چھوڑ کر رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ڈھونڈنے کی جستجو میں لگ گئے، تو اس وقت خداوند نے یہ آیت نازل کی اور فرمایا: ''وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِىْ نَفْسَهُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ''

۷۴۔ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَلَيْلَةُ الْمِعْرَاجِ

۳۰۳۔ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ سُئِلَ: بِأَيِّ لُغَةٍ خَاطَبَكَ رَبُّكَ لَيْلَةَ الْمِعْرَاجِ؟ فَقَالَ: خَاطَبَنِىْ بِلُغَةِ عَلِيِّ بْنِ أَبِىْ طَالِبٍ، فَأَلْهَمَنِىْ اَنْ قُلْتُ: يَا رَبِّ! خَاطَبْتَنِىْ أَنْتَ أَمْ عَلِيٌّ؟ فَقَالَ: يَا أَحْمَدُ! أَنَا شَىْءٌ لَا كَالْأَشْيَاءِ، لَا أُقَاسُ بِالنَّاسِ وَلَا أُوْصَفُ بِالْأَشْبَاهِ، خَلَقْتُكَ مِنْ نُوْرِىْ وَخَلَقْتُ عَلِيًّا مِنْ نُوْرِكَ، فَطَّلَعْتُ عَلٰى سَرَائِرِ قَلْبِكَ فَلَمْ أَجِدْ إِلٰى قَلْبِكَ أَحَبَّ مِنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِىْ طَالِبٍ، فَخَاطَبْتُكَ بِلِسَانِهِ كَيْمَا يَطْمَئِنَّ قَلْبُكَ.(۱)

۳۰۴۔ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْلَةَ أُسْرِىَ بِىْ إِلَى السَّمَاءِ

۱۔ کشف الیقین / ۲۲۹

الرَّابِعَةِ رَأَيْتُ صُوْرَةَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، فَقُلْتُ لِجَبْرَئِيلَ :هٰذَا أَخِي عَلِيٌّ، فَأَوْحَى إِلَيَّ أَنَّ هٰذَا مَلَكٌ خَلَقَهُ اللّٰهُ عَلَىٰ صُورَةِ عَلِيِّ ابْنِ أَبِي طَالِبٍ يَزُوْرُهُ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعُوْنَ أَلْفَ مَلَكٍ يُسَبِّحُوْنَ وَيُكَبِّرُوْنَ وَثَوَابُهُمْ لِمُحِبِّيْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عَلَيهِ السَّلَامُ.(١)

٣٠٥ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :مَا مَرَرْتُ بِسَمَاءٍ إِلَّا وَأَهْلُهَا يَشْتَاقُوْنَ إِلَىٰ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، وَمَا فِي الْجَنَّةِ نَبِيٌّ إِلَّا وَهُوَ يَشْتَاقُ إِلَىٰ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ.(٢)

٣٠٦ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :لَمَّا كَانَتْ لَيْلَةُ الْمِعْرَاجِ نَظَرْتُ تَحْتَ الْعَرْشِ أَمَامِيْ فَإِذَا بِعَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ قَائِمًا أَمَامِيْ تَحْتَ الْعَرْشِ يُسَبِّحُ اللّٰهَ وَيُقَدِّسُهُ، قُلْتُ :يَا جَبْرَئِيلُ سَبَقَنِيْ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ؟ قَالَ :لَا لٰكِنِّيْ أُخْبِرُكَ :إِعْلَمْ يَا مُحَمَّدُ أَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُكْثِرُ مِنَ الثَّنَاءِ وَالصَّلَاةِ عَلَىٰ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ عَلَيهِ السَّلَامُ فَوْقَ عَرْشِهِ فَاشْتَاقَ الْعَرْشُ إِلَىٰ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عَلَيهِ السَّلَامُ فَخَلَقَ اللّٰهُ تَعَالَىٰ هٰذَا الْمَلَكَ عَلَىٰ صُوْرَةِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عَلَيهِ السَّلَامُ تَحْتَ عَرْشِهِ لِيَنْظُرَ إِلَيْهِ الْعَرْشُ فَيَسْكُنَ شَوْقُهُ، وَجَعَلَ تَسْبِيْحَ هٰذَا الْمَلَكِ وَتَقْدِيْسَهُ وَتَمْجِيْدَهُ ثَوَاباً لِشِيْعَةِ أَهْلِ بَيْتِكَ يَا مُحَمَّدُ.(٣)

١ـ بشارة المصطفىٰ / ١٦٠

٢ـ احقاق الحق ٦/١٠٨، ذخائر العقبیٰ / ٩٥، جواهر المطالب / ٢٥٧ باختلاف في موارد

٣ـ مناقب آل ابيطالب ٢/٢٣٣، البحار ٣٩/٩٧

حضرت علی علیہ السلام اور شبِ معراج

۳۰۳۔ عبداللہ بن عمر کہتا ہے: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا: خداوند نے شبِ معراج آپ سے کس زبان میں کلام کیا؟ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی بن ابی طالب علیہ السلام کی زبان میں مجھے اِلہام کیا تا کہ میں یہ کہوں: پروردگار! تو میرے ساتھ ہم کلام ہے یا علیؑ؟ خداوند نے مجھ سے فرمایا: یا احمدؐ! میں ایک موجود ہوں لیکن نہ دوسری موجودات کی طرح اور لوگوں کے ساتھ میرا مُقایسہ ہی نہیں ہوتا اور نہ ہی کوئی میری مثل ہے۔ میں نے تم کو اپنے نُور سے خَلق کیا ہے اور علیؑ کو تیرے نُور سے خَلق کیا ہے میں نے تیرے دِل کے اندر جستجو کی ہے اور تیرے نزدیک کسی کو علی بن ابی طالب علیہ السلام سے زیادہ محبوب نہیں دیکھا اس لئے اس کی زبان میں تیرے ساتھ ہم کلام ہوا ہوں تا کہ تیرے دل کو سکون حاصل ہو جائے۔

۳۰۴۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس رات مجھے چوتھے آسمان پر لے جایا گیا تو میں نے وہاں پر علی بن ابی طالب علیہ السلام کا دیدار کیا۔ جبرئیلؑ سے کہا یہ میرے بھائی علیؑ ہیں۔ مجھ پر وحی ہوئی کہ یہ ایک فرشتہ ہے جس کو خدا نے علی علیہ السلام کی شکل میں خَلق کیا ہے اور روزانہ ہزار فرشتے اس کی زیارت کرتے ہیں اور تسبیح و تقدیس کہتے ہیں اور ان کا ثواب علی علیہ السلام کے مُحبّین کو ملتا ہے۔

۳۰۵۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں کسی ایسے آسمان سے نہیں گزرا مگر یہ کہ میں نے دیکھا اہلِ آسمان علی بن ابی طالب علیہ السلام کا اشتیاق رکھتے ہیں اور بہشت میں کوئی ایسا پیغمبر نہیں ہے جو علی بن ابی طالب علیہ السلام کے دیدار کا مشتاق نہ ہو۔

۳۰۶۔رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: معراج کی رات میں نے دیکھا کہ عرش کے نیچے میرے سامنے علی بن ابی طالب علیہ السلام کھڑے ہوئے ہیں اور خدا کی تسبیح وتقدیس کررہے ہیں، میں نے کہا: یاجبرئیل! علی بن ابی طالب علیہ السلام مجھ سے پہلے پہنچ گئے ہیں؟ فرمایا: نہ لیکن میں آپ کو ایک خبر سناتا ہوں: جان لیں یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خداوند عرشِ مُعلّٰی پر علی علیہ السلام کی بہت زیادہ ثناء کرتا ہے اور اس پر درود بھیجتا ہے اور عرش علی علیہ السلام کے دیدار کا مشتاق ہے۔خداوند نے اس فرشتہ کو علی علیہ السلام کی شکل میں اپنے عرش کے نیچے خلق کیا ہے تاکہ عرش اُس کو دیکھے اور اس کے اشتیاق کا شعلہ کم ہوجائے اور خداوند نے اس فرشتے کی تسبیح اور تقدیس وتمجید کے ثواب کو تمہارے خاندان کے پیروکاروں کے لیے مقرر کیا ہے۔

۷۵۔عَلِیٌّ عَلَیهِ السَّلَامُ وَلَیْلَةُ الْبَدْرِ

۳۰۷۔وَمِنْ مَقَامَاتِهِ فِی غَزْوَةِ بَدْرٍ أَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّم بَعَثَهُ لَیْلَةَ الْبَدْرِ أَنْ یَأْتِیَهُ بِالْمَاءِ حِیْنَ قَالَ لِأَصْحَابِهِ :مَنْ یَلْتَمِسُ لَنَا الْمَاءَ ؟ فَسَکَتُوا عَنْهُ فَقَالَ عَلِیٌّ عَلَیهِ السَّلَامُ :أَنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَأَخَذَ الْقِرْبَةَ وَأَتَی الْقُلَیْبَ فَمَلَأَ الْقِرْبَةَ وَأَخرَجَهَا جَاءَتْ رِیحٌ فَأَهْرَقَتْهُ ثُمَّ عَادَ إِلَی الْقُلَیْبِ فَجَاءَتْ رِیْحٌ فَأَهْرَقَتْهُ فَلَمَّا کَانَتِ الرَّابِعَةُ مَلَأَهَا فَأَتَی بِهَا إِلَی النَّبِیِّ فَأَخْبَرَهُ بِخَبَرِهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ أَمَّا الرِّیْحُ الْأُوْلٰی فَجَبْرَئِیلُ فِیْ أَلْفٍ مِنَ الْمَلَائِکَةِ سَلَّمُوْا عَلَیْکَ وَأَمَّا الرِّیحُ الثَّانِیَةُ فَمِیکَائِیلُ فِیْ أَلْفٍ مِنَ الْمَلَائِکَةِ سَلَّمُوا عَلَیْکَ وَأَمَّا الرِّیحُ الثَّالِثَةُ فَإِسْرَافِیلُ فِیْ أَلْفٍ مِنَ الْمَلَائِکَةِ سَلَّمُوْا عَلَیْکَ.(۱)

۳۰۸۔بِالْإِسْنَادِ، عَنْ عَلِیٍّ عَلیهِ السَّلَامُ قَالَ : لَمَّا کَانَتْ لَیلَةُ بَدْرٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

۱۔ اعلام الوریٰ / ۱۹۲، مناقب آل ابیطالب ۲/ ۲۴۲ باختلاف فی موارد، رواه فی سفینة البحار ۸/ ۳۱۴ والبحار ۴۰/ ۷

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :مَنْ یَسْتَقِی لَنَا مِنَ الْمَاءِ ؟ فَأَحْجَمَ النَّاسُ قَالَ :فَقُمْتُ فَأَحْتَضَنْتُ قِرْبَةً ثُمَّ أَتَیْتُ قَلِیباً بَعِیْدَ الْقَعْرِ مُظْلِماً فَانْحَدَرْتُ فِیهِ فَأَوْحَی اللّٰهُ إِلٰی جَبْرَئِیلَ وَمِیکَائِیلَ وَإِسْرَافِیلَ تَأَهَّبُوا لِنُصْرَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَحِزْبِهِ فَهَبَطُوا مِنَ السَّمَاءِ ، لَهُمْ دَوِیٌّ یَذْهَلُ مَنْ یَسْمَعُهُ فَلَمَّا حَاذَوُا الْقَلِیبَ وَقَفُوا وَسَلَّمُوا عَلَیَّ مِنْ عِنْدِ آخِرِهِمْ إِکْرَامًا وَّتَبْجِیلاً وَّتَعْظِیمًا.(۱)

حضرت علی علیہ السلام اور شبِ بدر

۳۰۷۔ حضرت علی علیہ السلام کی منزلت میں سے ایک منزلت اور مقام یہ ہے کہ جنگِ بدر کے موقع پر پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو پانی لانے کے لئے بھیجا، اس وقت اپنے اصحاب سے فرمایا: کون ہمارے لیے پانی لائے گا؟ سب خاموش ہوگئے علی علیہ السلام نے عرض کی۔ اے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: میں پانی لاؤں گا بس مشک اٹھائی اور کنویں پر پہنچے مشک پُر کی کہ اچانک ہوا چلی اور مشک کا پانی زمین پر گر گیا علی علیہ السلام دوبارہ کنؤیں پر آئے اور مشک بھری، اس مرتبہ بھی ہوا چلی اور پانی زمین پر گر گیا۔ یہاں تک کہ چوتھی بار مشک کو پُر کیا اور پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اور پورا ماجرا ان کو سنایا رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پہلی ہوا جو چلی تو اس وقت جبرئیل ؑ نے ہزار فرشتوں کے ساتھ تمہیں سلام کیا اور دوسری ہوا جو چلی وہ میکائیل ؑ تھے اس نے بھی ہزار فرشتوں کے ساتھ تمہیں سلام کیا اور تیسری ہوا اسرافیل ؑ تھے جس نے ہزار فرشتوں کے ساتھ تمہیں سلام کیا۔

۳۰۸۔ علی علیہ السلام نے فرمایا: اُسی رات جس دن جنگِ بدر شروع ہوئی، رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کون ہمارے لیے پانی لائے گا؟ سب نے انکار کیا میں کھڑا ہوا اپنے ساتھ مشک اٹھائی

۱۔ تذکرۃ الخواص /۵۰، مناقب آل ابیطالب ۲/۲۴۱ مرسلاً باختلاف فی موارد

اور ایک گہرے اور تاریک کنویں پر پہنچا اور کنویں میں داخل ہوا اس وقت خداوند نے جبرئیلؑ اور میکائیلؑ اور اسرافیلؑ پر وحی کی کہ وہ جنگ میں رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مدد کرنے کے لیے تیار رہیں، ملائکہ آسمان سے اِس طرح اترے کہ سب کانوں نے ان کے آنے کی آواز سنی اور تمام چیزوں سے بے خبر ہو گئے۔ جب کنویں کے قریب پہنچے تو سب نے کھڑے ہو کر احترام اور تعظیم سے مجھے سلام کیا۔

۷۶۔ اِنَّ عَلِیّاً اِنْتَجَاهُ اللّٰهُ

۳۰۹۔ عَنْ جَابِرٍ قَالَ :دَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَلِيّاً عَلَيهِ السَّلَامَ يَوْمَ الطَّائِفِ فَانْتَجَاهُ فَقَالَ النَّاسُ :لَقَدْ طَالَ نَجْوَاهُ مَعَ ابْنِ عَمِّهٖ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :مَا انْتَجَيْتُهُ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ انْتَجَاهُ.(۱)

۳۱۰۔ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ :إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :فِيْ غَزْوَةِ الطَّائِفِ دَعَا عَلِيّاً عَلَيهِ السَّلَامُ فَنَاجَاهُ، فَقَالَ النَّاسُ وَأَبُوبَكْرٍ وَعُمَرُ: اِنْتَجَاهُ دُوْنَنَا، فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِي النَّاسِ خَطِيْبًا فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ :أَيُّهَا النَّاسُ !أَنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ :إِنِّي انْتَجَيْتُ عَلِيّاً وَإِنِّيْ وَاللّٰهِ مَا انْتَجَيْتُهُ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ انْتَجَاهُ.(۲)

۱۔ فضائل الخمسة ۲/۱۷۱، صحیح الترمذی ۱۳/۱۷۳، ذخائر العقبی /۸۵، التاج ۳۳۲/۳

۲۔ الاختصاص / ۱۹۵

خدا کا حضرت علی علیہ السلام سے راز بیان کرنا

۳۰۹۔ جابر بن عبداللہ کہتے ہیں: پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے واقعۂ طائف میں حضرت علی علیہ السلام کو بلایا اوران سے راز کی باتیں کیں لوگوں نے کہا: پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اپنے چچا کے بیٹے کے ساتھ راز کی گفتگو طولانی ہوگئی۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں اس راز کی گفتگو نہیں کر رہا تھا بلکہ خدا اس کے راز بیان کر رہا تھا۔

۳۱۰۔ جابر بن عبداللہ انصاری کہتے ہیں: رسولِ خدا نے جنگِ طائف میں حضرت علی علیہ السلام کو بلایا اوران سے راز کی باتیں کہیں۔ لوگوں نے بالخصوص ابوبکر اور عمر نے کہا: پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علی علیہ السلام سے راز کی باتیں کر رہے ہیں ہم سے نہیں کرتے۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کھڑے ہوکر خطبہ پڑھا حمد اور ثناءِ الٰہی کے بعد فرمایا: اے لوگو آپ کہتے ہیں کہ میں نے علی علیہ السلام سے راز بیان کیا ہے خُدا کی قسم میں نے اس سے راز بیان نہیں کیا بلکہ خدا نے اس سے راز میں گفتگو کی ہے۔

۷۷۔ حَدِيثُ النَّجْوٰى

۳۱۱۔ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ :قَالَ عَلِيٌّ عَلَيهِ السَّلَامُ :إِنَّ فِي كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ لَآيَةً مَا عَمِلَ بِهَا أَحَدٌ قَبْلِيَ، وَلَا يَعْمَلُ بِهَا أَحَدٌ بَعْدِيْ :يَآ أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا إِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوَاكُمْ صَدَقَةً .قَالَ :فُرِضَتْ ثُمَّ نُسِخَتْ.(۱)

۳۱۲۔ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ :كَانَ مَنْ نَاجَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ تَصَدَّقَ بِدِيْنَارٍ، وَكَانَ أَوَّلَ مَنْ صَنَعَ ذٰلِكَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ عَلَيهِ السَّلَامُ.(۲)

۱۔ فضائل الخمسة ۲۹۳/۱

۲۔ فضائل الخمسة ۲۹۵/۱

۳۱۳۔ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ :نُهُوْا عَنْ مُنَاجَاةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ حَتّٰى يُقَدِّمُوْا صَدَقَةً، فَلَمْ يُنَاجِهٖ إِلَّا عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ عَلَيهِ السَّلَامُ فَإِنَّهُ قَدْ قَدَّمَ دِينَارًا فَتَصَدَّقَ بِهٖ، ثُمَّ نَاجَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ فَسَأَلَهُ عَنْ عَشْرِ خِصَالٍ ثُمَّ نَزَلَتِ الرُّخْصَةُ.(۱)

پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سرگوشی کرنا

۳۱۱۔ مجاہد کہتے ہیں کہ علی علیہ السلام نے فرمایا: کتاب خدا میں یہ جو آیت آئی ہے کہ اے ایماندارو! جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سرگوشی میں کوئی بات کرنی ہو تو پہلے کچھ خیرات دے دیا کرو کہ یہ تمہارے واسطے بہتر اور پاکیزہ بات ہے اس پر مجھ سے پہلے کسی نے عمل نہیں کیا اور نہ کرے گا کیونکہ یہ حکم پہلے واجب ہوا لیکن بعد میں منسوخ ہوگیا۔

۳۱۲۔ مجاہد کہتے ہیں کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جو شخص بھی سرگوشی کرتا ایک دینار خیرات کرتا۔ اور جس نے سب سے پہلے ایک دینار صدقہ دینے کی طرح ڈالی وہ علی ابن ابی طالبؑ ہیں۔

۳۱۳۔ مجاہد کہتے ہیں کہ لوگوں کو صدقہ دینے سے پہلے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سرگوشی میں بات کرنا منع تھا۔ صرف علی علیہ السلام نے ایک دینار صدقہ دیا اور آپ سے بات کی اور آپ سے دس خصلتوں کے بارے میں پوچھا۔ اس کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سرگوشی کی اجازت دے دی گئی۔

۷۸۔ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِي الْمُبَاهَلَةِ

۳۱۴۔ قَضِيَّةُ الْمُبَاهَلَةِ تَدُلُّ عَلَى فَضْلٍ تَامٍّ وَوَرَعٍ كَامِلٍ لِمَوْلَانَا أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ

۱۔ فضائل الخمسة ۱/۲۹۵

عَلَيْهِ السَّلَامُ وَلِوَلَدَيْهِ وَزَوْجَتِهِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ .حَيْثُ اسْتَعَانَ بِهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِي الْإِسْلَامِ بَعْدَ الْفَتْحِ وَقَوِيَ سُلْطَانُهُ، وَفَدَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ الْوُفُودُ . مِنْهُمْ مَنْ أَسْلَمَ وَمِنْهُمْ مَنِ اسْتَأْمَنَ لِيَعُودَ إِلَى قَوْمِهِ بِرَأْيِهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ) فِيهِمْ .وَكَانَ مِمَّنْ وَفَدَ عَلَيْهِ أَبُو حَارِثَةَ أُسْقُفُ نَجْرَانَ فِي ثَلَاثِينَ رَجُلًا مِنَ النَّصَارٰى، مِنْهُمُ الْعَاقِبُ وَالسَّيِّدُ وَعَبْدُ الْمَسِيحِ، فَقَدِمُوا الْمَدِينَةَ عِنْدَ صَلَاةِ الْعَصْرِ وَعَلَيْهِمْ لِبَاسُ الدِّيبَاجِ وَالصُّلُبُ، فَصَارَ إِلَيْهِمُ الْيَهُودُ وَتَسَاءَلُوا (تَسَاكُوا خ ل) بَيْنَهُمْ. فَقَالَتِ النَّصَارٰى لَهُمْ :لَسْتُمْ عَلٰى شَيْءٍ وَقَالَتِ الْيَهُودُ :لَسْتُمْ عَلٰى شَيْءٍ كَمَا حَكَى اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمْ .فَلَمَّا صَلَّى النَّبِيُّ عَلَيْهِ السَّلَامُ الْعَصْرَ تَوَجَّهُوا إِلَيْهِ، يَقْدُمُهُمُ الْأُسْقُفُ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، مَا تَقُولُ فِي السَّيِّدِ الْمَسِيحِ؟ فَقَالَ :عَبْدُ اللّٰهِ، اصْطَفَاهُ وَانْتَجَبَهُ .فَقَالَ الْأُسْقُفُ :أَتَعْرِفُ لَهُ أَبًا؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :لَمْ يَكُنْ عَنِ النِّكَاحِ، فَيَكُونَ لَهُ أَبٌ .قَالَ :فَكَيْفَ قُلْتَ :إِنَّهُ عَبْدٌ مَخْلُوقٌ، وَأَنْتَ لَمْ تَرَ عَبْدًا مَخْلُوقًا إِلَّا عَنْ نِكَاحٍ وَلَهُ وَالِدٌ؟

فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى الْآيَاتِ مِنْ قَوْلِهِ تَعَالٰى : إِنَّ مَثَلَ عِيسٰى عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ آدَمَ إِلٰى قَوْلِهِ :فَنَجْعَلْ لَعْنَةَ اللّٰهِ عَلَى الْكَاذِبِينَ فَتَلَاهَا عَلَى النَّصَارٰى، وَدَعَاهُمْ إِلَى الْمُبَاهَلَةِ،وَقَالَ :إِنَّ اللّٰهَ أَخْبَرَنِي أَنَّ الْعَذَابَ يَنْزِلُ عَلَى الْمُبْطِلِ عَقِيبَ الْمُبَاهَلَةِ، وَيَتَبَيَّنُ الْحَقُّ مِنَ الْبَاطِلِ .فَاجْتَمَعَ الْأُسْقُفُ وَأَصْحَابُهُ وَتَشَاوَرُوا، فَاتَّفَقَ رَأْيُهُمْ عَلَى اسْتِنْظَارِهِ إِلٰى صَبِيحَةِ غَدٍ .فَلَمَّا رَجَعُوا إِلٰى رِحَالِهِمْ (رِجَالِهِمْ خ ل)، قَالَ الْأُسْقُفُ :انْظُرُوا مُحَمَّدًا، فَإِنْ غَدَا بِأَهْلِهِ وَوُلْدِهِ فَاحْذَرُوا مُبَاهَلَتَهُ، وَإِنْ غَدَا بِأَصْحَابِهِ فَبَاهِلُوهُ فَإِنَّهُ عَلٰى غَيْرِ شَيْءٍ . وَقَالَ الْعَاقِبُ :وَاللّٰهِ، لَقَدْ عَلِمْتُمْ (عَرَفْتُمْ خ ل)، يَا مَعْشَرَ النَّصَارٰى، أَنَّ

مُحَمَّدًا نَبِيٌّ مُرْسَلٌ، وَلَقَدْ جاءَكُمْ بِالفَصْلِ مِنْ أَمْرِ صَاحِبِكُمْ .وَاللّٰهِ، مَا بَاهَلَ قَوْمٌ نَبِيًّا قَطُّ فَعَاشَ كَبِيرُهُمْ وَلَا نَبَتَ صَغِيرُهُمْ،وَلَئِنْ فَعَلْتُمْ لَتَهْلِكُنَّ .فَإِنْ أَبَيْتُمْ إِلَّا إِلْفَ دِينِكُمْ وَالْإِقَامَةَ عَلٰى مَا أَنْتُم عَلَيهِ، فَوَادِعُوا الرَّجُلَ وَانْصَرِفُوْا إِلٰى بِلَادِكُمْ .فَأَتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْغَدِ، وَقَدْ جاءَ آخِذاً بِيَدِ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ يَمْشِيَانِ بَيْنَ يَدَيْهِ وَفَاطِمَةُ (عَلَيْهَا السَّلَامُ) تَمْشِي خَلْفَهُ، فَسَأَلَ الْأُسْقُفُ عَنْهُمْ.فَقَالُوْا :هٰذَا ابْنُ عَمِّهِ وَصِهْرُهُ وَأَبُوْ وُلْدِهِ وَأَحَبُّ الْخَلْقِ إِلَيْهِ؛ عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ. وَهٰذَانِ الطِّفْلَانِ ابْنَا ابْنَتِهِ مِنْ عَلِيٍّ وَهُمَا مِنْ أَحَبِّ الْخَلْقِ إِلَيْهِ، وَهٰذِهِ الْجَارِيَةُ فَاطِمَةُ ابْنَتُهُ، وَهِيَ أَعَزُّ النَّاسِ عِنْدَهُ وَأَقْرَبُهُمْ إِلٰى قَلْبِهِ.

فَنَظَرَ الْأُسْقُفُ إِلَى العاقِبِ وَالسَّيِّدِ وَعَبْدِ الْمَسِيحِ، وَقَالَ لَهُمْ :اُنْظُرُوْا، قَدْ جَاءَ بِخَاصَّتِهِ مِنْ وُلْدِهِ وَأَهْلِهِ لِيُبَاهِلَ بِهِمْ وَاثِقاً بِحَقِّهِ .وَاللّٰهِ مَا جَاءَ بِهِمْ وَهُوَ يَتَخَوَّفُ الْحُجَّةَ عَلَيْهِ فَاحْذَرُوْا مُبَاهَلَتَهُ . وَاللّٰهِ لَوْ لَا مَكَانَةُ قَيْصَرٍ لَأَسْلَمْتُ لَهُ، وَلٰكِنْ صَالِحُوْهُ عَلٰى مَا يَتَّفِقُ بَيْنَكُمْ (سبق نبيكم خ ل) وَارْجِعُوْا إِلٰى بِلَادِكُمْ وَارْتَؤُوْا (اِرْتَادُوْا) لِأَنْفُسِكُمْ.

يَا مَعْشَرَ النَّصَارٰى، إِنِّيْ لَأَرٰى (لَأَرٰى وَاللّٰهِ خ ل) وُجُوْهًا لَوْ شَاءَ اللّٰهُ أَنْ يُزِيْلَ جَبَلًا مِنْ مَكَانِهِ لَأَزَالَهُ بِهَا، فَلَا تُبَاهِلُوْهُ فَتَهْلَكُوْا وَلَا يَبْقٰى عَلٰى وَجْهِ الْأَرْضِ نَصْرَانِيٌّ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ.(۱)

۱۔ کشف الیقین / ۲۱۳، الارشاد للمفید / ۸۹ باختلاف فی موارد، رواہ فی الطرائف / ۴۲ ملخصاً، والاختصاص / ۱۰۹ باختلاف کثیر

مُباہلہ میں حضرت علی علیہ السلام کا مقام

۳۱۴۔ مُباھَلہ کا واقعہ امیر المؤمنین علیہ السلام اور ان کی شریکِ حیات اور دو فرزندوں کی فضیلت بیان کرر ہا ہے، چونکہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فتح اور کامیابی کے بعد اسلام کے پھیلانے کے لیے ان سے مدد لی اس کے بعد لوگ گروہ کی صورت میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آتے تھے اور چند لوگ اسلام قبول کر لیتے تھے اور ان میں سے چند لوگ پناہ لیتے تھے تا کہ وہ اپنی قوم کے پاس جا کر پیغمبرِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تدبیر اور تجویز کو ان سے بیان کریں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آنے والے لوگوں میں نجران کا اَسقف ابو حارثہ تھا۔ وہ تیس عیسائیوں کو لے کر جن میں عاقِب ، سیّد اور عبد المسیح شامل تھے نماز عصر کے وقت مدینہ میں داخل ہوا ۔ انہوں نے ریشمی لباس پہنے ہوئے تھے اور صلیب بھی ان کے ہمراہ تھی یہودی ان کے پاس آئے اور ان کے درمیان مسائل زیرِ بحث آئے۔ عیسائیوں نے کہا: تم کسی چیز پر کاربند نہیں ہو اور یہودیوں نے کہا تم عیسائی کسی چیز پر کاربند نہیں ہو اس مطلب کو خداوند نے قرآن میں بیان کیا ہے۔ جب پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز عصر پڑھی تو پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے، پادری نے جو سب سے آگے تھا پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا: یا محمدؐ! مَسیحؑ کے بارے میں آپ کی رائے کیا ہے؟ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مَسیحؑ خدا کا بندہ ہے اور خدا نے اس کا انتخاب کیا ہے۔ پادری نے کہا: آیا آپ معتقد ہیں کہ اس کا باپ ہے؟ فرمایا: وہ اِزْدِواج کے ذریعہ مُتولّد نہیں ہوئے کہ ان کا باپ ہو۔ پادری نے کہا: آپ کس طرح فرمارہے ہیں کہ وہ خدا کی مخلوق اور بندہ ہے۔ حتّٰی کہ کوئی بندہ مخلوق نہیں ہے مگر یہ کہ وہ اِزْدِواج کے ذریعہ پیدا ہوا ہو اور اس کا باپ بھی ہو؟ اس وقت خداوند نے ان آیات کو نازل کیا: ''بے شک اللہ کے نزدیک عیسٰیؑ کی مثال آدمؑ کی سی ہے...'' یہاں تک ''بس

خدا لعنت کرے جھوٹوں پر" اور پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیات پڑھ کر سنائیں اور انہیں مُباہلہ کی دعوت دی اور فرمایا: خدا نے مجھے اطلاع دی ہے کہ مُباہلہ کے بعد اہلِ باطل پر عذاب نازل ہوگا اور حق باطل سے جُدا ہوگا۔ پادری اور اس کے ساتھی جمع ہوئے اور تبادلۂ خیالات کیا۔ سب نے اس بات پر اتفاق کیا کہ کل صبح تک انتظار کیا جائے، جب اپنے مقام پر پہنچے تو ابوحارثہ نے کہا: دیکھو! اگر کل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے بچّوں اور خاندان کے ساتھ آئیں تو مُباہلہ نہ کرنا اور اگر اپنے اصحاب کے ساتھ آئیں تو بغیر کسی خوف کے مُباہلہ کرنا عاقب نے کہا: اے عیسائیوں کے گروہ! خدا کی قسم: تم اچھی طرح جانتے ہو کہ محمدؐ خدا کا بھیجا ہوا پیغمبر ہے اور اس نے تمہارے پیغمبروں کے بارے میں آخری گفتگو کی ہے خدا کی قسم! آج تک کوئی ایسا نہیں ہے جس نے نبیوں کے ساتھ مُباہلہ کیا ہو اور ان کے بزرگ اور بڑے باقی اور بچے سالم رہے ہوں! اگر تم نے مُباہلہ کیا تو قطعاً ہلاک ہو جاؤ گے اگر آپ اپنے دین پر ضد کر رہے ہیں اور اپنے عقیدے پر باقی ہیں تو اس شخص کو چھوڑ دیں اور اپنے شہر واپس چلے جائیں دوسرے دن رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے، دیکھا کہ رسولِ خداؐ نے علی علیہ السلام کا ہاتھ پکڑا ہوا تھا اور حسَن اور حُسین علیہما السلام سب سے آگے اور فاطمہ سلام اللہ علیہا سب سے پیچھے چل رہے تھے، پادری نے ان کے بارے میں پوچھا، کہا گیا: یہ ان کے چچا کے بیٹے ان کے داماد اور ان کے بیٹوں کے باپ علی بن ابی طالب علیہ السلام ہیں کہ ان کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب ہیں اور یہ خاتون ان کی بیٹی ہے جو ان کے نزدیک لوگوں میں سے سب سے زیادہ عزیز ہے اور سب سے زیادہ ان کے دل میں مقام رکھتی ہے پادری نے عاقب، سید اور عبدالمسیح کی طرف دیکھا اور ان سے کہا دیکھیے وہ اپنے خاندان اور فرزندوں کو ساتھ لائے ہیں تا کہ ان کے وسیلہ سے مُباہلہ کریں اور وہ اپنے حق پر مطمئن ہیں، خدا کی قسم! وہ اس خوف سے ان کو ساتھ نہیں لائے کہ حجت ان کے خلاف

میں تمام ہوگی اِس لیے ان کے ساتھ مُباہلہ کرنے سے پرہیز کریں۔ خدا کی قسم! اگر مجھے قیصر کی منزلت اور مقام کی حرص نہ ہوتی تو میں اسلام لے آتا ابھی آپ جس چیز پر متفق ہیں ان سے صلح کرلیں اور اپنے شہروں کو واپس چلے جائیں اور اپنے کاروبار میں مصروف ہوجائیں اے عیسائیوں کے گروہ! میں ایسے نورانی چہرے دیکھ رہا ہوں کہ اگر خدا چاہے تو ان کی خاطر پہاڑوں کو اپنی جگہ سے حرکت دے سکتا ہے بس ان کے ساتھ مُباہلہ نہ کرنا ورنہ نابُود ہو جاؤ گے اور قیامت تک اس زمین پر کوئی مسیحی باقی نہیں رہے گا۔

٧٩۔ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَحَدِيثُ رَدِّ الشَّمْسِ

٣١٥۔ فَرُوِیَ عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ أَنَّهَا قَالَتْ : بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ نَائِمٌ ذَاتَ يَوْمٍ وَرَأْسُهُ فِیْ حِجْرِ عَلِیٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَفَاتَتْهُ الْعَصْرُ حَتّٰى غَابَتِ الشَّمْسُ فَقَالَ : اَللّٰهُمَّ إِنَّ عَلِيّاً فِیْ طَاعَتِکَ وَطَاعَةِ رَسُوْلِکَ فَارْدُدْ عَلَيْهِ الشَّمْسَ قَالَتْ أَسْمَاءُ : فَرَأَيْتُهَا وَاللّٰهِ غَرَبَتْ ثُمَّ طَلَعَتْ بَعْدَ مَا غَرَبَتْ وَلَمْ يَبْقَ جَبَلٌ وَلَا أَرْضٌ إِلَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ حَتّٰى قَامَ عَلِیٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَتَوَضَّأَ وَصَلّٰى ثُمَّ غَرَبَتْ.(١)

٣١٦۔ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ أَبِیْ عَبْدِاللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ : صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ الْعَصْرَ فَجَاءَ عَلِیٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَلَمْ يَكُنْ صَلَّاهَا، فَأَوْحَى اللّٰهُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ عِنْدَ ذٰلِکَ فَوَضَعَ رَأْسَهُ فِیْ حِجْرِ عَلِیٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ : فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ عَنْ حِجْرِهِ وَقَدْ غَرَبَتِ الشَّمْسُ فَقَالَ : يَا عَلِیُّ أَمَا صَلَّيْتَ الْعَصْرَ؟

١۔ الفقيه ١/ ١٣٠، امالی المفيد/ ٩۴، وتذكرة الخواص/ ٥٣ باختلاف فی موارد

فَقَالَ :لَا یَارَسُوْلَ اللّٰہِ .فَقَالَ :اَللّٰھُمَّ إِنَّ عَلِیّاً کَانَ فِیْ طَاعَتِکَ فَارْدُدْ عَلَیْہِ الشَّمْسَ، فَرُدَّتْ عَلَیْہِ الشَّمْسُ عِنْدَ ذٰلِکَ.(۱)

علی علیہ السلام اور سورج کے واپس لوٹ آنے کی حدیث

۳۱۵۔اسماء بنت عُمَیس سے روایت نقل ہوئی ہے اس نے کہا: ایک دن رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا سر مبارک حضرت علی علیہ السلام کے دامن میں رکھا ہوا تھا اس وقت انہیں نیند آ گئی اور علی علیہ السلام سے نمازِ عصر قضاء ہوگئی چونکہ سورج غروب ہو چکا تھا۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ''خُدایا! علیؑ ہمیشہ تیری اور تیرے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت میں رہا ہے سورج کو اس کے لئے واپس پلٹا دے'' اسماء کہتی ہیں، خدا کی قسم سورج غروب ہو چکا تھا میں نے دیکھا دوبارہ طلوع ہوا اور کوئی ایسا پہاڑ اور زمین نہیں تھی جس پر اس کی روشنی نہ پڑی ہو علی علیہ السلام اٹھے اور وضو کیا نماز پڑھی اس وقت پھر سورج غروب ہو گیا۔

۳۱۶۔امام صادق علیہ السلام سے نقل ہوا ہے کہ ایک دن رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عصر کی نماز پڑھ چکے تھے اُس وقت علی علیہ السلام نے نمازِ عصر نہیں پڑھی تھی آپؑ داخل ہوئے، اس وقت خداوند نے اپنے پیغمبرؐ پر وحی بھیجی، پس پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا سر مُبارک علی علیہ السلام کے دامن میں رکھا جب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا سر علی علیہ السلام کے دامن سے اٹھایا تو سورج غروب ہو چکا تھا، علی علیہ السلام سے پوچھا: کیا تم نے عصر کی نماز نہیں پڑھی؟ عرض کی نہیں اے پیغمبرِ خدا پس پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خُدایا! علی علیہ السلام ہمیشہ تیری اطاعت میں رہا ہے سورج کو اس کے لیے واپس پلٹا دے اس وقت سورج واپس لوٹ آیا۔

۱۔ اثبات الھداۃ ۱/ ۳۲۱، البحار ۴۱/ ۱۶۹، جواھر المطالب / ۱۰۹ باختلاف فی موارد

۸۰ـ تَسْلِیْمُ الشَّمْسِ عَلٰی عَلِیٍّ عَلَیْهِ السَّلَامُ

۳۱۷ـ بِالْإِسْنادِ، عَنِ الْمُرْتَضٰی أَمِیْرِالْمُؤْمِنِینَ عَلِیِّ بْنِ أَبِی طَالِبِ علیهِ السَّلَامُ، عَنِ الْمُصْطَفٰی مُحَمَّدٍ الْأَمِیْنِ سَیِّدِ الْأَوَّلِینَ وَالْآخِرِیْنَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِمْ أَجْمَعِینَ :أَنَّهُ قَالَ لِعَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ عَلَیهِ السَّلَامُ :یَا أَبَا الْحَسَنِ، کَلِّمِ الشَّمْسَ فَإِنَّهَا تُکَلِّمُکَ .قَالَ عَلِیٌّ عَلَیهِ السَّلَامُ :اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ أَیُّهَا الْعَبْدُالْمُطِیعُ لِلّٰهِ فَقَالَتْ الشَّمْسُ :وَعَلَیْکَ السَّلَامُ یَا أَمِیْرَالْمُؤْمِنِینَ وَإِمَامَ الْمُتَّقِینَ وَقَائِدَ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِینَ .یَا عَلِیُّ، أَنْتَ وَشِیعَتُکَ فِی الْجَنَّةِ. یَا عَلِیُّ، أَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْأَرْضُ مُحَمَّدٌ ثُمَّ أَنْتَ، وَأَوَّلُ مَنْ یُحْیٰی مُحَمَّدٌ ثُمَّ أَنْتَ، وَأَوَّلُ مَنْ یُکْسٰی مُحَمَّدٌ ثُمَّ أَنْتَ .ثُمَّ انْکَبَّ عَلِیٌّ عَلَیهِ السَّلَامُ سَاجِدًا وَعَیْنَاهُ تَذْرِفَانِ بِالدُّمُوعِ، فَانْکَبَّ عَلَیْهِ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ :یَا أَخِیْ وَحَبِیْبِیْ .اِرْفَعْ رَأْسَکَ فَقَدْ بَاهَی اللّٰهُ بِکَ أَهْلَ سَبْعِ سَمَاوَاتٍ.(۱)

۳۱۸ـ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ :کُنَّا مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ عَلِیُّ بْنُ أَبِیْ طَالِبٍ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَیْهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :یَا أَبَا الْحَسَنِ، أَتُحِبُّ أَنْ أُرِیَکَ کَرَامَتَکَ عَلَی اللّٰهِ؟ قَالَ :نَعَمْ، بِأَبِیْ أَنْتَ وَأُمِّیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ.

قَالَ :إِذَا کَانَ غَدًا فَانْطَلِقْ إِلَی الشَّمْسِ مَعِیَ فَإِنَّهَا سَتُکَلِّمُکَ بِإِذْنِ اللّٰهِ تَعَالٰی.

قَالَ :فَمَاجَت قُرَیْشٌ وَالْأَنْصَارُ بِأَجْمَعِهِمْ، فَلَمَّا أَصْبَحَ صَلَّی الْغَدَاةَ، وَأَخَذَ

۱ـ الیقین/۱۶۵؛ البحار ۱۶۹/۴۱/۱؛ باختلاف یسیر، المناقب للخوارزمی/۱۱۳؛ باختلاف فی موارد

بِيَدِ عَلِيّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ وَانْطَلَقَا، ثُمَّ جَلَسَا يَنْتَظِرَانِ طُلُوْعَ الشَّمْسِ، فَلَمَّا طَلَعَتْ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :يَاعَلِيُّ، كَلِّمْهَا فَإِنَّهَا مَأْمُوْرَةٌ وَأَنَّهَا سَتُكَلِّمُکَ.

فَقَالَ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ :اَلسَّلَامُ عَلَيْکَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ أَيُّهَا الْخَلْقُ السَّامِعُ الْمُطِيْعُ.

فَقَالَتِ الشَّمْسُ :وَعَلَيْکَ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، يَا خَيْرَ الْأَوْصِيَاءِ لَقَدْ أُعْطِيتَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ، فَقَالَ عَلِيٌّ:مَاذَا أُعْطِيْتُ . قَالَتْ :لَمْ يُؤْذَنْ لِي أَنْ أُخْبِرَکَ فَيَفْتَتِنُ النَّاسُ، وَلٰكِنْ هَنِيْئاً لَکَ، الْعِلْمُ وَالْحِكْمَةُ فِي الدُّنْيَا، وَأَمَّا فِي الْآخِرَةِفَأَنْتَ مِمَّنْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى :فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآأُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ جَزَآءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ۔

وَأَنْتَ مِمَّنْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْهِ:أَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا لَا يَسْتَوُوْنَ۔ فَأَنْتَ الْمُؤْمِنُ الَّذِيْ خَصَّکَ اللّٰهُ بِالْإِيْمَانِ .وَرُوِيَ أَنَّ الشَّمْسَ كَلَّمَتْهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ.(۱)

سورج کا حضرت علی علیہ السلام کو سلام کرنا

۳۱۷۔روایت میں نقل ہوا ہے کہ پیغمبروں کے سردار محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام سے فرمایا: یَا اَبَاالْحَسَن ! سورج کے ساتھ گفتگو کرو اور وہ بھی تم سے گفتگو کرے گا، حضرت علی علیہ السلام نے خورشید سے مخاطب ہوکر فرمایا: سلام ہو تم پر اے خدا کے فرمانبردار بندے!

۱۔الثاقب فی المناقب / ۲۵۵

سورج نے جواب میں کہا: سلام ہو تم پر اے امیر المؤمنین علیہ السلام اے پرہیز گاروں کے پیشوا اور سفید چہروں کے رہبر، یا علیؑ! تم اور تمہارے شیعہ بہشت میں ہوں گے، یا علیؑ! وہ پہلے شخص جن کے سامنے زمین پھٹ جائے گی محمدؐ ہیں ان کے بعد آپؑ ہیں، وہ پہلے فرد جو زندہ ہوں گے محمدؐ ہیں ان کے بعد آپؑ ہیں اور وہ پہلے فرد جنہیں لباس پہنایا جائے گا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں ان کے بعد آپؑ ہوں گے۔ اس وقت علی علیہ السلام سجدہ میں گر پڑے اور ان کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود کو علیؑ پر گرا دیا اور فرمایا: اے میرے بھائی اور میرے دوست سر اٹھاؤ کہ خداوند اور سات آسمانوں کے رہنے والے تم پر افتخار کر رہے ہیں۔

۳۱۸۔ عبداللہ بن مسعود کہتے ہیں: ہم پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھے کہ علی علیہ السلام داخل ہوئے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا: یَا اَبَا الْحَسَنؑ! کیا تمھیں پسند ہے کہ جو تمہاری منزلت خدا کے نزدیک ہے تمھیں دکھاؤں؟ حضرت علی علیہ السلام نے عرض کی جی ہاں، اے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، میرے ماں باپ آپ پر قربان ہو جائیں۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کل صبح کو میرے پاس آئیں خورشید کے پاس جائیں گے کہ سورج خدا کے اِذن سے تمہارے ساتھ گفتگو کرے گا عبداللہ بن مسعود کہتے ہیں: سب قریش اور انصار جمع ہو گئے، پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صبح کی نماز کے بعد علی بن ابی طالب علیہ السلام کا ہاتھ پکڑا اور دونوں روانہ ہو گئے اور ایک جگہ پر سورج کے طلوع ہونے کے انتظار میں بیٹھ گئے، جب سورج طلوع ہوا، رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا: اِس سے گفتگو کرو، کیونکہ سورج کو حکم ملا ہوا ہے کہ تم سے گفتگو کرے علی علیہ السلام نے فرمایا: سلام و رحمت اور خدا کی برکات ہوں تم پر اے سننے والی اور فرمانبردار مخلوق! سورج نے کہا: سلام و رحمت اور خدا کی برکات ہوں آپ پر اے بہترینِ اوصیاء، تمہیں اس دنیا اور آخرت میں ایسی چیز عطا کی گئی ہے کہ نہ اس کو کسی آنکھ نے دیکھا ہے اور نہ

کسی کان نے سنا ہے۔ علی علیہ السلام نے فرمایا: کونسی چیز مجھے عطا کی گئی ہے؟ سورج نے کہا: مجھے اجازت نہیں ہے کہ تمہیں بتاؤں کیونکہ لوگ میرے خلاف فتنہ کھڑا کردیں گے لہٰذا اس دنیا میں جو علم اور حکمت آپ کو دی گئی ہے آپؑ کو مبارک ہو... آپؑ آخرت میں ایک ایسی ہستی ہیں کہ جس کے بارے میں خداوند نے فرمایا: ''ان لوگوں کے اعمال کے بدلے میں کیسی کیسی آنکھوں کی ٹھنڈک ان کے لیے ڈھکی چھپی رکھی ہے اس کو تو کوئی شخص جانتا ہی نہیں''۔ اور آپؑ ان میں سے ہیں جن کے بارے میں ارشادِ باری تعالیٰ ہوا ''ہرگز نہیں یہ دونوں برابر نہیں ہوسکتے''۔ آپؑ وہ ہیں جس کو خدا نے خالص ایمان قرار دیا ہے۔ روایت میں نقل ہوا ہے کہ خورشید نے حضرتؑ سے تین مرتبہ گفتگو کی ہے۔

۸۱۔ حَدِیْثُ الْبِسَاطِ

۳۱۹۔ وَرُوِیَ عَنْ سلمانَ الفارِسِیّ (ر ٥) قَالَ :دَخَلَ أَبُوبَکْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا :یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِمَا بَالُکَ تُفَضِّلُ عَلِیّاً عَلَیْنَا فِیْ کُلِّ حَالٍ؟ فَقَالَ :مَا أَنَا فَضَّلْتُهُ بَلِ اللّٰهُ تَعَالیٰ فَضَّلَهُ، فَقَالُوْا :وَمَا الدَّلِیلُ؟ فَقَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :إِذا لَمْ تَقْبَلُوْا مِنِّیْ فَلَیْسَ مِنَ الْمَوْتِ عِنْدَکُمْ أَصْدَقُ مِنْ أَهْلِ الْکَهْفِ، وَأَنَا أَبْعَثُکُمْ وَعَلِیّاً وَأَجْعَلُ سَلْمَانَ شاهِدًا عَلَیْکُمْ إِلیٰ أَصْحَابِ الْکَهْفِ حَتّٰی تُسَلِّمُوْا عَلَیْهِمْ، فَمَنْ أَحْیاهُمُ اللّٰهُ لَهُ وَأَجابُوْهُ کَانَ الْأَفْضَلَ، قَالُوْا :رَضِینا، فَأَمَرَ بِبَسْطِ بِسَاطٍ لَهُ وَدَعَا بِعَلِیٍّ عَلَیهِ السَّلَامُ فَأَجْلَسَهُ فِیْ وَسَطِ الْبِسَاطِ وَأَجْلَسَ کُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ عَلٰی قَرْنَةٍ مِنَ الْبِسَاطِ وَأَجْلَسَ سَلْمَانَ عَلَی الْقَرْنَةِ الرَّابِعَةِ ثُمَّ قَالَ :یَا رِیْحُ اِحْمِلِیْهِمْ إِلیٰ أَصْحَابِ الْکَهْفِ وَرُدِّیْهِمْ إِلَیَّ.

قَالَ سَلْمَانُ :فَدَخَلَتِ الرِّیْحُ تَحْتَ الْبِسَاطِ وَسَارَتْ بِنَا وَإِذا نَحْنُ بِکَهْفٍ عَظِیْمٍ

فَحَطَطْنَا، فَقَالَ أَمِيرُالْمُؤْمِنِينَ: يَا سَلْمَانُ اِهٰذَا الْكَهْفُ وَالرَّقِيمُ فَقُلْ لِلْقَوْمِ: يَتَقَدَّمُونَ أَوْنَتَقَدَّمُ؟، فَقَالُوْا: نَحْنُ نَتَقَدَّمُ، فَقَامَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ وَصَلّٰى وَدَعَا وَقَالَ: اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَاأَصْحَابَ الْكَهْفِ فَلَمْ يُجِبْهُمْ أَحَدٌ، فَقَامَ أَمِيرُالْمُؤْمِنِيْنَ بَعْدَهُمْ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ وَدَعَا وَنَادٰى يَاأَصْحَابَ الْكَهْفِ! فَصَاحَ الْكَهْفُ وَصَاحَ الْقَوْمُ مِنْ دَاخِلِهِ بِالتَّلْبِيَةِ، فَقَالَ أَمِيرُالْمُؤْمِنِينَ عَلَيهِ السَّلامُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ أَيُّهَا الْفِتْيَةُ الَّذِيْنَ آمَنُوْا بِرَبِّهِمْ فَزِدْنَاهُمْ هُدًى، فَقَالُوا: وَعَلَيْكَ السَّلَامُ، يَا أَخَارَسُولِ اللّٰهِ وَوَصِيَّه وَأَمِيرَالْمُؤْمِنِينَ، لَقَدْ أَخَذَ اللّٰهُ عَلَيْنَا الْعَهْدَ بَعْدَ اِيْمَانِنَا بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لَكَ يَا أَمِيرَالْمُؤْمِنِينَ بِالْوِلَاءِ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ يَوْمِ الدِّيْنِ. فَسَقَطَ الْقَوْمُ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ وَقَالُوْا لِسَلْمَانَ: يَا أَبَا عَبْدِاللّٰهِ، فَقَالَ: مَا ذٰلِكَ لِيَ؟ فَقَالُوْا: يَا أَبَا الْحَسَنِ اِرْدُدْنَا، فَقَالَ: يَا رِيْحُ رُدِّيْنَا إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَحَمَلَتْنَا فَإِذَا نَحْنُ بَيْنَ يَدَيْهِ فَقَصَّ عَلَيْهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ كُلَّمَاجَرٰى وَقَالَ: هٰذَا حَبِيْبِيْ جَبْرَائِيلُ عَلَيهِ السَّلَامُ أَخْبَرَنِيْ بِهٖ، فَقَالُوْا: اَلآنَ عَلِمْنَا فَضْلَ عَلِيٍّ عَلَيْنَا مِنْ عِنْدِاللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ لِأُمَّتِكَ.(۱)

حدیث بچھونا

۳۱۹۔سلمان فارسی کہتے ہیں: ابوبکر، عمراور عثمان پیغمبر ﷺ کے پاس آئے اور کہا: یارسُول اللہ ﷺ آپؐ کیوں ہمیشہ علی علیہ السلام کو ہم سے زیادہ فضیلت دیتے ہیں؟ پیغمبر ﷺ نے فرمایا: میں نے اس کوفضیلت اور برتری نہیں دی، خدانے اس کو برتری عطا کی ہے، انہوں نے کہا: اس برتری کی دلیل کیا ہے؟ فرمایا: اگر میری بات پر یقین نہیں تو تمہارے نزدیک مُردوں میں

۱۔ارشاد القلوب / ۲۶۸، الطرائف / ۸۳ اوردہ ملخصاً

سے اصحابِ کہف کے علاوہ کوئی اور صادق نہیں ہے، میں تمہیں اور علیؑ کو ان کے پاس بھیجتا ہوں اور سلمان کو گواہ بنا رہا ہوں تاکہ ان کے پاس جا کر انہیں سلام کریں۔ بس جس کی خاطر خدا نے اصحابِ کہف کو زندہ کیا اور انہوں نے اس کو سلام کا جواب دیا، وہی سب سے افضل ہے۔ کہا ہم راضی ہیں۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام کے لیے چادر بچھائی جائے، اس وقت ان سے فرمایا چادر کے درمیان میں بیٹھ جائیں اور وہ سب چادر کے ایک ایک کونے میں بیٹھ گئے اور سلمان بھی اس کے چوتھے کونے میں بیٹھ گئے، پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہَوا سے فرمایا: اے ہَوا انہیں اصحابِ کہف کے پاس لے جا اور میرے پاس واپس لے آ۔

سلمان کہتے ہیں: اس وقت چادر کے نیچے ہَوا چلی، ہَوا ہمیں اُڑا کر لے گئی اچانک ہم نے دیکھا کہ ایک بڑی غار کے سامنے پہنچے ہوئے ہیں ہم نیچے اُترے امیر المؤمنینؑ نے فرمایا: اے سلمان یہاں پر کہف اور رَقیم ہے اس گروہ سے کہو: آیا وہ پہلے جاتے ہیں یا میں پہلے جاؤں؟ کہا ہم پہلے جائیں گے بس ہر ایک نے نماز پڑھی اور دعا مانگی اور کہا: اے اصحابِ کہف تم پر سلام ہو! لیکن کسی نے ان کو جواب نہ دیا؛ امیر المؤمنین علیہ السلام نے دو رکعت نماز پڑھی اور دعا مانگی اور اصحابِ کہف کو آواز دی۔ غار میں ان کی آواز بلند ہوئی اور جواب دیا امیر المؤمنین علیہ السلام نے فرمایا: سلام ہو آپ پر اے جواں مَردو کہ آپ اپنے پروردگار پر ایمان لائے اور خدا نے آپ کی ہدایت کو بڑھایا۔ انہوں نے جواب میں کہا: سلام ہو آپ پر اے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بھائی اور وصی اور امیر المؤمنین! خداوند نے ہم سے عہد لیا ہے کہ خُدا اور اس کے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایمان کے بعد قیامت کے دن تک جو جزاء کا دن ہے، اے امیر المؤمنینؑ آپ کی ولایت کے مطیع رہیں گے، بس وہ گروہ منہ کے بل زمین پر گر پڑا اور سلمان سے کہا: اے ابوعبداللہ! سلمان نے فرمایا: میرے ہاتھ

میں کچھ نہیں کہا: یا اباالحسنؑ ہمیں واپس لے جائیں۔ امیرالمؤمنین علیہ السلام نے ہوا سے فرمایا: اے ہوا! ہمیں رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لے جا۔ بس ہوا نے ہمیں اٹھایا اور اچانک ہم نے خود کو رسولِ خداؐ کے سامنے دیکھا۔ اس وقت پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پورا ماجرا ان کو سنایا اور فرمایا: جبرئیلؑ نے مجھے اطلاع دی ہے انہوں نے کہا: ابھی ہم نے جان لیا کہ علی علیہ السلام خدا کے نزدیک اُمّت کے تمام افراد میں سے افضل ہیں۔

۸۲ ۔سَدُّ الْاَبْوَابِ اِلَّا بَابَ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ

۳۲۰۔قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :سُدُّوا الْأَبْوَابَ الشَّارِعَةَ فِي الْمَسْجِدِ إِلَّا بَابَ عَلِيٍّ.(۱)

۳۲۱۔قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :سُدُّوا أَبْوَابَ الْمَسْجِدِ كُلَّهَا إِلَّا بَابَ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ.(۲)

۳۲۲۔عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ :أَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بِأَبْوَابِ الْمَسْجِدِ فَسُدَّتْ إِلَّا بَابُ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ.(۳)

۳۲۳۔رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ :إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى أَمَرَ مُوْسَى بْنَ عِمْرَانَ أَنْ يَبْنِيَ مَسْجِدًا طَاهِرًا لَا يَسْكُنُهُ إِلَّا هُوَ وَابْنَا هَارُوْنَ شَبَرٌ وَشُبَيْرٌ وَإِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى أَمَرَنِي أَنْ أَبْنِيَ مَسْجِدًا لَا يَسْكُنُهُ إِلَّا أَنَا وَعَلِيٌّ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ، سُدُّوا هٰذِهِ الْأَبْوَابَ إِلَّا بَابَ عَلِيٍّ.(۴)

۱۔أمالي الصدوق / ۲۷۴، عيون اخبار الرضا ۲ / ۶۷، البحار ۳۹ / ۲۰

۲۔فرائد السمطين ۱ / ۲۰۸، ملحقات الاحقاق ۲۱ / ۲۴۸ باختلاف يسير

۳۔ امالي الصدوق / ۲۷۴ ۴۔احقاق الحق ۵ / ۵۸۰

۳۲۴۔ عَنْ نَاصِحِ بْنِ عَبْدِاللّٰہِ، أَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہِ وَسَلَّمَ :أَمَرَ بِسَدِّ الْأَبْوَابِ کُلِّھَا غَیْرَ بَابِ عَلِیٍّ....(۱)

۳۲۵۔ عَنْ زَیْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ :کَانَ لِنَفَرٍ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہِ وَسَلَّمَ أَبْوَابٌ شَارِعَۃٌ فِی الْمَسْجِدِ .فَقَالَ یَوْمًا :سُدُّوْا ھٰذِہِ الْأَبْوَابَ إِلَّا بَابَ عَلِیٍّ. فَتَکَلَّمَ فِیْ ذٰلِکَ أُنَاسٌ (النَّاسُ خ ل)قَالَ:فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہِ وَسَلَّمَ فَحَمِدَاللّٰہَ وَاَثْنٰی عَلَیْہِ ثُمَّ قَالَ :أَمَّابَعْدُ فَإِنِّی أَمَرْتُ بِسَدِّ ھٰذِہِ الْأَبْوَابِ غَیْرَبَابِ عَلِیٍّ، فَقَالَ فِیْہِ قَائِلُکُمْ .وَاللّٰہِ مَاسَدَدْتُ شَیْئًا وَلَافَتَحْتُہُ وَلٰکِنِّی أُمِرْتُ بِشَیْءٍ فَاتَّبَعْتُہُ.(۲)

۳۲۶۔ (فِیْ حَدِیْثٍ) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہِ وَسَلَّمَ :مَا أَنَا سَدَدْتُ أَبْوَابَکُمْ وَفَتَحْتُ بَابَ عَلِیٍّ،وَلٰکِنَّ اللّٰہَ فَتَحَ بَابَ عَلِیٍّ وَسَدَّ أَبْوَابَکُمْ.(۳)

حضرت علی علیہ السلام کے در کے سوا باقی دروازے بند کرنا

۳۲۰۔رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مسجد کے اندر جو بھی دروازے کھلے ہیں سب دروازے بند کیے جائیں لیکن علی علیہ السلام کے گھر کا دروازہ کھلا رہے۔

۳۲۱۔رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام کے گھر کے دروازے کے علاوہ مسجد کے تمام دروازے بند کردیں۔

۱۔احقاق الحق ۵/۵۶۹، صحیح الترمذی ۱۳/۱۷۶ باختلاف یسیر

۲۔ کشف الیقین / ۲۰۹، امالی الصدوق / ۲۷۳، خصائص النسائی / ۷۲، المستدرک للحاکم۳/۱۲۵ باختلاف یسیر وتذکرۃ الخواص / ۴۶ باختلاف فی موارد

۳۔احقاق الحق ۵/۵۵۷

۳۲۲۔ابن عباس سے نقل ہوا ہے انہوں نے کہا: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم فرمایا مسجد کے تمام دروازے بند کر دینے کا سوائے علی بن ابی طالب علیہ السلام کے گھر کے دروازے کے۔

۳۲۳ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل ہوا ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: خداوند نے موسیٰ بن عمران علیہ السلام کو حکم دیا ایک پاک مسجد بنائیں جس میں وہ خود اور ہارونؑ کے دو بیٹے شبر اور شبیر رہائش کریں ان کے علاوہ کوئی اور رہائش نہ کرے اور مجھے بھی حکم دیا گیا کہ میں بھی ایک مسجد بناؤں جس میں میرے اور علیؑ اور حسن و حسین علیہم السلام کے علاوہ کوئی رہائش نہ کرے ابھی سوائے علی کے گھر کے دروازے کے سب دروازے بند کریں۔

۳۲۴۔ناصح بن عبداللہ سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیا کہ تمام دروازے بند کریں سوائے علی علیہ السلام کے گھر کے دروازے کے۔

۳۲۵۔زید بن ارقم کہتے ہیں رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چند اصحاب کے گھر کے دروازے مسجد کی طرف تھے ایک دن رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام کے گھر کے دروازے کے علاوہ سب دروازے بند کر دیں۔

یہ بات لوگوں کے درمیان باعثِ گفتگو بنی، رسُولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حمد وثناء الٰہی کرنے کے بعد فرمایا: میں نے حکم دیا ہے کہ علی علیہ السلام کے گھر کے دروازے کے علاوہ سب دروازے بند کیے جائیں اور یہ بات آپ کے درمیان باعثِ گفتگو بنی ہوئی ہے خدا کی قسم! میں نے کسی کے دروازے کو نہ بند کیا ہے اور نہ کھولا ہے بلکہ میں نے اس حکم کی پیروی کی ہے جو مجھے دیا گیا ہے۔

۳۲۶۔حدیث میں نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے نہ تمہارے گھروں کا دروازہ بند کیا ہے اور نہ ہی علی علیہ السلام کے گھر کا دروازہ کھولا ہے بلکہ خدا نے علی علیہ السلام کے گھر کا دروازہ

کھولا ہے اور تمہارے گھروں کے دروازے کو بند کیا ہے۔

۸۳۔عَلِیٌّ عَلَیْہِ السَّلَامُ کَسُوْرَۃِ الْاِخْلَاصِ

۳۲۷۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّمَ :اِنَّمَا مَثَلُ عَلِیٍّ عَلَیہِ السَّلَامُ فِیْ ھٰذِہِ الْاُمَّۃِ مَثَلُ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ فِی الْقُرْآنِ.(۱)

۳۲۸۔ عَنِ ابْنِ عبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّمَ :یَا عَلِیُّ اِمَا مَثَلُکَ فِی النَّاسِ اِلَّا کَمَثَلِ سُورَۃِ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ فِی الْقُرْآنِ، مَنْ قَرَأَھَا مَرَّۃً فَکَاَنَّمَا قَرَأَ ثُلُثَ الْقُرْآنِ،وَمَنْ قَرَأَھا مَرَّتَیْنِ فَکَاَنَّما قَرَأَ ثُلُثَیِ الْقُرْآنِ، وَمَنْ قَرَأَھَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَکَاَنَّما قَرَأَ الْقُرْآنَ کُلَّہُ،وَکَذَا اَنْتَ یا عَلِیُّ مَنْ اَحَبَّکَ بِقَلْبِہٖ فَقَدْ اَخَذَ ثُلُثَ الْاِیْمَانِ، وَمَنْ اَحَبَّکَ بِقَلْبِہٖ وَلِسانِہٖ فَقَدْ اَخَذَ ثُلُثَيِ الْاِیمانِ، وَمَنْ اَحَبَّکَ بِقَلْبِہٖ وَلِسَانِہٖ وَیَدِہٖ فَقَدْ جَمَعَ الْاِیْمَانَ کُلَّہٗ، وَالَّذِیْ بَعَثَنِیْ بِالْحَقِّ نَبِیًّا، لَوْ اَحَبَّکَ اَھْلُ الْاَرْضِ کَمَا یُحِبُّکَ اَھْلُ السَّمَاءِ ؛ لَمَا عَذَّبَ اللّٰہُ اَحَدًا مِّنْھُمْ بِالنَّارِ.(۲)

۳۲۹۔ بِالْاِسْنَادِ، عَنْ اَبِی عَبدِ اللّٰہِ عَلَیہِ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّمَ لِاَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلَیہِ السَّلَامُ :مَثَلُکَ مَثَلُ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ فَاِنَّہٗ مَنْ قَرَأَھَا مَرَّۃً فَکَاَنَّمَا قَرَأَ ثُلُثَ الْقُرْآنِ وَمَنْ قَرَأَھَا مَرَّتَیْنِ فَکَاَنَّما قَرَأَ ثُلُثَیِ الْقُرْآنِ، وَمَنْ قَرَأَھَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَکَاَنَّمَا قَرَأَ الْقُرْآنَ، وَکَذٰلِکَ مَنْ اَحَبَّکَ بِقَلْبِہٖ کَانَ لَہٗ مِثْلُ ثُلُثِ ثَوَابِ اَعْمَالِ الْعِبَادِ وَمَنْ اَحَبَّکَ بِقَلْبِہٖ وَنَصَرَکَ بِلِسَانِہٖ کَانَ لَہٗ مِثْلُ ثُلُثَیْ اَعْمَالِ الْعِبَادِ وَمَنْ اَحَبَّکَ

۱۔ مناقب علی بن أبیطالب/ ۷۰، کشف الیقین/ ۲۹۷، ینابیع المودۃ/ ۲۳۵ باختلاف فی موارد

۲۔احقاق الحق ۵/ ۶۲۱، المحاسن/ ۱۵۳

بِقَلْبِهِ وَنَصَرَکَ بِلِسَانِهِ وَيَدِهِ كَانَ لَهُ مِثْلُ ثَوَابِ أَعْمَالِ العِبَادِ.(١)

٣٣٠ـ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ :سَمِعتُ الصَّادِقَ جَعْفَرَ بْنَ مُحمّدٍعَلَيهما السَّلَامُ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ عَنْ آبَائِهِ عَلَيهِمُ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلّٰى اللّٰهُ عَلَيهِ وآلِهِ وَسَلَّمَ :يَوْمًا لِّأَصْحَابِهِ :أَيُّكُمْ يَصُوْمُ الدَّهْرَ؟ فَقَالَ سَلْمَانُ رَحِمَهُ اللّٰهُ :أَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :فَأَيُّكُمْ يُحْيِي اللَّيْلَ؟ قَالَ سَلْمَانُ :أَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قالَ :فَأَيُّكُمْ يَخْتِمُ القُرْآنَ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ؟ فَقَالَ سَلْمَانُ :أَنا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَغَضِبَ بَعْضُ أَصْحَابِهِ فَقَالَ :يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ :إِنَّ سَلْمَانَ رَجُلٌ مِنَ الْفُرْسِ يُرِيْدُ أَنْ يَفْتَخِرَ عَلَيْنَا اِقُلْتَ أَيُّكُمْ يَصُوْمُ الدَّهْرَ؟ قَالَ :أَنَا وَهُوَ أَكْثَرُ أَيَّامِهِ يَأْكُلُ، وَقُلْتَ :أَيُّكُم يُحيِي اللَّيْلَ؟ فَقَالَ :أَنَا، وَهُوَ أَكْثَرُلَيْلِهِ نائِمٌ وَقُلْتَ أَيُّكُم يَخْتِمُ القُرْآنَ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ؟ فَقَالَ :أَنَا وَهُوَ أَكْثَرُ أَيَّامِهِ صَامِتٌ اِفَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلّٰى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :مَهْ يَا فُلَانُ أَنّٰى لَكَ بِمِثْلِ لُقْمَانَ الْحَكِيمِ اِسَلْهُ فَإِنَّهُ يُنَبِّئُكَ .فَقَالَ الرَّجُلُ لِسَلْمَانَ :يَا عَبْدَ اللّٰهِ اِأَلَيْسَ زَعَمْتَ أَنَّكَ تَصُوْمُ الدَّهْرَ؟ فَقَالَ :نَعَمْ .فَقَالَ :رَأَيْتُكَ فِي أَكْثَرِنَهارِكَ تَأْكُلُ .فَقَالَ: لَيْسَ حَيْثُ تَذْهَبُ إِنِّيْ أَصُومُ الثَّلَاثَةَ فِي الشَّهْرِ، وَقَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ:مَنْ جَاءَ بِالحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا وَأَصِلُ شَعْبانَ بِشَهْرِ رَمَضَانَ فَذلكَ صَوْمُ الدَّهْرِ.فَقَالَ :أَلَيْسَ زَعَمْتَ أَنَّكَ تُحْيِي اللَّيْلَ؟ قَالَ :إِنَّكَ أَكْثَرُ لَيْلِكَ نَائِمٌ، فَقَالَ :لَيْسَ حَيْثُ تَذْهَبُ،وَلٰكِنِّي سَمِعْتُ حَبِيْبِي رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلّٰى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ :(مَنْ بَاتَ عَلٰى طُهْرٍ فَكَأَنَّمَا أَحْيَا اللَّيْلَ) فَأَنَاأَبِيْتُ عَلٰى طُهْرٍ .فَقَالَ :أَلَيْسَ زَعَمْتَ أَنَّكَ تَخْتِمُ القُرْآنَ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ؟ قَالَ :نَعَمْ، قَالَ :فَأَنْتَ أَكْثَرُ أَيَّامِكَ صَامِتٌ، فَقَالَ:لَيْسَ حَيْثُ تَذْهَبُ .وَلٰكِنِّيْ سَمِعْتُ

---

١ ـ المحاسن / ١٥٣

حَبِيبِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لِعَلِيِّ عَلَيهِ السَّلَامُ :(يَا أَبَا الْحَسَنِ! مَثَلُكَ فِيْ أُمَّتِي مَثَلُ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ، فَمَنْ قَرَأَهَا مَرَّةً؛ فَقَدْ قَرَأَثُلُثَ الْقُرْآنِ وَمَنْ قَرَأَهَا مَرَّتَيْنِ فَقَدْ قَرَأَ ثُلُثَيِ الْقُرْاٰنِ وَمَنْ قَرَأَهَا ثَلَاثاً؛ فَقَدْ خَتَمَ الْقُرْآنَ، فَمَنْ أَحَبَّكَ بِلِسَانِهِ فَقَدْ كَمُلَ لَه ثُلُثُ الْإِيْمَانِ، وَمَنْ أَحَبَّكَ بِلِسَانِهِ وَقَلْبِهِ فَقَدْ كَمُلَ لَهُ ثُلُثَيِ الْإِيْمَانِ وَمَنْ أَحَبَّكَ بِلِسَانِهِ وَقَلْبِهِ وَنَصَرَكَ بِيَدِهِ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ الْإِيْمَانَ . وَالَّذِي بَعَثَنِيْ بِالْحَقِّ يَا عَلِيُّ لَوْ أَحَبَّكَ أَهْلُ الْأَرْضِ كَمَحَبَّةِ أَهْلِ السَّمَاءِ لَكَ لَمَا عُذِّبَ أَحَدٌ بِالنَّارِ) وَأَنَا أَقْرَأُ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَقَامَ فَكَأَنَّهُ قَدْ أُلْقِمَ حَجَرًا.(۱)

حضرت علی علیہ السلام سورۂ اخلاص کی مثل ہیں

۳۲۷۔رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام کی مثال میری امت میں ایسے ہے جیسے قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَد کی مثال قرآن میں۔

۳۲۸۔ابن عباس سے نقل ہوا ہے اس نے کہا: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علیؑ! تمہاری مثال ان لوگوں کے درمیان ایسے ہے جیسے سورہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَد کی قرآن میں، جو بھی سورہ اخلاص کو ایک مرتبہ پڑھے گا گویا کہ اس نے ایک سوم قرآن کو پڑھا، اور اگر کوئی اسے دو مرتبہ پڑھے گا گویا کہ اس نے دو سوم قرآن کو پڑھا، اور اگر کوئی اسے تین مرتبہ پڑھے گا، گویا کہ اس نے پورا قرآن پڑھا ہے یا علی علیہ السلام تم بھی ایسے ہو۔ جس نے تمہیں دِل سے دوست رکھا اس نے ایک سوم ایمان حاصل کر لیا اور جس نے تمہیں دل اور زبان سے دوست رکھا، اس نے دو سوم ایمان حاصل کر لیا اور

۱۔ معانی الاخبار / ۲۲۲

جس نے تمھیں دل، زبان اور عمل میں دوست رکھا، اس نے پورا ایمان حاصل کرلیا۔ مجھے اس کی قسم جس نے مجھے پیغمبر برحق انتخاب کیا ہے اگر اس زمین پر لوگ تمھیں جس طرح اہل آسمان دوست رکھتے ہیں دوست رکھیں تو خداوندان میں سے کسی پر بھی جہنم کی آگ کا عذاب نازل نہیں کرے گا۔

۳۲۹۔ امام صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ رسولِ خدا نے امیر المومنین علیہ السلام سے فرمایا: تمہاری مثال "قُلْ ھُوَاللّٰہُ اَحَد" کی مانند ہے جس نے اس کو ایک بار پڑھا گویا اس نے ایک سوم قرآن کو پڑھا، اور جس نے اس کو دو مرتبہ پڑھا گویا اس نے دوسوم قرآن کو پڑھا، اور جس نے اس کو تین مرتبہ پڑھا، گویا اس نے پورا قرآن پڑھا، اسی طرح اگر کوئی تمہیں دل سے دوست رکھتا ہوگا اُسے لوگوں کے اعمال کی ایک سوم جزا ملے گی اور اگر کوئی تمہیں دل سے دوست رکھتا ہوگا اور زبان سے مدد کرے گا، اسے لوگوں کے اعمال کی دوسوم جزا ملے گی، اور اگر کوئی تمہیں دل سے دوست رکھے گا اور زبان و ہاتھ سے مدد کرے گا، گویا کہ اس نے لوگوں کے پورے اعمال کا ثواب حاصل کرلیا۔

۳۳۰۔ ابو بصیر کہتے ہیں: میں نے امام صادق علیہ السلام سے سنا آنحضرتؑ نے اپنے والد سے انہوں نے اپنے اَجداد سے حدیث نقل کی ہے کہ ایک دن رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے اصحاب سے فرمایا: تم میں کون پوری عمر روزے رکھتا ہے؟

سلمان نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں! رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کون پوری رات بیدار رہتا ہے؟ سلمان نے عرض کی: اے پیغمبرِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میں، آنحضرتؐ نے فرمایا: تم میں سے کون روزانہ ختم قرآن کرتا ہے؟ سلمان نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں، اس وقت رسولِ خداؐ کے اصحاب میں سے ایک صحابی نے غصہ میں آکر کہا: اے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سلمان ایرانی ہے اور وہ ہم پر فخر کرنا چاہتا ہے آپؐ نے فرمایا: تم میں سے کون ساری عمر روزے رکھتا ہے؟ اس نے کہا

میں، جبکہ وہ اکثر اوقات کھانا کھاتا ہے، اور آپؐ نے فرمایا: تم میں سے کون پوری رات بیدار رہتا ہے؟ اس نے کہا: میں، جبکہ وہ رات کو اکثر سوتا رہتا ہے اور آپ نے فرمایا: تم میں سے کون روزانہ ختمِ قرآن کرتا ہے؟ اس نے کہا میں، جبکہ وہ دن کو اکثر خاموش رہتا ہے۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: اے شخص خاموش ہوجا! تم کہاں اور فراستِ لُقمانِ حکیم کہاں! اس سے خود پوچھو تا کہ تم کو بتائے۔ اس شخص نے سلمان سے کہا: اے خدا کے بندے! تم نے کہا کہ ساری عمر روزے رکھتے ہو، سلمان نے کہا، جی ہاں اس شخص نے کہا: میں نے اکثر تم کو کھانا کھاتے ہوئے دیکھا ہے، سلمان نے کہا: جیسے تم سوچ رہے ہو ویسے نہیں ہے۔ میں ہر مہینے میں تین دن روزے رکھتا ہوں خداوند نے فرمایا: ''جو شخص نیکی کرے گا تو اس کو دس گنا ثواب عطا ہوگا'' اور میں شعبان کے روزہ کو ماہِ رَمَضان سے ملاتا ہوں، یہ روزہ پوری عمر کا روزہ ہے اس شخص نے کہا: اور تم نے کہا رات کو بیدار رہتے ہو؟ سلمان نے کہا: جی ہاں، اس شخص نے کہا: تم اکثر رات کو سوتے ہو، سلمان نے کہا: جیسے تم سوچ رہے ہو ویسے نہیں ہے۔ میں نے اپنے حبیب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے سنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: جو شخص باوضو سوئے گا گویا کہ وہ ساری رات بیدار رہا ہے، اور میں ہر رات باوضو سوتا ہوں۔ اس شخص نے کہا: تم نے کہا روزانہ قرآن کا ختم کرتے ہو، سلمان نے کہا، جی ہاں، اس شخص نے کہا: تم اکثر اوقات خاموش رہتے ہو، سلمان نے کہا جیسے تم سوچ رہے ہو ویسے نہیں ہے، میں نے اپنے حبیب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے سُنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: ''یا ابوالحسنؑ! میری امتّ میں تمہاری مثال ایسی ہے جیسے ''قُلْ ھُوَاللّٰہُ اَحَد'' کی قرآن میں جو شخص اس کو ایک مرتبہ پڑھے گا، حقیقت میں اس نے ایک سوم قرآن کو پڑھا، اور جو اس کو دو مرتبہ پڑھے گا، حقیقت میں اس نے دو سوم قرآن کو پڑھا اور جو شخص اس کو تین مرتبہ پڑھے گا، حقیقت میں اس نے پورا قرآن پڑھا۔

بس جو کوئی بھی تمہیں زبان سے دوست رکھے گا اس کا ایک سوم ایمان کامل ہوگا، اور ہر وہ شخص جو تمہیں زبان اور دل سے دوست رکھے گا اس کا دوسوم ایمان کامل ہوگا، اور ہر وہ شخص جو تمہیں زبان اور دل سے دوست رکھے گا اور ہاتھ سے تمہاری مدد کرے گا بس اس کا ایمان کامل ہوگیا۔ یا علیؑ! مجھے اُس کی قسم جس نے مجھے برحق پیغمبر انتخاب کیا! اگر زمین پر لوگ تمہیں اہلِ آسمان کی طرح دوست رکھتے تو کوئی بھی دوزخ کی آگ میں نہ جاتا'' اور میں ''قُلْ ہُوَاللّٰہُ اَحَدٌ'' کو ہر روز تین مرتبہ پڑھتا ہوں اس وقت یہ شخص ایسے خاموش ہوگیا جیسے کسی نے اُس کے منہ میں پتھر رکھا ہو۔

۸۴۔ اَلنَّبَأُ الْعَظِيْمُ

۱ ۳۳۔ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ أَبِيْ حَمْزَةَ الثُّمَالِيِّ عَنْ أَبِيْ جَعْفَرٍ عَلَيهِ السَّلَامُ قَالَ: قُلْتُ: جُعِلْتُ فِدَاكَ أَنَّ الشِّيْعَةَ يَسْئَلُوْنَكَ عَنْ تَفْسِيْرِ هٰذِهِ الْآيَةِ عَمَّ يَتَسَآئَلُوْنَ عَنِ النَّبَإِ الْعَظِيْمِ قَالَ: فَقَالَ: ذٰلِكَ إِلَيَّ إِنْ شِئْتُ أَخْبَرْتُهُمْ وَإِنْ شِئْتُ لَمْ أُخْبِرْهُمْ، قَالَ: فَقَالَ: لٰكِنِّيْ أُخْبِرُكَ بِتَفْسِيْرِهَا، قَالَ: فَقُلْتُ: عَمَّ يَتَسَآئَلُوْنَ قَالَ: فَقَالَ: هِيَ فِيْ أَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَيهِ السَّلَامُ قَالَ: كَانَ أَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَيهِ السَّلَامُ يَقُوْلُ: مَا لِلّٰهِ آيَةٌ أَكْبَرُ مِنِّيْ وَلَا لِلّٰهِ مِنْ نَبَإٍ عَظِيْمٍ أَعْظَمُ مِنِّيْ وَلَقَدْ عُرِضَتْ وِلَايَتِيْ عَلَى الْأُمَمِ الْمَاضِيَةِ فَأَبَتْ أَنْ تَقْبَلَهَا، قَالَ: قُلْتُ لَهُ: قُلْ هُوَ نَبَأٌ عَظِيْمٌ أَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُوْنَ قَالَ: هُوَ وَاللّٰهِ أَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَيهِ السَّلَامُ.(۱)

۳۳۲۔ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ أَبِي الْحَسَنِ الرِّضَا عَلَيهِ السَّلَامُ فِيْ قَوْلِهِ تَعَالٰى عَمَّ

۱۔ بصائر الدرجات / ۷۶

يَتَسَائَلُوْنَ عَنِ النَّبَاِالْعَظِيْمِ الَّذِىْ هُمْ فِيْهِ مُخْتَلِفُوْنَ قَالَ :قَالَ أَمِيْرُالْمُؤْمِنِينَ عَلَيهِ السَّلاَمُ : مَا لِلّٰـهِ نَبَأٌ أَعْظَمُ مِنِّیْ وَمَا لِلّٰهِ آيَةٌ أَكْبَرُ مِنِّیْ، وَقَدْ عُرِضَ فَضْلِیْ عَلَى الْاُمَمِ الْمَاضِيَةِ عَلَى اخْتِلاَفِ أَلْسِنَتِهَا فَلَمْ تُقِرَّ بِفَضْلِیْ.(١)

٣٣٣۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :عَلِيٌّ النَّبَأُ الْعَظِيْمُ.(٢)

حضرت علی علیہ السلام نبا العظیم ہیں

٣٣١۔ ابوحمزہ ثمالی کہتے ہیں: میں نے امام باقر علیہ السلام سے عرض کی، آپ پر قربان ہو جاؤں شیعہ آپ سے اس آیت کی تفسیر پوچھتے ہیں، ''عَمَّ یَتَسَآءَ لُوْنَ عَنِ النَّبَاِالْعَظِیْمِ '' فرمایا: اس آیت کی تفسیر نہ کرو، میں نے عرض کی میرے لیے تفسیر کریں کہ اس آیت ''عَمَّ یَتَسَآءَ لُوْنَ ...'' کا مطلب کیا ہے؟ فرمایا: یہ آیت امیر المؤمنین علیہ السلام کے بارے میں ہے۔

امیر المؤمنین علیہ السلام نے فرمایا: خداوند کی مجھ سے بڑی کوئی آیت نہیں اور مجھ سے بڑی کوئی خبر نہیں، میری ولایت کو پہلے والی امتوں کے لئے پیش کیا گیا لیکن انہوں نے قبول نہ کیا، میں نے عرض کی اس آیت ''قُلْ هُوَ نَبَأٌ عَظِیْمٌ اَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُوْنَ'' کا مطلب کیا ہے، فرمایا: خدا کی قسم یہ آیت بھی علی علیہ السلام کی شان میں نازل ہوئی ہے۔

٣٣٢۔ امام رضا علیہ السلام سے فرمانِ الٰہی ''عَمَّ یَتَسَآءَ لُوْنَ عَنِ النَّبَاِالْعَظِیْمِ الَّذِیْ هُمْ فِیْهِ مُخْتَلِفُوْنَ '' کے بارے میں منقول ہے حضرتؑ نے فرمایا: امیر المؤمنین علیہ السلام نے فرمایا: خدا کے

١۔ سفینۃ البحار ٨/٦٣١

٢۔ ملحقات الاحقاق ٢٠/٥٤٥

پاس مجھ سے بڑی کوئی خبر نہیں اور مجھ سے بڑی کوئی آیت نہیں، میری فضیلت کو پہلے والی اُمتوں کے لیے مختلف زبانوں میں پیش کیا گیا لیکن انہوں نے میری فضیلت کو تسلیم نہ کیا۔

۳۳۳۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام عظیم خبر ہے۔

۸۵۔ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ مِثْلُ سَفِينَةِ نُوحٍ

۳۳۴۔ فِي حَدِيثٍ عَنْ عَلِيٍّ عليه السّلامُ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :يَا عَلِيُّ إمَثَلُكَ فِي أُمَّتِي كَمَثَلِ سَفِينَةِ نُوحٍ مَنْ رَكِبَها نَجا وَمَنْ تَخَلَّفَ عَنْهَا غَرِقَ.(۱)

۳۳۵۔ وَبِإِسْنَادِهِ عَنِ ابْنِ عباسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ (فِي حديثٍ) أَنَّهُ قَالَ لِعَلِيّ عَلَيهِ السَّلَامُ :أَنْتَ إِمَامُ أُمَّتِي وَخَلِيفَتِي عَلَيْها بَعْدِي، مَثَلُكَ وَمَثَلُ الْأَئِمَّةِ مِنْ وُلْدِكَ بَعْدِي مَثَلُ سَفِينَةِ نُوحٍ مَنْ رَكِبَهَا نَجا وَمَنْ تَخَلَّفَ عَنْهَا غَرِقَ.(۲)

۳۳۶۔ (فِي حَدِيثٍ) قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عَلَيهِ السَّلَامُ ... :فَكَذَبَ مَنْ زَعَمَ أَنَّهُ يُحِبُّنِي وَيُبْغِضُكَ لِأَنَّكَ مِنِّي وَأَنَا مِنْكَ، لَحْمُكَ مِنْ لَحْمِي، وَدَمُكَ مِنْ دَمِي، وَرُوحُكَ مِنْ رُوحِي، وَسَرِيرَتُكَ مِنْ سَرِيرَتِي، وَعَلَانِيَتُكَ مِنْ عَلَانِيَتِي، وَأَنْتَ إِمَامُ أُمَّتِي، وَخَلِيفَتِي عَلَيْهَا بَعْدِي، سَعَدَ مَنْ أَطَاعَكَ وَشَقِيَ مَنْ عَصَاكَ وَرَبِحَ مَنْ تَوَلَّاكَ وَخَسِرَ مَنْ عَادَاكَ، وَفَازَ مَنْ لَزِمَكَ، وَهَلَكَ مَنْ فَارَقَكَ، مَثَلُكَ وَمَثَلُ الْأَئِمَّةِ مِنْ وُلْدِكَ (بَعْدِي) مَثَلُ سَفِينَةِ نُوحٍ مَنْ رَكِبَهَا نَجا

۱۔ الخصال ۲/۵۷۳، تفسیر نور الثقلین ۲/۳۶۰

۲۔ اثبات الهداة ۱/۶۱۲

وَمَنْ تَخَلَّفَ عَنْهَا غَرِقَ....(۱)

حضرت علی علیہ السلام کشتی نوحؑ کی مانند ہیں

۳۳۴۔ حضرت علی علیہ السلام سے حدیث نقل ہوئی ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علی علیہ السلام! تمہاری مثال میری امت میں کشتی نوحؑ کی طرح ہے جو اس پر سوار ہو گیا نجات پا گیا اور جس نے روگردانی کی وہ غرق ہو گیا۔

۳۳۵۔ ابن عباس سے حدیث نقل ہوئی ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا: تم میرے بعد میری اُمت کے پیشوا اور میرے جانشین ہو تمہاری مثال اور ائمہ علیہم السلام کی مثال جو تمہاری اولاد میں سے ہیں مثل کشتی نوحؑ کی ہے جو اس پر سوار ہو گیا نجات پا گیا اور جو اس سے دُور رہا وہ غرق ہو گیا۔

۳۳۶۔ حدیث میں نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی بن ابی طالب علیہ السلام سے فرمایا: جھوٹ بولتا ہے وہ شخص جو یہ گمان کرتا ہے کہ مجھے دوست رکھتا ہے جب کہ وہ تمہارا دشمن ہے تم مجھ میں سے ہو اور میں تم میں سے ہوں تمہارا گوشت میرا گوشت، اور تمہارا خون میرا خون، اور تمہاری روح میری روح، تمہارا ظاہر اور باطن میرا ظاہر اور باطن ہے۔ تم میرے بعد میری امت کے رہبر اور میرے جانشین ہو گے جو تمہاری پیروی کرے گا وہ خوش قسمت اور جو تمہاری نافرمانی کرے گا وہ بدبخت ہو گا جو تم سے محبت کرے گا اسے فائدہ ہو گا اور جو تم سے دشمنی کرے گا اسے نقصان پہنچے گا

۱۔ کمال الدین ۲۴۱

تمہارا ساتھ دینے والے کامیاب ہوں گے اور تم سے رُوگردانی کرنے والے نابود ہوجائیں گے۔ تمہاری اور ائمہ علیہم السلام کی مثال جو تمہاری اولاد میں سے ہیں سفینۂ نوح جیسی ہے جو بھی اس پر سوار ہوگیا نجات پاگیا اور جو سوار نہ ہوا وہ غرق ہوگیا۔

٨٦۔ عَلِيٌّ عَلَيهِ السَّلَامُ سَفِينَةُ النَّجَاةِ

٣٣٧۔ بِالإِسنَادِ عَنِ الرِّضَا عَلِيِّ بنِ مُوسَى عَن أَبِيهِ عَن آبَائِهِ عَن أَمِيرِ المؤمِنِينَ عَلِيِّ بنِ أَبِي طَالِبٍ عَلَيهِمُ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :لِكُلِّ أُمَّةٍ صِدِّيقٌ وَفَارُوقٌ، وَصِدِّيقُ هٰذِهِ الأُمَّةِ وَفَارُوقُهَا عَلِيُّ بنُ أَبِي طَالِبٍ إِنَّ عَلِيّاً سَفِينَةُ نَجَاتِهَا وَبَابُ حِطَّتِهَا.(١)

٣٣٨۔ بِالإِسنَادِ، عَن عَلِيِّ بنِ مُوسَى الرِّضَا عَن أَبِيهِ عَن آبَائِهِ عَلَيهِمُ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :مَن أَحَبَّ أَن يَستَمسِكَ بِدِينِي وَيَركَبَ سَفِينَةَ النَّجَاةِ بَعدِي فَليَقتَدِ بِعَلِيِّ بنِ أَبِي طَالِبٍ، وَليُعَادِ عَدُوَّهُ وَليُوَالِ وَلِيَّهُ، فَإِنَّهُ وَصِيِّي وَخَلِيفَتِي عَلَى أُمَّتِي فِي حَيَاتِي وَبَعدَ وَفَاتِي، وَهُوَ إِمَامُ كُلِّ مُسلِمٍ وَمُسلِمَةٍ، وَأَمِيرُ كُلِّ مُؤمِنٍ وَمُؤمِنَةٍ بَعدِي، قَولُهُ قَولِي وَأَمرُهُ أَمرِي، وَنَهيُهُ نَهيِي، وَتَابِعُهُ تَابِعِي، وَنَاصِرُهُ نَاصِرِي، وَخَاذِلُهُ خَاذِلِي، ثُمَّ قَالَ :مَن فَارَقَ عَلِيّاً بَعدِي لَم يَرَنِي وَلَم أَرَهُ يَومَ القِيَامَةِ؛ وَمَن خَالَفَ عَلِيّاً حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيهِ الجَنَّةَ وَجَعَلَ مَأوَاهُ النَّارَ،وَمَن خَذَلَ عَلِيّاً خَذَلَهُ اللّٰهُ يَومَ القِيَامَةِ، وَمَن نَصَرَ عَلِيّاً نَصَرَهُ اللّٰهُ يَومَ القِيَامَةِ وَلَقَّنَهُ حُجَّتَهُ عِندَ المُسَاءَلَةِ....(٢)

١۔ تفسیر نور الثقلین ١/٨٢، اثبات الهداة ٢/٢٨ باختلاف فی موارد

٢۔ اثبات الهُداة ١ ی/٥٠٤، احقاق الحق ٥/٥٢ باختلاف یسیر

حضرت علی علیہ السلام نجات کی کشتی ہیں

۳۳۷۔امام رضا علیہ السلام نے اپنے والدِ گرامی سے حضرتؑ نے اپنے اجداد علیہم السلام سے اور انہوں نے امیر المؤمنین علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر امت میں صِدّیق اور فارُوق ہوتے ہیں اور اِس امّت کے صِدّیق اور فارُوق علی بن ابی طالب علیہ السلام ہیں علی علیہ السلام امّت کے لیے نجات کی کشتی اور گناہوں کی مغفرت کا وسیلہ ہیں۔

۳۳۸۔امام رضا علیہ السلام نے اپنے والد سے اور حضرتؑ نے اپنے اجداد سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی یہ پسند کرتا ہے کہ میرے آئین کو مضبوطی سے تھامے رہے اور نجات کی کشتی پر سوار ہو اُسے علی بن ابی طالب علیہ السلام کی پیروی کرنی چاہیے اور ان کے دشمنوں سے دشمنی اور ان کے دوستوں سے دوستی رکھے، کیونکہ وہ میری زندگی میں اور میرے بعد میری امّت پر میرے وصی اور جانشین ہیں اور وہ ہر مسلمان مرد اور عورت کے پیشوا ہیں اور میرے بعد ہر باایمان مرد اور عورت کے حکمران ہیں‘ ان کا کلام میرا کلام اور ان کا فرمان میرا فرمان، اور ان روکنا میرا روکنا اور ان کا پیروکار میرا پیرو اور ان کا مدد گار میرا مدد گار اور ان کو تنہا چھوڑنے والا مجھے تنہا چھوڑنے والا ہے اس کے بعد فرمایا: اور جو میرے بعد علی علیہ السلام سے جدا ہوگا قیامت کے دن نہ وہ مجھے دیکھے گا اور نہ میں اس کو دیکھوں گا اور جو علی علیہ السلام کی مخالفت کرے گا خداوند بہشت کو اس پر حرام کردے گا اور دوزخ کو اس کا ٹھکانہ بنائے گا اور جو علی علیہ السلام کی حمایت کرے گا خدا قیامت کے دن اس کا ساتھ دے گا اور سوال وجواب کے وقت ان کی حجّت اور دلیل کو سمجھائے گا۔

٨٧ـ عَلِيٌّ عَليهِ السَّلَامُ بَابُ اللّٰهِ

٣٣٩ـ بِالْإسناد، عنْ مُحَمّد بْنِ الفُرَات عَنْ أَبي جَعفرٍ مُحَمّد بن عَلِيّ الْبَاقِرِ عَن أَبِيـهِ عَنْ جدّه عَليهِمُ السّلَامُ قَالَ :قَـالَ رسُولُ اللّٰه صَلّى اللّٰهُ عَليه وَآلِهِ وَسلّم :إِنَّ عَلِيَّ بْـنَ أَبِـيْ طَـالِـبٍ عَليهِ السَّلَامُ خَلِيفَةُ اللّٰهِ وَخَلِيفَتِيْ وَحُجَّةُ اللّٰهِ وَحُجَّتِيْ وَبَابُ اللّٰهِ وَبابِيْ وَصَـفِيُّ اللّٰهِ وَصَفِيِّيْ وَحَبِيبُ اللّٰهِ وَحَبِيبِيْ وَخَلِيلُ اللّٰهِ وَخَلِيلِيْ وَسَيْفُ اللّٰهِ وَسَيْفِيْ وَهُوَ أَخِـيْ وَصَـاحِبِيْ وَوَزِيْـرِيْ وَوَصِيِّـيْ مُـحِبُّـهُ مُحِبِّيْ وَمُبْغِضُهُ مُبْغِضِيْ وَوَلِيُّهُ وَلِيِّيْ وَعَدُوُّهُ عَـدُوِّيْ وَحَـرْبُـهُ حَـرْبِـيْ وَسِـلْـمُهُ سِلْمِيْ وَقَوْلُهُ قَوْلِيْ وَأَمْرُهُ أَمْرِيْ وَزَوْجَتُهُ ابْنَتِيْ وَوِلْدُهُ وِلْدِيْ وَهُوَ سَيِّدُ الْوَصِيِّيْنَ وَخَيْرُ أُمَّتِيْ أَجْمَعِيْنَ.(١)

٣٤٠ـ بِالْإِسْنَادِ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَليهِ السَّلَامُ قَالَ :أَنَا حُجَّةُ اللّٰهِ وَأَنَا خَلِيفَةُ اللّٰهِ وَأَنَا صِراطُ اللّٰهِ وَأَنا بابُ اللّٰهِ وَأَنَا خازِنُ عِلْمِ اللّٰهِ وَأَنَا الْمُؤْتَمَنُ عَـلٰـى سِـرِّ الـلّٰهِ وَأَنَا إِمَامُ الْبَرِيَّةِ بَعْدَ خَيْرِ الْخَلِيقَةِ مُحَمَّدٍ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ صَلَّى اللّٰهُ عَليه وَآله وَسَلَّمَ.(٢)

٣٤١ـ بِإِسْنَادِهِ عَنْ يَاسِرٍ الْخَادِمِ، عَنِ الرِّضا، عَنْ آبائه عَلَيهِمُ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ الـلّٰـهِ صَـلّـى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآله وَسلم لِعَلِيّ عَليهِ السَّلَامُ :يَا عَلِيُّ أَنْـتَ حُجَّةُ اللّٰهِ، وَأَنْـتَ بَـابُ الـلّٰهِ، وَأَنْتَ الطَّرِيقُ إِلَى اللّٰهِ، وَأَنْتَ النَّبَأُ الْعَظِيمُ، وَأَنْتَ الصِّرَاطُ الْمُسْتَقِيمُ، وَأَنْتَ الْمَثَلُ الْأَعْلٰى،....(٣)

---

١ ـ امالي الصدوق / ١٦٩، البحار ٣٨/ ١٥١، بشارة المصطفى / ٣١، احقاق الحق ٤/ ٢٩٧ باختلاف في موارد

٢ ـ امالي الصدوق / ٣٩ ٣ـ البحار ٣٦/ ٤

۳۴۲۔ عَنْ أبِی الْحَسنِ عَلیّ بْنِ مُوسَی الرِّضَا، عَنْ أبیهِ عَنْ آبائِهِ، عَنِ الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیّ عَلَیهِ السَّلامُ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلّی اللّٰہُ عَلَیهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ لِعَلِیّ عَلَیهِ السَّلامُ: یَا عَلِیُّ اَنْتَ حُجَّةُ اللّٰهِ وَأَنْتَ بَابُ اللّٰهِ وَأَنْتَ طَرِیقُ اللّٰهِ وَأَنْتَ النَّبَأُ الْعَظِیمُ وَأَنْتَ الصِّرَاطُ الْمُسْتَقِیمُ وَأَنْتَ الْمَثَلُ الأَعْلٰی، یَا عَلِیُّ أَنْتَ إمَامُ الْمُسْلِمینَ وَأَمِیرُ الْمُؤْمِنِینَ وَخَیْرُ الْوَصِیِّیْنَ وَسَیِّدُ الصِّدِّیقِینَ، یَا عَلِیُّ اَنْتَ الْفَارُوقُ الْأَعْظَمُ وَأَنْتَ الصِّدِّیقُ الْأَکْبَرُ یَا عَلِیُّ اَنْتَ خَلِیفَتِی عَلٰی أُمَّتِی وَأَنْتَ قَاضِی دَیْنِی وَأَنْتَ مُنْجِزُ عِدَاتِی....(۱)

۳۴۳۔ بِالْإِسْنَادِ، عَنِ الْمُفَضَّلِ بْنِ عُمَرَ قَالَ:سَمِعْتُ أبَا عَبدِاللّٰهِ عَلَیهِ السَّلامُ یَقُولُ :کَانَ أَمِیرُ الْمُؤْمِنِینَ عَلَیهِ السَّلامُ بَابُ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یُؤْتَی إلّا مِنْهُ، وَسَبِیلُهُ الَّذِیْ مَنْ سَلَکَ بِغَیْرِهٖ هَلَکَ،وَکَذٰلِکَ جَرٰی لِلْأَئِمَّةِ الْهُدَاةِ وَاحِداً بَعْدَ وَاحِدٍ، جَعَلَهُمُ اللّٰهُ أَرْکَانَ الْأَرْضِ أَنْ تَمِیدَ بِأَهْلِهَا،وَحُجَّتَهُ الْبَالِغَةَ عَلٰی مَنْ فَوْقَ الْأَرْضِ وَمَنْ تَحْتَ الثَّرٰی.(۲)

حضرت علی علیہ السلام خدا کا دروازہ ہیں

۳۳۹۔ محمد بن فُرات نے امام باقر علیہ السلام سے حضرتؑ نے اپنے والدِ گرامی سے اور حضرتؑ نے اپنے اَجداد علیہم السلام سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا: اے علی علیہ السلام تم خدا کے اور میرے خلیفہ ہو،خُدا کی حجّت اور میری حجّت،خدا کا دروازہ اور میرا دروازہ، خدا کے انتخاب

۱۔ عیون الاخبار ۶/۲

۲۔ الإختصاص ۲۷/۱

کیے ہوئے اور میرے انتخاب کیے ہوئے ، خدا کے دوست اور میرے دوست ، خدا کے خلیل اور میرے خلیل اور خدا کی تلوار اور میری تلوار ہو۔ وہ میرے بھائی، میرے ساتھی اور وزیر ہیں، ان کو دوست رکھنے والا میرا دوست اور ان سے دشمنی رکھنے والا میرا دشمن ہے، ان کا ہم رائے میرا ہم رائے اور ان کا مخالف میرا مخالف ہے، ان کے ساتھ جنگ میرے ساتھ جنگ، ان کے ساتھ صلح میرے ساتھ صلح ہے، ان کا کلام میرا کلام، ان کا فرمان میرا فرمان ہے، ان کی شریکِ حیات میری بیٹی ہے اور ان کی اولاد میری اولاد ہے اور وہ اوصیاء کے سردار اور میری امّت کے بہترین فرد ہیں۔

۳۴۰۔ نعمان بن سعد نے امیر المؤمنین علیہ السلام سے نقل کیا ہے حضرتؑ نے فرمایا: میں خدا کی حجّت اور اس کا خلیفہ ہوں، میں خدا کا راستہ اُس کا دروازہ اور اس کے علم کا خزانے دار ہوں میں خدا کے راز کا امین ہوں اور میں محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رحمۃ للعالمین اور بہترینِ خلقِ خدا کے بعد لوگوں کا پیشوا ہوں۔

۳۴۱۔ یاسرِ خادم نے امام رضا علیہ السلام سے حضرتؑ نے اپنے اَجدادِ بزرگوار سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا: یا علی علیہ السلام! تم خدا کی حُجّت، خدا کا دروازہ اور راہِ خدا ہو تم ایک عظیم خبر ہو اور تم راہِ مستقیم ہو اور تم بہترین نمونہ ہو۔

۳۴۲۔ امام رضا علیہ السلام نے اپنے والد سے حضرتؑ نے اپنے اَجدادِ مبارک علیہم السلام سے انہوں نے امام حُسین علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا: یا علیؑ! تم خدا کی حجّت، خدا کا دروازہ اور خدا کا راستہ ہو، تمُ وہی خبرِ عظیم، سیدھا راستہ اور بہترین نمونہ ہو، یا علی علیہ السلام! تم مسلمانوں کے امیر المؤمنین اور پیشوا اور بہترینِ اوصیاء اور سچّوں کے سردار ہو، یا علی علیہ السلام! تم فاروقِ اعظم اور صدّیقِ اکبر ہو، یا علی علیہ السلام! تم میری امّت کے درمیان میرے جانشین ہو اور میرے قرض کو

ادا کرو گے اور میرے وعدوں کو پورا کرو گے۔

۳۴۳۔ مُفضّل بن عمر کہتا ہے: میں نے امام صادق علیہ السلام سے سنا حضرتؑ نے فرمایا: امیر المؤمنین علیہ السلام خدا کا دروازہ ہیں، ضرور اسی دروازہ سے داخل ہونا چاہیے اور وہ خدا کا راستہ ہیں، جو شخص دوسرے راستے سے جائے گا وہ ہلاک ہو جائے گا، ہدایت کرنے والے ائمہ علیہم السلام بھی ایک دوسرے کے بعد اسی طرح ہیں، خدا نے انہیں ارکانِ زمین قرار دیا ہے تا کہ زمین اپنے رہنے والوں کو جھٹکے نہ دے، خدا حُجّت کو زمین پر اور زمین کے اندر رہنے والوں تک پہنچاتے ہیں۔

۸۸۔ عَلِیٌّ عَلَیهِ السَّلَامُ بَابُ الدِّیْن

۳۴۴۔ عَنْ عَبدِاللّٰهِ بْنِ مَسعودؓ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ :عَلِیُّ بْنُ أَبِیْ طَالِبٍ بَابُ الدِّیْنِ مَنْ دَخَلَ فِیْهِ کَانَ مُؤْمِناً وَمَنْ خَرَجَ مِنْهُ کَانَ کَافِراً.(۱)

حضرت علی علیہ السلام دین کا دروازہ ہیں

۳۴۴۔ عبداللہ بن مسعود سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی بن ابی طالب علیہ السلام دین کا دروازہ ہیں جو اس میں داخل ہوگا وہ مؤمن ہے اور جو خارج ہوگا وہ کافر ہے۔

۸۹۔ عَلِیٌّ عَلَیهِ السَّلَامُ بَابُ الْهُدٰی

۳۴۵۔ عَنِ ابْنِ عَباسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ :إِنَّ عَلِیّاً بابُ الْهُدٰی

۱۔ احقاق الحق ۷/ ۱۵۴

بَعْدِیْ، وَالدَّاعِیْ إِلٰی رَبِّیْ،وَهُوَ صَالِحُ الْمُؤْمِنِیْنَ وَمَنْ أَحْسَنُ قَوْلاً مِّمَّنْ دَعَآ إِلَی اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحاً.(۱)(۲)

۳۴۶۔ عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ :نَظَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلّی اللّٰه عَلیهِ وَآلِهِ وسَلَّمَ إِلٰی عَلِیِّ بْنِ أَبِی طَالِبٍ فَقَالَ :هٰذَا بَابُ الْهُدَی الَّذِیْ مَنْ دَخَلَهٗ کَانَ آمِناً وَهُوَ حُجَّةُ اللّٰهِ عَلٰی عِبَادِہٖ.(۳)

۳۴۷۔ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِیهِ عَلیهِ السَّلامُ قَالَ :عَلِیٌّ عَلَیهِ السَّلَامُ بَابُ الْهُدٰی مَنْ خَالَفَهٗ کَانَ کَافِراً وَمَنْ أَنْکَرَهٗ دَخَلَ النَّارَ.(۴)

۳۴۸۔ عَنِ الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیٍّ عَلَیهِ السَّلَامُ قَالَ :سَمِعْتُ جَدِّیْ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِیْ خُطْبَةٍ (أَنَّهٗ قَالَ) :إِنَّ عَلِیًّا (هُوَ خ ل) مَدِیْنَةُ هُدًی، فَمَنْ دَخَلَهَا نَجَا وَمَنْ تَخَلَّفَ عَنْهَا هَلَکَ.(۵)

حضرت علی علیہ السلام ہدایت کا دروازہ ہیں

۳۴۵۔ابن عباس سے نقل ہوا ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام میرے بعد ہدایت کا دروازہ ہیں اور لوگوں کو میرے پروردگار کی طرف دعوت دیتے ہیں، وہ صالح ترین مومن ہیں۔ کون اپنی گفتار میں اس کے مقابلے میں ہوسکتا ہے جو خدا کی طرف دعوت دے اور عملِ صالح انجام

۱۔ فصلت/۳۳ ۲۔البحار ۲۸/۳۶

۳۔ المسترشد/۶۱۸ ۴۔عقاب الاعمال/ ۲۴۹

۵۔ملحقات الاحقاق ۲۰/۳۳۶، البحار ۲۰۲/۴۰

دے؟''۔

۳۴۶۔ابو ہریرہ کہتا ہے: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی بن ابی طالب علیہ السلام کی طرف نگاہ کی اور فرمایا: یہ وہی دروازۂ ہدایت ہیں جو اس میں داخل ہوگا محفوظ رہے گا اور اس کے بندوں پر حُجّتِ خدا ہیں۔

۳۴۷۔محمد بن جعفر علیہ السلام نے اپنے والد سے نقل کیا حضرتؑ نے فرمایا: علی علیہ السلام ہدایت کا دروازہ ہیں جو ان کی مخالفت کرے گا وہ کافر ہے اور جو ان کا منکر ہوگا وہ جہنّم میں جائے گا۔

۳۴۸۔حُسین بن علی علیہما السلام نے فرمایا: میں نے اپنے جدِّامجد سے سنا حضرتؐ نے اپنے ایک خطبہ میں فرمایا: علی علیہ السلام ہدایت کا شہر ہیں جو اس میں داخل ہوگا نجات پائے گا اور جو داخل نہیں ہوا وہ ہلاک ہو جائے گا۔

۹۰۔ عَلِیٌّ عَلَیهِ السَّلَامُ بَابُ الْإِیمَانِ وَالْأَمَانِ

۳۴۹۔عَنْ أَبِیْ حَمْزَةَ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا جَعفرٍ علیهِ السّلامُ یَقُوْلُ: إِنَّ عَلِیّاً صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَیْهِ بَابٌ فَتَحَهُ اللّٰهُ، فَمَنْ دَخَلَهُ کَانَ مُؤْمِناً وَمَنْ خَرَجَ مِنْهُ کَانَ کَافِراً....(۱)

۳۵۰۔ بِالْإِسنَادِ، إِبْرَاهِیمُ بْنُ أَبِی بَکْرٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الْحَسَنِ مُوسیٰ عَلَیهِ السَّلَامُ یَقولُ: إِنَّ عَلِیّاً عَلَیهِ السَّلَامُ بَابٌ مِنْ أَبْوابِ الْهُدیٰ، فَمَنْ دَخَلَ مِنْ بَابِ عَلِیٍّ کَانَ مُؤْمِناً وَمَنْ خَرَجَ مِنْهُ کَانَ کَافِراً وَمَنْ لَمْ یَدْخُلْ فِیْهِ وَلَمْ یَخْرُجْ مِنْهُ کَانَ فِی الطَّبَقَةِ الَّذِیْنَ

۱۔الکافی ۲/۳۸۸، البحار ۴۰/۹۷، ارشاد القلوب / ۱۷۹

لِلّٰهِ فِيهِمُ الْمَشِيئَةُ.(۱)

۱۳۵۱۔ بِالْإِسْنَادِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ :سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :مَعَاشِرَ النَّاسِ،اِعْلَمُوْا أَنَّ لِلّٰهِ بَاباً مَنْ دَخَلَهُ أَمِنَ مِنَ النَّارِ، فَقَامَ إِلَيْهِ أَبُوسَعِيْدٍ الْخُدْرِيُّ فَقَالَ :يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ،اِهْدِنَا إِلىٰ هٰذَا الْبَابِ حَتّٰى نَعْرِفَهُ .قَالَ :هُوَ عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ سَيِّدُ الْوَصِيِّيْنَ وَأَمِيرُالْمُؤْمِنِيْنَ وَأَخُوْ رَسُوْلِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَخَلِيفَةٌ عَلَى النَّاسِ أَجْمَعِيْنَ.(۲)

علی علیہ السلام امن اور ایمان کا دروازہ ہیں

۳۴۹۔ ابوحمزہ کہتے ہیں: میں نے امام باقر علیہ السلام سے سنا، حضرتؑ نے فرمایا: علی علیہ السلام وہ دروازہ ہیں، جس کو خدا نے کھولا ہے، جو اس میں داخل ہوگا وہ مؤمن ہے اور جو خارج ہو وہ کافر ہے۔

۳۵۰۔ ابراہیم بن ابی بکر کہتا ہے: میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے سنا حضرتؑ نے فرمایا: اے لوگوں کے گروہ! جان لو کہ خدا کا ایک دروازہ ہے کہ جو اس میں داخل ہوگا وہ دوزخ کی آگ سے محفوظ رہے گا ابوسعید خدری نے کھڑے ہو کر کہا اے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں ایسے دروازے کی رہنمائی فرمائیں تا کہ ہم اس کو پہچان لیں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ علی بن ابی طالب علیہ السلام ہیں جو سرورِ اوصیاء، امیرالمؤمنین، رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بھائی اور سب لوگوں پر اس کے جانشین ہیں۔

۱۔ الکافی ۳۸۸/۲

۲۔ الیقین / ۲۴۴

٣٥١۔ابن عباس کہتے ہیں: میں نے رسولِ خدا ﷺ سے سنا کہ آپؐ نے فرمایا: اے گروہِ انسان جان لیں کہ خدا کا ایک دروازہ ہے جوکوئی اس دروازے سے داخل ہو جہنّم کی آگ سے محفوظ رہے گا۔ابوسعید خُدری کھڑے ہوئے اور کہا: اے رسولِ خدا ﷺ ہمیں اس دروازے کی رہنمائی کریں تا کہ ہم اس دروازے کو پہچان سکیں، پیغمبر ﷺ نے فرمایا: وہ دروازہ علی بن ابی طالب علیہ السلام ہیں جو اَوصیاء کے سردار، امیر المؤمنین، رسولِ خالقِ کائنات کے بھائی اور اُن کے بعد تمام لوگوں پر جانشین ہیں۔

١٩١۔عَلِیٌّ عَلَیْهِ السَّلَامُ حَبْلُ اللّٰهِ الْمَتِیْنُ

٣٥٢۔عَنْ سعیدِ بْنِ جُبَیْرٍ، عَنِ ابْنِ عَباسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ قَالَ :کُنَّا عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِذْ جَاءَ أَعْرَابِیٌّ فَقَالَ :یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ سَمِعْتُکَ تَقُوْلُ : وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ فَمَا حَبْلُ اللّٰهِ الَّذِیْ نَعْتَصِمُ بِهٖ؟ فَضَرَبَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ یَدَهٗ عَلٰی یَدِ عَلِیٍّ وَقَالَ :تَمَسَّکُوْا بِهٰذَا هُوَ حَبْلُ اللّٰهِ الْمَتِیْنُ.(١)

٣٥٣۔عَنِ ابْنِ یَزِیْد قَالَ :سَأَلْتُ اَبَا الْحَسَنِ عَلَیهِ السَّلَامُ عَنْ قَوْلِهٖ :وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِیْعًاقَالَ :عَلِیُّ بْنُ أَبِی طَالِبٍ علیهِ السَّلَامُ، حَبْلُ اللّٰهِ الْمَتِیْنُ.(٢)

٣٥٤۔(فِیْ حَدِیْثٍ) قَالَ عَلِیُّ بْنُ أَبِیْ طَالِبٍ عَلَیهِ السَّلَامُ :أَنَا حَبْلُ اللّٰهِ الْمَتِیْنُ اَلَّذِیْ أَمَرَ اللّٰهُ تَعَالٰی خَلْقَهٗ أَنْ یَعْتَصِمُوْا بِهٖ فِیْ قَوْلِهٖ تَعَالٰی :وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ

١۔احقاق الحق ٣٨٥/١٤

٢۔ تفسیر العیاشی ١٩٤/١، تفسیر نور الثقلین ٣٧٧/١، البحار ١٥/٣٦

جَمِيْعاً.(۱)

۳۵۵ـ بِالْإِسْنادِ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ اُسَيْدٍ الْغِفَارِيِّ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :يَا حُذَيْفَةُ إِنَّ حُجَّةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ (عَلَيْکَ خل) بَعْدِى عَلِيُّ بْنُ أَبِى طَالِبٍ، اَلْكُفْرُ بِهِ كُفْرٌ بِاللّٰهِ وَالشِّرْكُ بِهِ شِرْكٌ بِاللّٰهِ وَالشَّكُّ فِيهِ شَكٌّ بِاللّٰهِ وَالْإِلْحَادُ فِيهِ إِلْحَادٌ بِاللّٰهِ وَالْإِنْكَارُ لَهُ إِنْكَارٌ لِلّٰهِ وَالْإِيمَانُ بِهِ إِيمَانٌ بِاللّٰهِ لِأَنَّهُ أَخُوْ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَوَصِيُّهُ وَإِمَامُ أُمَّتِهِ وَمَوْلَاهُمْ وَهُوَ حَبْلُ اللّٰهِ الْمَتِيْنُ وَعُرْوَتُهُ الْوُثْقَى الَّتِى لَاانْفِصَامَ لَهَا وَسَيُهْلَكُ فِيْهِ اثْنَانِ وَلَاذَنْبَ لَهُ؛ مُحِبٌّ غَالٍ وَمُقَصِّرٌ قَالٍ، يَاحُذَيْفَةُ لَا تُفَارِقَنَّ عَلِيّاً فَتُفَارِقَنِى وَلَا تُخَالِفَنَّ عَلِيًّا فَتُخَالِفَنِى، إِنَّ عَلِيّاً مِنِّى وَأَنَا مِنْهُ،مَنْ أَسْخَطَهُ فَقَدْ أَسْخَطَنِى وَمَنْ أَرْضَاهُ فَقَدْ أَرْضَانِى.(۲)

علی علیہ السلام خدا کی مضبوط رسّی ہیں

۳۵۶ـ سعید بن جبیر نے ابنِ عباس سے نقل کیا ہے کہ اس نے کہا: ہم پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھے کہ ایک بادیہ نشین شخص وارد ہوا اور کہا: اے پیغمبرِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم نے سنا ہے کہ آپؐ فرماتے ہیں ''خدا کی رسّی کو پکڑیں'' خدا کی کونسی رسّی ہے جس کو ہم تھامیں؟ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے ہاتھ کو حضرت علی علیہ السلام کے ہاتھ پر رکھا اور فرمایا: ان سے چمٹے رہیں، یہ ہیں خدا کی مضبوط رسّی۔

۱۔ حلية الأبرار ۲۸۶/۱

۲۔ امالی الصدوق /۱۶۵ ، رواه فی اثبات الهداة ۵۷/۲ والاثنا عشرية / ۶۲ باختلاف فی موارد

۳۵۳۔ابن یزید کہتے ہیں، میں نے حضرت ابوالحسن علیہ السلام سے گفتارِ خداوند ''تم سب خدا کی رسّی سے چمٹے رہو'' کے بارے میں سوال کیا: حضرتؑ نے فرمایا: علی بن ابی طالب علیہ السلام خدا کی مضبوط رسّی ہیں۔

۳۵۴۔علی بن ابی طالب علیہ السلام نے فرمایا: میں ہوں خدا کی مضبوط رسّی خُداوند مُتعال نے جس سے تمسّک کرنے کا لوگوں کو حکم دیا ہے ارشادِ باری تعالیٰ ہوا ہے ''سب کے سب خدا کی رسّی کو تھامے رہو''۔

۳۵۵۔حُذیفہ بن اُسَید غفاری کہتے ہیں: رَسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اے حذیفہ! میرے بعد علی بن ابی طالب علیہ السلام تم پر خدا کی حُجّت ہیں ان پر کفر اختیار کرنا خدا پر کفر ہے اور ان پر شریک اختیار کرنا خدا پر شریک ہے اُن کو ردّ کرنا خدا کو ردّ کرنا ہے ان کے بارے میں غَلَط سوچنا خدا کے بارے میں ٹیڑھا پن کرنا ہے اور ان کا اِنکار کرنا خدا کا انکار ہے، ان پر ایمان لانا خدا پر ایمان لانا ہے لہٰذا وہ رسولِ خدا کے بھائی ان کے وصی اور ان کی امت کے مولا اور پیشوا ہیں اور وہ ہیں خدا کی مضبوط اور محکم رسّی اور مضبوط ترین دستہ جو کبھی بھی بوسیدہ نہیں ہوگا اور جلد ہی دو قسم کے لوگ ان کی وجہ سے ہلاک ہو جائیں گے اور ان کا گناہ علی علیہ السلام پر نہیں ہے: ایک وہ جو ان کی دوستی میں اِفراط اور تفریط کریں دوسرے وہ جو ان سے دشمنی کریں اے حذیفہ! کبھی بھی علی علیہ السلام سے جدا نہ ہونا کہ مجھ سے جدا ہو جاؤ گے اور ہرگز ان کی مخالفت نہ کرنا کہ مجھ سے مخالفت کرو گے علی علیہ السلام مجھ میں سے ہے اور میں علی علیہ السلام میں سے ہوں۔جس نے اسے ناراض کیا اس نے مجھے ناراض کیا اور جس اسے راضی کیا اس نے مجھے راضی کیا۔

۹۲۔ عَلِیٌّ عَلَیْہِ السَّلَامُ الْعُرْوَۃُ الْوُثْقٰی

۳۵۶۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ :سَتَکُونُ بَعْدِی فِتْنَۃٌ مُظْلِمَۃٌ لَا یَنْجُو مِنْھَا إِلَّا مَنْ تَمَسَّکَ بِالْعُرْوَۃِ الْوُثْقٰی، قِیْلَ اوَمَا ھِیَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ؟ قَالَ :عَلِیُّ بْنُ أَبِیْ طَالِبٍ عَلَیہِ السَّلَامُ.(۱)

۳۵۷۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلیہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ لِعَلِیٍّ عَلَیہِ السَّلَامُ :أَنْتَ الْعُرْوَۃُ الْوُثْقٰی.(۲)

۳۵۸۔(فِیْ حَدِیْثٍ) قَالَ عَلِیٌّ عَلَیہِ السَّلَامُ :أَنَا عُرْوَۃُ اللّٰہِ الْوُثْقَی الَّتِیْ لَاانْفِصَامَ لَھَا، وَاللّٰہُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ.(۳)

حضرت علی علیہ السلام قابل اعتماد سہارا ہیں

۳۵۶۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میرے بعد ایک اندھا فتنہ برپا ہوگا اس سے فقط وہ شخص بچے گا جو اس قابلِ اعتماد سہارے کو تھام لے گا۔ پوچھا گیا یا رسول اللہؐ! وہ قابل اعتماد سہارا کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: علی ابن ابی طالب علیہ السلام ہیں۔

۳۵۷۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا: اے علیؑ! تم عروۃ الوثقیٰ ہو۔

۳۵۸۔ حضرت علیؑ نے فرمایا: میں وہ مضبوط ریسمان الٰہی ہوں جو کبھی نہیں ٹوٹے گی اور اللہ سننے اور جاننے والا ہے۔

۱۔ اثبات الھداۃ ۲/۲۰۶　　۲۔ البحار ۳۶/۲۰

۳۔ حلیۃ الأبرار ۱/۲۸۶

۹۳ ـ عَلِیٌّ عَلَیْهِ السَّلَامُ الصِّرَاطُ الْمُسْتَقِیْمُ

۳۵۹ ـ عَنِ ابْنِ عَبّاسٍ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِعَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ :أَنْتَ الطَّرِیْقُ الْوَاضِحُ وَأَنْتَ الصِّرَاطُ الْمُسْتَقِیْمُ، وَأَنْتَ یَعْسُوْبُ الْمُؤْمِنِیْنَ.(۱)

۳۶۰ ـ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبّاسٍ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِعَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ عَلَیهِ السَّلَامُ :یَا عَلِیُّ إِأَنْتَ صَاحِبُ حَوْضِیْ، وَصَاحِبُ لِوَائِیْ، وَمُنْجِزُ عِدَاتِیْ وَحَبِیْبُ قَلْبِیْ وَوَارِثُ عِلْمِیْ وَأَنْتَ مُسْتَوْدَعُ مَوَارِیْثِ الْأَنْبِیَاءِ وَأَنْتَ أَمِیْنُ اللّٰهِ فِیْ أَرْضِهِ وَأَنْتَ حُجَّةُ اللّٰهِ عَلٰی بَرِیَّتِهِ وَأَنْتَ رُکْنُ الْإِیْمَانِ وَأَنْتَ مِصْبَاحُ الدُّجٰی وَأَنْتَ مَنَارُ الْهُدٰی، وَأَنْتَ الْعَلَمُ الْمَرْفُوْعُ لِأَهْلِ الدِّیْنِ، مَنْ تَبِعَکَ نَجَا وَمَنْ تَخَلَّفَ عَنْکَ هَلَکَ وَأَنْتَ الطَّرِیْقُ الْوَاضِحُ، وَأَنْتَ الصِّرَاطُ الْمُسْتَقِیْمُ، وَأَنْتَ قَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ وَأَنْتَ یَعْسُوْبُ الدِّیْنِ، وَأَنْتَ مَوْلٰی مَنْ أَنَا مَوْلَاهُ وَأَنَا مَوْلٰی کُلِّ مُؤْمِنٍ وَمُؤْمِنَةٍ لَا یُحِبُّکَ إِلَّا طَاهِرُ الْوِلَادَةِ وَلَا یُبْغِضُکَ إِلَّا خَبِیْثُ الْوِلَادَةِ، وَمَا عُرِجَ بِیْ إِلَی السَّمَاءِ وَکَلَّمَنِیْ رَبِّیْ إِلَّا قَالَ لِیْ :یَا مُحَمَّدُ إِقْرَأْ عَلِیّاً مِنِّی السَّلَامَ، وَعَرِّفْهُ أَنَّهُ إِمَامُ أَوْلِیَائِیْ وَنُوْرُ أَهْلِ طَاعَتِیْ، فَهَنِیْئاً لَکَ یَا عَلِیُّ هٰذِهِ الْکَرَامَةُ!(۲)

۳۶۱ ـ عَنِ الصَّادِقِ عَلَیهِ السَّلَامُ :إِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ یَعْنِیْ أَمِیْرَالْمُؤْمِنِیْنَ عَلَیهِ السَّلَامُ.(۳)

---

۱ ـ إحقاق الحق ۳۷۸/۱۴ ۲ ـ اثبات الهداة ۵۹/۲

۳ ـ تفسیر العیاشی ۲۴/۱، البحار ۲۴۰/۹۲

۳۶۲۔ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ أَبِي عَبْدِاللّٰهِ عَلَيهِ السَّلَامُ قَالَ :اَلصِّرَاطُ الْمُسْتَقِيمُ: أَمِيرُالمُؤْمِنِينَ عَلَيهِ السَّلَامُ.(۱)

۳۶۳۔ بِالْإِسْنَادِ عَنْ أَبِي حَمْزَةَ الثُّمَالِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِاللّٰهِ عَلَيهِ السَّلَامُ قَالَ : سَئَلْتُهُ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ وَأَنَّ هٰذَا صِرَاطِي مُسْتَقِيمًا فَاتَّبِعُوهُ قَالَ :هُوَ وَاللّٰهِ عَلِيٌّ الْمِيزَانُ وَالصِّرَاطُ.(۲)

علی علیہ السلام سیدھا راستہ ہیں

۳۵۹۔ابنِ عباس سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی بن ابی طالب علیہ السلام سے فرمایا: تم کھلا راستہ ہواور تم سیدھا راستہ ہواور تم مؤمنین کے سرور ہو۔

۳۶۰۔ابنِ عباس کہتے ہیں: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی بن ابی طالب علیہ السلام سے فرمایا: یاعلیؑ تم حوض کے مالک اور میرے پرچم دار ہواور میرے وعدوں کو پورا کروگے اور تم میرے دل کے دوست اور میرے علم کے وارث ہو تم پیغمبروں کی میراث کے امین ہواور اس زمین پر خدا کے امین اور اس کی مخلوق پر حجّت ہو تم ایمان کے رکن اندھیرے کے چراغ اور ہدایت کے مینار ہو، تم دینداروں کی بلند علامت ہو جس نے آپؐ کی پیروی کی وہ رہائی پالے گا اور جس نے پیروی نہ کی وہ ہلاک ہوجائے گا تم ہو وہ کھلا راستہ اور تم ہو وہ صراطِ مستقیم ،تم نورانی چہروں کے رہبر اور دین کے پیشوا ہواور جس کے تم مولا ہو میں اسی کا مولا ہوں اور میں ہر باایمان مرد اور عورت کا مولا ہوں

۱۔ البحار ۳۵/۳۶۶

۲۔ بصائر الدرجات / ۷۹

حلال زادے کے سوا تم کو کوئی دوست نہیں رکھے گا اور حرام زادے کے علاوہ تمہیں کوئی دشمن نہیں رکھے گا مجھے آسمان پر نہیں لے جایا گیا اور پروردگار نے مجھ سے کلام نہیں کیا مگر یہ کہ مجھ سے فرمایا: یا محمدؐ! میرا سلام علی علیہ السلام تک پہنچا دو اور ان سے کہہ دو کہ وہ میرے دوستوں کے پیشوا اور میری اطاعت کرنے والوں کے لیے روشنی ہیں۔ یا علی علیہ السلام! یہ کرامت اور بزرگی وعظمت آپ کو مبارک ہو۔

۳۶۱۔امام صادق علیہ السلام نے اِس آیت ''تو ہمیں سیدھی راہ پر ثابت قدم رکھ'' کے بارے میں فرمایا: سیدھا راستہ امیر المؤمنین علیہ السلام ہیں۔

۳۶۲۔امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: سیدھا راستہ امیر المؤمنین علیہ السلام ہیں۔

۳۶۳۔ابوحمزہ ثمالی سے نقل ہوا ہے اس نے کہا: میں نے امام صادق علیہ السلام سے کلام الٰہی: ''یہ میرا سیدھا راستہ ہے اس کی پیروی کریں'' کے بارے میں سوال کیا فرمایا: خدا کی قسم وہ علی علیہ السلام ہیں جو میزان بھی ہیں اور صراط بھی۔

۹۴۔ عَلِیٌّ عَلَیہِ السَّلَامُ خَیرُ الْبَشَرِ

۳۶۴۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّمَ :عَلِیٌّ خَیرُ الْبَشَرِ مَنْ أَبٰی فَقَدْ کَفَرَ.(۱)

۳۶۵۔بِالْإِسْنَادِ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ مُوسَی الرِّضَا عَنْ أَبِیْہِ عَنْ آبائِہٖ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ قَالَ ... حَدَّثَنِیْ أَبِیْ عَلِیُّ بْنُ أَبِیْ طَالِبٍ عَلَیہِ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّمَ :(یَا عَلِیُّ اِن -ع) أَنْتَ خَیرُ الْبَشَرِ، وَلَایَشُکُّ فِیْکَ إِلَّا کَافِرٌ.(۲)

۱۔ إثبات الھداۃ ۲/ ۱۷۱، الشھاب/ ۳۳، المسترشد/ ۲۷۹ باختلاف یسیر

۲۔أمالی الصدوق/ ۷۲، عیون أخبار الرضا ۲/ ۵۹، اثبات الھداۃ ۲/ ۳۰ باختلاف یسیر

۳۶۶ـ رُوِیَ عَنْ عَلِیّ (عَلَیهِ السَّلاَمُ) قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِیْ :أَنْتَ خَیْرُ الْبَشَرِ، مَا شَکَّ فِیهَا(فِیْهِ) إِلَّا کَافِرٌ.(۱)

۳۶۷ـ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وآلِهِ وَسَلَّمَ :یَا عَلِیُّ أَنْتَ خَیْرُ الْبَشَرِ مَنْ شَکَّ فِیْهِ فَقَدْ کَفَرَ.(۲)

۳۶۸ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ علیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :خَیْرُ مَنْ یَمْشِیْ عَلٰی وَجْهِ الْأَرْضِ بَعْدِیْ عَلِیُّ بْنُ أَبِیْ طَالِبٍ.(۳)

۳۶۹ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :عَلِیٌّ خَیْرُ الْخَلْقِ.(۴)

۳۷۰ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِعَلِیّ عَلَیهِ السَّلَامُ :أَنْتَ خَیْرُ أُمَّتِیْ فِی الدُّنْیَا وَالْآخِرَةِ.(۵)

۳۷۱ـ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ أَبِیْ عَبْدِاللّٰهِ عَلَیهِ السَّلَامُ اَنَّهٗ قَالَ :اِعْلَمْ أَنَّ أَمِیرَالْمُؤْمِنِیْنَ عَلَیْهِ السَّلَامُ أَفْضَلُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنَ الْأَئِمَّةِ کُلِّهِمْ، وَلَهٗ ثَوَابُ أَعْمَالِهِمْ، وَعَلٰی قَدْرِ أَعْمَالِهِمْ فُضِّلُوْا.(۶)

۳۷۲ـ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :مَا أَعْطَانِیْ رَبِّیْ فَضِیْلَةً، إِلَّا وَقَدْ خُصَّ عَلِیٌّ بِمِثْلِهَا.(۷)

۱ـ احقاق الحق ۲۷۴/۱۵، البحار ۳/۳۸ وأمالی الصدوق ۷۲/ باختلاف فی بعض الألفاظ

۲ـ احقاق الحق ۲۵۵/۴

۳ـ کشف الغمة ۱۵۷/۱، إثبات الهداة ۲۱۲/۲، احقاق الحق ۲۱۲/۱۵، کشف الیقین / ۲۹۲ باختلاف یسیر

۴ـ احقاق الحق ۲۶۵/۱۵

۵ـ کشف الغمة ۱۵۷/۱، کشف الیقین / ۲۸۵

۶ـ البحار ۹۲/۳۹

۷ـ إحقاق الحق ۱۰۴/۶

۳۷۳۔ عَنِ ابْنِ عَبّاسٍ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہِ وَسَلَّمَ :عَلِیُّ بْنُ أَبِیْ طَالِبٍ أَفْضَلُ مَنْ خَلَقَ اللّٰہُ تَعَالٰی غَیْرِیْ....(۱)

۳۷۴۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہِ وَسَلَّمَ :عَلِیٌّ أَفْضَلُ رِجَالِ الْعَالَمِیْنَ.(۲)

۳۷۵۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہِ وَسَلَّمَ :عَلِیٌّ أَفْضَلُ أُمَّتِیْ عِنْدَ اللّٰہِ.(۳)

۳۷۶۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہِ وَسَلَّمَ :مَا اکْتَسَبَ مُکْتَسِبٌ مِثْلَ فَضْلِ عَلِیٍّ، یَهْدِیْ صَاحِبَهٗ إِلَی الْهُدٰی وَیَرُدُّهٗ عَنِ الرَّدٰی.(۴)

۳۷۷۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہِ وَسَلَّمَ :عَلِیٌّ خَیْرُ مَنْ یُصَلِّیْ إِلَی الْقِبْلَةِ بَعْدِیْ.(۵)

۳۷۸۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہِ وَسَلَّمَ :عَلِیٌّ خَیْرُ النَّاسِ.(۶)

۳۷۹۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہِ عَلَیہِ وَآلِہِ وَسَلَّمَ :عَلِیٌّ خَیْرُ الْأُمَّةِ.(۷)

۱۔ إثبات الهداة ۲۳۸/۲ ۲۔ احقاق الحق ۲۱۲/۱۵

۱۔ احقاق الحق ۶۰۴/۱۵

۴۔ فضائل الخمسة ۱۶۷/۱، الغدیر ۳۶۳/۵ بادنی التفاوت، احقاق الحق ۲۹/۱۷

۵۔ احقاق الحق ۲۱۲/۱۵ ۶۔ احقاق الحق ۲۰/۱۵

۷۔ احقاق الحق ۲۸۰/۱۵

حضرت علی علیہ السلام بہترین انسان

۳۶۴۔رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام بہترین انسان ہیں، جو انکار کرے وہ کافر ہے۔

۳۶۵۔علی بن موسیٰ رضا علیہ السلام نے اپنے والدِ گرامی سے حضرتؑ نے اپنے اجداد علیہم السلام سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا: میرے والد علی بن ابی طالب علیہ السلام نے حدیث بیان فرمائی: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: یا علی علیہ السلام! تم بہترین انسان ہو، کافر کے علاوہ کوئی بھی تمہارا منکر نہیں۔

۳۶۶۔علی علیہ السلام سے نقل ہوا ہے حضرتؑ نے فرمایا: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: تم بہترین انسان ہو، کافروں کے بغیر کسی نے تم پر شک نہیں کیا۔

۳۶۷۔پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علی علیہ السلام! تم بہترین انسان ہو جس نے تم پر شک کیا وہ کافر ہو گیا۔

۳۶۸۔پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے بعد بہترین فرد جو اِس زمین پر چلے گا وہ علی بن ابی طالبؑ ہیں۔

۳۶۹۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام خدا کی بہترین مخلوق ہیں۔

۳۷۰۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علی علیہ السلام! تم اس دنیا اور آخرت میں میری امت کے بہترین فرد ہو۔

۳۷۱۔امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: امیر المؤمنین علیہ السلام خدا کے نزدیک سب ائمہ علیہم السلام سے افضل ہیں اور ائمہ علیہم السلام کے اعمال کا ثواب ان سے ہے اور انہوں نے اپنے اعمال کے مطابق برتری حاصل کی ہے۔

۳۷۲۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پروردگار نے مجھے کوئی ایسی فضیلت عطا نہیں کی مگر یہ کہ وہی خصوصیات علی علیہ السلام کو بھی عطا کیں۔

۳۷۳۔ ابن عباس کہتے ہیں: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی بن ابی طالب علیہ السلام میرے علاوہ خدا کی تمام مخلوقات پر افضل ہیں۔

۳۷۴۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام دنیا کے مَردوں پر افضل ہیں۔

۳۷۵۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام خدا کے نزدیک میری امت میں سے بہترین فرد ہیں۔

۳۷۶۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کسی نے بھی علی علیہ السلام کی طرح فضیلت حاصل نہیں کی۔

۳۷۷۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے بعد علی علیہ السلام بہترین فرد ہیں جو قبلہ کی طرف نماز ادا کریں گے۔

۳۷۸۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام مَردوں میں سے بہترین مرد ہیں۔

۳۷۹۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام میری اُمّت کے بہترین فرد ہیں۔

۹۵ ۔ مَا تُرِيدُونَ مِنْ عَلِيٍّ؟ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ مِنِّي

۳۸۰ ـ بِالْإِسْنَادِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا تُرِيدُونَ مِنْ عَلِيٍّ؟ مَا تُرِيدُونَ مِنْ عَلِيٍّ؟ مَاتُرِيدُونَ مِنْ عَلِيٍّ؟ إِنَّ عَلِيًّا مِنِّي (وَأَنَا مِنْهُ) وَهُوَ وَلِيُّ كُلِّ مُؤْمِنٍ بَعْدِي. (۱)

---

۱ ـ مناقب علي بن أبيطالب/۲۲۴، ملحقات الاحقاق ۲۱/۱۳۶، كنز العمال ۱۱/۵۹۹، المراجعات/۱۵۳، صحيح الترمذى ۱۳/۱۶۵ والتاج ۳/۲۹۷ باختلاف فى موارد

۳۸۱ـ بالإسناد عن موسى بن جعفر بن محمدٍ عن آبائه عليهم السّلام عن النّبيّ صلّى اللّهُ عليه وآله وسلّم قال (في حديث) :إنّ عليّاً منّي وأنا من عليّ، رُوحُهُ من رُوحي وطينتُهُ من طينتي وهو أخي ووصيّي وخليفتي على أُمّتي في حياتي وبعد موتي، مَن أطاعَهُ أطاعني، ومن وافقهُ فقد وافقني،ومن خالفهُ فقد خالفني.(۱)

۳۸۲ـ عن أُمّ سلمة قالت :قال النّبيّ صلّى اللّهُ عليه وآله وسلّم :عليٌّ منّي وأنا من عليّ حيث يكونُ أكون.(۲)

۳۸۳ـ عن ابن مسعود رضي اللّهُ عنهُ قال :قال رسولُ اللّه صلّى اللّهُ عليه وآله وسلّم :عليُّ بن أبي طالبٍ منّي كروحي في جسدي.(۳)

۳۸۴ـ عن رسول اللّه صلّى اللّه عليه وآله وسلّم :يا عليُّ أنت منّي وأنا منک، سِيطَ لحمُک بلحمي ودمُک بدمي، وأنت السّبب فيما بين اللّه وبين خلقه بعدي، فمن جحد ولايتک قطع السّبب الّذي فيما بينهُ وبين اللّه وكان ماضيًا في الدّركات.(۴)

۳۸۵ـ عن حبشيّ بن جُنادة قال :سمعتُ رسولَ اللّه صلّى اللّهُ عليه وآله وسلّم يقول :عليٌّ منّي وأنا منهُ ولا يؤدّي عنّي إلّا أنا أو عليٌّ.(۵)

---

۱ ـ اثبات الهداة ۲/ ۵۱ ۲ ـ احقاق الحق ۵/ ۳۱۷

۳ـ احقاق الحق ۵/ ۲۴۲ ۴ـ سلیم بن قیس / ۲۴۴

۵ ـ احقاق الحق ۵/ ۲۷۴، ینابیع المودة / ۵۴، مسند احمد ۵/ ۱۷۱، سنن ابن ماجه ۱/ ۵۵،مناقب علی بن ابیطالب / ۲۲۷، التاج ۳/ ۳۳۱ وصحیح الترمذی ۱۶۹/۱۳۳ باختلاف یسیر

۳۸۶ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيه وَ آلِهِ وَسَلَّمَ :عَلِيٌّ مِنّيْ وَأَنَا مِنْهُ وَهُوَ وَلِيُّ كُلِّ مُؤْمِنٍ بَعْدِیْ.(۱)

۳۸۷ـ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ :إِنَّ عَلِيًّا مِنّیْ وَأَنَا مِنْهُ وَهُوَ مَوْلٰی (وَلِیُّ خ ل) كُلِّ مُؤْمِنٍ بَعْدِیْ.(۲)

۳۸۸ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَنَا مِنْ عَلِيٍّ وَعَلِيٌّ مِنّی.(۳)

۳۸۹ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :عَلِيٌّ مِنّیْ وَأَنَا مِنْ عَلِيٍّ.(۴)

۳۹۰ـ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ أَبِیْ عَبْدِاللّٰهِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ الصَّادِقِ، عَنْ آبَائِهِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ :يا عَلِيُّ أَنْتَ مِنّیْ وَأَنَا مِنْکَ وَلِيُّکَ وَلِيّیْ وَوَلِيّیْ وَلِیُّ اللّٰهِ، وَعَدُوُّكَ عَدُوّیْ، وَعَدُوّیْ عَدُوُّ اللّٰهِ . يَا عَلِيُّ !أَنَا حَرْبٌ لِمَنْ حارَبَکَ وَسِلْمٌ لِمَنْ سالَمَکَ....(۵)

۳۹۱ـ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ :يَا عَبْدَالرَّحْمَانِ !أَنْتُمْ أَصْحَابِیْ، وَعَلِيُّ بْنُ أَبِیْ طَالِبٍ مِنّیْ وَأَنَا مِنْ عَلِيٍّ، فَمَنْ قَاسَهُ بِغَيْرِهِ؛ فَقَدْ جَفَانِیْ وَمَنْ جَفَانِیْ (فَقَدْ) آذَانِیْ، وَمَنْ آذانی فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ رَبّیْ.(۶)

۳۹۲ـ (فِیْ حَدِيْثٍ) عَنْ عَلِيٍّ (عَلَيْهِ السَّلَامُ) قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

---

۱ ـ مناقب علی بن ابیطالب / ۲۳۰

۲ ـ ذخائر العقبیٰ /۶۸، مسند احمد ۲۰۶/۵ فی حدیث

۳ـ احقاق الحق ۲۷۹/۵

۴ـ احقاق الحق ۱۸۱/۵

۵ ـ امالی المفید / ۲۱۳

۶ ـ فرائد السمطین ۶۸/۲، احقاق الحق ۵۰۲/۴

عَلَیهِ وَ آلِهِ وَسَلَّمَ :عَلِیٌّ مِنِّیْ وَأَنَا مِنْهُ، لَحْمُهُ لَحْمِیْ وَدَمُهُ دَمِیْ.(۱)

۳۹۳۔ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَ آلِهِ وَسَلَّمَ لِعَلِیٍّ :أَنْتَ مِنِّیْ وَأَنَا مِنْکَ.(۲)

علی علیہ السلام سے کیا چاہتے ہو؟! علی علیہ السلام مجھ سے ہیں

۳۸۰۔ روایت میں نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں سے تین مرتبہ مخاطب ہو کر فرمایا: علی علیہ السلام سے کیا چاہتے ہو؟! علیؑ مجھ سے ہے اور میں علیؑ سے ہوں، میرے بعد وہ ہر مؤمن کے سرپرست ہیں۔

۳۸۱۔ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے اپنے اَجداد علیہم السلام سے انہوں نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا آنحضرتؐ نے فرمایا: علی علیہ السلام مجھ سے ہے اور میں علی علیہ السلام سے ہوں، اس کی رُوح میری رُوح سے ہے اور اس کی مٹی میری مٹی سے ہے، وہ میری زندگی میں اور میرے بعد میرے بھائی، میرے وصی اور میری امت میں سے میرے جانشین ہیں، جس نے اس کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی اور جس نے اس کی حمایت کی اس نے میری حمایت کی اور جس نے اس کی مخالفت کی اس نے میری مخالفت کی ہے۔

۱۸۲۔ ام سلمہؓ کہتی ہیں: پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام مجھ سے ہے اور میں علی علیہ السلام سے ہوں جس جگہ وہ ہوں گے میں بھی وہیں ہوں گا۔

۱۔ اِحقاق الحق ۴۴۸/۶

۲۔ صحیح البخاری ۱۱۴۰/۳، احقاق الحق ۳۱۳/۵، عیون اخبار الرضا ۵۹/۲، التاج ۲۹۶/۳، وصحیح الترمذی ۱۶۷/۱۳ باختلاف یسیر

۳۸۳۔ابن مسعود سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی بن ابی طالب علیہ السلام کی نسبت مجھ سے ایسے ہے جیسے روح کی بدن سے۔

۳۸۴۔پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل ہوا ہے کہ: یاعلی علیہ السلام! تم مجھ سے ہو اور میں تم سے ہوں تمہارا گوشت میرے گوشت سے اور تمہارا خون میرے خون سے ملا ہوا ہے میرے بعد تم خدا اور اس کی مخلوق کے درمیان واسطہ ہو، جو تمہاری ولایت کا انکار کرے گا، خدا اور اس کے درمیان جو واسطہ ہے وہ قطع ہو جائے گا اور وہ دوزخ کے طبقات میں داخل ہوگا۔

۳۸۵۔حبشی بن جُنادہ کہتے ہیں: میں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا آنحضرتؐ نے فرمایا: علیؑ مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں۔ علی علیہ السلام اور میرے علاوہ کوئی بھی رسالت کو پہنچانے والا نہیں ہے۔

۳۸۶۔پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علیؑ مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں وہ میرے بعد ہر مؤمن کے سرپرست ہیں۔

۳۸۷۔عمران بن حصین سے نقل ہوا ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علیؑ مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں وہ میرے بعد ہر مؤمن کے مولا ہیں۔

۳۸۸۔میں علیؑ سے ہوں اور علیؑ بھی مجھ سے ہیں۔

۳۸۹۔پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام مجھ سے ہے اور میں علی علیہ السلام سے ہوں۔

۳۹۰۔امام صادق علیہ السلام نے اپنے اَجداد سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا: یاعلیؑ! تم مجھ سے ہو اور میں تم سے ہوں تمہارا دوست میرا دوست ہے اور میرا دوست خدا کا دوست ہے اور تمہارا دشمن میرا دشمن ہے اور میرا دشمن خدا کا دشمن ہے۔ یاعلیؑ! جو تمہارے ساتھ جنگ

کرے گا میں اس کے ساتھ جنگ کروں گا اور جو تمہارے ساتھ صلح کرے گا میں بھی صلح کروں گا۔

۳۹۱۔ابن عباس کہتے ہیں: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عبدالرحمٰن بن عوف سے فرمایا: اے عبدالرحمٰن! تم میرے صحابی ہو، علی بن ابی طالب علیہ السلام مجھ سے ہے اور میں علی علیہ السلام سے ہوں اور جو علی علیہ السلام کا مقایسہ کسی دوسرے سے کرے گا اس نے مجھ پر ظلم کیا ہے اور جو مجھ پر ظلم کرے گا اس نے مجھے تکلیف پہنچائی ہے اور جو مجھے تکلیف پہنچائے گا خدا کی لعنت اس پر ہوگی۔

۳۹۲۔ایک حدیث میں حضرت علی علیہ السلام سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علیؑ مجھ سے ہے اور میں علی علیہ السلام سے ہوں اس کا گوشت میرا گوشت اور اس کا خون میرا خون ہے۔

۳۹۳۔پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا: تم مجھ سے اور میں تم سے ہوں۔

۹۶ ۔ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ نَفْسِيْ

۳۹۴۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: عَلِيٌّ نَفْسِيْ.(۱)

۳۹۵۔قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: عَلِيٌّ مِنِّيْ كَنَفْسِيْ.(۲)

۳۹۶۔قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: عَلِيٌّ أَصْلِيْ وَجَعْفَرُ فَرْعِيْ.(۳)

۳۹۷۔وَقَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: عَلِيٌّ مِنِّيْ كَنَفْسِيْ، طَاعَتُهُ طَاعَتِيْ وَمَعْصِيَتُهُ مَعْصِيَتِيْ.(۴)

۱۔ احقاق الحق ۲۴۷/۱۵
۲۔ احقاق الحق ۴۵۷/۶
۳۔احقاق الحق ۴۸۶/۶
۴۔ الإثنا عشرية / ۶۱

حضرت علی علیہ السلام میری رُوح ہیں

۳۹۴۔رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام میری جان ہیں۔

۳۹۵۔پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام کی نسبت مجھ سے میری جان کی مانند ہے۔

۳۹۶۔رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام میری جڑ اور جعفر شاخ ہیں۔

۳۹۷۔پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل ہوا ہے آنحضرتؐ نے فرمایا: علی علیہ السلام کی نسبت مجھ سے میری روح کی مانند ہے، اس کی پیروی میری پیروی اور اس کی نافرمانی میری نافرمانی ہے۔

۹۷۔عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ رَأْسِي

۳۹۸۔عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :عَلِيٌّ مِنِّيْ بِمَنْزِلَةِ رَأْسِيْ (مِثْلُ رَأْسِيْ خ ل) مِنْ بَدَنِيْ.(۱)

حضرت علی علیہ السلام کی مثال ایسی ہے جیسے سر کی بدن سے

۳۹۸۔ابن عباس سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام کی نسبت مجھ سے ایسی ہے جیسے میرے سر کی میرے بدن سے۔

۱۔البحار ۳۸/۳۱۹، الغدیر ۱۰/۲۷۸، نور الأبصار/۸۹، فضائل الخمسة ۱/۲۹۷، غایة المرام/۴۵۵، کشف الیقین/ ۲۹۹، الشهاب / ۳۳

۹۸ ـ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ نَظِيْرِیْ

۳۹۹ـ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :مَا مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا وَلَهٗ نَظِيرٌ فِیْ اُمَّتِهٖ،فَعَلِيٌّ نَظِيْرِیْ.(۱)

علی علیہ السلام میری مثل ہیں

۳۹۹ـ انس بن مالک کہتے ہیں کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر پیغمبر اپنی امت میں سے مثل رکھتے ہیں، اور علی علیہ السلام میری مثل ہیں۔

۹۹ـ عَلِيٌّ عَلَيهِ السَّلَامُ اَخِیْ

۴۰۰ـ عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ أَنَّهٗ سَمِعَ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ :إِنَّ أَخِیْ وَوَزِيْرِیْ وَخَيْرَ مَنْ أُخَلِّفُهٗ بَعْدِیْ عَلِيُّ بْنُ أَبِیْ طَالِبٍ.(۲)

۴۰۱ـ عَنْ زَيْدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيهِ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :يَا عَلِيُّ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى أَمَرَنِیْ

---

۱ ـ احقاق الحق ۶/۴۶۰، غاية المرام/۴۵۵، ينابيع المودة/۲۳۵ (فى حديث) واثبات الهداة۲/۲۴۹ باختلاف يسير

۲ ـ كشف الغمة ۱/۱۵۳، أمالى الصدوق / ۲۸۴

أَنْ أَتَّخِذَكَ أَخاً وَوَصِيّاً، فَأَنْتَ أَخي وَوَصِيّي وَخَلِيفَتي عَلى أَهْلِي فِي حَياتِي وَبَعْدَ مَوْتِي، مَنْ تَبِعَكَ فَقَدْ تَبِعَني وَمَنْ تَخَلَّفَ عَنْكَ فَقَدْتَخَلَّفَ عَنّي، وَمَنْ كَفَرَ بِكَ فَقَدْ كَفَرَ بِي، وَمَنْ ظَلَمَكَ فَقَدْ ظَلَمَني، يا عَلِيُّ !أَنتَ مِنّي وَأَنا مِنكَ يا عَلِيُّ لَوْ لا أَنْتَ لَما قُوتِلَ أَهْلُ النَّهرِ .فَقالَ :فَقُلْت :يا رَسُوْلَ اللّهِ !وَمَنْ أَهْلُ النَّهرِ؟ قالَ :قَوْمٌ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الْإِسْلامِ كَما يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمْيَةِ.(١)

٣٠٢ـ بِالْإِسْنادِ عَن ابنِ عَبّاسٍ قالَ :قالَ رَسُوْلُ اللّهِ صَلّى اللّهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :إِنَّ اللّهَ تَبارَكَ وَتَعالىٰ آخىٰ بَيْني وَبَيْنَ عَلِيِّ بنِ أَبِي طالِبٍ وَزَوَّجَهُ ابْنَتي مِنْ فَوْقِ سَبْعِ سَماوَاتٍ، وَأَشْهَدَ عَلىٰ ذٰلِكَ مُقَرَّبِيْ مَلائِكَتِهِ وَجَعَلَهُ وَصِيّاً وَخَلِيفَةً، فَعَلِيٌّ مِنّي وَأَنَا مِنْهُ مُحِبُّهُ مُحِبّي وَمُبْغِضُهُ مُبْغِضي وَإِنَّ الْمَلائِكَةَ لَتَقَرَّبُ إِلَى اللّهِ بِمَحَبَّتِهِ.(٢)

٣٠٣ـ بِالْإِسْنادِ، قالَ أَبُوْ عَبْدِاللّهِ عَلَيهِ السَّلامُ فِي حَدِيثٍ طَوِيلٍ يَقُوْلُ فِي آخِرِهِ :إِنَّ رَسُوْلَ اللّهِ صَلَّى اللّهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قالَ لِأُمِّ سَلَمَةَ (رض) :يا أُمَّ سَلَمَةَ ! إِسْمَعِيْ وَاشْهَدِيْ هٰذا عَلِيُّ بْنُ أَبِيطالِبٍ أَخِيْ فِي الدُّنْيا وَأَخِيْ فِي الْآخِرَةِ، يا أُمَّ سَلَمَةَ ! إِسْمَعِيْ وَاشْهَدِيْ هٰذا عَلِيُّ بْنُ أَبِيطالِبٍ وَزِيرِيْ فِي الدُّنْيا وَوَزِيرِيْ فِي الْآخِرَةِ، يا أُمَّ سَلَمَةَ !إِسْمَعِيْ وَاشْهَدِيْ هٰذا عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ حامِلُ لِوائِي فِي الدُّنْيا وَحامِلُ لِوائِيْ فِي الْآخِرَةِ، يا أُمَّ سَلَمَةَ !إِسْمَعِيْ وَاشْهَدِي هٰذا عَلِيُّ بنُ أَبِيطَالِبٍ وَصِيِّي وَخَلِيفَتِيْ مِنْ بَعْدِيْ وَقاضِي عِداتِيْ وَالذّائِدُ عَنْ حَوْضِي، ياأُمَّ سَلَمَةَ !إِسْمَعِيْ وَاشْهَدِيْ هٰذا عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طالِبٍ سَيِّدُ الْمُسْلِمِينَ، وَإِمامُ الْمُتَّقِينَ، وَقائِدُالْغُرِّ الْمُحَجَّلِينَ .وَقاتِلُ النّاكِثِيْنَ

---

١ ـأمالي الطوسى ١/ ٢٠٣

٢ ـ اثبات الهداة٢/ ٥٥، امالى الصدوق / ١٠٨

وَالْمَارِقِينَ وَالْقَاسِطِينَ قُلْتُ :يَا رَسُوْلَ اللّه مَنِ النَّاكِثُوْنَ؟قَالَ :اَلَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَهُ بِالْمَدِيْنَةِ وَيَنْكُثُوْنَهُ بِالْبَصْرَةِ قُلْتُ :مَنِ الْقَاسِطُوْنَ؟ قَالَ :مُعَاوِيَةُوَأَصْحَابُهُ مِنْ أَهْلِ الشَّامِ .(ثُمَّ) قُلْتُ :مَنِ الْمَارِقُوْنَ؟ قَالَ :أَصْحَابُ النَّهْرَوَانِ.(١)

٤٠٤ـ عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ عقيصا عَنْ سَيِّدِ الشُّهَدَاءِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ عَنْ سَيِّدِالْأَوْصِيَاءِ أَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ عَلَيهِ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :يَا عَلِيُّ اَنْتَ أَخِيْ وَأَنَا أَخُوْكَ، أَنَا الْمُصْطَفٰى لِلنُّبُوَّةِ وَأَنْتَ الْمُجْتَبٰى لِلْإِمَامَةِ وَأَنَا صَاحِبُ التَّنْزِيْلِ وَأَنْتَ صَاحِبُ التَّأْوِيْلِ، وَأَنَا وَأَنْتَ أَبُوْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ، يَا عَلِيُّ اَنْتَ وَصِيِّيْ وَخَلِيْفَتِيْ وَوَزِيْرِيْ وَوَارِثِيْ وَأَبُوْ وُلْدِيْ، شِيْعَتُكَ شِيْعَتِيْ وَأَنْصَارُكَ أَنْصَارِيْ وَأَوْلِيَاؤُكَ أَوْلِيَائِيْ وَأَعْدَاؤُكَ أَعْدَائِيْ، يَاعَلِيُّ اَنْتَ صَاحِبِيْ عَلَى الْحَوْضِ غَداً وَأَنْتَ صَاحِبِيْ فِي الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ وَأَنْتَ صَاحِبُ لِوَائِيْ فِي الْآخِرَةِ كَمَا أَنْتَ صَاحِبُ لِوَائِيْ فِي الدُّنْيَا، لَقَدْ سَعِدَ مَنْ تَوَلَّاكَ وَشَقِيَ مَنْ عَادَاكَ، وَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَتُقَرَّبُ إِلَى اللّٰهِ تُقَدِّسُ ذِكْرَهُ بِمَحَبَّتِكَ وَوِلَايَتِكَ، وَاللّٰهِ إِنَّ أَهْلَ مَوَدَّتِكَ فِي السَّمَاءِ لَأَكْثَرُ مِنْهُمْ فِي الْأَرْضِ، يَاعَلِيُّ اَنْتَ أَمِيْنُ أُمَّتِيْ وَحُجَّةُ اللّٰهِ عَلَيْهَا بَعْدِيْ، قَوْلُكَ قَوْلِيْ وَأَمْرُكَ أَمْرِيْ وَطَاعَتُكَ طَاعَتِيْ وَزَجْرُكَ زَجْرِيْ وَنَهْيُكَ نَهْيِيْ وَمَعْصِيَتُكَ مَعْصِيَتِيْ وَحِزْبُكَ حِزْبِيْ وَحِزْبِيْ حِزْبُ اللّٰهِ وَمَنْ يَتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا فَإِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغَالِبُوْنَ.(٢)

٤٠٥ـ عَنِ الصَّادِقِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ آبَائِهِ عَلَيهِمُ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ

١ـ معانی الاخبار / ١٩٥

٢ـ امالی الصدوق / ٢٧٢

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّمَ :یَا عَلِیُّ !أَنْتَ أَخِیْ وَأَنَا أَخُوْکَ، یا عَلِیُّ !أَنْتَ مِنِّیْ وَأَنَا مِنْکَ، یا عَلِیُّ !أَنْتَ وَصِیِّیْ وَخَلِیْفَتِیْ وَحُجَّةُ اللّٰہِ عَلٰی أُمَّتِیْ بَعْدِیْ، لَقَدْ سَعِدَ مَنْ تَوَلَّاکَ وَشَقِیَ مَنْ عَادَاکَ.(۱)

۴۰۶ـ عَنِ الْحُسَیْنِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ مُوْسَی الرِّضَاعَلَیہِ السَّلَامُ :عَنْ أَبِیْہِ عَنْ آبائِہٖ، عَنْ عَلِیِّ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّمَ :یَا عَلِیُّ !أَنْتَ أَخِیْ وَوَزِیْرِیْ وَصَاحِبُ لِوَائِیْ فِی الدُّنْیَا وَالْآخِرَةِ وَأَنْتَ صَاحِبُ حَوْضِیْ، مَنْ أَحَبَّکَ أَحَبَّنِیْ وَمَنْ أَبْغَضَکَ أَبْغَضَنِیْ.(۲)

۴۰۷ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وآلِہٖ وَسَلَّمَ :إِنَّ أَخِیْ وَوَزِیْرِیْ وَوَصِیِّیْ عَلِیُّ بْنُ أَبِیْ طَالِبٍ عَلَیہِ السَّلَامُ.(۳)

۴۰۸ـ آخَی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَی اللّٰہُ عَلَیہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّمَ بَیْنَ أَصْحَابِہٖ فَآخَی بَیْنَ أَبِیْ بَکْرٍ وَعُمَرَ وَفُلَانٍ وَفُلَانٍ فَجَاءَ عَلِیٌّ عَلَیہِ السَّلَامُ فَقَالَ:آخَیْتَ بَیْنَ أَصْحَابِکَ وَلَمْ تُؤَاخِ بَیْنِیْ وَبَیْنَ أَحَدٍ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ :أَنْتَ أَخِیْ فِی الدُّنْیَا وَالْآخِرَةِ.(۴)

۴۰۹ـ جَابِرُ بْنُ عَبْدِاللّٰہِ وَ سَعِیْدُ بْنُ الْمُسَیِّبِ قَالَا :إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ آخَی بَیْنَ أَصْحَابِہٖ فَبَقِیَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ وَأَبُوْبَکْرٍ

۱ـ امالی الصدوق / ۲۹۵

۲ـ عیون الاخبار ۱/ ۲۹۴، اثبات الھداة ۲/ ۲۶ باختلاف یسیر

۳ـ أمالی الطوسی ۱/ ۲۷۸

۴ـ الغدیر ۳/ ۱۱۳، صحیح الترمذی ۱۳/ ۱۶۹ باختلاف فی موارد

وَعُمَرَ وَعَلِيٍّ، فَآخَى بَيْنَ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ، وَقَالَ لِعَلِيٍّ :أَنْتَ أَخِي وَأَنَا أَخُوكَ، فَإِنْ نَاكَرَكَ أَحَدٌ، فَقُلْ :أَنَا عَبْدُاللّٰهِ وَأَخُو رَسُولِ اللّٰهِ لَا يَدَّعِيهَا بَعْدَكَ إِلَّا كَذَّابٌ.(١)

٤١٠ـ عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ :لَمَّا آخَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ النَّاسِ آخَى بَيْنَهُ وَبَيْنَ عَلِيٍّ (صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَآلِهِ).(٢)

٤١١ـ بِالْإِسْنَادِ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :إِنَّ أَخِي وَوَزِيرِي وَخَلِيفَتِي فِي أَهْلِي وَخَيْرُ مَنْ أَتْرُكُ بَعْدِي، يَقْضِي دَيْنِي وَيُنْجِزُ بِوَعْدِي عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ.(٣)

٤١٢ـ عَنْ جَابِرٍ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :رَأَيْتُ مَكْتُوباً عَلَى بَابِ الْجَنَّةِ :لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ عَلِيٌّ أَخُوهُ.(٤)

٤١٣ـ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ :أَنْتَ أَخِي وَأَنَا أَخُوكَ.(٥)

٤١٤ـ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :مَكْتُوبٌ عَلَى بَابِ الْجَنَّةِ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ عَلِيٌّ أَخُو رَسُولِ اللّٰهِ قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَ اللّٰهُ السَّمَاوَاتِ بِأَلْفَيْ عَامٍ.(٦)

٤١٥ـ بِالْإِسْنَادِ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :عَلِيٌّ أَخِي

١ـ الغدير ٣/١١٥ ٢ـ فرائد السمطين ١/١١١

٣ـ أمالي المفيد/ ٦١

٥٤ـ كشف الغمة ١/ ٣٣٩

٥ـ احقاق الحق ١٥/ ٥١٣

٦ـ الطرائف/ ٢٣، كشف الغمة ١/ ٣٣٩ باختلاف يسير، المسترشد/ ٣٨٠ باختلاف في موارد

وَصَاحِبِیْ وَابْنُ عَمِّیْ وَخَیْرُ مَنْ تَرَکْتُ بَعْدِیْ یَقْضِیْ دَیْنِی، وَیُنْجِزُ مَوْعِدِیْ.(١)

٤١٦ـ عَنْ جَعْفَرِ الصَّادِقِ عَنْ آبَائِهِ عَنْ امِیْرِ الْمُؤمِنِیْنَ عَلَیهِمُ السَّلاَمُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَنْتَ أَخِیْ وَوَارِثِیْ وَوَصِیِّیْ، مُحِبُّکَ مُحِبِّیْ وَمُبْغِضُکَ مُبْغِضِیْ، یا عَلِیُّ !أَنَا وَأَنْتَ أَبَوَا هٰذِهِ الاُمَّةِ مِنْ وُلْدِکَ سَادَاتٌ فِی الدُّنْیا وَمُلُوْکٌ فِی الْآخِرَةِ مَنْ عَرَفَنا فَقَدْ عَرَفَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ،وَمَنْ أَنْکَرَنا فَقَدْ أَنْکَرَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ.(٢)

٤١٧ـ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ زَیْدِ بْنِ عَلِیّ عَنْ آبَائِهِ عَنْ عَلِیّ عَلَیْهِ السَّلاَمُ قَالَ :کَانَ لِیْ عَشرٌ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لَمْ یُعطَهُنَّ أَحَدٌ قَبْلِیْ وَلا یُعطَاهُنَّ أَحَدٌ بَعْدِیْ، قَالَ لِیْ :یَا عَلِیُّ !أَنْتَ أَخِیْ فِی الدُّنْیا وَأَخِیْ فِی الْآخِرَةِ وَأَنْتَ أَقْرَبُ النَّاسِ مِنِّیْ مَوْقِفاً یَوْمَ الْقِیامَةِ وَمَنْزِلِیْ وَمَنْزِلُکَ فِی الْجَنَّةِ مُتَواجِهانِ کَمَنْزِلِ الْأَخَوَیْنِ، وَأَنْتَ الْوَصِیُّ وَأَنْتَ الْوَلِیُّ وَأَنْتَ الْوَزِیرُ، عَدُوُّکَ عَدُوِّیْ وَعَدُوِّیْ عَدُوُّ اللّٰهِ وَوَلِیُّکَ وَلِیِّیْ وَوَلِیِّیْ وَلِیُّ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ.(٣)

٤١٨ـ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ جَابِرِ الْجُعْفِیِّ، قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ الْأَنْصَارِیَّ یَقُوْلُ :سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لِعَلِیّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ عَلَیْهِ السَّلاَمُ :یَا عَلِیُّ !أَنْتَ أَخِیْ وَوَصِیِّیْ وَوَارِثِیْ وَخَلِیفَتِیْ عَلٰی أُمَّتِیْ فِیْ حَیاتِیْ وَبَعْدَ وَفَاتِیْ مُحِبُّکَ مُحِبِّیْ وَمُبْغِضُکَ مُبْغِضِیْ وَعَدُوُّکَ عَدُوِّیْ وَوَلِیُّکَ وَلِیِّیْ.(٤)

١ـ اثبات الهداة ١١٢/٢، البحار ١٢/٣٨

٢ـ احقاق الحق ٢٢٧/٤

٣ـ امالی الصدوق / ٧٢

٤ـ امالی الصدوق / ١٠٨

۴۱۹ ـ بالإسناد، عَنْ عَليّ بن مُوسَى الرّضا عَليه السّلامُ عَنْ أبيه عَنْ آبائه عَليهم السّلامُ قالَ :قالَ رسُولُ اللّه صلّى اللّهُ عَلَيْهِ وَآله وَسَلّمَ :يا عَلِيُّ !أَنْتَ أَخِيَ وَوَزِيرِي وَصاحِبُ لِوائِي فِي الدُّنْيا وَالْآخِرَةِ وَأَنْتَ صاحِبُ حَوْضِي مَنْ أَحَبَّكَ أَحَبَّنِي، وَمَنْ أَبْغَضَكَ أَبْغَضَنِي.(۱)

۴۲۰ ــ قالَ رسُولُ اللّه صَلّى اللّهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلّمَ :عَلِيٌّ أَخِيَ فِي الدُّنْيا وَالْآخِرَةِ.(۲)

۴۲۱ ـ عَنْ أَبِي ذرّ، اَنّ رَسُولَ اللّهِ صَلّى اللّهُ عَلَيهِ وَآلهِ وَسَلّمَ قالَ :لِكُلِّ نَبِيّ خَلِيلٌ وَإِنَّ خَلِيلِي وَأَخِي عَلِيٌّ.(۳)

۴۲۲ ــ عَنِ ابنِ عَبّاسٍ قَالَ :قالَ رَسُول اللّه صلّى اللّهُ عَليهِ وَآلهِ وَسَلّمَ لعَليّ : أَنْتَ أَخِي وَصاحِبِي.(۴)

۴۲۳ ـ قالَ رسُولُ اللّهِ صَلّى اللّهُ عَليه وَآلِهِ وَسَلّمَ :عَلِيٌّ أَحَبُّ إِخْوَتِي.(۵)

۴۲۴ ـ قالَ رسُولُ اللّه صَلّى اللّهُ عَليه وَآلهِ وَسَلّمَ لِعَليّ عَليه السّلامُ :أَما تَرْضى أَنَّكَ خَيْرُ أُمَّتِي فِي الدُّنْيا وَالْآخِرَةِ، وَأَنَّكَ أَخِي وَوارِثِي؟(۶)

۴۲۵ ــ بِالْإِسْنادِ، قالَ رَسُولُ اللّهِ صَلّى اللّهُ عَليهِ وَآلهِ وَسَلّمَ :أَحَبُّ إِخْوانِي إِلَيَّ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ عَلَيْهِ السَّلامُ، وَأَحَبُّ أَعْمامِي إِلَيَّ حَمْزَةُ.(۷)

---

۱ ـ غاية المرام / ۶۱۵
۲ ـ احقاق الحق ۴/ ۱۹۵، کنز العمال ۱۱/ ۶۰۲
۳ ـ احقاق الحق ۴/ ۲۲۳
۴ ـ الاستیعاب ۳/ ۱۰۹۸
۵ ـ احقاق الحق ۱۵/ ۵۴۴
۶ ـ المسترشد / ۲۹۰
۷ ـ امالی الصدوق / ۴۴۴

علی علیہ السلام میرے بھائی ہیں

۴۰۰۔ سلمان فارسی کہتے ہیں: میں نے پیغمبرِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا آنحضرتؐ نے فرمایا: میرے بھائی اور وزیر جو ایک بہترین فرد ہے جس کو میں اپنے بعد اپنا جانشین بناؤں گا وہ علی بن ابی طالب علیہ السلام ہیں۔

۴۰۱۔ زید بن علی نے اپنے والد سے حضرتؑ نے حسین بن علی علیہ السلام سے انہوں نے امیر المومنینؑ سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علیؑ! خداوند نے مجھے حکم دیا ہے کہ تمہیں اپنا بھائی اور وصی انتخاب کروں، تم میرے بھائی اور وصی ہو میری زندگی میں اور میری رحلت کے بعد میرے خاندان کے جانشین ہو جس نے تمہاری اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی اور جس نے تمہاری اطاعت نہ کی اس نے میری اطاعت نہیں کی، جس نے تم سے کفر کیا اس نے مجھ سے کفر کیا، جس نے تم پر ستم کیا اس نے مجھ پر ستم کیا ہے۔ یا علیؑ! تم مجھ سے ہو اور میں تم سے ہوں، یا علیؑ! اگر تم نہ ہوتے تو ''اہلِ نہر'' قتل نہ ہوتے۔ علی علیہ السلام فرماتے ہیں: میں نے عرض کی اے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! ''اہلِ نہر'' کون ہیں؟ فرمایا ایک گروہ ہے جو اسلام سے خارج ہوگا اسی طرح جیسے تیر کمان سے خارج ہوتا ہے۔

۴۰۲۔ ابن عباس کہتے ہیں: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خداوند نے میرے اور علی علیہ السلام کے درمیان اخوّت کو برقرار کیا ہے اور ساتویں آسمان پر میری بیٹی کی اس کے ساتھ شادی ہوئی ہے اور مقرّب فرشتوں کو گواہ بنایا، اور اس کو میرا وصی اور خلیفہ قرار دیا۔ اس لیے علی علیہ السلام مجھ سے ہے اور

میں علی علیہ السلام سے ہوں، اس کا دوست میرا دوست ہے اور اس کا دشمن میرا دشمن ہے ملائکہ ان کی محبت کے توسّل سے خدا کا تقرّب حاصل کرتے ہیں۔

۴۰۳۔امام صادق علیہ السلام نے طولانی حدیث کے آخر میں فرمایا: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُمّ سلمہ رض سے فرمایا: غور سے سنو اور گواہ رہو کہ علی بن ابی طالب علیہ السلام دنیا میں اور آخرت میں میرے بھائی ہیں، اُمّ سلمہ غور سے سنو اور شاہد رہو کہ علی بن ابی طالب علیہ السلام اس دنیا اور آخرت میں میرے وزیر ہیں اُمّ سلمہ! غور سے سنو اور گواہ رہو کہ علی بن ابی طالب علیہ السلام اس دنیا میں میرے پرچم بردار ہیں اور روزِ قیامت لوائے حمد کو کندھے پر اٹھائیں گے۔

اُمّ سلمہ غور سے سنو اور شاہد رہو کہ علی بن ابی طالب علیہ السلام میرے بعد میرے وصی و جانشین ہیں اور میرے وعدوں کی وفا کریں گے اور میرے حوض کا دفاع کریں گے۔اُمّ سلمہ! غور سے سنو اور گواہ رہو کہ علی بن ابی طالب علیہ السلام مسلمانوں کے سرور اور پرہیز گاروں کے پیشوا اور نورانی چہروں کے رہبر اور ناکثین اور مارقین اور قاسطین کے قاتل ہیں۔ میں نے پوچھا: اے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! ناکثین کون ہیں؟ فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں جو مدینے میں ان کی بیعت کریں گے اور بصرہ میں اپنی بیعت کو توڑ دیں گے۔ میں نے پوچھا! قاسطین کون ہیں؟ فرمایا: معاویہ اور اس کے شام والے طرفدار۔ میں نے پوچھا مارقین کون ہیں فرمایا: نہروان کے لوگ (یعنی خوارج)۔

۴۰۴۔ابو سعید عقیصا نے سیّد الشہداء حُسین بن علی بن ابی طالب علیہ السلام سے نقل کیا اور حضرتؑ نے سرورِ اوصیاء علی بن ابی طالب علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا: یا علیؑ! تم میرے بھائی ہو اور میں تمہارا بھائی ہوں میں نبوّت کے لیے انتخاب کیا گیا ہوں اور آپ امامت کے لیے انتخاب کیے گئے ہیں، میں صاحب قرآن مجید ہوں اور آپ صاحبِ تأویل

ہیں، میں اور آپ اس امت کے دو باپ ہیں، یا علی علیہ السلام! تم میرے وصی، جانشین، وزیر، وارث اور میری اولاد کے باپ ہو، تمہارے پیروکار میرے پیروکار، تمہارے مدد گار میرے مدد گار اور تمہارے دوست میرے دوست، اور تمہارے دشمن میرے دشمن ہیں اے علیؑ! کل آپ حوض کے کنارے میرے ساتھ ہوں گے اور اس پسندیدہ مقام پر میرے ہمراہ ہوں گے، جس طرح اس دنیا میں میرے پرچم دار ہو روزِ آخرت بھی میرے پرچم دار ہو گے۔ درحقیقت جو تمہیں دوست رکھے گا وہ خوش بخت ہے اور جو تمہیں دشمن رکھے گا وہ بد بخت ہے اور ملائکہ تمہاری محبت اور دوستی کے توسّل سے خداوند کا تقرّب حاصل کریں گے۔ خدا کی قسم! اہلِ زمین سے اہلِ آسمان تمہارے زیادہ دوست ہیں۔ یا علیؑ! تم میری امت کے امین ہو اور میرے بعد ان پر حجت خدا ہو تمہاری گفتار میری گفتار، تمہارا فرمان میرا فرمان، اور تمہاری اطاعت میری اطاعت، اور تمہارا انکار میرا انکار تمہارا روکنا میرا روکنا، اور تمہاری نافرمانی میری نافرمانی، تمہارا لشکر میرا لشکر اور میرا لشکر خدا کا لشکر ہے۔ "اور جس شخص نے خدا اور رسول اور ایمانداروں کو اپنا سرپرست بنایا (جان لے کہ) کامیابی لشکرِ خدا ہی کو حاصل ہے۔

۴۰۵۔ امام صادق علیہ السلام نے اپنے اَجداد علیہم السلام سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علیؑ! آپ میرے بھائی ہیں اور میں آپ کا بھائی ہوں۔ یا علیؑ! آپ مجھ سے ہیں اور میں آپ سے ہوں، یا علیؑ! آپ میرے وصی اور جانشین ہیں اور میرے بعد میری امت پر خدا کی حُجّت ہیں درحقیقت جو آپ کو دوست رکھے گا وہ خوش بخت ہوگا اور جو آپ کو دشمن رکھے گا وہ بد بخت ہوگا۔

۴۰۶۔ حسین بن خالد نے امام رضا علیہ السلام سے اور حضرتؑ نے اپنے والد اور انہوں نے اپنے اَجداد سے اور انہوں نے علی علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علی علیہ السلام! آپ

میرے بھائی اور میرے وزیر اور دنیا اور آخرت میں میرے پرچم دار ہیں آپؑ میرے حوض کے مالک ہیں جو آپ کو دوست رکھے گا اس نے مجھے دوست رکھا اور جس نے تم سے دشمنی کی اس نے مجھ سے دشمنی کی ہے۔

۴۰۷۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی بن ابی طالب علیہ السلام میرے بھائی ، وزیر اور وصی ہیں۔

۴۰۸۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے اصحاب کے درمیان اخوت برقرار کی عُمر اور ابوبکر کو ایک دوسرے کا بھائی بنایا اور اسی طرح دوسروں کے درمیان بھی اخوت برقرار کی، اسی دوران علی علیہ السلام پیغمبرِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اور عرض کی، آپؐ نے اصحاب کے درمیان اخوت کو برقرار کیا لیکن مجھے کسی کا بھائی نہیں بنایا۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم اس دنیا اور آخرت میں میرے بھائی ہو۔

۴۰۹۔ جابر بن عبداللہ اور سعید بن مسیّب نے کہا: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے اصحاب کے درمیان برادری برقرار کی، اس وقت خود پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ابوبکر، عمر اور علی علیہ السلام باقی رہ گئے، پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عمر اور ابوبکر کو ایک دوسرے کا بھائی بنایا، اور علی علیہ السلام سے فرمایا: آپ میرے بھائی ہیں اور میں آپ کا بھائی ہوں، اگر کوئی آپ کو جانتا نہ ہو تو کہہ دیجیے: میں خدا کا بندہ اور رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بھائی ہوں، آپ کے بعد جھوٹوں کے علاوہ کوئی اور یہ دعویٰ نہیں کرے گا۔

۴۱۰۔ مکحول نے ابوامامہ سے نقل کیا ہے: جس وقت پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں کے درمیان برادری اور اخوت برقرار کی علی علیہ السلام کو اپنا بھائی بنایا۔

۴۱۱۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی بن ابی طالب علیہ السلام میرے خاندان کے نگہبانِ میرے

بھائی، وزیر اور جانشین ہیں وہ بہترین فرد ہیں جسے میں اپنا جانشین بنا رہا ہوں وہ میرے دَین کو ادا کرے گا اور میرے وعدہ پورا کرے گا۔

۴۱۲۔ جابر سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: میں نے دیکھا کہ جنّت کے دروازے پر لکھا ہوا تھا خدا کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم خدا کے رسول ہیں اور علی بن ابی طالب علیہ السلام ان کے بھائی ہیں۔

۴۱۳۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے نقل ہے آنحضرتؐ نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا: تم میرے بھائی ہو اور میں تمہارا بھائی ہوں۔

۴۱۴۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: آسمانوں کو خلق کرنے سے دو ہزار سال پہلے بہشت کے دروازے پر لکھا ہوا تھا، محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم خدا کے پیغمبر اور علی علیہ السلام پیغمبر خدا کے بھائی ہیں۔

۴۱۵۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام میرے بھائی، ہمنشین اور میرے چچا کے بیٹے ہیں۔

۴۱۶۔ امام صادق علیہ السلام نے اپنے اَجداد سے اور انہوں نے علی علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خداؐ نے فرمایا: آپ میرے بھائی، وارث، اور وصی ہیں آپ کو دوست رکھنے والا میرا دوست ہے اور آپ کو دشمن رکھنے والا میرا دشمن ہے۔ یا علی علیہ السلام آپ اور میں اس امت کے دو باپ ہیں، یا علیؑ! میں، آپ اور ائمہ علیہم السلام جو آپ کی اولاد سے ہیں، اس دنیا میں لوگوں کے سرور اور آخرت میں ان کے حاکم ہیں، جس نے ہمیں پہچان لیا اس نے خدا کو پہچان لیا، اور جس نے ہمارا انکار کیا اس نے خدا کا انکار کیا۔

۴۱۷۔ زید بن علی نے اپنے اَجداد سے انہوں نے علی علیہ السلام سے نقل کیا ہے حضرتؑ نے فرمایا:

مجھے خدا کی طرف سے دس خصوصیات عطا ہوئیں ، جو مجھ سے پہلے کسی کے بھی پاس نہیں تھیں اور نہ ہی میرے بعد کسی کے پاس ہوں گی۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علی علیہ السلام! آپ اس دنیا میں اور آخرت میں میرے بھائی ہیں، اور قیامت کے دن آپ لوگوں میں سے میرے قریب تر ہوں گے آپ کا گھر اور میرا گھر بہشت میں ایسے ہوں گے جیسے دو بھائیوں کے گھر ایک دوسرے کے آمنے سامنے ہوتے ہیں آپ میرے وصی، ولی اور وزیر ہیں، آپ کا دشمن میرا دشمن ہے اور میرا دشمن خدا کا دشمن ہے اور آپ کا دوست میرا دوست ہے اور میرا دوست خدا کا دوست ہے۔

۴۱۸۔ جابر جعفی کہتے ہیں: میں نے جابر بن عبداللہ انصاری سے سنا اس نے کہا رسولِ خداؑ نے علی علیہ السلام سے فرمایا: تم میری حیات میں اور میری رحلت کے بعد میری امّت کے درمیان میرے بھائی اور وصی اور وارث اور جانشین ہو تم کو دوست رکھنے والا میرا دوست ہے اور تمہارا دشمن میرا دشمن ہے جو تمہاری مخالفت کرے گا اس نے میری مخالفت کی اور جو تم سے محبّت کرے گا اس نے مجھ سے محبّت کی۔

۴۱۹۔ امام رضا علیہ السلام نے اپنے والد سے حضرتؑ نے اپنے اجداد علیہم السلام سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علیؑ! تم اس دنیا اور آخرت میں میرے بھائی، وزیر اور علمدار ہو اور تم میرے حوض کے مالک ہو، جو تمہیں دوست رکھے گا اس نے مجھے دوست رکھا اور جو تم سے دشمنی رکھے گا اس نے مجھ سے دشمنی رکھی۔

۴۲۰۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام اس دنیا اور آخرت میں میرے بھائی ہیں۔

۴۲۱۔ ابوذر کہتے ہیں: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر پیغمبر کا کوئی دوست ہوتا ہے اور میرے دوست اور بھائی علی علیہ السلام ہیں۔

۴۲۲۔ابن عباس کہتے ہیں: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا: آپ میرے بھائی اور ہم صحبت ہیں۔

۴۲۳۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام میرے بھائیوں میں سے محبوب ترین بھائی ہیں۔

۴۲۴۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا: آیا تم خوش نہیں ہو کہ اس دنیا اور آخرت میں میری امّت کے بہترین فرد اور میرے بھائی اور وارث ہو۔

۴۲۵۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام میرے بہترین بھائی اور حضرت حمزہ میرے بہترین چچا ہیں۔

۱۰۰۔عَلِيٌّ عَلَيهِ السَّلَامُ حَبِيبِيَ

۴۲۶۔قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :عَلِيٌّ حَبِيبِيَ.(۱)

۴۲۷۔ عَنْ بَشِيرِ الدَّهَّانِ، عَنْ أَبِيْ عَبدِاللّٰهِ عَلَيهِ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :فِي مَرَضِهِ الَّذِيْ تُوُفِّيَ فِيهِ :اُدْعُوْا لِيْ خَلِيْلِيْ، فَأَرْسَلَتَا إِلٰى أَبَوَيْهِمَا فَلَمَّا نَظَرَ إِلَيْهِمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ أَعْرَضَ عَنْهُمَا، ثُمَّ قَالَ : اُدْعُوْا لِيْ خَلِيْلِيْ، فَأُرْسِلَ إِلٰى عَلِيٍّ فَلَمَّا نَظَرَ إِلَيهِ أَكَبَّ عَلَيهِ يُحَدِّثُهُ،فَلَمَّاخَرَجَ لَقِيَاهُ فَقَالَا لَهُ :مَاحَدَّثَکَ خَلِيْلُکَ؟ فَقَالَ :حَدَّثَنِيْ أَلْفَ بَابٍ يَفْتَحُ كُلُّ بَابٍ أَلْفَ بَابٍ.(۲)

۱۔احقاق الحق ۵۲۶/۵۱

۲۔الحکم الزاهرة ۱۱۱/۲ به نقل از الکافی ۲۹۶/۱

٤٢٨ ـ بالإسناد، عَنْ اُمّ سَلَمَةَ زَوْجَةِ النَّبِيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ تُوُفِّيَ فِيْهِ :أُدْعُوْا لِيْ خَلِيْلِيْ، فَأَرْسَلَتْ عَائِشَةُ إِلَى أَبِيْهَا فَلَمَّا جَاءَ غَطَّى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَجْهَهُ وَقَالَ :أُدْعُوْا لِيْ خَلِيْلِيْ فَرَجَعَ أَبُوبَكْرٍ وَبَعَثَتْ حَفْصَةُ إِلَى أَبِيهَا، فَلَمَّا جَاءَ غَطَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَجْهَهُ وَقَالَ :أُدْعُوْا لِيْ خَلِيْلِيْ فَرَجَعَ عُمَرُ، وَأَرْسَلَتْ فَاطِمَةُ إِلَى عَلِيّ عَلَيهِ السَّلَامُ فَلَمَّا جَاءَ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَدَخَلَ ثُمَّ جَلَّلَ عَلِيّاً بِثَوْبِه،قَالَتْ :قَالَ عَلِيٌّ عَلَيهِ السَّلَامُ :فَحَدَّثَنِيْ بِأَلْفِ حَدِيْثٍ حَتّٰى عَرَقْتُ وَعَرَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَسَالَ عَلَيَّ عَرَقُهُ وَسَالَ عَلَيْهِ عَرَقِيْ.(١)

٤٢٩ ـ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ مَرَضِه :أُدْعُوْا لِيْ أَخِيْ، فَدُعِيَ لَهُ عُمَرُ فَأَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ قَالَ :أُدْعُوْا لِيْ أَخِيْ، فَدُعِيَ لَهُ أَبُوبَكْرٍ فَأَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ قَالَ :أُدْعُوْا لِيْ أَخِيْ، فَدُعِيَ لَهُ عُثْمَانُ فَأَعْرَضَ عَنْهُ .ثُمَّ دُعِيَ عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَسَتَرَهُ بِثَوْبِهِ وَأَكَبَّ عَلَيْهِ فَلَمَّا خَرَجَ مِنْ عِنْدِهِ، قِيْلَ لَهُ مَا قَالَ؟ قَالَ :عَلَّمَنِيْ أَلْفَ بَابٍ كُلُّ بَابٍ (يَفْتَحُ)أَلْفَ بَابٍ.(٢)

٤٣٠ ـ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِيْ بَيْتِيْ لَمَّا حَضَرَهُ الْمَوْتُ :أُدْعُوْا لِيْ حَبِيْبِيْ، فَدَعَوْتُ إِلَيْهِ أَبَابَكْرٍ فَنَظَرَ إِلَيْهِ الرَّسُوْلُ فَوَضَعَ رَأْسَهُ ثُمَّ قَالَ :أُدْعُوْا لِيْ حَبِيْبِيْ .قُلْتُ :وَيْلَكُمْ اُدْعُوْا لَهُ عَلِيَّ بْنَ أَبِيْ طَالِبٍ عَلَيْهِ

٢ـ الإختصاص /٢٧٩

٣ـ المجروحين ١٤/٢

السَّلَامُ، فَوَاللّٰهِ لَا يُرِيْدُ غَيْرَهُ، فَلَمَّا رَآهُ فَرَجَ الثَّوْبَ الَّذِیْ كَانَ عَلَيْهِ ثُمَّ أَدْخَلَهُ فِيهِ، فَلَمْ يَزَلْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَحْتَضِنُهُ حَتّٰى قُبِضَ وَيَدُهُ عَلَيْهِ.(۱)

۴۳۱۔قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :عَلِيٌّ أَحَبُّ النَّاسِ إِلَيَّ).(۲)

۴۳۲۔قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :عَلِيٌّ أَحَبُّ الرِّجَالِ إِلَيَّ.(۳)

۴۳۳۔قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :عَلِيٌّ أَحَبُّ اَهْلِي إِلَيَّ.(۴)

حضرت علی علیہ السلام میرے دوست ہیں

۴۲۶۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام میرے دوست ہیں۔

۴۲۷۔بشیر دہّان نے امام صادق علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ حضرتؑ نے فرمایا: رسول خداؐ نے جس بیماری میں وفات پائی فرمایا: میرے دوست کو میرے پاس بلائیں (عائشہؓ اور حفصہؓ) دونوں نے اپنے اپنے والد کو بلانے کے لیے آدمی بھیجا جب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نگاہ ان دونوں پر پڑی تو ان سے اپنا منہ موڑ لیا اس کے بعد فرمایا: میرے دوست کو میرے پاس بلائیں علی علیہ السلام کو بلانے کے لیے آدمی بھیجا جب پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نگاہ ان پر پڑی تو آپؐ ان پر جھک گئے اور باتیں کرنے لگے ، جب علی علیہ السلام خارج ہوئے تو ان دونوں کی ان سے ملاقات ہوئی، پوچھا: آپ کے دوست نے آپؑ سے

۱۔ ارشاد القلوب / ۲۳۴

۲۔ احقاق الحق ۱۵ / ۵۳۰

۳۔ احقاق الحق ۱۵ / ۵۳۲

۴۔ احقاق الحق ۱۵ / ۵۳۳

کیا کہا؟ علی علیہ السلام نے فرمایا: میرے لیے ہزار باب حدیث بیان فرمائی کہ ہرایک باب سے ہزار باب نکلتے ہیں۔

۴۲۸۔ اُمّ سلمہؓ ہمسرِ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل ہوا ہے اُنھوں نے کہا: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جس بیماری میں وفات پائی فرمایا: میرے دوست کو میرے پاس بلائیں، عائشہؓ نے اپنے والد کو بلانے بھیجا۔ جب ان کے والد آئے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا منہ پھیر لیا اور فرمایا: میرے دوست کو میرے پاس بلائیں، ابوبکرؓ واپس چلے گئے اور حفصہؓ نے اپنے والد کو بلانے بھیجا، جب ان کے والد آئے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا منہ پھیر لیا اور فرمایا: میرے دوست کو میرے پاس بلائیں عمرؓ واپس چلے گئے اور فاطمہ سلام اللہ علیہا نے علی علیہ السلام کو بلانے بھیجا۔ جب علی علیہ السلام آئے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا لباس ان کو پہنایا فاطمہ سلام اللہ علیہا نے فرمایا کہ علی علیہ السلام نے بتایا: پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے لیے ہزار حدیث نقل کی یہاں تک کہ میں پسینے میں شرابور ہو گیا اور وہ خود بھی پسینے میں شرابور ہو گئے ان کا پسینہ میرے پسینے میں اور میرا پسینہ ان کے پسینے میں مل گیا۔

۴۲۹۔ عبداللہ بن عمر سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی بیماری میں فرمایا: میرے بھائی کو میرے پاس بلائیں، پس عمرؓ کو ان کے پاس بلایا گیا پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے اپنا رخ موڑ لیا اور فرمایا: میرے بھائی کو میرے پاس بلائیں، پس ابوبکرؓ کو آنحضرتؐ کے پاس بلایا گیا، پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے بھی اپنا رخ موڑ لیا اور دوبارہ فرمایا: میرے بھائی کو میرے پاس بلائیں، پس عثمانؓ کو ان کے پاس بلایا گیا لیکن پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے بھی اپنا چہرہ پھیر لیا اس کے بعد علی بن ابی طالب علیہ السلام کو بلایا گیا پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا لباس ان کو پہنایا اور خود کو ان پر گرا دیا جب علی علیہ السلام پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہو کر واپس آئے ان سے پوچھا: پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا کہا؟ فرمایا: مجھے علم کے ایک ہزار باب تعلیم

کیے کہ ہر باب سے ہزار باب نکلتے ہیں۔

۴۳۰۔ عائشہؓ کہتی ہیں: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رحلت کے وقت میرے گھر میں تھے فرمایا: میرے دوست سے کہیں آ جائے، میں نے ابوبکرؓ سے آنے کو کہا، پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی طرف نگاہ کی اور اپنے سر کو زمین پر رکھا اس کے بعد فرمایا: میرے دوست سے کہیں آ جائے میں نے کہا: حیف ہو تم پر! علی بن ابی طالب علیہ السلام کو بلائیں پیغمبرؐ ان کے بغیر کسی اور کو نہیں چاہتے۔ جب علی علیہ السلام آئے تو پیغمبرؐ نے ان کی طرف دیکھا اور جو چادر آپ نے اوڑھی ہوئی تھی علی علیہ السلام کو اس چادر کے نیچے جگہ دی اور ان کو اپنے گلے سے لگایا اور زندگی کے آخری لمحات تک اپنے ہاتھ ان سے جدا نہ کیے۔

۴۳۱۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام میرے نزدیک لوگوں میں سے محبوب ترین فرد ہیں۔

۴۳۲۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام میرے نزدیک مردوں میں سے محبوب ترین ہیں۔

۴۳۳۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام میرے نزدیک میرے خاندان میں سے محبوب ترین فرد ہیں۔

۱۰۱۔ عَلِيٌّ عَلَيهِ السَّلامُ وَحَدِيثُ الطَّيرِ المَشْوِيِّ

۴۳۴۔ حَدَّثَنِي أَنَسُ بْنُ مالِكٍ قَالَ: أَهْدَتْ أُمُّ أَيمَن لِرَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ طَيرًا فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ ائْتِنِي بِأَحَبِّ خَلْقِكَ إِلَيكَ يَأْكُلُ مَعِي مِنْ هٰذا الطَّيرِ، فَدَخَلَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ (صَلَواتُ اللهِ عَلَيهِ)، فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ وَإِلَيَّ.(۱)

۴۳۵۔ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِطَيرٍ فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ ائْتِنِي

۱۔ احقاق الحق ۳۵۸/۵، الامام علی ۱۱۴/۲ باختلاف فی موارد

بِأَحَبِّ خَلْقِکَ إِلَيْکَ يَأْكُلُ مَعِيَ مِنْ هٰذَا الطَّائِرِ، قَالَ :فَجَاءَ عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ عَلَيهِ السَّلاَمُ فَقَالَ :اَللّٰهُمَّ إِلَيَّ اَللّٰهُمَّ إِلَيَّ.(١)

٤٣٦ـ عَنْ أَنَسٍ قَالَ :اُهْدِيَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وآلِهِ وسَلَّمَ طَيرٌ فَقَالَ : اَللّٰهُمَّ ائْتِنِيْ بِأَحَبِّ خَلْقِکَ إِلَيْکَ،فَجَاءَ عَلِيٌّ فَأَكَلَ مَعَهُ.(٢)

٤٣٧ـ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِکٍ:اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَ آلِهِ وَسَلَّمَ كَانَ عِنْدَهُ طَائِرٌ فَقَالَ :اَللّٰهُمَّ ائْتِنِيْ بِأَحَبِّ خَلْقِکَ اِلَيْکَ يَأْكُلُ مَعِيَ مِنْ هٰذَا الطَّيْرِ .فَجَاءَ اَبُوبَكْرٍ فَرُدُّوْهُ ثُمَّ جَاءَ عُمَرُ فَرُدُّوْهُ ثُمَّ جَاءَ عَلِيٌّ فَاَذِنَ لَهُ.(٣)

علی علیہ السلام اور مرغ بریاں کی حدیث

۴۳۴۔انس بن مالک نے حدیث نقل کی ہے کہ ام ایمن نے مرغ بریاں بہ طور ہدیہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بھیجی پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خدایا! اپنی محبوب ترین ہستی کو میرے پاس بھیج تا کہ وہ میرے ساتھ اس مرغ کو کھائے اسی دوران علی بن ابی طالب علیہ السلام داخل ہوئے، پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خدایا ان کو میرے پاس بھیج۔

۴۳۵۔انس سے نقل ہوا ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے مرغ بریاں لایا گیا پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خدایا اپنی محبوب ترین ہستی کو میرے پاس بھیج تا کہ وہ میرے ساتھ اس مرغ کو کھائے انس کہتا

١۔ إحقاق الحق ٣٤٢/٥، الصحيح الترمذی ١٣/ ١٧٠ باختلاف فی موارد

٢۔ احقاق الحق ٣٤٦/٥، الطرائف / ٧٢باختلاف يسير

٣۔ خصائص امير المؤمنين للنسائی / ٥١

ہے اس وقت علی علیہ السلام داخل ہوئے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خدایا! ان کو میرے پاس بھیج خدایا! ان کو میرے پاس بھیج۔

۴۳۶۔ انس سے نقل ہوا ہے کہ مرغِ بریاں بہ طور ہدیہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لایا گیا، پیغمبرِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خدایا اپنی محبوب ترین ہستی کو میرے پاس بھیج۔ اس وقت علی علیہ السلام آئے اور آنحضرتؐ کے ساتھ کھانا کھایا۔

۴۳۷۔ انس بن مالک کہتے ہیں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس مرغِ بریاں رکھا ہوا تھا فرمایا: خدایا! اپنی محبوب ترین ہستی کو میرے پاس بھیج تا کہ وہ میرے ساتھ اس مرغ سے کھائے۔ ابوبکر آئے، پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو واپس لوٹا دیا، اس کے بعد عمر آئے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو بھی واپس لوٹا دیا، لیکن جس وقت علی علیہ السلام آئے پیغمبر نے ان کو اجازت دی۔

۱۰۲۔ مَنْزِلَةُ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ

۴۳۸۔ بِإِسْنَادِهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: سَأَلْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَغَضِبَ فَقَالَ: مَا بَالُ أَقْوَامٍ يَذْكُرُوْنَ مَنْ لَهُ مَنْزِلَةٌ عِنْدَ اللّٰهِ كَمَنْزِلَتِيْ، وَمَقَامٌ كَمَقَامِيْ إِلَّا النُّبُوَّةُ.(۱)

۴۳۹۔ بِالْإِسْنَادِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ (بْنِ مَسْعُوْدٍ) قَالَ: رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَكَفُّهُ فِيْ كَفِّ عَلِيٍّ وَهُوَ يُقَبِّلُهُ فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَامَنْزِلَةُ عَلِيٍّ مِنْكَ؟ قَالَ: إِنَّ مَنْزِلَةَ عَلِيٍّ مِنِّيْ، كَمَنْزِلَتِيْ مِنَ اللّٰهِ.(۲)

۱۔ البحار ۲۷/۱۴۱۱، فضائل الشیعة / ۲ وملحقات الاحقاق ۲۱/۹ ۱ ۳ باختلاف فی موارد

۲۔ المسترشد / ۲۹۳

حضرت علی علیہ السلام کا مقام پیغمبر صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی نظر میں

۴۳۸۔ابن عمر کہتے ہیں: ہم نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے علی علیہ السلام کے بارے میں سوال کیا: پیغمبرِ خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم خفا ہو گئے اور فرمایا: اس گروہ کو کیا ہو گیا ہے کہ ہمیشہ ان کے بارے میں سوال کرتے ہیں جو تمام اوصاف میں نبوّت کے علاوہ خدا کے نزدیک؛ منزلت اور مقام کے لحاظ سے میری منزلت اور مقام کی مثل ہیں۔

۴۳۹۔عبداللہ بن مسعود کہتے ہیں: میں نے پیغمبر صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو دیکھا ان کا ہاتھ علی علیہ السلام کے ہاتھ میں تھا اور ان کا بوسہ لے رہے تھے میں نے عرض کی: اے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم! علی علیہ السلام کا مقام آپ کی نظر میں کیسے ہے؟ فرمایا: علی علیہ السلام کی منزلت میری نظر میں ایسے ہے جیسے میری منزلت خدا کی نظر میں ہے۔

۱۰۳ ۔ وَصفُهُ بِالسِّيَادَةِ

۴۴۰۔قَالَ النَّبِيُّ صلّى الله عليه و آله وسلّم: عَلِيٌّ سَيِّدُ المُؤمِنِينَ.(۱)

۴۴۱۔قَالَ رَسُولُ اللهِ صلّى الله عَلَيهِ وَ آله وسلّم: عَلِيٌّ سَيِّدُ الأَوصِيَاءِ.(۲)

۴۴۲۔قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلّى الله عَلَيهِ وَ آله وسلّم: عَلِيٌّ سَيِّدُ الأَولِيَاءِ.(۳)

۱۔الکافی ۱/۳۵۴ ۲۔احقاق الحق ۱۵/۵۸

۳۔احقاق الحق ۲۵/۴۲

۴۴۳ ـ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ :أَنَا سَيِّدُ وُلْدِ آدَمَ، وَعَلِيٌّ سَيِّدُ الْعَرَبِ.(۱)

۴۴۴ ـ عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلٰى، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :"اُدْعُوا لِي سَيِّدَ الْعَرَبِ" يَعْنِي عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ : أَلَسْتَ سَيِّدَ الْعَرَبِ؟ فَقَالَ: " أَنَا سَيِّدُ وُلْدِ آدَمَ، وَعَلِيٌّ سَيِّدُ الْعَرَبِ" فَلَمَّا جَاءَ ؛ أَرْسَلَ إِلَى الْأَنْصَارِ فَأَتَوْهُ .فَقَالَ لَهُمْ :يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ أَلَا أَدُلُّكُمْ عَلٰى مَا إِنْ تَمَسَّكْتُمْ بِهِ لَنْ تَضِلُّوا بَعْدَهُ أَبَداً؟ .قَالُوا :بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ،قَالَ :هٰذَا عَلِيٌّ فَأَحِبُّوْهُ بِحُبِّي، وَأَكْرِمُوْهُ بِكَرَامَتِي فَإِنَّ جَبْرَئِيلَ أَمَرَنِي بِذٰلِكَ، قُلْتُ لَكُمْ عَنِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ.(۲)

۴۴۵ ـ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ :نَظَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِلٰى عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، فَقَالَ :هٰذَا خَيْرُ الْأَوَّلِينَ مِنْ أَهْلِ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرَضِينَ، هٰذَا سَيِّدُ الْوَصِيِّينَ وَسَيِّدُ الصِّدِّيقِيْنَ وَإِمَامُ الْمُتَّقِيْنَ.(۳)

۴۴۶ ـ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ (رحمهُ اللّٰهُ) قَالَ :نَظَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِلَى عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عَلَيهِ السَّلَامُ فَقَالَ :سَيِّدٌ فِي الدُّنْيَا وَسَيِّدٌ فِي الْآخِرَةِ.(۴)

۴۴۷ ـ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ :بَعَثَنِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِلٰى عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عَلَيهِ السَّلَامُ فَقَالَ :قُلْ لَهُ :أَنْتَ سَيِّدٌ فِي الدُّنْيَا وَسَيِّدٌ فِي الْآخِرَةِ، مَنْ

---

۱ ـ المستدرک للحاکم ۱۲۴/۳

۲ ـ حلية الأولياء ۱۰۲/۱

۳ ـ اثبات الهداة ۲۴۲/۲

۴ ـ أمالي المفيد / ۱۹، جواهر المطالب ۱۰۳/۱ والمراجعات / ۱۷۵ باختلاف في موارد

أَحَبَّکَ فَقَدْ أَحَبَّنِیْ وَمَنْ أَبْغَضَکَ فَقَدْ أَبْغَضَنِی....(۱)

۴۴۸۔ قَالَ ابْنُ عَبّاسٍ :نَظَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اِلٰی عَلِيِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ عَلَیهِ السَّلَامُ فَقَالَ :أَنْتَ سَیِّدٌ فِی الدُّنْیَا وَسَیِّدٌ فِی الْآخِرَةِ، مَنْ أَحَبَّکَ فَقَدْ أَحَبَّنِیْ، وَحَبِیْبِیْ حَبِیْبُ اللّٰهِ وَمَنْ أَبْغَضَکَ فَقَدْ أَبْغَضَنِیْ وَبَغِیْضِیْ بَغِیْضُ اللّٰهِ، فَالْوَیْلُ لِمَنْ أَبْغَضَکَ بَعْدِیْ.(۲)

۴۴۹۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ :قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ :یَا عَلِیُّ أَنْتَ سَیِّدٌ فِی الدُّنْیَا وَسَیِّدٌ فِی الْآخِرَةِ مَنْ أَحَبَّکَ فَقَدْ أَحَبَّنِیْ وَمَنْ أَحَبَّنِیْ فَقَدْ أَحَبَّ اللّٰهَ وَمَنْ أَبْغَضَکَ فَقَدْ أَبْغَضَنِیْ وَمَنْ أَبْغَضَنِیْ فَقَدْ أَبْغَضَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ.(۳)

حضرت علی علیہ السلام میں قائدانہ اوصاف

۴۴۰۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام مومنین کے سردار ہیں۔

۴۴۱۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام اوصیاء کے سردار ہیں۔

۴۴۲۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام اولیاء کے سردار ہیں۔

۴۴۳۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں فرزندان آدم کا سردار ہوں اور علی علیہ السلام عرب کے سرور ہیں۔

۱۔ تذکرة الخواص / ۵۲

۲۔ کشف الغمة ۱/ ۹۴، إحقاق الحق ۴/ ۹۴ باختلاف یسیر، المراجعات/ ۱۷۵ باختلاف فی موارد

۳۔ بشارة المصطفی / ۲۰۸، امالی الطوسی ۱/ ۳۱۶

۴۴۴۔ابن ابی لیلیٰ نے حسنؑ بن علیؑ سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سَرْوَرِ عَرَب (یعنی علی بن ابی طالب علیہ السلام) سے کہیں میرے پاس آئے عائشہ نے کہا مگر آپؐ عرب نہیں ہیں؟ فرمایا: میں فرزندانِ آدمؑ کا سرور ہوں اور علی علیہ السلام عرب کے سرور ہیں، پس جس وقت علی علیہ السلام آئے ان کو انصار کے پاس بھیجا، انصار آئے، پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا: اے انصار کا گروہ میں چاہتا ہوں کہ آپ کو ایک چیز کی رہنمائی کروں اگر اس سے تمسک کیا تو ہرگز گمراہ نہیں ہوگے انہوں نے کہا: جی ہاں اے رسولِ خدا! پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ علیؑ ہیں انہیں میری محبّت کی خاطر دوست رکھیں، اور میری کرامت کی خاطر ان کا احترام کریں لہٰذا جبرئیل نے مجھے حکم دیا ہے کہ اسے خداوندِ بزرگ کی طرف سے آپ کو بتاؤں۔

۴۴۵۔ابوذر کہتے ہیں: پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی بن ابی طالب علیہ السلام پر نگاہ کی اور فرمایا: یہ اہلِ آسمان اور زمین والوں میں سے بہترین رہنما ہیں، یہ اوصیاء کے سرور اور سچوں اور پرہیزگاروں کے امام ہیں۔

۴۴۶۔عبداللہ بن عباس سے نقل ہوا ہے کہ اس نے کہا: پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام کی طرف دیکھا اور فرمایا: یہ دنیا اور آخرت میں لوگوں کے سرور ہیں۔

۴۴۷۔ابن عباس سے نقل ہوا ہے اس نے کہا: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے علی بن ابی طالب علیہ السلام کے پاس بھیجا اور فرمایا: ان سے کہو تم اس دنیا اور آخرت میں سردار ہو، جو تمہیں دوست رکھے گا اس نے مجھے دوست رکھا ہے اور جو تمہارے ساتھ دشمنی کرے گا اس نے میرے ساتھ دشمنی کی ہے۔

۴۴۸۔ابن عباس کہتے ہیں: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام کی طرف دیکھا اور فرمایا: آپ دنیا

اور آخرت میں سرور ہیں، جو آپ کو دوست رکھے گا اس نے مجھے دوست رکھا ہے اور میرا دوست خدا کا دوست ہے اور جو آپ سے دشمنی کرے گا اس نے مجھ سے دشمنی کی ہے اور میرا دشمن خدا کا دشمن ہے۔ افسوس ہے ان پر جو میرے بعد آپ سے دشمنی کریں گے۔

۴۴۹۔ ابن عباس سے نقل ہوا ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی بن ابی طالب علیہ السلام سے فرمایا: یا علی علیہ السلام! تم اس دنیا اور آخرت میں سردار ہو، جو تمہیں دوست رکھے گا اس نے مجھے دوست رکھا اور جو تم سے دشمنی کرے گا اس نے مجھ سے دشمنی کی اور جو مجھ سے دشمنی کرے گا اس نے خدا کے ساتھ دشمنی کی ہے۔

۱۰۴۔ مَنْ أُولِي الْأَمْرِ؟

۴۵۰۔ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ أَبِي بَصِيرٍ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِي قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللّٰهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ قَالَ: الْأَئِمَّةُ مِنْ وُلْدِ عَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ إِلَى أَنْ تَقُومَ السَّاعَةُ. (۱)

۴۵۱۔ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ يَزِيدَ الْجُعْفِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ الْأَنْصَارِيَّ يَقُولُ: لَمَّا أَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى نَبِيِّهِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللّٰهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ عَرَفْنَا اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، فَمَنْ أُولُوا الْأَمْرِ الَّذِينَ قَرَنَ اللّٰهُ طَاعَتَهُمْ بِطَاعَتِكَ؟ فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: هُمْ خُلَفَائِي يَا جَابِرُ وَأَئِمَّةُ الْمُسْلِمِينَ (مِنْ) بَعْدِي أَوَّلُهُمْ عَلِيُّ بْنُ أَبِي

۱۔ کمال الدین / ۲۲۲

طَالِبٍ، ثُمَّ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ ثُمَّ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ، ثُمَّ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْرُوفُ فِي التَّوْرَاةِ بِالْبَاقِرِ وَسَتُدْرِكُهُ يَا جَابِرُ، فَإِذَا لَقِيْتَهُ فَاَقْرِئْهُ مِنِّي السَّلَامَ، ثُمَّ الصَّادِقُ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثُمَّ مُوسَى بْنُ جَعْفَرٍ، ثُمَّ عَلِيُّ بْنُ مُوسَى، ثُمَّ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، ثُمَّ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثُمَّ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ، ثُمَّ سَمِيِّي وَكَنِيِّي حُجَّةُ اللّٰهِ فِي أَرْضِهِ، وَبَقِيَّتُهُ فِي عِبَادِهِ ابْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ، ذَاكَ الَّذِي يَفْتَحُ اللّٰهُ تَعَالٰى ذِكْرُهُ عَلٰى يَدَيْهِ مَشَارِقَ الْأَرْضِ وَمَغَارِبَهَا، ذَاكَ الَّذِي يَغِيبُ عَنْ شِيْعَتِهِ وَأَوْلِيَائِهِ غَيْبَةً لَا يَثْبُتُ فِيهَا عَلَى الْقَوْلِ بِإِمَامَتِهِ إِلَّا مَنِ امْتَحَنَ اللّٰهُ قَلْبَهُ لِلْإِيمَانِ....(۱)

اُولی الامر کون ہیں

۴۵۰۔ ابو بصیر سے نقل ہوا ہے کہ امام باقر علیہ السلام نے کلام الٰہی "اے ایماندارو خدا کی اطاعت کرو اور اس کے رسولؐ کی اور جو تم میں سے صاحبانِ حکم ہے" کے بارے میں فرمایا: قیامت کے دن تک صاحبانِ حکم وہ ائمہ علیہم السلام ہیں جو علی علیہ السلام اور فاطمہ سلام اللہ علیہا کی اولاد ہیں۔

۴۵۱۔ جابر بن یزید جعفی کہتے ہیں: میں نے جابر بن عبداللہ انصاری سے سنا اس نے کہا: جب یہ آیت یٰاَیُّہَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَطِیۡعُوا اللّٰہَ وَ اَطِیۡعُوا الرَّسُوۡلَ وَ اُولِی الۡاَمۡرِ مِنۡکُمۡ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوئی تو میں نے کہا: اے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خدا اور رسولؐ کو ہم نے پہچان لیا ہے، یہ اُولی الامر جن کی اطاعت کو خدا نے آپ کی اطاعت کے ساتھ ملا دیا ہے یہ کون ہیں؟ فرمایا: اے جابر! وہ میرے بعد

۱۔ کمال الدین / ۲۵۳

میرے جانشین اور مسلمانوں کے پیشوا ہیں اُن میں سے پہلے علی بن ابی طالب علیہ السلام ہیں ان کے بعد حسَن اور حُسین علیہما السلام ان کے بعد علی بن حسین علیہما السلام اوران کے بعد محمد بن علی علیہما السلام جو توَرات میں باقر معروف ہیں اور تم اے جابران کے ساتھ ملاقات کرو گے جس وقت ان کو دیکھنا میرا سلام کہنا، ان کے بعد جعفر بن محمد علیہ السلام ہیں ان کے بعد موسیٰ بن جعفر علیہ السلام اوران کے بعد علی بن موسیٰ علیہ السلام اوران کے بعد محمد بن علی علیہ السلام ان کے بعد علی بن محمد علیہ السلام اوران کے بعد حسن بن علی علیہ السلام اوران کے بعد میرے ہم نام ہم کُنیت اور زمین پر خدا کی حُجّت اوراس کی مخلوق میں سے باقی رہنے والے حسنؑ بن علیؑ کے بیٹے محمد مہدی علیہ السلام ہیں، یہ وہ ہستی ہیں جن کے ذریعہ سے خداوندا پنے ذکراور حمد کو پوری کائنات میں پھیلائے گا، یہ وہ ہیں جو اپنے شیعہ اوراولیاء کی نظروں سے غائب رہیں گے تنہا یہ وہ ہستی ہیں کہ ان پر ایمان کے لئے خداوند نے لوگوں کے دلوں کا امتحان لیا ہے کہ کون ان کے عقیدۂ امامت پر ثابت قدم رہتا ہے۔

۱۰۵ ۔ دُعَاءُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ

۴۵۲ ۔ بِالْإِسْنَادِ، اُمُّ عَطِيَّةَ قَالَتْ :بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وآلِهِ وَسَلَّمَ جَيْشاً فِيهِمْ عَلِيٌّ، قَالَتْ فَسَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ رَافِعٌ يَدَيْهِ يَقُوْلُ :اَللّٰهُمَّ لَاتُمِتْنِيْ حَتّٰى تُرِيَنِيَ عَلِيّاً.(۱)

۴۵۳ ۔ (فِيْ حَدِيْثٍ) قَالَ (النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ) : اَللّٰهُمَّ أَذْهِبْ عَنْهُ الْحَرَّ وَالْبَرْدَ قَالَ(عَلِيٌّ عَلَيهِ السَّلَامُ):فَمَا وَجَدْتُّ حَرًّا وَلَا بَرْدًا بَعْدَ يَوْمَئِذٍ....(۲)

۱ ۔ صحیح الترمذی ۱۳/۱۷۸، جواهر المطالب ۱/۲۴۱ وذخائر العقبیٰ/۹۴ باختلاف یسیر

۲ ۔ سنن ابن ماجه ۱/۵۵، ذخائر العقبی/۷۴

علی علیہ السلام کے حق میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا

۴۵۲۔ اُمّ عطیہ کہتی ہیں: پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک لشکر کو روانہ کیا جن کے درمیان علی علیہ السلام بھی موجود تھے وہ کہتی ہیں: میں نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا جب کہ آنحضرتؐ نے اپنے ہاتھوں کو آسمان کی طرف بلند کیا ہوا تھا اور فرما رہے تھے: خدایا! مجھے اس وقت تک موت نہ دینا جب تک علیؑ کو نہ دیکھ لوں۔

۴۵۳۔ حدیث میں نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام کے حق میں دعا کی اور فرمایا: خدایا! سردی اور گرمی کو اس سے دور کر علی علیہ السلام نے فرمایا: اس دن کے بعد میں نے کبھی بھی گرمی اور سردی محسوس نہ کی۔

۱۰۶۔ عَلِیٌّ عَلَیْهِ السَّلَامُ الصِّدِّیْقُ الْاَکْبَرُ وَفَارُوْقُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ

۴۵۴۔ عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ :سَمِعْتُ عَلِیّاًعلیه السَّلَامُ یَقُوْلُ :أَنَا عَبْدُاللّٰهِ وَأَخُوْ رَسُوْلِهٖ وَأَنَاالصِّدِّیْقُ الْأَکْبَرُ لَایَقُوْلُهَا بَعْدِیْ إِلَّا کَذَّابٌ مُفْتَرٍ، صَلَّیْتُ قَبْلَ النَّاسِ سَبْعَ سِنِیْنَ.(۱)

۴۵۵۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :عَلِیٌّ الصِّدِّیْقُ الْأَکْبَرُ.(۲)

۵۲۷ ـ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

---

۱ ـ البحار ۳۶/۹ ۲ ـ البحار ۳۶/۹

۳ـ البحار ۳۶/۹ ۴ـ البحار ۳۶/۹

۵ ـ اثبات الهداة ۲/۲۶

وَ آلِهِ وَسَلَّمَ :حَقُّ عَلِيٍّ عَلَى النَّاسِ، حَقُّ الْوَالِدِ عَلىٰ وَلَدِهِ.(١)

٥٢٨ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ وَسَلَّمَ :حَقُّ عَلِيٍّ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ كَحَقِّ الْوَالِدِ عَلىٰ وَلَدِهِ.(٢)

٥٢٩ ـ عَنْ جَابِرِ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَ آلِهِ وَسَلَّمَ: حَقُّ عَلِيٍّ عَلىٰ هٰذِهِ الْأُمَّةِ كَحَقِّ الْوَالِدِ عَلَى الْوَلَدِ.(٣)

٥٣٠ ـ وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ :مَنْ أَرَادَ أَنْ يَعْلَمَ كَيْفَ قَدْرُهُ عِنْدَاللّٰهِ؛ فَلْيَنْظُرْ كَيْفَ قَدْرُأَبَوَيْهِ الْأَفْضَلَيْنِ عِنْدَهُ :مُحَمَّدٍ وَعَلِيٍّ (صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمَا).(٤)

٥٣١ ـ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ أَبِى الْحَسَنِ عَلِيِّ بْنِ مُوسَى الرِّضَا عَنْ آبائِهِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَ آلِهِ وَسَلَّمَ :أَنَا سَيِّدُ مَنْ خَلَقَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَأَنَا خَيْرٌ مِنْ جَبْرَئِيلَ وَمِيكَائِيلَ وَإِسْرَافِيلَ وَحَمَلَةِ الْعَرْشِ وَجَمِيعِ مَلَائِكَةِ اللّٰهِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَأَنْبِيَاءِ اللّٰهِ الْمُرْسَلِينَ، وَأَنَا صَاحِبُ الشَّفَاعَةِ وَالْحَوْضِ الشَّرِيْفِ، وَأَنَا وَعَلِيٌّ أَبَوَا هٰذِهِ الْأُمَّةِ مَنْ عَرَفَنَا فَقَدْ عَرَفَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ، وَمَنْ أَنْكَرَنَا فَقَدْ أَنْكَرَاللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَمِنْ عَلِيٍّ سِبْطَا أُمَّتِي، وَسَيِّدَا شَبَابِ أَهْلِ الْجَنَّةِ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ وَمِنْ وُلْدِالْحُسَيْنِ تِسْعَةُ أَئِمَّةٍ

---

١ ـ البحار ٣٦/٥ ، احقاق الحق ٦/٤٩٢ باختلاف يسير

٢ ـ مناقب على بن ابيطالب/٤٨، بشارة المصطفىٰ/٢٦٩، ينابيع المودة/ ١٢٣، امالى الطوسى ١/٣٤٤، الشهاب/٢٤، كشف اليقين/٣٠٠

٣ـ البحار ٣٦/٥، احقاق الحق ٦/٤٩١، فرائد السمطين ١/٢٩٧

٤ـ البحار ٢٣/٢٦٠

طَاعَتُهُمْ طَاعَتِی، وَمَعْصِیَتُهُمْ مَعْصِیَتِی، تَاسِعُهُمْ قَائِمُهُمْ وَمَهْدِیُّهُمْ.(۱)

میں اور آپؑ اس امّت کے دو باپ ہیں

۵۱۹۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں اور علی علیہ السلام اس امّت کے دو باپ ہیں۔

۵۲۰۔ علی بن ابی طالب علیہ السلام نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا آنحضرتؐ نے فرمایا: میں اور علی بن ابی طالب علیہ السلام اس امّت کے دو باپ ہیں اور ان پر ہمارا حق ان کے والدین سے زیادہ ہے، جیسا کہ وہ ہماری اطاعت کرتے ہیں ہم ان کو دوزخ کی آگ سے نجات دیں گے اور ان کو بہشت میں آرام اور سکون مہیا کریں گے اور ہم ان کو غلامی کی قید سے نجات دیں گے اور ان کو بہترین آزادی پانے والوں میں شامل کریں گے۔

۵۲۱۔ معلیٰ بن خُنَیس کہتے ہیں: میں نے امام صادق علیہ السلام سے سنا حضرتؑ نے فرمایا: رسول اللہؐ نے فرمایا: میں ان دو باپ میں سے ایک باپ ہوں اور علی بن ابی طالب علیہ السلام دوسرے باپ ہیں اور موت کے وقت سب ان دو باپ کو دیکھیں گے۔

۵۲۲۔ فاطمہ سلام اللہ علیہا نے فرمایا: محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور علی علیہ السلام اس امت کے دو باپ ہیں جو کافی لوگوں کو راہِ راست پر لائیں گے۔ اگر وہ ان دونوں کی اطاعت کریں تو عذاب ابدی سے نجات دلائیں گے اور اگر ان دونوں کی حمایت کریں گے تو وہ دائمی نعمت ان کے اختیار میں دیں گے۔

۵۲۳۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم لوگوں کے بہترین وَالِدَین اور احسان وشکر گزاری

۱۔ کمال الدین ۲۶۱/

کے لائق محمدؐ اور علیؑ ہیں۔

۵۲۴۔ جعفر بن محمد علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور علی علیہ السلام کے حقوق کی رعایت کرتا ہے گا جو اس کے بہترین باپ ہیں تو اس کا اپنے ماں اور باپ یا خدا کے بندوں کا حق ضائع کرنا اس کے لیے اِس قدر نقصان دِہ نہیں ہے کیونکہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور علی علیہ السلام کوشش کریں گے کہ ان کو راضی کریں۔

۵۲۵۔ حسن بن علی علیہما السلام نے فرمایا: محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور علی علیہ السلام اس امت کے دو باپ ہیں خوش نصیب ہے وہ شخص جو ان دونوں کے حق کو پہچانے اور ہر وقت ان کی پیروی کرے اگر اس طرح ہوگا، تو خدا اس کو بہشت میں رہنے والے بہترین لوگوں میں سے قرار دے گا اور اس کو اپنی بخشش اور رضایت کے ذریعہ سعادت مند بنائے گا۔

۵۲۶۔ اصبغ بن نباتہ کہتے ہیں، ایک حدیث میں علی علیہ السلام نے فرمایا: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: یَا عَلیؑ! میں اور تم اس امت کے دو باپ ہیں جو ہماری نافرمانی کرے گا اس پر خدا کی لعنت ہوگی، میں اور تم اس امت کے دو اجیر ہیں جو ہماری اجرت نہیں دے گا اس پر خدا کی لعنت ہوگی، میں آپ اس امت کے دو مولا ہیں، جو ہم سے دوری کرے گا اس پر خدا کی لعنت ہوگی۔

۵۲۷۔ علی علیہ السلام سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام کا حق لوگوں پر ایسے ہے جیسے باپ کا اپنی اولاد پر۔

۵۲۸۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام کا حق مسلمانوں پر ایسے ہے جیسے والد کا اپنے فرزند پر۔

۵۲۹۔ جابر بن عبداللہ انصاری کہتے ہیں: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام کا حق اس

امت پر ایسے ہے جیسے باپ کا بیٹے پر۔

۵۳۰۔ محمد بن علی علیہ السلام نے فرمایا: جو خدا کے نزدیک اپنے مقام کو جاننا چاہتا ہے تو اس کو چاہیے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور علی علیہ السلام جو اس کے بہترین باپ ہیں، ان کے نزدیک دیکھے کہ اس کا مقام کیسے ہے۔

۵۳۱۔ حضرت ابوالحسن علی بن موسیٰ الرضا علیہ السلام نے اپنے اَجداد علیہم السلام سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں خدا کی مخلوق کا سَرور ہوں اور جبرئیلؑ و میکائیلؑ اور اسرافیلؑ اور عرش کو اٹھانے والے اور خدا کے تمام مقرّب ملائکہ اور مرسل پیغمبروں سے افضل ہوں۔ میں شفاعت اور حوضِ کوثر کا مالک ہوں، میں اور علیؑ اِس امّت کے دو باپ ہیں، جس نے ہم کو پہچان لیا اس نے خدا کو پہچان لیا، اور جس نے ہمیں نہیں پہچانا اس نے خدا کو نہیں پہچانا، حَسَن اور حُسین علیہما السلام میری امت کے سبط اور بہشت کے نوجوانوں کے سردار ہیں اور امام حسین علیہ السلام کی اولاد میں سے نو امام ہیں، ان کی اطاعت میری اطاعت اور ان کی نافرمانی میری نافرمانی ہے ان میں سے نہم قائم اور مہدیؑ ہے۔

۱۱۷۔ مِنْ خَصَائِصِ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ

۵۳۲۔ وَمِنْهَا مَا رَوَاهُ عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ وَيَحْيَى بْنُ عَبْدِالْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ قَالَا: حَدَّثَنَا عَلِيُّ ابْنُ هَاشِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ، عَنْ أَبِيهِ عُبَيْدِاللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ جَدِّهِ أَبِي رَافِعٍ قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا جَلَسَ ثُمَّ أَرَادَ أَنْ يَقُومَ لَا يَأْخُذُهُ بِيَدِهِ غَيْرُ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامِ وَإِنَّ أَصْحَابَ النَّبِيِّ كَانُوا يَعْرِفُونَ ذٰلِكَ لَهُ فَلَا يَأْخُذُ

بِيَدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ أَحَدٌ غَيْرُهُ.(۱)

۵۳۳ ـ وَقَالَ الْحِمَانِيُّ فِيْ حَدِيْثِهِ :كَانَ إِذَا جَلَسَ اِتَّكَأَ عَلٰى عَلِيٍّ وَإِذَاقَامَ وَضَعَ يَدَهُ عَلٰى عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ.(۲)

۵۳۴ ـ لَمَّا مَاتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ كَانَ رَأْسُهُ فِيْ حِجْرِ عَلِيٍّ.(۳)

حضرت علی علیہ السلام کی خاصیتیں

۵۳۲ـ عباد بن یعقوب اور یحیٰ بن عبدالحمید کہتے ہیں: علی بن ہاشم نے محمد بن عبداللہ اس نے اپنے والد عبیداللہ بن رافع اس نے اپنے جدّ ابورافع سے ہمارے لیے حدیث بیان کی کہ: رسولِ خداؐ جس وقت بیٹھنے اور اٹھنے کا ارادہ کرتے تھے تو علی علیہ السلام کے علاوہ کوئی بھی ان کے ہاتھ کو نہیں پکڑتا تھا اور اس کو پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سب اصحاب جانتے تھے اسی وجہ سے علی کے علاوہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھ کو نہیں پکڑتے تھے۔

۵۳۳ـ حمانی اپنی حدیث میں کہتے ہیں: جس وقت پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیٹھتے تھے تو علی علیہ السلام کا سہارا لیتے تھے اور جس وقت اٹھتے تھے تب بھی علی علیہ السلام کا سہارا لیتے تھے۔

۵۳۴ـ روایت میں نقل ہوا ہے کہ رحلت کے وقت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سر مبارک علی علیہ السلام

---

۱ ـ إعلام الورٰی / ۱۸۹، حلية الأبرار ۱ / ۲۳۳ باختلاف فی موارد

۲ ـ إعلام الورٰی / ۱۸۹، حلية الابرار ۱ / ۲۳۳

۳ ـ احقاق الحق ۱۸ / ۱۸٦

کے دامن میں تھا۔

۱۱۸ ۔ تَوَلّی تَجهِیزَ النَّبِیّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

۵۳۵ ۔ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ بِلَالٍ، سَمِعْتُ عَلِیًّا یَقُوْلُ :أَوْصیٰ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ أَنْ لَّا یُغَسِّلَهٗ أَحَدٌ غَیْرِیْ، فَإِنَّهٗ لَایَریٰ أَحَدٌ عَوْرَتِیْ إِلَّا طُمِسَتْ عَیْنَاهُ، قَالَ عَلِیٌّ عَلَیهِ السَّلَامُ :فَکَانَ الْعَبَّاسُ وَأُسَامَةُ یُنَاوِلَانِیَ الْمَاءَ مِنْ وَرَاءِ السِّتْرِ .قَالَ عَلِیٌّ عَلَیهِ السَّلَامُ :فَمَا تَنَاوَلْتُ عُضْوًا إِلَّا کَأَنَّهٗ یُقَلِّبُهٗ مَعِیَ ثَلَاثُوْنَ رَجُلًا حَتّٰی فَرِغْتُ مِنْ غُسْلِهٖ.(۱)

۵۳۶ ۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :یَا عَلِیُّ اَأَنْتَ تُغَسِّلُ جُثَّتِیْ وَتُؤَدِّیْ وَتُوَارِیْنِیْ فِیْ حُفْرَتِیْ وَتَفِیْ بِذِمَّتِیْ، وَأَنْتَ صَاحِبُ لِوَائِیْ فِی الدُّنْیَا وَالْآخِرَةِ.(۲)

۵۳۷ ۔ عَنْ حُسَیْنِ بْنِ عَلِیٍّ عَنْ أَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ قَالَ :أَوْصیٰ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَلِیًّا عَلَیهِ السَّلَامُ أَنْ یُغَسِّلَهٗ، فَقَالَ عَلِیٌّ عَلَیهِ السَّلَامُ :یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ !أَخْشیٰ أَنْ لَّا أُطِیْقَ ذٰلِکَ قَالَ :إِنَّکَ سَتُعَانُ عَلَیْهِ قَالَ:فَقَالَ عَلِیٌّ عَلَیهِ السَّلَامُ :فَوَاللّٰهِ مَا أَرَدْتُ أَنْ أُقَلِّبَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عُضْوًا إِلَّا قُلِبَ لِیَ.(۳)

۵۳۸ ۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :لَا یَحِلُّ لِرَجُلٍ أَنْ یَرَانِیْ مُجَرَّدًا إِلَّا عَلِیٌّ.(۴)

---

۱ ۔ احقاق الحق ۳۰/۷ ۲ ۔ احقاق الحق ۵۵۱/۱۵

۳ ۔ فضائل الخمسة ۳۸/۳

۴ ۔ احقاق الحق ۳۳/۷

پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تجہیز میں علی علیہ السلام کی ذمہ داری

۵۳۵۔ یزید بن بلال کہتے ہیں: کہ میں نے علیؑ سے سنا حضرت نے فرمایا: رسولِ خداؐ نے وصیت کی کہ میرے علاوہ کوئی اور ان کو غسل نہ دے اور فرمایا: جو میری عَورَتَین کو دیکھے گا وہ دونوں آنکھوں سے نابینا ہوگا، علی علیہ السلام نے فرمایا: پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو غسل دیتے وقت، عبّاس اور اُسامہ میرے ہاتھ میں پانی پکڑاتے رہے اور میں کپڑے کے نیچے سے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بدن مبارک کو غسل دیتا رہا، اور بدن کے جس حصہ کو بھی دھویا گویا کہ تیس مرد بدن کو حرکت دینے میں میری مدد کرتے رہے، یہاں تک کہ میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو غسل دینے سے فارغ ہوا۔

۵۳۶۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یَا عَلیُّ! تم میرے بدن کو غسل دو گے اور میرا قرض ادا کرو گے اور مجھے قبر میں داخل کرو گے اور جو کچھ میرے ذمہ ہے اس کی وفا کرو گے، تم اس دنیا اور آخرت میں میرے پرچمدار ہو۔

۵۳۷۔ حُسین بن علی علیہ السلام اپنے والد اور اپنے اَجداد علیہم السلام سے نقل کیا ہے کہ حضرتؑ نے فرمایا: پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام کو وصیت کی کہ ان کو غسل دیں علی علیہ السلام نے عرض کی اے رسولِ خداؐ! مجھے اس کام پر قدرت نہ رکھنے کا خوف ہے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "تمہاری مدد کریں گے"۔ اس لیے علی علیہ السلام سے نقل ہوا کہ حضرتؑ نے فرمایا: خدا کی قسم میں بدن کے جس حصہ کو بھی حرکت دینا چاہتا تھا وہ خود بخود گھوم جاتا تھا۔

۵۳۸۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام کے علاوہ کسی پر گوارا نہیں کہ وہ میرے بدن کو

دیکھیے۔

۱۱۹۔ عَلِيٌّ عَلَيهِ السَّلَامُ صَاحِبُ اللِّوَاءِ

۵۳۹۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :عَلِيٌّ صَاحِبُ لِوَائِیْ.(۱)

۵۴۰۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :عَلِيٌّ صَاحِبُ لِوَاءِ الْحَمْدِ.(۲)

۵۴۱۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ :أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ دَفَعَ الرَّايَةَ إِلٰى عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ يَوْمَ بَدْرٍ وَهُوَ ابْنُ عِشْرِيْنَ سَنَةً.(۳)

۵۴۲۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ :كَانَتْ رَايَةُ رَسُوْلِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مَعَ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ فِي الْمَوَاقِفِ كُلِّهَا يَوْمَ بَدْرٍ وَيَوْمَ أُحُدٍ وَيَوْمَ حُنَيْنٍ وَيَوْمَ الْأَحْزَابِ وَيَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ، وَكَانَتْ رَايَةُ الْأَنْصَارِ مَعَ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ فِي الْمَوَاطِنِ كُلِّهَا، وَيَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ وَرَايَةُ الْمُهَاجِرِيْنَ مَعَ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ.(۴)

۵۴۳۔ وَفِيْ حَدِيْثِ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالُوْا :يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ يَحْمِلُ رَايَتَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ قَالَ :مَنْ عَسٰى أَنْ يَحْمِلَهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلَّا مَنْ كَانَ يَحْمِلُهَا فِي الدُّنْيَا عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ.(۵)

۱۔ احقاق الحق ۱۵/ ۵۴۴　　۲۔ احقاق الحق ۱۵/ ۵۵۸

۳۔ المستدرک للحاکم ۳/ ۱۱۱، الامام علیؑ ۱/ ۱۵۹، احقاق الحق ۱۸/ ۷۲ باختلاف یسیر

۴۔ إعلام الوریٰ/ ۱۹۱، احقاق الحق ۱۸/ ۷۳ بنقیصة

۵۔ المسترشد/ ۳۳۴

٥٤٤ ـ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ :قِيْلَ :يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَنْ صَاحِبُ لِوَائِکَ فِي الْآخِرَةِ؟ قَالَ :صَاحِبُ لِوَائِي فِي الْآخِرَةِ صَاحِبُ لِوَائِيْ فِي الدُّنيا، عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ عَلَيهِ السَّلَامُ .(١)

٥٤٥ ـ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْأَكْوَعِ قَالَ :بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ أَبَابَكْرٍ بِرَايَتِهِ وَكَانَتْ بَيْضَاءُ ، فِيْمَا قَالَ ابْنُ هِشَامٍ إِلٰى بَعْضِ حُصُوْنِ خَيْبَرَ فَقَاتَلَ فَرَجَعَ وَلَمْ يَکُ فَتْحٌ وَقَدْ جَهِدَ، ثُمَّ بَعَثَ بَعْدَ الْغَدِ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَقَاتَلَ ثُمَّ رَجَعَ وَلَمْ يَکُ فَتْحٌ وَقَدْ جَهِدَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ:لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلٰى يَدَيْهِ لَيْسَ بِفَرَّارٍ قَالَ :يَقُوْلُ سَلَمَةُ: فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ عَلِيًّا (صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْه) وَهُوَ أَرْمَدُ فَتَفَلَ فِيْ عَيْنَيْهِ ثُمَّ قَالَ :خُذْهٰذِهِ الرَّايَةَ فَامْضِ بِهَا حَتّٰى يَفْتَحَ اللّٰهُ عَلَيْکَ....(٢)

حضرت علی علیہ السلام پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علمدار

٥٣٩ ـ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام میرے عَلَمدار ہیں۔

٥٤٠ ـ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام حمد وثنا کے عَلَمدار ہیں۔

٥٤١ ـ ابن عباس کہتے ہیں: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنگِ بدر میں پرچم علی علیہ السلام کے ـ جو اس وقت بیس سال کے تھے ـ سپرد کیا۔

١ـ کشف اليقين /٣٠٤، مناقب علی بن ابيطالب / ٢٠٠ باختلاف فی موارد

٢ ـ إحقاق الحق ٥/ ٤١٦، جامع الاحاديث للسيوطی ٦ / ٢٤٣ باختلاف فی موارد

۵۴۲۔ ابنِ عباس سے نقل ہوا ہے کہ تمام جنگوں میں، مثل جنگِ اُحد، حُنین، اَحزاب اور فتحِ مکّہ میں رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عَلَم علی علیہ السلام کے ہاتھ میں تھا، اور اَنصار کا پرچم ان تمام جنگوں میں اور فتحِ مکّہ میں سعد بن عُبادہ کے ہاتھ میں تھا اور مُہاجرین کا پرچم بھی علی علیہ السلام کے پاس تھا۔

۵۴۳۔ حدیث میں جابر بن سَمُرَہ سے نقل ہوا ہے کہ: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا، قیامت کے دن آپ کا عَلَم کون اپنے ہاتھ میں لے گا؟ آنحضرتؐ نے فرمایا: علی بن ابی طالب علیہ السلام کے علاوہ جو اس دنیا میں میرے علمدار ہیں قیامت کے دن کون میرے پرچم کو اٹھائے گا۔

۵۴۴۔ جابر بن سَمُرَہ کہتے ہیں: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا گیا کہ قیامت کے دن آپ کے عَلَمدار کون ہیں؟ فرمایا: آخرت میں میرے علمدار وہی ہیں جو اس دنیا میں میرے عَلَمدار ہیں وہ علی بن ابی طالب علیہ السلام ہیں۔

۵۴۵۔ سَلَمہ بن عَمرو بن اَکوَع سے نقل ہوا ہے کہ اس نے کہا: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابوبکر کو اپنے پرچم کے ساتھ، کہا جاتا ہے کہ اس کا رنگ سفید تھا، خیبر کے قلعوں میں سے ایک قلعہ پر بھیجا، ابوبکر نے جنگ کی اور واپس لوٹ آیا کافی کوشش کرنے کے باوجود کامیاب نہ ہوسکا، اس کے دوسرے دن عمر بن خطاب کو بھیجا اس نے بھی جنگ کی اور واپس لوٹ آیا جتنی بھی کوشش اور تلاش کی کامیابی حاصل نہ ہوئی، پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں کل عَلَم اُس کو دوں گا جسے خدا اور پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دوست رکھتے ہیں، وہ کبھی بھی بھاگنے والے نہیں اور خدا نے بھی فتح اس کے ہاتھ میں قرار دی ہے۔ سلمہ کہتی ہے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام کو بلایا اس وقت علی علیہ السلام آنکھ کے درد میں مبتلا تھے آنحضرتؐ نے لُعابِ دہن ان کی آنکھ میں ڈالا اور فرمایا: اس پرچم کو لے کر چلیں تا کہ خدا کامیابی اور فتح کو آپ کے ہاتھ میں قرار دے۔

۱۲۰ ـ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَحَدِيثُ الرَّايَةِ

۵۴۶ ـ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ كَرَّارًا غَيْرَ فَرَّارٍ يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَيْهِ، جَبْرَئِيلُ عَنْ يَمِينِهِ وَمِيكَائِيلُ عَنْ يَسَارِهِ، فَبَاتَ النَّاسُ مُتَشَوِّقِينَ، فَلَمَّا أَصْبَحَ قَالَ: أَيْنَ عَلِيٌّ؟ قَالُوا: يَارَسُولَ اللّٰهِ مَا يُبْصِرُ، قَالَ: اِئْتُونِي بِهِ. فَلَمَّا أُتِيَ بِهِ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: أُدْنُ مِنِّي، فَدَنَا مِنْهُ، فَتَفَلَ فِي عَيْنَيْهِ وَمَسَحَهَا بِيَدِهِ فَقَامَ عَلِيٌّ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ كَأَنَّهُ لَمْ يَرْمُدْ.(۱)

۵۴۷ ـ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا كَرَّارًا غَيْرَ فَرَّارٍ يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَى يَدَيْهِ.(۲)

۵۴۸ ـ ... فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ، كَرَّارًا غَيْرَ فَرَّارٍ يَأْخُذُهَا عَنْوَةً وَفِي رِوَايَةٍ: يَأْخُذُهَا بِحَقِّهَا، وَفِي رِوَايَةٍ: لَا يَرْجِعُ حَتَّى يَفْتَحَ اللّٰهُ عَلَى يَدِهِ.

الْبُخَارِي وَمُسْلِم أَنَّهُ قَالَ: لَمَّا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ حَدِيثَ الرَّايَةِ بَاتَ النَّاسُ يَذْكُرُونَ لَيْلَتَهُمْ أَيُّهُمْ يُعْطَاهَا، فَلَمَّا أَصْبَحَ الصُّبْحُ غَدَوْا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ كُلُّهُمْ يَرْجُو أَنْ يُعْطَاهَا، فَقَالَ: أَيْنَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ؟ فَقِيلَ: هُوَ

۱ ـ احقاق الحق ۵/ ۳۷۰، کنز العمال ۱۳/ ۱۲۳ باختلاف یسیر

۲ ـ احقاق الحق ۵/ ۴۱۵، حلیة الأولیاء ۱/ ۱۰۱، صحیح مسلم ۱۵/ ۱۷۶ باختلاف فی موارد

يَشْتَكِیْ عَيْنَيْهِ :فَقَالَ :فَـأَرْسِـلُـوْا إِلَيْهِ، فأُتِيَ بِهٖ فَتَفَلَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ فِیْ عَيْنَيْهِ وَدَعَا لَهٗ فَبَرءَ، فَأَعْطَاهُ الرَّايَةَ.(١)

٥٤٩ ـعـن الـنـبـیّ صلى الله عليه و آله وسلم أنه قال يوم خيبر :لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غـدا رَجُلا يُـحِـبُّ اللّٰهَ وَرَسولَه،وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ لَيْسَ بِفَرّارٍ، يَفْتَحُ اللّٰهُ على يَدَيْهِ، ثُمَّ دَعا بِعَلِيٍ وَهُوَ أَرْمَدُ، فَتَفَلَ فی عَيْنَيْهِ،وَأَعْطاهُ الرَّايَةَ....(٢)

٥٥٠ ـ قَـالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ -أَوْ لَيَأخُذَنَّ الرَّايَةَ -غَدًا رَجُلًا يُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ -أَوْ قَالَ :يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ -يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَإِذَا نَحْنُ بِعَلِيٍّ وَمَا نَرْجُوْهُ، فَقَالُوْا :هٰـذَا عَلِیٌّ، فَأَعْطَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ الرَّايَةَ فَفَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ.(٣)

٥٥١ ـقَـالَ رَسُوْلُ الـلّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :لَأَدْفَعَنَّ الرَّايَةَ إِلٰى رَجُلٍ يُـحِـبُّ الـلّٰـهَ وَرَسُـوْلَـهٗ وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَيَفْتَحُ اللّٰهُ بِيَدِهٖ .فَـاسْتَشْـرَفَ لَهَا أَصْحَابُهٗ، فَدَفَعَهَا إِلٰى عَلِیٍّ.(١)

---

١ ـ البـحـار ٨٥/٤١، التاج ٣/٢٩٣، صحيح البخاری ٣/١٤٠١، نور الابصار /٩٠ و صحيح مسلم ١٥/١٧٧ باختلاف في موارد

٢ ـ الاستيعاب ٣/١٠٩٩، صحيح الترمذی ١٣/١٧٢ باختلاف فی موارد

٣ ـصحيح البخاری ٣/١٤١.

١ ـ خصائص امير المؤمنين للنسائی / ٥١

علی علیہ السلام اور حدیثِ عَلَم

۵۴۶۔ ابن عمر نے عمر بن خطّابؓ سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کل میں عَلَم ایک ایسے مرد کے ہاتھ میں دوں گا جو خدا اور اس پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دوست رکھتا ہے اور خدا اور اس کا پیغمبر بھی اس کو دوست رکھتے ہیں۔ وہ دشمن کا مقابلہ کرے گا اور ہرگز فرار بھی نہیں کرے گا اور خداوند نے کامیابی کو اس کے ہاتھ میں قرار دیا ہے۔ جبرئیلؑ اس کی دائیں طرف اور میکائیلؑ بائیں طرف ہوں گے، بس لوگوں نے بڑے شوق اور اشتیاق کے ساتھ پوری رات گذاری صبح سویرے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علیؑ کہاں ہیں؟ کہا گیا: یارسول اللہ! علیؑ کی آنکھ میں درد ہے، فرمایا: ان کو میرے پاس لے آئیں جس وقت علی علیہ السلام آئے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا: میرے قریب آؤ، حضرت علی علیہ السلام قریب آئے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لُعابِ دہن ان کی آنکھ میں ڈالا اور اس کو صاف کیا علیؑ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب سے ایسی حالت میں اٹھے گویا کہ ان کی آنکھ میں درد ہی نہیں تھا۔

۵۴۷۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کُل میں عَلَم اس مرد کے ہاتھ میں دوں گا جو دشمن کا مقابلہ کرے گا اور میدان نہیں چھوڑے گا وہ خدا اور اس کے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دوست رکھتا ہے اور خدا اور اس کا پیغمبر بھی اسے دوست رکھتے ہیں خدا کامیابی کو اس کے ہاتھ میں عطا کرے گا۔

۵۴۸۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کل میں عَلَم اس مرد کو دوں گا جو خدا اور اس کے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دوست رکھتا ہے اور خدا اور اس کا پیغمبر بھی اسے دوست رکھتے ہیں وہ دشمن کا مقابلہ کرے گا اور ہرگز فرار نہیں کرے گا، اور پرچم کو بڑے کمال اور فروتنی سے حاصل کرے گا اور روایت میں نقل ہوا ہے کہ عَلَم کو حق سے لے گا اور دوسری روایت میں نقل ہوا ہے کہ اُس وقت تک واپس نہیں آئے گا جب

تک خدا اس کے ذریعہ سے کامیابی عطا نہیں کرے گا۔ بخاری اور مسلم میں بھی نقل ہوا ہے کہ پیغمبرِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کلام کے بعد لوگ اس فکر میں تھے کہ آیا کل یہ عَلَم ہم میں سے کس کو دیا جائے گا پوری رات بیدار رہے صبح سویرے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اور سب کی خواہش یہی تھی کہ عَلَم ان کو دیا جائے پیغمبرِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا علی بن ابی طالب علیہ السلام کہاں ہیں؟ کہا گیا: ان کی آنکھوں میں درد ہے فرمایا: کسی کو ان کو بلانے کے لیے بھیجیں۔ علی علیہ السلام تشریف لائے پس پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لُعابِ دہن ان کی آنکھوں میں ڈالا اور دعا فرمائی۔ علی علیہ السلام شفایاب ہو گئے اس وقت پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علم ان کو عطا کیا۔

۵۴۹۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آنحضرتؐ نے جنگِ خیبر میں فرمایا: کل میں پرچم ایک ایسے مرد کو دوں گا جو خدا اور اس کے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دوست رکھتا ہے اور خدا اور اس کا پیغمبرؐ بھی اسے دوست رکھتے ہیں وہ کبھی بھی فرار نہیں کرے گا اور خدا اس کے وسیلے سے کامیابی اور فتح عطا کرے گا۔ اس وقت علی علیہ السلام کو بُلایا، علی علیہ السلام کی آنکھ میں درد ہو رہا تھا پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لُعابِ دہن ان کی آنکھوں میں لگایا اور عَلَم ان کو عطا کیا۔

۵۵۰۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں کل عَلَم اس کو دوں گا (یا مجھ سے وہ عَلَم لے گا) کہ خدا اور اس کا رسولؐ اسے دوست رکھتے ہیں (یا فرمایا: وہ خدا اور اس کے رسولؐ کو دوست رکھتا ہے) اور خدا اسے کامیابی عطا کرے گا۔ حاضرینِ مجلس کہتے ہیں، دوسرے دن علی علیہ السلام تشریف لائے اور ہمیں ان کے آنے کی امید نہیں تھی سب نے کہا: علی علیہ السلام آئے پس پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عَلَم ان کے سپرد کیا اور خدا نے ان کو کامیابی عطا کی۔

۵۵۱۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کل میں عَلَم اسے سپرد کروں گا جو خدا اور اس کے رسولؐ کو

دوست رکھتا ہے اور خدا اور رسولؐ بھی اسے دوست رکھتے ہیں اور خدا ان کو کامیابی عطا فرمائے گا اس وقت پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سب اصحاب نے سر اٹھا کر دیکھا تو پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علَم علی علیہ السلام کے حوالے کیا۔

۱۲۱ ۔ شُجَاعَةُ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ وَاَوْسَمَتُهُ الْحَرْبِيَّةُ

۵۵۲ ۔ وَكَانَ (عَلِيًّا) عَلَيْهِ السَّلَامُ يَقُوْلُ :وَاللّٰهِ لَوْ تَظَاهَرَتِ الْعَرَبُ عَلٰى قِتَالِيْ لَمَا وَلَّيْتُ عَنْهَا، وَلَوْاَمْكَنَتِ الفُرَصُ مِنْ رِقَابِهَا؛ لَسَارَعْتُ إِلَيْهَا.(۱)

۵۵۳ ۔ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ حَاطِبٍ :كَانَ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ إِذَا أَرَادَ الْقِتَالَ هَلَّلَ وَكَبَّرَ ثُمَّ قَالَ:

أَيَّ يَوْمٍ مِّنَ الْمَوْتِ أَفِرُّ يَوْمَ مَا قُدِرَ اَمْ يَوْمَ قُدِرَ؟(۲)

۵۵۴ ۔ ... لَمَّا دَعَا عَمْرُو بْنُ عَبْدِوَدٍّ إِلَى الْبِرَازِ يَوْمَ الْخَنْدَقِ وَلَمْ يُجِبْهُ أَحَدٌ قَالَ عَلِيٌّ عَلَيهِ السَّلَامُ :جُعِلْتُ فِدَاكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَأْذَنُ لِيْ؟ قَالَ :إِنَّهُ عَمْرُو بْنُ عَبْدِوَدٍّ، قَالَ :أَنَا عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ، فَخَرَجَ إِلَيْهِ فَقَتَلَهُ....(۳)

۵۵۵ ۔ وَرَوَى الطَّبْرَسِيُّ أَيْضًا أَحَادِيْثَ فِيْ وَقْعَةِ الْخَنْدَقِ، وَفِيْهَا :أَنَّ عَلِيًّا عَلَيهِ السَّلَامُ قَتَلَ عَمْرَوابْنَ عَبْدِوَدٍّ كَانَ يُعَدُّ بِأَلْفِ فَارِسٍ بَعْدَ مَا دَعَا لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ :اَللّٰهُمَّ احْفَظْهُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ وَعَنْ يَمِيْنِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ وَمِنْ

۱ ۔بهج الصباغة ۱/ ۶۷، سفينة البحار ۱/ ۶۹۰، نهج السعادة ۴/ ۳۷ باختلاف يسير

۲ ۔بهج الصباغة ۷/ ۶۰ ۳ ۔سفينة البحار ۸/ ۴۰۲

فَوْقِ رَأْسِهِ وَمِنْ تَحْتِ قَدَمَيْهِ.(۱)

۵۵۶۔ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِی اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ :لَمَّا بَرَزَ عَلِیٌّ اِلٰی عَمْرِو بْنِ عَبْدِوَدٍّ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :بَرَزَ الْإِیْمَانُ کُلُّهٗ إِلَی الشِّرْکِ کُلِّهٖ فَلَمَّا قَتَلَهٗ؛ قَالَ لَهٗ أَبْشِرْ یَا عَلِیُّ فَلَوْ وُزِنَ عَمَلُکَ الْیَوْمَ بِعَمَلِ اُمَّتِیْ لَرَجَحَ عَمَلُکَ بِعَمَلِهِمْ.(۲)

۵۵۷۔ إِنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لَمَّا أَذِنَ لِعَلِیٍّ عَلَیهِ السَّلَامُ فِیْ لِقَاءِ عَمْرِو بْنِ عَبْدِوَدٍّ وَخَرَجَ إِلَیْهِ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :بَرَزَ الْإِیْمَانُ کُلُّهٗ إِلَی الشِّرْکِ کُلِّهٖ.(۳)

۵۵۸۔ عَنْ حُذَیْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ: ضَرْبَةُ عَلِیٍّ فِیْ یَوْمِ الْخَنْدَقِ أَفْضَلُ مِنْ أَعْمَالِ اُمَّتِیْ إِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ.(۴)

۵۵۹۔ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ أَنَّهٗ قَالَ :لَمُبَارَزَةُ عَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ لِعَمْرِو بْنِ عَبْدِوَدٍّ یَوْمَ الْخَنْدَقِ أَفْضَلُ مِنْ عَمَلِ أُمَّتِیْ إِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ.(۵)

۵۶۰۔ وَرُوِیَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِیْهِ عَنْ عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ عَنْ أَبِیْهِ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لِعَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ عَلَیهِ السَّلَامُ :یَا أَبَا الْحَسَنِ الَوْ وُضِعَ إِیْمَانُ الْخَلَائِقِ وَأَعْمَالُهُمْ فِیْ کَفَّةٍ وَوُضِعَ عَمَلُکَ یَوْمَ أُحُدٍ فِیْ کَفَّةٍ أُخْرٰی لَرَجَحَ عَمَلُکَ عَلٰی جَمِیْعِ الْخَلَائِقِ، وَاللّٰهُ تَعَالٰی بَاهٰی بِکَ یَوْمَ أُحُدٍ مَلَائِکَتَهُ الْمُقَرَّبِیْنَ، وَرَفَعَ الْحِجَابَ مِنَ السَّمَاءِ ، وَأَشْرَقَتْ بِکَ الْجَنَّةُ وَمَا فِیْهَا.

۱۔ اثبات الهداة ۱/ ۳۵۴ ۲۔ ینابیع المودة / ۹۴

۳۔ الطرائف / ۶۰، البحار ۳۹/ ۱ باختلاف یسیر

۴۔ ینابیع المودة / ۹۵، احقاق الحق ۶/ ۵

۵۔البحار ۴۱/ ۹۶، کشف الغمة ۱/ ۱۵۰، الطرائف / ۶۰، بهج الصباغة ۳/ ۱۵۰ باختلاف یسیر

وَابْتَهِجَ بِفِعْلِكَ الْعَالَمُوْنَ وَإِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی يُعَوِّضُكَ بِذٰلِكَ الْيَوْمِ مَا يَغْبِطُكَ بِهِ كُلُّ نَبِيٍّ وَرَسُوْلٍ وَصِدِّيْقٍ وَشَهِيْدٍ.(١)

٥٦١ - عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: مَا بَعَثْتُ عَلِيًّا فِيْ سَرِيَّةٍ إِلَّا رَأَيْتُ جَبْرَئِيلَ عَنْ يَمِيْنِهِ وَمِيكَائِيلَ عَنْ يَسَارِهِ وَالسَّحَابَةُ تُظِلُّهُ حَتّٰى يَرْزُقَهُ اللّٰهُ الظَّفَرَ.(٢)

٥٦٢ - عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَنَّهُ قَالَ :لَضَرْبَةُ عَلِيٍّ لِعَمْرٍو تُعَادِلُ عِبَادَةَ الثَّقَلَيْنِ.(٣)

٥٦٣ - قَالَ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍعَلَيهِمَا السَّلَامُ :نَادٰى مَلَكٌ مِّنَ السَّمَاءِ يَوْمَ بَدْرٍ يُقَالُ لَهُ رِضْوَانُ :لَاسَيْفَ إِلَّا ذُوالْفَقَارِ وَلَا فَتٰى إِلَّا عَلِيٌّ.(٤)

٥٦٤ - بِالْإِسْنَادِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَعْطَانِيْ رَبِّيْ ذَاالْفَقَارِ (إِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی أَعْطَانِيْ ذَاالْفَقَارِ خ ل) قَالَ يَا مُحَمَّدُ، خُذْهُ وَأَعْطِهِ خَيْرَ أَهْلِ الْأَرْضِ .فَقُلْتُ:مَنْ ذٰلِكَ يَا رَبِّ؟ قَالَ :خَلِيْفَتِيْ فِي الْأَرْضِ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ.(٥)

---

١ - حلية الأبرار ١/٣٠٧

٢ - كشف الغمة ١/٦٧١، البحار ٣٩/٩٥ باختلاف فی موارد

٣ - مصابيح الأنوار ٢/٢٥٣، الحكم الزاهرة ٢/١٢٨

٤ - روضة الواعظين ١/١٢٨، البحار ٢٠/٨٦ باختلاف يسير فی بعض الألفاظ

٥ - اليقين / ٢١٦

جنگ میں علی علیہ السلام کی شجاعت اور افتخار آمیز کلمات

۵۵۲۔علی علیہ السلام نے فرمایا: خدا کی قسم اگر عرب جنگ میں پوری طاقت کے ساتھ میرے مقابلے میں کھڑے ہوجائیں تو میں کبھی بھی پیٹھ نہیں دکھاؤں گا اور اگر مجھے موقع ملا تو ان کی گردنیں اڑانے کے لیے ان پر حملہ کروں گا۔

۵۵۳۔عبدالرحمٰن بن حاطب کہتے ہیں: جس وقت علی علیہ السلام جنگ کا ارادہ کرتے تھے تو لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا اللہ اور تکبیر کہتے تھے اور فرماتے تھے: کس دن میں موت سے بھاگ سکتا ہوں؟ آیا اس دن کہ میری موت مقدّر نہیں ہوئی یا اس دن کہ میری موت مقدّر بنی؟

۵۵۴۔نقل ہوا ہے کہ: جس وقت جنگِ خندق میں عَمرو بن عَبدِوُدّ نے جنگ کا مطالبہ کیا تو کسی نے بھی اس کو جواب نہ دیا، علی علیہ السلام نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں عرض کی: آیا مجھے اجازت دیں گے؟ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ عَمرو بن عَبدِوُد ہے۔علی علیہ السلام نے کہا: میں بھی علی بن ابی طالب علیہ السلام ہوں بس اس کی طرف بڑھے اور اس کو واصلِ جہنّم کیا۔

۵۵۵۔طبرسی نے خندق کے واقعہ کے بارے میں روایت نقل کی کہ علی علیہ السلام نے اس عَمرو بن عَبدِوُدّ کو قتل کیا جو ایک ہزار سوار کے برابر تھا یہ واقعہ جب پیش آیا تو رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام کے لیے دعا کی اور فرمایا: خداوند! اس کے آگے پیچھے دائیں اور بائیں سر سے لے کر قدموں تک اس کی حفاظت فرما۔

۵۵۶۔ابن مسعود سے نقل ہوا اس نے کہا: جس وقت علی علیہ السلام عَمرو بن عَبدِوُدّ کے مقابلے

کے لیے روانہ ہوئے پیغمبر ﷺ نے فرمایا: کُل کا کُل ایمان کُل کُفر کے مقابلے میں جارہا ہے اور جس وقت علی علیہ السلام نے اس کو واصلِ جہنّم کیا، پیغمبر ﷺ نے ان سے فرمایا: یا علیؑ! تمہیں مبارک ہو، تمہارے اس عمل کا امت کے اعمال سے وزن کیا جائے تو تمہارا عمل سب سے زیادہ بھاری ہوگا۔

۵۵۷۔ جس وقت پیغمبر ﷺ نے علی علیہ السلام کو عَمْرو بن عَبْدِ وَدّ سے مقابلہ کرنے کی اجازت دی اور علی علیہ السلام اس کی طرف روانہ ہوئے، فرمایا: پُورا ایمان پُورے کفر کے مقابلے میں ظاہر ہوگیا ہے۔

۵۵۸۔ حُذَیفہ سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا ﷺ نے فرمایا: جنگِ خندق میں علی علیہ السلام کی ایک ضرب قیامت تک میری امت کے تمام اعمال سے افضل ہے۔

۵۵۹۔ پیغمبر ﷺ سے منقول ہے آنحضرتؐ نے فرمایا: علی بن ابی طالب علیہ السلام کا جنگِ خندق میں عَمْرو بن عَبْدِ وَدّ سے جنگ کرنا قیامت تک میری امت کے تمام اعمال سے افضل ہے۔

۵۶۰۔ جعفرؑ بن محمدؑ نے اپنے والدِ گرامی سے حضرتؑ نے اپنے والد علیؑ بن حسینؑ سے اور علیؑ بن حسینؑ نے اپنے والدِ گرامی امام حسین علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا ﷺ نے علی بن ابی طالب علیہ السلام سے فرمایا: اے ابوالحسنؑ! اگر تمام مخلوق کے ایمان اور اعمال کو ترازو کے ایک پلڑے میں اور جنگِ اُحُد میں تمہارے عمل کو دوسرے پلڑے میں رکھا جائے تو تمہارا عمل مخلوق کے تمام اعمال سے افضل ہوگا، اور خداوندِ مُتعَال نے اپنے مقرّب ملائکہ کے ساتھ جنگِ اُحُد میں آپ پر افتخار کیا ہے اور آسمان سے پردہ ہٹادیا بہشت اور اس میں تمام چیزوں کو تمہارے وسیلہ سے نورانی کردیا، اور عقل مند تمہارے عمل سے خوشحال ہیں، اور خداوند اس دن کے بدلے میں تمہیں ایسی چیز عطا

کرے گا کہ ہر پیغمبر اور رسول اور صدّیق اور شہید اس کے آرزومند ہوں گے۔

۵۶۱۔ عبداللہ بن مسعود سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے کبھی بھی علیؑ کو لشکر کا سردار بنا کر نہیں بھیجا مگر یہ کہ جبرئیلؑ ان کی دائیں طرف اور میکائیل کو ان کی بائیں طرف دیکھتا تھا اور بادل ان پر سایہ کرتے تھے یہاں تک کہ خدا کامیابی ان کو نصیب کرتا۔

۵۶۲۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام کا عَمرو کو ایک ضَرب لگانا جِنّ و اِنس کی عبادت کے برابر ہے۔

۵۶۳۔ جعفر بن محمد علیہ السلام نے فرمایا: جنگِ بَدر میں ایک فرشتہ نے جس کا نام رضوان تھا آسمان سے صدا بلند کی: ذُوالفقار کے علاوہ کوئی تلوار نہیں اور علی علیہ السلام کے علاوہ کوئی شُجاع اور جوان مرد نہیں۔

۵۶۴۔ ابن عباس سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پروردگار نے مجھے ذُوالفقار عطا کی اور فرمایا: یا محمدؐ! اس کو لے لو اور زمین پر لوگوں میں سے بہترین فرد کو دے دو میں نے کہا: پروردگارا اس زمین پر لوگوں میں سے بہترین فرد کون ہے؟ فرمایا: علی بن ابی طالب علیہ السلام جو اس زمین پر میرا جانشین ہے۔

۱۲۲۔ عَلِيٌّ عَلَيهِ السَّلامُ يَفتَحُ بَابَ خَيبَرَ

۵۶۵۔ وَرُوِيَ أَنَّ أَمِيرَالمُؤمِنِينَ عَلَيهِ السَّلامُ قَالَ :فِي رِسَالَتِهِ إِلَى سَهلِ بنِ حُنَيفٍ :وَاللهِ مَا قَلَعتُ بَابَ خَيبَرَ بِقُوَّةٍ جَسَدِيَّةٍ، وَلَا بِحَرَكَةٍ غِذَائِيَّةٍ لٰكِنِّي أُيِّدتُ بِقُوَّةٍ مَلَكُوتِيَّةٍ، وَنَفسٍ بِنُورِ رَبِّهَا مُضِيئَةٍ، وَأَنَا مِنْ أَحمَدَ كَالضَّوءِ مِنَ الضَّوءِ، وَاللهِ لَو تَظَاهَرَتِ العَرَبُ عَلَى قِتَالِي، لَمَا وَلَّيتُ وَلَو أَمكَنَتنِي الفُرصَةُ مِن رِقَابِهَا لَمَا بَقِيتُ، وَمَن

لَمْ يُبَالِ مَتٰى حَتْفُهٗ عَلَيْهِ سَاقِطٌ فَجَنَانُهٗ فِى الْمُلِمَّاتِ رَابِطٌ.(۱)

۵۶۶ ـ جَابِرُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ :إِنَّ عَلِيًّاعَلَيهِ السَّلَامُ حَمَلَ الْبَابَ يَوْمَ خَيْبَرَ حَتّٰى صَعِدَ الْمُسْلِمونَ عَلَيْهِ فَفَتَحُوْهَا.(۲)

۵۶۷ ـ ظ اِبْنُ جَرِيْرِ الطَّبِرِيُّ صَاحِبُ الْمُسْتَرْشِدِ :إِنَّهٗ عَلَيهِ السَّلَامُ حَمَلَ بَابَ خَيْبَرَ بِشِمَالِهٖ وَهُوَ أَرْبَعَةُ أَذْرُعٍ فِيْ خَمْسَةِ أَشْبَارٍ عُمقًا حَجَرًا صَلْدًا دُوْنَ يَمِيْنِهٖ فَأَثَّرَ فِيْهِ أَصَابِعُهٗ وَحَمَلَهٗ بِغَيْرِ مِقْبَضٍ يَتَتَرَّسُ بِهٖ فَضَارَبَ الْأَقْرَانَ بِسَيْفِهٖ حَتّٰى هَجَمَ عَلَيْهِمْ ثُمَّ زَجَّهٗ مِنْ وَرَائِهٖ أَرْبَعِيْنَ ذِرَاعًا.(۳)

۵۶۸ ـ وَفِيْ رِوَايَةٍ :إِنَّهٗ كَانَ طُوْلُ الْبَابِ خَمْسَةَ عَشَرَ ذِرَاعًا، وَعَرْضُ الْخَنْدَقِ عَشَرَةُأَذْرُعٍ فَوَضَعَ جَانِبًا عَلٰى طَرَفِ الْخَنْدَقِ وَضَبَطَ بِيَدِهٖ جَانِبًا حَتّٰى عَبَرَ عَلَيْهِ الْعَسْكَرُ وَكَانُوْا ثَمَانِيَةَ آلَافٍ وَسَبْعَمِائَةَ رَجُلٍ وَفِيْهِمْ مَنْ كَانَ يَتَرَدَّدُ وَيَجِفُ عَلَيْهِ.(۴)

علی علیہ السلام اور فتحِ خیبر

۵۶۹۔امیر المؤمنین علیہ السلام سے منقول ہے حضرت نے جو خط سُہَیل بن حُنیف کو لکھا اس خط میں فرمایا: خُدا کی قسم! میں نے دروازۂ خیبر کو اپنی جسمانی طاقت سے نہیں اکھاڑا اور نہ ہی غذا کی طاقت

۱۔حلیۃ الابرار ۱/۳۱۴، روضۃ الواعظین ۱/۱۲۷

۲۔حلیۃ الأبرار ۱/۳۱۵

۳۔حلیۃ الأبرار ۱/۳۱۵

۴۔حلیۃ الابرار ۱/۳۱۵

سے بلکہ عالَمِ ملکوتی اور رُوحانی قدرت سے اور خداوند کے نور سے میری تائید ہوئی ہے۔ اور میری احمدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے نسبت ایسے ہے جیسے نور کی نور سے، خدا کی قسم! اگر عرب لوگ پوری طاقت سے میرے مقابلے کے لیے میدانِ جنگ میں آجائیں تو میں پیٹھ نہیں دکھاؤں گا اور اگر ان پر مسلّط ہونے کی فرصت ملی تو ان میں سے کسی کو بھی باقی نہیں چھوڑوں گا، ہاں اگر کسی کو یہ خوف نہ ہو کہ کس وقت موت آئے گی تو اس کا دل حالات اور واقعات سے مضبوط ہوتا ہے۔

۵۶۶۔ جابر بن عبداللہ کہتے ہیں: جنگِ خیبر کے دن علی علیہ السلام نے خیبر کے دروازے کو اپنے ہاتھ سے اٹھایا یہاں تک کہ مسلمان قلعۂ خیبر پر چڑھ گئے اور خیبر کو فتح کیا۔

۵۶۷۔ ابنِ جریر طبری صاحبِ مُسترشد سے نقل ہوا ہے کہ: خیبر کا دروازہ جو چار گز اور پانچ بالشت موٹا اور خالص پتھر سے بنا ہوا تھا حضرت علی علیہ السلام نے اس کو اپنے بائیں ہاتھ سے اس طرح اٹھایا کہ اس پر آپ کی انگلیوں کے نشان پڑ گئے اور وہ دروازہ جو بغیر کنڈے کے تھا اس کو اٹھا کر اپنی ڈھال بنایا اور دشمنوں پر وار کیے اس کے بعد دروازے کو اپنی پشت سے چار گز دور پھینک دیا۔

۵۶۸۔ روایت میں نقل ہوا ہے کہ خیبر کے دروازے کی لمبائی پندرہ گز تھی اور خندق کی چوڑائی دس گز تھی اور علی علیہ السلام نے دروازے کے ایک حصے کو خندق پر رکھا اور دوسرے حصے کو ہاتھ پر اٹھایا یہاں تک کہ لشکر اس کے اوپر سے گذرا اور لشکر کی تعداد آٹھ ہزار سات سو افراد پر مشتمل تھی اور ان میں پیدل اور سوار سبھی موجود تھے۔

۱۲۳۔ عَدَدُ جِرَاحَاتِ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَحُزْنُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لَهُ

۵۶۹۔ اَلْاِخْتِصَاصُ: ذَكَرُوا سَبْعِينَ خَصْلَةً مُجْتَمِعَةً فِي أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ

السَّلَامُ :تَرَکَ الشِّکَایَةِفِیْ مَوْضِعِ أَلَمِ الْجِرَاحَةِ وَکِتْمَانَ مَا وُجِدَ فِیْ جَسَدِهٖ مِنْ أَثَرِ الْجِرَاحَاتِ مِنْ قَرْنِهٖ إِلٰی قَدَمِهٖ،وَکَانَتْ أَلْفُ جِرَاحَةٍ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ، وَقَالُوْا :إِنْصَرَفَ أَمِیْرُالْمُؤْمِنِیْنَ عَلَیهِ السَّلَامُ مِنْ أُحُدٍ وَبِهٖ ثَمَانُوْنَ جِرَاحَةً یُدْخَلُ الْفَتَایِلُ مِنْ مَوْضِعٍ وَیُخْرَجُ مِنْ مَوْضِعٍ، فَدَخَلَ عَلَیْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَایِدًاوَهُوَ مِثْلُ الْمُضْغَةِ عَلٰی نُطْعٍ، فَلَمَّا رَآهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بَکٰی، ...وَشَکَتَا الْمَرْأَتَانِ، اَیِ الْجَرَّاحَتَانِ، إِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَا یَلْقٰی وَقَالَتَا :یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ خَشِیْنَا عَلَیْهِ مِمَّا تُدْخَلُ الْفَتَایِلُ فِیْ مَوْضِعِ الْجِرَاحَاتِ مِنْ مَوْضِعٍ إِلٰی مَوْضِعٍ وَکِتْمَانُهٗ مَا یَجِدُ مِنَ الْأَلَمِ، قَالَ :فَعُدَّمَا بِهٖ مِنْ أَثَرِ الْجِرَاحَاتِ عِنْدَ خُرُوْجِهٖ مِنَ الدُّنْیَا فَکَانَتْ أَلْفَ جِرَاحَةٍ مِنْ قَرْنِهٖ إِلٰی قَدَمِهٖ.(۱)

۵۷۰ـ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ :أُتِیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بِعَلِیٍّ عَلَیهِ السَّلَامُ یَوْمَئِذٍ یَعْنِیْ یَوْمَ أُحُدٍ، وَعَلَیْهِ نَیِّفٌ وَسِتُّوْنَ جِرَاحَةً مِنْ طَعْنَةٍ وَضَرْبَةٍ وَرَمْیَةٍ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یَمْسَحُهَا وَهِیَ تَلْتَئِمُ بِإِذْنِ اللّٰهِ کَأَنْ لَمْ تَکُنْ.(۲)

۵۷۱ـ عَنْ أَبِی الدُّنْیَا الْمُعَمَّرِ الْمَغْرِبِیِّ قَالَ :سَمِعْتُ أَمِیْرَالْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ عَلَیهِ السَّلَامُ یَقُوْلُ :جُرِحْتُ فِیْ وَقْعَةِ خَیْبَرَ خَمْسًا وَعِشْرِیْنَ جِرَاحَةً، فَجِئْتُ إِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَلَمَّا رَأٰی مَابِیْ بَکٰی وَأَخَذَ مِنْ دُمُوْعِ عَیْنَیْهِ فَجَعَلَهَا عَلَی الْجِرَاحَاتِ فَاسْتَرَحْتُ مِنْ سَاعَتِیْ.(۳)

۵۷۲ـ عَدَدُ جِرَاحَاتِ أَمِیْرِالْمُؤْمِنِیْنَ عَلَیهِ السَّلَامُ بِأُحُدٍ عَلٰی مَا فِیْ تَفْسِیْرِ

۱ـ سفینة البحار ۱/ ۵۶۵، الاختصاص / ۱۵۲ باختلاف فی موارد

۲ـ إثبات الهداة ۱/ ۳۴۵ ۳ـ سفینة البحار ۱/ ۵۶۶

الْقُمِّيِّ :تِسْعُوْنَ وَ فِي الْخَرَائِجِ :أَرْبَعُوْنَ، وَسِتَّ عَشْرَةَ ضَرْبَةً، سَقَطَ إِلَى الْأَرْضِ فِيْ أَرْبَعٍ مِنْهُنَّ، وَثَمَانُوْنَ فِيْ سَعْدِالسُّعُوْدِ.(۱)

علی علیہ السلام کے زخم اوران پر پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا غمگین ہونا

۵۶۹۔علی علیہ السلام کی سترّ خصلتوں میں سے ایک خصلت یہ بھی تھی کہ حضرتؑ نے کبھی بھی اپنے زخموں کے درد کومحسوس نہ کیااوران پر سر سے لے کرقدموں تک زخموں کے آثار تھے لیکن ان آثار کو چھپایا ہوا تھا۔

ان کوراہِ خدا میں ایک ہزار کے لگ بھگ زخم لگے تھے روایت میں نقل ہوا ہے کہ جس وقت امیر المومنینؑ جنگِ اُحُد سے واپس لوٹے تو اس وقت ان کے بدن پر اسّی زخم تھے اور زخم اتنے گہرے اورعمیق تھے کہ جس وقت زخم پر پٹّی باندھتے تھے تو دوسرے حصے سے زخم ظاہر ہوجاتا تھا۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علی علیہ السلام کی عیادت کے لیے تشریف لائے اس وقت علی علیہ السلام روندے ہوئے گوشت کی طرح ایک چمڑے پر سوئے ہوئے تھے رسولِ خداؐ کی نگاہ ان پر پڑی تو رونے لگے دو کنیزیں جوعلی علیہ السلام کے زخموں کی مرہم پٹی کرتی تھیں رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئیں اورشکایت کی اورکہا: یارَسُولَ اللّٰہؐ: ہمیں علی علیہ السلام کے زخموں کا خوف ہے ہم جس جگہ پر بھی پٹی کرتی ہیں دوسری جگہ سے زخم ظاہر ہوجاتے ہیں اورانہوں نے درد کو چھپایا ہوا ہے نقل ہوا ہے کہ علی علیہ السلام کی وفات کے بعد زخموں کے آثار کوگنا گیا دیکھا تو سر سے لے کرقدموں تک ایک ہزار زخموں کے آثار موجود تھے۔

۱۔ سفينة البحار ۱/ ۵٦۸

۵۷۰۔ اَنَس بن مالک نے کہا: جنگِ اُحُد میں علی علیہ السلام کو پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لایا گیا تو اس وقت انہیں ساٹھ کے لگ بھگ تیروں، تلواروں اور نیزوں کے زخم لگے ہوئے تھے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زخموں پر ہاتھ پھیرا اور خدا کے اِذن سے زخم آپس میں مل گئے گویا کہ زخم تھے ہی نہیں۔

۵۷۱۔ ابوالدنیا معمر مغربی کہتے ہیں: میں نے امیرالمؤمنین علیہ السلام سے سنا حضرتؑ نے فرمایا: میں نے جنگِ خَیبَر میں پچیس ہزار زخم کھائے، میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا جس وقت پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میری حالت دیکھی تو رو پڑے، اس وقت ان کی آنکھوں سے آنسو میرے زخمون پر گرے تو فوراً ہی مجھے سکون مل گیا۔

۵۷۲۔ جو کچھ تفسیر قُمّیؒ میں بیان ہوا ہے: جنگِ اُحُد میں امیرالمؤمنین علیہ السلام کے زخموں کی تعداد نوّے تھی اور خرایج میں نقل ہوا ہے کہ حضرتؑ کے زخموں کی تعداد چالیس تھی اور سولہ ضربیں لگی ہوئیں تھیں اور چار ضربوں کی وجہ سے زمین پر گر پڑے اور سعدالسعود کے مطابق اسّی تھی۔

تیسرا حصّہ

غدیر، اِمامت، ولایت، علی علیہ السلام کی خلافت

اور حضرتؑ کے ساتھ مخالفت کے آثار

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

فِی الْغَدِیْرِ

١٢٤ ـ عَلِیٌّ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَحَدِیْثُ الْغَدِیْرِ

یَا أَیُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَآ أُنْزِلَ إِلَیْکَ مِنْ رَبِّکَ وَإِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَہٗ وَاللّٰہُ یَعْصِمُکَ مِنَ النَّاسِ.(١)

اَلْیَوْمَ أَکْمَلْتُ لَکُمْ دِینَکُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْإِسْلَامَ دِیْناً.(٢)

٥٧٣ ـ رُوِیَ عَنْ أَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ :لَمَّا نَزَلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ بِغَدِیْرِ خُمٍّ یَوْمَ الْخَمِیْسِ الثَّامِنَ عَشَرَ مِنْ ذِی الْحِجَّةِ دَعَی النَّاسَ إِلٰی عَلِیٍّ فَأَخَذَ بِضبعِہٖ فَیَرْفَعُهُمَا حَتّٰی نَظَرَ النَّاسُ إِلٰی بَیَاضِ إِبِطِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ فَقَالَ :اَللّٰہُ أَکْبَرُ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کَمَالِ الدِّیْنِ وَإِتْمَامِ النِّعْمَةِ وَرِضَی الرَّبِّ بِرِسَالَتِیْ وَالْوِلَایَةِ لِعَلِیٍّ مِنْ بَعْدِیْ، مَنْ کُنْتُ مَوْلَاہُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاہُ.(٣)

٦٧٤ ـ عَنْ جَرِیْرٍ قَالَ :شَهِدْنَا الْمَوْسِمَ فِیْ حَجَّةِ الْوِدَاعِ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ فَبَلَغْنَا مَکَاناً یُقَالُ لَہٗ غَدِیْرُ خُمٍّ فَنَادٰی :اَلصَّلَاةُ جَامِعَةٌ، فَاجْتَمَعْنَا -الْمُهَاجِرُوْنَ وَالْأَنْصَارُ- فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ وَسَطَنَا فَقَالَ :أَیُّهَا

---

١ ـ مائدہ / ٦٧

٢ ـ مائدہ / ٣

٣ ـ احقاق الحق ٦/ ٢٧٥

النَّاسُ اِبِمَ تَشْهَدُوْنَ؟ قَالُوْا :نَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، قَالَ:ثُمَّ مَهْ؟ قَالُوْا :وَأَنَّ مُحَمَّدًاصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ قَالَ :فَمَنْ وَلِيُّكُمْ؟ قَالُوْا :اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ مَوْلَانَا،قَالَ :ثُمَّ ضَرَبَ بِيَدِهِ إِلٰى عَضُدِ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَام فَأَقامَهُ فَنَزَعَ عَضُدَهُ فَأَخَذَ بِذِرَاعَيْهِ فَقَالَ :مَنْ يَكُنِ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ مَوْلَاهُ فَإِنَّ هٰذَا مَوْلَاهُ، اَللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ، وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ، اَللّٰهُمَّ مَنْ أَحَبَّهُ مِنَ النَّاسِ فَكُنْ لَهُ حَبِيْبًا، وَمَنْ أَبْغَضَهُ فَكُنْ لَهُ مُبْغِضًا.(۱)

۵۷۵ ـ فَنَادٰى:اَلصَّلَاةُ جَامِعَةٌ، فَاجْتَمَعُوْا، فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ عَلِيٌّ عَلَيهِ السَّلَامُ فَقَالَ :يَا أَيُّهَا النَّاسُ !أَلَسْتُمْ تَزْعُمُوْنَ أَنِّيْ مَوْلٰى كُلِّ مُؤْمِنٍ وَمُؤْمِنَةٍ؟ قَالُوْا :بَلٰى، قَالَ :مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ، اَللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ، وَانْصُرْ مَنْ نَصَرَهُ وَاخْذُلْ مَنْ خَذَلَهُ وَأَعِنْ مَنْ أَعَانَهُ، وَابْغَضْ مَنْ أَبْغَضَهُ وَأَحِبَّ مَنْ أَحَبَّهُ.(۲)

۵۷۶ ـ عَنْ سَعْدٍ قَالَ :كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بِطَرِيْقِ مَكَّةَ وَهُوَ مُتَوَجِّهٌ إِلَيْهَا، فَلَمَّا بَلَغَ غَدِيْرَ خُمٍّ وَقَفَ النَّاسُ ثُمَّ رَدَّ مَنْ تَبِعَهُ وَلَحِقَهُ مَنْ تَخَلَّفَ: فَلَمَّا اجْتَمَعَ النَّاسُ إِلَيْهِ، قَالَ :أَيُّهَاالنَّاسُ !مَنْ وَلِيُّكُمْ؟ قَالُوْا :اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ ثَلَاثًا، ثُمَّ أَخَذَ بِيَدِ عَلِيٍّ فَأَقَامَهُ ثُمَّ قَالَ :مَنْ كَانَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ وَلِيَّهُ فَهٰذَا وَلِيُّهُ، اَللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ، وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ.(۳)

۵۷۷ ـ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ :كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

---

۱ ـ احقاق الحق ۲۷۰/۶

۲ ـ المسترشد/ ۴۷۰

۳ ـ احقاق الحق ۳۷۲/۶

وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِی حَجَّةِ الْوَداعِ فَلَمَّاأَتَینا عَلیٰ غَدِیرِ خُمٍّ کُسِحَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ تَحْتَ شَجَرَتَینِ وَنُودِیَ فِی النّاسِ الصَّلاةُجامِعَةٌ، وَدَعارَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ عَلِیًّا وَأَخَذَبِیَدِهِ فَأَقامَهُ عَنْ یَمِینِهِ فَقالَ :أَلَسْتُ أَولیٰ بِکُلِّ امْرِیءٍ مِنْ نَفْسِهِ؟ قالُوا :بَلیٰ .قالَ :فَإِنَّ هٰذا مَولیٰ مَنْ أَنا مَولاهُ، اَللّٰهُمَّ والِ مَنْ والاهُ، وَعادِ مَنْ عاداهُ .فَلَقِیَهُ عُمَرُبْنُ الْخَطّابِ فَقالَ :هَنِیئًا لَکَ، أَصْبَحْتَ وَأَمْسَیتَ مَولیٰ کُلِّ مُؤْمِنٍ وَمُؤْمِنَةٍ.(۱)

۵۷۸ ـ مِنْ خُطْبَتِهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِی یَومِ غَدِیرِ خُمٍّ بِاتِّفاقِ الْجَمِیعِ وَهُوَ یَقُولُ :مَنْ کُنْتُ مَولاهُ فَعَلِیٌّ مَولاهُ فَقالَ عُمَرُ :بَخٍ بَخٍ لَکَ یا أَباالْحَسَنِ !لَقَدْ أَصْبَحْتَ مَولایَ وَمَولیٰ کُلِّ مُؤْمِنٍ وَمُؤْمِنَةٍ.(۲)

۵۷۹ ـ قالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مَنْ کُنْتُ مَولاهُ فَعَلِیٌّ مَولاهُ، أَللّٰهُمَّ والِ مَنْ والاهُ وَعادِ مَنْ عاداهُ.(۳)

۵۸۰ ـ قالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :مَنْ کُنْتُ مَولاهُ فَعَلِیٌّ مَولاهُ. أَللّٰهُمَّ والِ مَنْ والاهُ وَعادِ مَنْ عاداهُ وَانْصُرْ مَنْ نَصَرَهُ وَاخْذُلْ مَنْ خَذَلَهُ، وَالْعَنْ مَنْ ظَلَمَهُ.(۴)

---

۱ ـ الغدیر ۱/۲۷۲ ۲ ـ الغدیر ۱/۲۶۷

۳ ـ احقاق الحق ۶/۲۷۸، المسترشد /۴۶۸، الغدیر ۵/۳۶۳، مناقب علی بن ابیطالب/۲۳، ذخائرالعقبیٰ/۶۷

۴ ـ اثبات الهداة ۲/۲۹، الغدیر ۱۰/۲۷۸، الاستیعاب ۳/۱۰۹۹

پہلی فصل

غدیر کا واقعہ

علی علیہ السلام اور حدیثِ غدیر

اے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! جو حکم تمہارے پروردگار کی طرف سے تم پر نازل کیا گیا ہے پہنچا دو، اور اگر تم نے ایسا نہ کیا تو تم نے اس کا کوئی پیغام ہی نہیں پہنچایا اور خدا تم کو لوگوں کے شر سے محفوظ رکھے گا۔

آج میں نے تمہارے دین کو کامل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی اور تمہارے لیے دین اسلام کو پسند کیا۔

۵۷۳۔ ابو سعید خدری سے نقل ہوا ہے کہ جب پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جمعرات کے دن اٹھارہ ذی الحجہ کو، غدیرِ خُم، کے مقام پر پہنچے، لوگوں کو علی علیہ السلام کی طرف بلایا اس کے بعد علی علیہ السلام کا بازو پکڑ کر بلند کیا۔ اتنا بلند کیا کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بغل کی سفیدی ظاہر ہوگئی، پھر فرمایا: اَللّٰہُ اَکبر، شکر ہے اس خدا کا جس نے میری رسالت اور علیؑ کی ولایت کے ذریعہ دین کو کامل کیا اور لوگوں پر اپنی نعمت کو پورا کر دیا اور اس عمل سے خوشنود ہو گیا پس جس کا میں مولا ہوں اس کے علیؑ مولا ہیں۔

۵۷۴۔ جریر کہتے ہیں: ہم حجۃُ الوَداع میں رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے حج سے واپسی پر ہم ایک مکان پر پہنچے جو غَدیرِ خُم کے نام سے مشہور تھا پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز کے لیے نِدا دی، ہم

مہاجرین اور انصار جمع ہو گئے، پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کھڑے ہو کر فرمایا: اے لوگو! تم کس چیز کی گواہی دیتے ہو؟ لوگوں نے کہا: ہم گواہی دیتے ہیں کہ خدا کے سوا کوئی اور عبادت کے لائق نہیں، اس کے بعد فرمایا: دوسری کس چیز کی گواہی دیتے ہو؟ کہا: ہم گواہی دیتے ہیں کہ محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خدا کے بندے اور اس کے رسول ہیں فرمایا: تمہارا سرپرست کون ہے؟ کہا خدا اور اس کے رسولؐ ہمارے سرپرست ہیں۔

اس وقت علی علیہ السلام کے بازو سے پکڑ کر ان کو کھڑا کیا اس کے بعد بازو چھوڑ دیا اور ان کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر فرمایا: جس کے خدا اور رسولؐ مولا ہیں یہ بھی اس کے مولا ہیں، اے اللہ! دوست رکھ اسے جو علی علیہ السلام کو دوست رکھے اور دشمن رکھ اسے جو علی کو دشمن رکھے۔

۵۷۵۔روایت میں نقل ہوا ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غدیرِ خُم میں نماز کے لیے نِدا دی تمام لوگ جمع ہو گئے، پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور علی علیہ السلام جمعیت کے سامنے آئے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! کیا تمہیں یقین نہیں ہے کہ میں ہر مؤمن مرد اور عورت کا مولا ہوں؟ کہا: کیوں نہیں فرمایا: جس کا میں مولا ہوں علیؑ اس کے مولا ہیں خدایا! لوگوں میں سے جو علیؑ کو دوست رکھتا ہے اسے دوست رکھ اور دشمن رکھ اسے جو علی علیہ السلام کو دشمن رکھے اور مدد کر اس کی جو ان کی مدد کرے اور چھوڑ دے اسے جو ان کی مدد نہ کرے اور حمایت کر اس کی جو ان کی حمایت کرے اور دشمن رکھ اسے جو ان کو دشمن رکھے اور دوست رکھ اسے جو ان کو دوست رکھے۔

۵۷۶۔سَعُد کہتے ہیں: ہم مکّہ کے راستے میں رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے جب غدیرِ خُم، پہنچے تو لوگوں سے فرمایا: رُک جائیں اس کے بعد فرمایا: آگے بڑھ جانے والوں کو واپس بلائیں اور جو پیچھے سے آنے والے ہیں وہ ان کے ساتھ مل جائیں، جب سب لوگ جمع ہو گئے پیغمبرؐ نے

فرمایا: اے لوگو! تمہارا سرپرست کون ہے؟ کہا: خدا اور اس کا رسولؐ ہمارے سرپرست ہیں، اور اس جملہ کا تین بار تکرار کیا۔ پھر رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام کا ہاتھ پکڑ کر بلند کیا اور اس کے بعد فرمایا: جس کے خدا اور اس کا رسولؐ سرپرست ہیں، علیؑ بھی اس کا سرپرست ہے، خداوندا! دوست رکھ اُسے جو علیؑ کو دوست رکھے اور دشمن رکھ اسے جو علی علیہ السلام کو دشمن رکھے۔

۵۷۷۔ عَدِی بن ثابت نے بَرَاءٔ سے نقل کیا ہے اس نے کہا: ہم حَجۃُ الوَدَاع کے وقت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے، جس وقت غَدیرِ خُم پر پہنچے تو ہم نے پیغمبرِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے دو درختوں کے نیچے جاڑو لگایا اور لوگوں کے درمیان میں سے "اَلصَّلوٰۃُ جَامِعَۃٌ" کی آواز بلند ہوئی، اس وقت پیغمبرؐ نے علی علیہ السلام کو بلایا اور ان کا ہاتھ پکڑ کر انہیں اپنی دائیں طرف بٹھایا، اور فرمایا: کیا میں تم پر خود تم سے زیادہ حقِ تصرّف نہیں رکھتا، سب نے ہم آواز ہو کر کہا: کیوں نہیں، فرمایا: بس یہ اس کے سرور ہیں جس کا میں سرور ہوں خدایا اُسے دوست رکھ جو انہیں دوست رکھے اور اُسے دشمن رکھ جو انہیں دشمن رکھے اِسی دوران عمر بن خَطّابؓ نے ان سے ملاقات کی اور کہا: مُبارک ہو آپ کو آپ تو ہر مؤمن اور مؤمنہ کے مولا ہو گئے۔

۵۷۸۔ سب متفق ہیں، کہ یہ نورانی کلمات پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہی ہیں جو انہوں نے غَدیرِ خُم کے دن فرمائے جس کا میں مولا ہوں علی علیہ السلام بھی اس کے مولا ہیں عمر بن خطابؓ نے کہا: مُبارک ہو آپ کو اے ابوالحسنؑ: آپ تو ہر مؤمن اور ہر مؤمنہ کے مولا ہو گئے۔

۵۷۹۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کا میں مولا ہوں علیؑ اس کے مولا ہیں خدایا: دوست رکھ اسے جو انہیں دوست رکھے اور دشمن رکھ اسے جو انہیں دشمن رکھے۔

۵۸۰۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کا میں مولا ہوں اس کے علی علیہ السلام مولا ہیں اے اللہ جو

انہیں دوست رکھے تو اسے دوست رکھ اور جو انہیں دشمن رکھے تو اسے دشمن رکھ اور اس کی مدد کر جو ان کی مدد کرے اور اس کی مدد نہ کر جو ان کی مدد نہ کرے اور اس پر لعنت کر جس نے ان پر ظلم کیا۔

۱۲۵ ـ یَوْمُ غَدِیْرِ خُمٍّ اَفْضَلُ الْأَعْیَادِ

۱۵۸۱ ـ بِالْإِسْنَادِ، عَنِ الصَّادِقِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِیْهِ عَنْ آبَائِهٖ عَلَیهِمُ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :یَوْمُ غَدِیْرِ خُمٍّ أَفْضَلُ أَعْیَادِ أُمَّتِیْ وَهُوَ الْیَوْمُ الَّذِیْ أَمَرَنِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی ذِکْرُهٗ فِیْهِ بِنَصْبِ أَخِیْ عَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ عَلَیْهِ السَّلَامُ عَلَمًا لِأُمَّتِیْ یَهْتَدُوْنَ بِهٖ مِنْ بَعْدِیْ وَهُوَ الْیَوْمُ الَّذِیْ أَکْمَلَ اللّٰهُ فِیْهِ الدِّیْنَ وَأَتَمَّ عَلٰی أُمَّتِیْ فِیْهِ النِّعْمَةَ وَرَضِیَ لَهُمُ الْإِسْلَامَ دِیْنًا، ثُمَّ قَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :مَعَاشِرَ النَّاسِ! إِنَّ عَلِیًّا مِنِّیْ وَأَنَا مِنْ عَلِیٍّ خُلِقَ مِنْ طِیْنَتِیْ، وَهُوَ إِمَامُ الْخَلْقِ بَعْدِیْ یُبَیِّنُ لَهُمْ مَا اخْتَلَفُوْا فِیْهِ مِنْ سُنَّتِیْ وَهُوَ أَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ وَقَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ وَیَعْسُوْبُ الْمُؤْمِنِیْنَ وَخَیْرُ الْوَصِیِّیْنَ وَزَوْجُ سَیِّدَةِ نِسَاءِ الْعَالَمِیْنَ وَأَبُو الْأَئِمَّةِ الْمَهْدِیِّیْنَ، مَعَاشِرَ النَّاسِ !مَنْ أَحَبَّ عَلِیًّا أَحْبَبْتُهٗ وَمَنْ أَبْغَضَ عَلِیًّا أَبْغَضْتُهٗ، وَمَنْ وَصَلَ عَلِیًّا وَصَلْتُهٗ، وَمَنْ قَطَعَ عَلِیًّا قَطَعْتُهٗ، وَمَنْ جَفَا عَلِیًّا جَفَوْتُهٗ، وَمَنْ وَالٰی عَلِیًّا وَالَیْتُهٗ، وَمَنْ عَادٰی عَلِیًّا عَادَیْتُهٗ....(۱)

۵۸۲ ـ بِالْإِسْنَادِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ یَحْیٰی عَنْ جَدِّهِ الْحَسَنِ بْنِ رَاشِدٍ، عَنْ أَبِیْ عَبْدِاللّٰهِ عَلَیْهِ السَّلَامُ قَالَ :قُلْتُ :جُعِلْتُ فِدَاکَ لِلْمُسْلِمِیْنَ عِیْدٌ غَیْرَ الْعِیْدَیْنِ؟ قَالَ :نَعَمْ یَا حَسَنُ !أَعْظَمُهُمَا وَأَشْرَفُهُمَا، قَالَ :قُلْتُ لَهٗ :وَأَیُّ یَوْمٍ هُوَ؟ قَالَ :یَوْمُ نُصِبَ أَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلَیْهِ السَّلَامُ عَلَمًا لِلنَّاسِ، قُلْتُ :جُعِلْتُ فِدَاکَ وَأَیُّ یَوْمٍ هُوَ؟ قَالَ :إِنَّ

---

۱ ـ امالی الصدوق/ ۱۰۹، البحار ۳۷/ ۱۰۹، روضة الواعظین ۱/ ۱۰۲، اثبات الهداة ۱/ ۵۲۶ باختلاف فی موارد، غایة المرام/ ۸۹

الْأَيَّامَ تَدُوْرُ وَهُوَ يَوْمُ ثَمَانِيَ عَشَرَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ قَالَ :قُلْتُ جُعِلْتُ فِدَاكَ وَمَا يَنْبَغِيْ لَنَا أَنْ نَصْنَعَ فِيْهِ؟ قَالَ :تَصُوْمُهُ يَا حَسَنُ وَتُكْثِرُ الصَّلَاةَ فِيْهِ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَأَهْلِ بَيْتِهِ وَتَتَبَرَّأُ إِلَى اللّٰهِ مِمَّنْ ظَلَمَهُمْ وَجَحَدَ حَقَّهُمْ، فَإِنَّ الْأَنْبِيَاءَ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ كَانَتْ تَأْمُرُ الْأَوْصِيَاءَ بِالْيَوْمِ الَّذِيْ كَانَ يُقَامُ فِيْهِ الْوَصِيُّ أَنْ يُتَّخَذَ عِيْدًا قَالَ :قُلْتُ مَا لِمَنْ صَامَهُ مِنَّا؟ قَالَ :صِيَامُ سِتِّيْنَ شَهْرًا....(١)

عیدِ غدیر سب سے بڑی عید ہے

۵۸۱۔امام صادق علیہ السلام نے اپنے والدِ گرامی سے اور حضرتؑ نے اپنے اجداد علیہم السلام سے نقل کیا کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: غدیر کا دن میری امت کے لیے سب سے بڑی عید کا دن ہے، یہ وہی دن ہے کہ جس دن خداوند نے مجھے حکم دیا کہ میں اپنے بھائی علی بن ابی طالب علیہ السلام کو اپنی امت کا امام بناؤں جن سے میرے بعد وہ راہنمائی اور ہدایت حاصل کریں، یہ وہ دن ہے کہ اس دن اللہ نے دین کو مکمّل کیا اور میری امّت پر نعمت کو پورا کیا اور اسلام کو ان کے دین ہونے پر پسند کیا، اس کے بعد پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے لوگوں کا گروہ! بے شک علی علیہ السلام مجھ سے ہیں اور میں علی علیہ السلام سے ہوں، وہ میری مٹی سے خلق کیے گئے ہیں، وہ میرے بعد لوگوں کے امام ہیں اور میری جن سنتوں پر لوگوں کے درمیان اختلاف ہے ان کے لیے بیان کریں گے وہ سفید اور نورانی چہروں کے امیر المؤمنین اور بہترینِ اوصیاء اور مؤمنین کے پیشوا اور خاتونِ جنّت کے شوہر اور ہدایت یافتہ ائمہ علیہم السلام کے باپ ہیں۔اے لوگوں کا گروہ! جو بھی علی علیہ السلام سے محبت کرے گا میں بھی اس سے محبت

١۔ ثواب الأعمال/ ٩٩، مصباح المتهجدين/ ٦٨٠ والإثنا عشرية/ ١٦٨ باختلاف في موارد

کروں گا اور جو علی علیہ السلام سے کینہ اور دشمنی کرے گا میں بھی اس سے دشمنی کروں گا اور جو علیؑ سے رابطہ رکھے گا میں بھی اس سے رابطہ رکھوں گا اور جو علی علیہ السلام سے دوری کرے گا میں بھی اس سے دوری کروں گا اور جو علی علیہ السلام کو چھوڑ دے گا میں بھی اُسے چھوڑ دوں گا اور جو علی علیہ السلام سے دوستی رکھے گا میں بھی اسے دوست رکھوں گا اور جو علی علیہ السلام کو دشمن رکھے گا میں بھی اسے دشمن رکھوں گا۔

۵۸۲۔ قاسم بن یحیٰی نے اپنے جد حسن بن راشد سے نقل کیا ہے کہ اس نے کہا میں نے امام صادق علیہ السلام کی خدمت میں عرض کی: میں آپ پر قربان ہو جاؤں کیا دو عیدوں کے علاوہ بھی مسلمانوں کی کوئی عید ہے؟ فرمایا: ہاں! اے حسن اور وہ ان دونوں سے عظیم اور افضل ہے۔

میں نے پوچھا وہ کونسا دن ہے؟ فرمایا: یہ وہ دن ہے جس دن علی علیہ السلام کو لوگوں کا امام مقرر کیا گیا۔ میں نے پوچھا میں آپ پر قربان ہو جاؤں وہ کون سا دن ہے؟ فرمایا: دن گردش میں ہیں وہ دن اٹھارہ ذی الحجہ کا دن ہے۔ میں نے پوچھا: میں آپ پر قربان ہو جاؤں اس دن ہمیں کیا کرنا چاہیے۔ فرمایا: اے حسن! روزہ رکھو، محمدؐ اور آلِ محمدؐ پر کثرت سے درود بھیجو، اور جنھوں نے ان پر ظلم کیا ہے اور ان کے حق سے انکار کیا ہے ان سے برائت اور نفرت کا اظہار کرو، اس لیے کہ انبیاءِ کرام جس دن کسی کو اپنا جانشین اور وصی بناتے تھے تو اپنے اوصیاء کو حکم دیتے تھے کہ جس دن وہ وصی منصوب ہوئے ہیں اس دن عید منائیں میں نے پوچھا: جو اس دن روزہ رکھے اس کا ثواب کیا ہے؟ فرمایا: ساٹھ مہینوں کے روزے کا ثواب ہے۔

۱۲۶۔ اَلصَّوْمُ وَالْاِنْفَاقُ فِیْ یَوْمِ الْغَدِیْرِ

۵۸۳۔ عَنِ الْمُفَضَّلِ عَنْ أَبِیْ عَبْدِاللّٰهِ عَلَیْهِ السَّلَامُ قَالَ :صَوْمُ یَوْمِ غَدِیْرِ خُمٍّ

كَفَّارَةُ سِتِّيْنَ سَنَةً.(١)

٥٨٤ ـ بِـالْإِسْنَادِ، عن علي بن الحسين العبدي قال :سـمعت أبا عبدالله عليه السَّلاَمُ يَقُوْلُ :صِيَامُ يَوْمِ غَـدِيْـرِ خُمٍّ يَعْدِلُ عِنْدَ اللّٰهِ فِيْ كُلِّ عَامٍ مِائَةَ حَجَّةٍ وَمِائَةَ عُمْرَةٍ مَبْرُوْرَاتٍ مُتَقَبَّلاَتٍ وَهُوَعِيْدُ اللّٰهِ الْأَكْبَرُ.(٢)

٥٨٥ ـ قَالَ الصَّادِقُ عَلَيهِ السَّلاَمُ :صِيَامُ يَوْمِ غَدِيْرِ خُمٍّ يَعْدِلُ صِيَامَ عُمْرِ الدُّنْيَا لَـوْ عَاشَ إِنْسَانٌ،وَصِيَامُهُ يَعْدِلُ عِنْدَاللّٰهِ مِائَةَ حَجَّةٍ وَمِائَةَ عُمْرَةٍ مَبْرُوْرَاتٍ مُتَقَبَّلاَتٍ، وَهُوَ الْعِيْدُ الْأَكْبَرُ.(٣)

٥٨٦ ـ بِـالْإِسْـنَادِ، عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِيْ نَصْرٍ قَالَ :كُنَّا عِنْدَ الرِّضَاعَلَيهِ السَّـلاَمُ وَالْـمَـجْـلِـسُ غَـاصٌّ بِـأَهْـلِـهِ فَتَـذَاكَـرُوْا يَوْمَ الْغَدِيْرِ فَأَنْكَرَه بَعْضُ النَّاسِ، فَقَالَ الـرِّضَـاعَلَيهِ السَّلاَمُ حَدَّثَنِيْ أَبِيْ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ :إِنَّ يَـوْمَ الْـغَدِيْرِ فِي السَّمَاءِ أَشْهَرُ مِنْهُ فِيْ الْأَرْضِ، إِنَّ لِـلّٰـهِ فِـي الْـفِـرْدَوْسِ الْأَعْـلٰـى قَصْرًا لَبِنَةٌ مِنْ فِضَّةٍ، وَلَبِنَةٌ مِنْ ذَهَبٍ، ثُمَّ ذَكَرَ وَصْفَ ذٰلِكَ الْـقَـصْـرِ وَمَـا يَـجْتَـمِعُ فِيْهِ يَوْمَ الْغَدِيْرِ مِنَ الْمَلاَئِكَةِ وَمَا يَنَالُوْنَ مِنْ كَرَامَةِ ذٰلِكَ الْيَوْمِ، ثُمَّ قَالَ :يَاابْنَ أَبِيْ نَصْرٍ !أَيْنَمَا كُنْتَ فَاحْضُرْ يَوْمَ الْغَدِيْرِ عِنْدَ أَمِيْرِالْمُؤْمِنِيْنَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فَإِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ لِكُلِّ مُؤْمِنٍ وَمُؤْمِنَةٍ وَمُسْلِمٍ وَمُسْلِمَةٍ ذُنُوْبَ سِتِّيْنَ سَنَةً، وَيَعْتِقُ مِنَ الـنَّـارِ ضِعْفَ مَـا أَعْتَـقَ فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ، وَفِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ وَلَيْلَةِ الْفِطْرِ،وَالدِّرْهَمُ فِيْهِ بِـأَلْفِ دِرْهَـمٍ لِإِخْـوَانِـكَ الْـعَارِفِيْنَ، فَافْضُلْ عَلٰى إِخْوَانِكَ فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وَسِرَّ فِيْهِ كُلَّ

١ـ البحار ٩٧/ ١١٢، من لايحضره الفقيه ٢/ ٩٠، المحجةالبيضاء ٢/ ١٣١، ثواب الأعمال / ١٠٠، مصباح المتهجدين / ٦٧٩   ٢ ـ الغدير ١/ ٢٨٦

٣ـ جامع الأخبار / ٢٠٥، مستدرک الوسائل٦/ ٢٧٣ باختلاف في موارد

مُؤْمِنٍ وَ مُؤْمِنَةٍ....(۱)

عیدِ غدیر کے دن روزہ رکھنا اور انفاق کرنا

۵۸۳۔ مفضّل سے نقل ہوا ہے کہ امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: غدیرِ خُم کے دن روزہ رکھنا ساٹھ سال کے گناہوں کا کفّارہ ہے۔

۵۸۴۔ علی بن حسین عبدی کہتے ہیں: میں نے امام صادق علیہ السلام سے سنا انہوں نے فرمایا: ہر سال غدیرِ خُم کے دن روزہ رکھنا، خدا کے نزدیک ایک سو حج اور عُمرۂ مقبول کے برابر ہے اور اس دن خدا کی بہت بڑی عید ہے۔

۵۸۵۔ امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: غدیرِ خُم کے دن کا روزہ اگر کوئی قیامت تک زندہ رہے تو پوری عمر کے برابر ہے اور اس دن کا روزہ خدا کے نزدیک ایک سو حج اور عمرۂ مقبول کے برابر ہے اور یہ وہی دن ہے جو عظیم عید میں شمار ہوتا ہے۔

۵۸۶۔ احمد بن محمد بن ابی نصر کہتے ہیں: میں امام رضا علیہ السلام کی خدمت میں تھا اور کافی تعداد میں لوگ موجود تھے اس وقت واقعۂ غدیر کے بارے میں گفتگو ہوئی اور کچھ لوگوں نے اس کا انکار کیا۔ امام رضا علیہ السلام نے فرمایا: آسمان پر معروف ہے فردوسِ اعلا پر خداوند کا ایک محل ہے جس کی ایک اینٹ سونے کی اور دوسری اینٹ چاندی کی ہے اس وقت اس محل کی خصوصیات بتائیں اور فرمایا: عیدِ غدیر کے دن ملائکہ اس محل میں جمع ہوتے ہیں اور اس کی برکتوں اور کرامات سے لطف اندوز

۱۔ الوسائل ۱۰/ ۲۰۲، التهذیب ۶/ ۲۴، مصباح المتهجدین / ۶۸۰ باختلاف فی موارد

ہوتے ہیں۔اس کے بعد فرمایا: اے ابونصر کے فرزند: جہاں کہیں بھی ہو، غدیر کے دن امیر المؤمنین علیہ السلام کے روضہ اقدس پر حاضر ہو جاؤ، اس لیے کہ اس دن خداوند ہر مؤمن مرد اور مؤمنہ عورت اور مسلمان کے ساٹھ سال کے گناہوں کی بخشش کرتا ہے اور جنہیں ماہ رمضان اور شبِ قدر اور عیدِ فطر کی رات دوزخ سے نجات دیتا ہے ان کے دوگنا تعداد میں انہیں آزاد کرے گا۔ اور اس دن اپنے مؤمن اور عارف بھائیوں کو ایک درہم صدقہ دینا ہزار درہم کے برابر ہے، پس اس دن اپنے بھائیوں پر احسان کرو اور ہر مؤمن مرد اور مؤمنہ عورت کو خوشحال رکھو۔

۱۲۷۔ اَلْخُطْبَةُ الْغَدِيرِيَّةُ

۵۸۷۔ بِالْإِسْنَادِ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ قَالَ: حَجَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ مِنَ الْمَدِينَةِ وَقَدْ بَلَّغَ جَمِيعَ الشَّرَايِعِ قَوْمَهُ غَيْرَ الْحَجِّ وَالْوِلَايَةِ فَأَتَاهُ جَبْرَئِيلُ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ! إِنَّ اللّٰهَ يُقْرِئُكَ السَّلَامَ وَيَقُولُ لَكَ: إِنِّي لَمْ أَقْبِضْ نَبِيًّا مِنْ أَنْبِيَائِي، وَرَسُولًا مِنْ رُسُلِي إِلَّا مِنْ بَعْدِ كَمَالِ دِينِي وَتَمَامِ حُجَّتِي، وَقَدْ بَقِيَ عَلَيْكَ مِنْ ذٰلِكَ فَرِيضَتَانِ مِمَّا يَحْتَاجُ أَنْ تُبَلِّغَ قَوْمَكَ: فَرِيضَةُ الْحَجِّ، وَفَرِيضَةُ الْوِلَايَةِ وَالْخَلِيفَةِ مِنْ بَعْدِكَ، فَإِنِّي لَمْ أُخْلِ أَرْضِي مِنْ حُجَّةٍ وَلَنْ أُخْلِيَهَا أَبَدًا، وَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَأْمُرُكَ أَنْ تُبَلِّغَ قَوْمَكَ الْحَجَّ، وَلْيَحُجَّ مَعَكَ مَنِ اسْتَطَاعَ السَّبِيلَ مِنْ أَهْلِ الْحَضَرِ وَالْأَطْرَافِ وَالْأَعْرَابِ فَتُعَلِّمَهُمْ مِنْ حَجِّهِمْ مِثْلَ مَا عَلَّمْتَهُمْ مِنْ صَلَاتِهِمْ وَزَكَاتِهِمْ وَصِيَامِهِمْ وَتُوَقِّفَهُمْ مِنْ ذٰلِكَ عَلَى مِثْلِ الَّذِي لَوَقَّفْتَهُمْ عَلَيْهِ مِنْ جَمِيعِ مَا بَلَّغْتَهُمْ مِنَ الشَّرَايِعِ، فَنَادَى مُنَادِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ يُرِيدُ الْحَجَّ وَأَنْ يُعَلِّمَكُمْ مِنْ ذٰلِكَ مِثْلَ الَّذِي عَلَّمَكُمْ

مِنْ شَرَایِعِ دِیْنِکُمْ وَیُوْقِفکُمْ مِنْ ذٰلِکَ عَلٰی مِثْلِ ما أَوْقفکُمْ قالَ :فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَخَرَجَ مَعَهٗ ناسٌ وَصَغَوْا لَهٗ لِیَنْظُرُوْا ما یَصْنَعُ؟وَکَانَ جَمِیعُ مَنْ حَجَّ مَعَ رَسولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مِنْ أَهْلِ الْمَدِیْنَةِ وَالْأَطْرافِ وَالْأَعْرابِ سَبْعِیْنَ أَلْفًا أَوْ یَزِیْدُوْنَ (عَلٰی نَحْوِ عَدَدِ أَصْحَابِ مُوْسَی السَّبْعِیْنَ أَلْفًا الَّذِیْنَ أَخذَ عَلَیْهِمْ بَیْعَةِ هٰرُوْنَ فَنَکَثُوْا وَاتَّبَعُوا السَّامِرِیَّ وَالْعِجْلَ، وَکَذٰلِکَ أَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهِ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ الْبَیْعَةَ لِعَلِیٍّ عَلَیهِ السَّلَامُ بِالْخِلَافَةِعَلٰی نَحْوِ عَدَدِ مُوْسٰی عَلَیهِ السَّلَامُ سَبْعِیْنَ أَلْفًا فَنَکَثُوا الْبَیْعَةَ وَاتَّبَعُوا الْعِجْلَ سُنَّةٌ سَیِّئَةٌ مِثْلًا بِمِثْلٍ)لَمْ یُخْرَمْ (أَیْ لَمْ یُقْطَع) مِنْهُ شَیْءٌ.

...فَقَامَ رَسولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَوْقَ تِلْکَ الْأَحْجَارِ فَقَالَ:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَلَا بِتَوْحِیْدِهٖ وَدَنَابِتَفْرِیْدِهٖ، وَجَلَّ فِیْ سُلْطَانِهٖ،وَعَظُمَ فِیْ بُرْهَانِهٖ،مَجِیْدًالَمْ یَزَلْ،وَمَحْمُوْدًا لَایَزَالُ :بَارِءَ السَّمَاوَاتِ، وَدَاحِیَ الْمَدْحُوَّاتِ، وَجَبَّارَ السَّمَاوَاتِ، سُبُّوْحٌ، قُدُّوْسٌ، رَبُّ الْمَلَائِکَةِ وَالرُّوْحِ، مُتَفَضِّلٌ عَلٰی جَمِیْعِ مَنْ بَرَاَهٗ مُتَطَوِّلٌ عَلٰی مَا أَدْنَاهُ، یَلْحَظُ کُلَّ عَیْنٍ، وَالْعُیُوْنُ لَاتَرَاهُ، کَرِیْمٌ، حَلِیْمٌ، ذُوْ أَنَاةٍ قَدْ وَسِعَ کُلَّ شَیْءٍ رَحْمَتُهٗ، وَمَنَّ عَلَیْهِمْ بِنِعْمَتِهٖ لَا یَعْجَلُ بِانْتِقَامٍ، وَلَایُبَادِرُ إِلَیْهِمْ بِمَا اسْتَحَقُّوْا مِنْ عَذابِهٖ، قَدْ فَهِمَ السَّرَائِرَ، وَعَلِمَ الضَّمَائِرَ وَلَمْ تَخْتَفِ عَلَیْهِ الْمَکْنُوْنَاتُ وَلَا اشْتَبَهَتْ عَلَیْهِ الْخَفِیَّاتُ، لَهُ الْإِحَاطَةُ بِکُلِّ شَیْءٍ ، وَالْغَلَبَةُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ ،وَالْقُوَّةُ بِکُلِّ شَیْءٍ ، وَهُوَ مُنْشِیءُ الشَّیْءِ حِیْنَ لَا شَیْءَ ، وَدَائِمٌ غَنِیٌّ، وَقَائِمٌ بِالْقِسْطِ لَا إِلٰهَ إِلَّاهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ....

ثُمَّ تَلَاصَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :یَآ أَیُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ إِلَیْکَ مِنْ رَبِّکَ وَإِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ وَاللّٰهُ یَعْصِمُکَ مِنَ النَّاسِ فَاعْلَمُوْا مَعَاشِرَ النَّاسِ!

ذٰلِکَ فِیْهِ فَإِنَّ اللّٰهَ قَدْ نَصَبَ لَکُمْ عَلِیًّا وَلِیًّا، وَإِمَامًا مَفْرُوْضًا طاعَتُهُ عَلَی الْمُهَاجِرِیْنَ وَالْأَنْصَارِ، وَعَلَی التَّابِعِیْنَ بِإِحْسَانٍ،وَعَلَی الْبَادِی وَالْحَاضِرِ، وَعَلَی الْأَعْجَمِیِّ وَالْعَرَبِیِّ، وَالْحُرِّ وَالْعَبْدِ، وَالصَّغِیْرِ وَالْکَبِیْرِ،وَعَلَی الْأَبْیَضِ وَالْأَسْوَدِ، وَعَلٰی کُلِّ مُوَحِّدٍ، مَاضٍ حُکْمُهُ، جَائِزٌ قَوْلُهُ، نَافِذٌ أَمْرُهُ مَلْعونٌ مَنْ یُخَالِفُهُ، مَأْجُوْرٌ مَنْ تَبِعَهُ، وَمَنْ صَدَّقَهُ فَقَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ وَلِمَنْ سَمِعَ وَأَطَاعَ لَهُ.

مَعَاشِرَ النَّاسِ إِنَّهُ آخِرُ مَقَامٍ أَقُومُهُ الْمَشْهَدَ فَاسْمَعُوْا وَأَطِیْعُوْا وَانْقَادُوْا لِأَمْرِ اللّٰهِ رَبِّکُمْ فَإِنَّ اللّٰهَ هُوَ مُوَلِّیْکُمْ، ثُمَّ رَسُوْلُهُ الْمُخَاطِبُ لَکُمْ، ثُمَّ عَلِیٌّ بَعْدِیْ وَلِیُّکُمْ وَإِمَامُکُمْ، وَالْإِمَامَةُفِیْ ذُرِّیَّتِیْ مِنْ وُلْدِهِ إِلٰی یَوْمِ تَلْقَوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ، لَا حَلَالَ إِلَّا مَا أَحَلَّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ وَهُمْ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ،وَلَا حَرَامَ إِلَّا مَا حَرَّمَهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ وَهُمْ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ وَاللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ عَرَّفَنِی الْحَلَالَ وَالْحَرَامَ، وَأَنَا عَرَّفْتُ عَلِیًّا.

مَعَاشِرَ النَّاسِ اِفَلَا تَظِلُّوْا عَنْهُ وَلَا تَفِرُّوا مِنْهُ، وَلَا تَسْتَنْکِفُوْا مِنْ وِلَایَتِهِ فَإِنَّهُ یَهْدِیْ إِلَی الْحَقِّ، وَیَعْمَلُ بِهِ، وَیُزْهِقُ الْبَاطِلَ وَیَنْهٰی عَنْهُ، لَا تَأْخُذُهُ فِی اللّٰهِ لَوْمَةُ لَائِمٍ لِأَنَّهُ أَوَّلُ مَنْ آمَنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ، لَمْ یَسْبِقْهُ إِلَی الْإِیْمَانِ مُذْ (کَیْ -خ ل) بُعِثْتُ مَلَکٌ مُقَرَّبٌ، وَلَا نَبِیٌّ مُرْسَلٌ.أَوَّلُ النَّاسِ صَلَاةً، وَأَوَّلُ مَنْ عَبَدَاللّٰهَ مَعِیَ، أَمَرْتُهُ عَنِ اللّٰهِ أَنْ یَنَامَ فِی مَضْجَعِیْ فَفَعَلَ فَادِیًا لِیْ بِنَفْسِهِ فَفَضِّلُوْهُ فَقَدْ فَضَّلَهُ اللّٰهُ وَاقْبَلُوْهُ فَقَدْ نَصَبَهُ اللّٰهُ.

مَعَاشِرَ النَّاسِ :إِنَّهُ إِمَامُکُمْ بِأَمْرِ اللّٰهِ، لَا یَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰی مَنْ یَکْرَهُهُ، وَلَا یَغْفِرُ لَهُ حَتْمًا عَلَی اللّٰهِ تَبَارَکَ اسْمُهُ أَنْ یُعَذِّبَ مَنْ یَجْحَدُهُ وَیُعَانِدُهُ عَذَابًا نُکْرًا أَبَدَ الْآبِدِیْنَ وَدَهْرَ الدَّاهِرِیْنَ،وَاحْذَرُوْا أَنْ تُخَالِفُوْهُ فَتَصِلُّوْا بِنَارٍ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ أُعِدَّتْ لِلْکَافِرِیْنَ ....

مَعَاشِرَ النَّاسِ إنَّ عَلِيًّا وَالطَّاهِرِيْنَ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ عَلَيهِمُ السَّلَامُ وُلْدِيْ وَوُلْدُهٗ هُمُ الثِّقْلُ الْأَصْغَرُ وَالْقُرْآنُ الثِّقْلُ الْأَكْبَرُ، وَكُلُّ واحِدٍ مِنْهُمَا مُنْبِءٌ عَنْ صَاحِبِهٖ وَمُوَافِقٌ لَهٗ، لَنْ يَفْتَرِقَا حَتّٰى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ أَلَا إنَّهُمْ أُمَنَاءُ اللّٰهِ فِيْ خَلْقِهٖ وَحُكَّامُهٗ فِيْ أَرْضِهٖ .أَلَا وَقَدْ أَدَّيْتُ، أَلَا وَقَدْأَسْمَعْتُ، أَلَا وَقَدْ بَلَّغْتُ، أَلَا وَقَدْ أَوْضَحْتُ أَلَا وَإِنِّيْ أَقُوْلُ عَنِ اللّٰهِ : إنَّهٗ لَا أَمِيْرَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُأَخِيْ، وَلَا يَحِلُّ لِأَحَدٍ بَعْدِيْ غَيْرُه .ثُمَّ ضَرَبَ بِيَدِهٖ إلٰى عَضُدِهٖ فَرَفَعَهَا، وَكَانَ أَميرُالْمُؤْمِنِيْنَ عَلَيهِ السَّلَامُ مُذْ أَوَّلَ مَا صَعَدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ مِنبَرَهٗ عَلٰى دَرَجَةٍ دُوْنَ مَقامِهٖ، فَبَسَطَ يَدَهٗ نَحْوَوَجْهِ رَسولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهٖ بِيَدِهٖ حَتّٰى اسْتَكْمَلَ بَسْطَهُمَا إلَى السَّمَاءِ وَشَالَ عَلِيًّاعَلَيهِ السَّلَامُ حَتّٰى صَارَتْ رِجْلُهٗ مَعَ رُكْبَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهٖ.

ثُمَّ قَالَ :مَعَاشِرَ النَّاسِ إهٰذَا أَخِيْ عَلِيٌّ وَصِيِّيْ وَوَاعی عِلْمِيْ، وَخَلِيفَتِيْ فِيْ أُمَّتِيْ عَلٰىمَنْ آمَنَ بِيْ.

مَعَاشِرَ النَّاسِ إنَّكُمْ أَكْثَرُ مِنْ أَنْ تُصَافِقُوْنِيْ بِكَفٍّ وَاحِدٍ فِيْ وَقْتٍ وَاحِدٍ، وَقَدْ أَمَرَنِيَ اللّٰهُ أَنْ آخُذَ مِنْ أَلْسِنَتِكُمُ الْإقْرارَ بِمَا عَقَدْتُ لِعَلِيٍّ مِنْ إمْرَةِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِمَنْ جَاءَ بَعْدَهٗ مِنْ وُلْدِهِ الْأَئِمَّةِ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ فَقُوْلُوْا بِأَجْمَعِكُمْ بِأَنَّا سَامِعُوْنَ، مُطِيْعُوْنَ رَاضُوْنَ مُنْقَادُوْنَ لِمَا بَلَّغْتَ عَنْ رَبِّنَا وَرَبِّکَ وَإمَامِنَا وَأَئِمَّتِنَا مِنْ وُلْدِهٖ، نُبَايِعُکَ عَلٰى ذٰلِکَ بِقُلُوْبِنَا وَأَنْفُسِنَا وَأَلْسِنَتِنَا وَأَيْدِيْنَا،عَلٰى ذٰلِکَ نَحْيَا وَعَلَيْهِ نَمُوْتُ، وَعَلَيْهِ نُبْعَثُ، لَا نُغَيِّرُ وَلَا نُبَدِّلُ، وَلَا نَشُکُّ، وَلَا نَجْحَدُ، وَلَانَرْتَابُ عَنِ الْعَهْدِ .وَلَا نَنْقُضُ الْمِيْثَاقَ، وَعَظْتَنَا بِوَعْظِ اللّٰهِ فِيْ عَلِيٍّ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْأَئِمَّةِالَّتِيْ ذَكَرْتَ مِنْ ذُرِّيَّتِکَ مِنْ وُلْدِهٖ بَعْدَهٗ ... أَلَا إنَّ تَنْزِيْلَ الْقُرْآنِ عَلَيَّ وَتَأْوِيْلَهٗ وَتَفْسِيْرَهٗ بَعْدِيْ عَلَيْهِ، وَالْعَمَلَ بِمَا يَرْضَى اللّٰهُ

وَمُحَارَبَةَ أَعْدَائِهِ، وَالدَّالَ عَلٰى طاعَتِهِ وَالنَّاهِيَ عَنْ مَعْصِيَتِهِ،إِنَّهُ خَلِيفَةُ رَسُولِ اللّٰهِ وَأَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ وَالْإِمَامُ الْهَادِی وَقَاتِلُ النَّاكِثِينَ وَالْقَاسِطِينَ وَالْمَارِقِينَ بِأَمْرِ اللّٰهِ، أَقُولُ :مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ بِأَمْرِکَ يَا رَبِّی أَقُولُ :اَللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالاهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ وَالْعَنْ مَنْ أَنْكَرَهُ وَاغْضَبْ عَلٰى مَنْ جَحَدَ حَقَّهُ، اَللّٰهُمَّ إِنَّکَ أَنْزَلْتَ عَلَيَّ اَنَّ الْإِمَامَةَ لِعَلِيٍّ وَأَنَّکَ عِنْدَ بَيَانِي ذٰلِکَ وَنَصْبِيَ إِيَّاهُ لَمَّا أَكْمَلْتَ لَهُمْ دِينَهُمْ عَلَيْهِمْ وَأَتْمَمْتَ نِعْمَتَکَ وَرَضِيتَ لَهُمُ الْإِسْلَامَ دِيْنًا .وَمَنْ يَبْتَغِ غَيْرَ الْإِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُقْبَلَ مِنْهُ وَهُوَ فِي الْآخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ .اَللّٰهُمَّ !إِنِّی أُشْهِدُکَ أَنِّی قَدْ بَلَّغْتُ۔

مَعاشِرَ النَّاسِ !إِنَّهُ قَدْ أَكْمَلَ اللّٰهُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ بِإِمَامَتِهِ، فَمَنْ لَمْ يَأْتَمَّ بِهِ وَبِمَنْ يَقُوْمُ بَعْدَهُ بِوُلْدِی مِنْ صُلْبِهِ إِلٰى يَوْمِ الْعَرْضِ عَلَى اللّٰهِ فَأُولٰئِکَ الَّذِيْنَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَفِي النَّارِ هُمْ خَالِدُوْنَ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ...

مَعَاشِرَ النَّاسِ !سَيَكُوْنُ مِنْ بَعْدِی أَئِمَّةٌ يَدْعُوْنَ إِلَى النَّارِ وَيَوْمَ الْقِيامَةِ لَا يُنْصَرُوْنَ اَللّٰهُ وَأَنَا بَرِيْئَانِ مِنْهُمْ وَمِنْ أَشْيَاعِهِمْ وَأَنْصَارِهِمْ، وَجَمِيْعُهُمْ فِي الدَّرْکِ الْأَسْفَلِ مِنَ النَّارِ وَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ....

مَعَاشِرَ النَّاسِ !أَنَا الصِّرَاطُ الْمُسْتَقِيْمُ الَّذِی أَمَرَكُمْ أَنْ تَسْأَلُوْا عَنِ الْهُدٰى إِلَيْهِ، ثُمَّ عَلِيٌّ بَعْدِی (وَقَرَأَ سُوْرَةَ الْحَمْدِ وَقَالَ:) فِيْهِمْ نَزَلَتْ فِيْهِمْ ذُكِرَتْ، لَهُمْ شَمِلَتْ، إِيَّاهُمْ خَصَّتْ وَعَمَّتْ، أُولٰئِکَ أَوْلِيَاءُ اللّٰهِ الَّذِيْنَ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ، أَلَا إِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ، أَلَا إِنَّ أَعْدَاءَهُمْ هُمُ السُّفَهَاءُ الْغَاوُوْنَ، إِخْوَانُ الشَّيَاطِيْنِ يُوْحِي بَعْضُهُمْ إِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا، أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَهُمْ هُمُ الَّذِيْنَ ذَكَرَ اللّٰهُ فِي كِتَابِهِ:

"لَا تَجِدُ قَوْمًا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ يُوَادُّوْنَ مَنْ حَادَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ" أَلَا اِنَّ اَوْلِيَائَهُمُ الَّذِيْنَ وَصَفَهُمُ اللّٰهُ فَقَالَ :لَمْ يَلْبِسُوْا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰئِكَ لَهُمُ الْأَمْنُ وَهُمْ مُهْتَدُوْنَ.

مَعَاشِرَ النَّاسِ اِلْقَنُوْا مَا لَقَّنْتُكُمْ، وَقُوْلُوْا مَا قُلْتُهٗ، وَسَلِّمُوْا عَلٰى أَمِيْرِكُمْ وَقُوْلُوْا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيْرُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدَانَا لِهٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَا اَنْ هَدَانَا اللّٰهُ.

مَعَاشِرَ النَّاسِ !إِنَّ فَضَائِلَ عَلِيٍّ وَمَا خَصَّهُ اللّٰهُ بِهٖ فِي الْقُرْآنِ أَكْثَرُ مِنْ أَنْ أَذْكُرَهَا فِيْ مَقَامٍ وَاحِدٍ، فَمَنْ أَنْبَأَكُمْ بِهٖ فَصَدِّقُوْهُ، مَنْ يُطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَاُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ؛ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا، اَلسَّابِقُوْنَ، السَّابِقُوْنَ إِلٰى بَيْعَتِهٖ وَالتَّسْلِيْمِ عَلَيْهِ بِإِمْرَةِ الْمُؤْمِنِيْنَ اُولٰئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ فِيْ جَنَّاتِ النَّعِيْمِ فَقُوْلُوْا مَا يُرْضِي اللّٰهَ عَنْكُمْ، وَ إِنْ تَكْفُرُوْا أَنْتُمْ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ جَمِيْعًا فَلَنْ يَضُرَّ اللّٰهَ شَيْئًا، اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ أَدَّيْتُ وَأَمَرْتُ، وَاغْضَبْ عَلَى الْجَاحِدِيْنَ وَالْكَافِرِيْنَ،وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ.(۱)

غدیر کا خطبہ

۵۸۷۔علقمہ بن محمد حضرمی نے حضرت ابوجعفر محمد بن علی علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ حضرتؑ نے فرمایا: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حج ادا کرنے کے لیے مدینہ سے روانہ ہوئے اس وقت حج اور ولایت کے

۱۔ روضۃ المتقین ۲۴۷/۱۳، ورواہ فی الاحتجاج ۶۸/۱، وروضۃ الواعظین ۸۹ / ۱ باختلاف فی موارد

علاوہ لوگوں کو تمام احکام بتا چکے تھے جبرئیل نازل ہوئے اور کہا: اے محمدؐ! خداوند آپ کو سلام کہتا ہے اور فرماتا ہے کہ میں انبیاء میں سے کسی نبی اور رسولوں میں سے کسی رسول کی روح قبض نہیں کرتا مگر یہ کہ میں نے اپنے دین کو کامل اور حجّت کو تمام کیا ہو، یعنی دین کو کامل اور حجّت کو تمام کرنے کے بعد ان کی روح قبض کرتا ہوں، ابھی دو واجب حکم تمہارے ذمّے باقی ہیں ان کو لوگوں تک پہنچا دو، ایک فریضہ حج ہے اور دوسرا فریضہ ولایت کہ اپنے بعد جانشین کا انتخاب کرنا، میں نے کبھی بھی زمین کو حجّت سے خالی نہیں چھوڑا اور نہ چھوڑوں گا۔ اور خداوند کا حکم ہے تم پر کہ لوگوں کو حج کا بتا دو اور جو لوگ شہر میں رہتے ہیں یا اطرافِ شہر میں یا دیہاتوں میں اور حج کی استطاعت اور قدرت رکھتے ہیں وہ تمہارے ساتھ حج ادا کریں اور انہیں نماز، روزہ اور زکات کے احکام کی طرح حج کے احکام بھی ضرور بتائیں اور جس طرح دوسرے مسائل بتائے ہیں یہ احکام بھی بتائیں امام باقر علیہ السلام نے فرمایا: پس رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم روانہ ہوئے اور لوگ بھی آنحضرتؐ کے ساتھ روانہ ہوئے اور منتظر تھے کہ دیکھیں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا عمل انجام دیتے ہیں، مدینہ اور اس کے اطراف اور دیہاتوں کے لوگ جنہوں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ حج انجام دیا ستّر ہزار یا اس سے زیادہ تھے ان کی تعداد حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اصحاب کے برابر یعنی وہ بھی ستّر ہزار افراد تھے جن سے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ہارون علیہ السلام کے لیے بیعت لی لیکن انہوں نے بیعت کو توڑ دیا اور سامری اور بچھڑے کی پیروی کی رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے ساتھیوں سے حضرت علیؑ کے لیے بیعت لی ان کی تعداد بھی اصحابِ موسیٰؑ کے برابر یعنی ستّر ہزار افراد پر مشتمل تھی لیکن انہوں نے بیعت کو توڑ کر بچھڑے کی پیروی کی یہ غلط طریقہ بالکل حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم کے غلط طریقے کی مانند تھا یعنی رسولؐ کی زندگی میں مبارک باد پیش کی گئی لیکن ان کی رحلت کے بعد بیعت توڑ کر حق غصب کر لیا (حج سے واپسی پر غدیر کے صحرا

میں) جو رسولِ خدا ﷺ کے لیے پتھر نصب کیے گئے ان پر تشریف لے گئے اور فرمایا: تمام تعریفیں اس خدا کے لیے ہیں جس نے اپنی وحدانیت میں تمام چیزوں سے برتری حاصل کی ہے اور اس کی وحدانیت سب چیزوں کے نزدیک ہے، وہ خدا جو اپنی حاکمیت میں صاحبِ جلالت اور اپنے برہان اور دلیل میں صاحبِ عظمت ہے اور ہمیشہ قابلِ تعظیم اور تعریف ہے، وہ آسمانوں کا خالق اور زمین کو بچھانے والا اور ان پر حاکم ہے، وہ رُوحُ الامین اور ملائکہ کا پروردگار ہے، اور سب مخلوقات پر مہربان ہے، خداوند کا لطف و احسان ہے کہ اس نے اپنے قریب کیا، وہ ہر ایک آنکھ کو دیکھتا ہے لیکن اسے آنکھیں نہیں دیکھتیں، وہ کریم و علیم اور صاحبِ وقار ہے اور ہر چیز پر اس کی رحمت ہے، اس نے اپنی نعمت کے ذریعہ لوگوں پر احسان کیا ہے، وہ ان کی سزا اور عذاب میں جلدی نہیں کرتا اور جو عذاب کے مستحق ہیں ان پر رعایت نہیں کرتا، وہ دِلوں کے بھید خوب جانتا ہے اور ان کے ارادوں سے واقف ہے۔ کوئی بھی پوشیدہ چیز اس کے لیے چھپی ہوئی نہیں ہے اور چھپی ہوئی چیزیں اس کے لیے مشکوک نہیں ہیں، ہر چیز اس کے اختیار میں ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے اور ہر عمل کی قدرت رکھتا ہے، وہ ہر نہ ہونے والی شے کو وجود میں لاتا ہے اور ہمیشہ بے نیاز ہے، وہ عزت مند اور حکیم ہے اس کے علاوہ کوئی معبود وجود نہیں رکھتا۔

اس کے بعد پیغمبر ﷺ نے اس آیت کی تلاوت فرمائی ''اے رسول ﷺ! جو حکم تمہارے پروردگار کی طرف سے تم پر نازل کیا گیا ہے پہنچا دو، اور اگر تم نے ایسا نہ کیا تو تم نے اس کا کوئی پیغام ہی نہیں پہنچایا اور خدا تم کو لوگوں کے شر سے محفوظ رکھے گا'' اور فرمایا: اے لوگو یہ آیت علیؑ کی شان میں نازل ہوئی ہے۔ اس لیے خداوند نے انہیں تمہارا سرپرست اور پیشوا بنایا اور اس کی اطاعت مہاجرین اور انصار پر اور ان پر جو اس کی اچھے انداز میں پیروی کرتے ہیں اور ہر شہری اور

ہر دیہاتی ،عَرَب اور عجَم ، آزاد اور غلام، چھوٹے اور بڑے، سیاہ اور سفید اور ہر وہ انسان جو خدا پرست ہے ان پر واجب کی گئی ہے۔

ان کا فرمان کامل ، اُن کی گفتار صحیح اور ان کا حکم نافذ ہے' جو ان کی مخالفت کرے گا وہ ملعون ہے اور جو ان کی اطاعت کرے گا وہ اجر پائے گا اور جو ان کی تائید اور حمایت کرے گا خدا اس کو اور ان کو جو ان کے کلام کو غور سے سنتے ہیں اور ان کی اطاعت کرتے ہیں معاف کرے گا۔

اے لوگو! یہ آخری جگہ ہے کہ میں تمہارے درمیان حاضر ہوا ہوں پس غور سے سنو اور اطاعت کرو اور خدا کے حکم کی جو تمہارا پروردگار ہے اطاعت کرو، وہی تمہارا سر پرست ہے، پیغمبرؐ جو اس وقت تمہارے ساتھ ہم کلام ہیں' ان کے بعد علی علیہ السلام تمہارے سرپرست اور امام ہوں گے اس کے بعد امامت ان کی نسل سے میرے بیٹوں میں قیامت تک رہے گی' حلال وہ ہے جو اللہ اور اس کے رسولؐ نے حلال کیا ہے اور حرام وہ ہے جس کو اللہ اور اس کا رسولؐ حرام کریں۔ خداوند نے مجھے حلال اور حرام کا حکم عطا کیا ہے اور میں نے اس حکم کو علی علیہ السلام تک منتقل کیا ہے۔

اے لوگو! راہِ علی علیہ السلام سے گمراہ نہ ہونا اور نہ ہی اس سے منہ موڑنا اور ان کی ولایت سے سرکشی نہ کرنا اس لیے کہ وہ حق کی ہدایت کرتا ہے اور خود بھی اس پر عمل کرتا ہے۔ باطل کا خاتمہ کرے گا اور لوگوں کو اس سے روکے گا کوئی بھی خدا کے راہ میں اس کو ملامت نہیں کرے گا، کیونکہ وہ پہلے فرد ہیں جو خدا اور اس کے رسولؐ پر ایمان لائے۔ میری بعثت کے آغاز سے کسی بھی مقرب فرشتے اور مُرسَل پیغمبر نے ان کے ایمان پر سبقت نہیں لی' وہ تم لوگوں میں سے پہلے فرد ہیں جس نے نماز ادا کی اور پہلے فرد ہیں جس نے میرے ساتھ خدا کی پرستش کی' میں نے خدا کی طرف سے انہیں حکم دیا کہ میرے بستر پر سو جائیں وہ سو گئے اور اپنی جان کو مجھ پر فدا کر دیا۔ پس ان کو دوسروں پر فضیلت دیں

اس لیے کہ خدا نے انہیں فضیلت عطا کی ہے اور ان کی گفتار کو قبول کریں کیونکہ خدا نے انہیں منصوب کیا ہے۔

اے لوگو! وہ خدا کے فرمان سے تمہارے پیشوا ہیں، جو علی علیہ السلام سے راضی نہیں ہوگا خدا رحمت کی نگاہ اس پر نہیں کرے گا اور نہ ہی اس کی مغفرت کرے گا خدا نے خود پر واجب کیا ہے کہ ان کے منکروں اور دشمنوں کو ہمیشہ سخت عذاب میں مبتلا کرے۔ پس ان کی مخالفت سے پرہیز کریں تاکہ جہنّم کی آگ کی خوراک نہ بنیں کہ جس کا ایندھن انسان اور پتھر ہیں اور یہ آگ کافروں کے لیے تیار کی گئی ہے۔

اے لوگو! علی علیہ السلام اور میری پاک نسل سب میرے اور اس کے فرزند ہیں وہ ثقلِ اصغر ہیں اور قرآن ثقلِ اکبر ہے، یہ دونوں ہر ایک دوسرے کو اس دنیا کے حالات سے آگاہ کرتے ہیں اور کبھی بھی جدا نہیں ہوں گے یہاں تک کہ حوضِ کوثر پر مجھ سے ملاقات کریں گے، جان لیں وہ لوگوں میں خدا کے امین اور زمین پر حاکم ہیں، آگاہ ہو جاؤ میں نے اپنا وظیفہ ادا کر دیا۔

آگاہ ہو جاؤ میں نے اپنے کلمات تمہیں سنا دیے، آگاہ ہو جاؤ! میں نے پہنچا دیا، آگاہ ہو جاؤ! میں خدا کی طرف سے بیان کر رہا ہوں میرے بھائی کے علاوہ کوئی بھی مؤمنین کا امیر نہیں میرے بعد اس کے علاوہ کوئی ایک بھی اس امیری کے لائق نہیں، اس وقت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام کے بازو پکڑے اور بلند کیا، پہلی بار جب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر تشریف لے گئے تو امیر المومنینؑ ان سے ایک سیڑھی نیچے تھے پھر رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کو آسمان کی طرف اتنا بلند کیا کہ مولا کے پاؤں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زانو تک پہنچ گئے، اس کے بعد فرمایا: اے لوگو! اور یہ میرا بھائی علی علیہ السلام میرا وصی، میرے علم کا وارث اور میری امّت میں سے جس کا مجھ پر ایمان ہے اس

کے لیے میرے بعد میرا جانشین ہے۔

اے لوگو! اگر چہ تم جمعیت کے لحاظ سے کثرت میں ہو لیکن ایک ہی وقت میں میرے دست بیعت ہو سکتے ہو، خدا نے مجھے حکم دیا ہے کہ علی علیہ السلام کی حاکمیت اور اس کے بعد ائمہ علیہم السلام کی حاکمیت کا جو سب میری نسل میں سے ہیں تمہاری زبان سے اقرار لے لوں۔ اسی لیے آپ سب مل کر کہیں:

جو کچھ آپ نے ہمارے اور اپنے پروردگار کی طرف سے علی علیہ السلام کی امامت اور دوسرے پیشواؤں جو ان کی اولاد میں سے ہیں ان کے بارے میں فرمایا: ہم نے سنا ہے اور قبول کیا ہے اور اس پر راضی ہیں اور اس پر ثابت قدم رہیں گے اور ہم اس بات کا دل ، ہاتھ اور زبان سے اقرار کرتے ہیں اور اسی عقیدے پر زندہ رہیں گے اور اسی پر ہی مریں گے اور قیامت کے دن دوبارہ زندہ کیے جائیں گے اور کبھی بھی اس یقین میں تبدیلی نہیں لائیں گے اور کسی چیز کو اس کے بدلے میں نہیں لائیں گے اور اس میں شک اور تردید نہیں کریں گے؛ ہم اس کا انکار نہیں کرتے اور نہ ہی اس وعدہ کو توڑیں گے، آپ نے ہمیں امیر المومنین علیہ السلام اور ائمہ کے بارے میں فرمایا کہ وہ آپ کے بعد آپ کی صلب سے ہوں گے آپ نے خدا کا حکم ہم تک پہنچا دیا ہے۔ اس کے بعد رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جان لیں کہ علی علیہ السلام قرآن کے نازل ہونے کا مصداق ہیں اور میرے بعد قرآن کی تفسیر اور تأویل ان کے ذمہ ہے۔

وہ وہی عمل انجام دیتے ہیں جس پر خدا راضی ہے خدا کے دشمنوں کے ساتھ جنگ کرتے ہیں اور خدا کی اطاعت میں لوگوں کی رہبری کرتے ہیں اور اس کی نافرمانی سے روکتے ہیں وہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جانشین امیر المومنین اور ہدایت پانے والوں کے پیشوا ہیں اور خدا کے حکم سے ناکثین، قاسطین اور مارقین کو قتل کریں گے۔ میں کہہ رہا ہوں پروردگار! یہ گفتگو میرے نزدیک قابل

تغیّر نہیں ہے یعنی میرے اس کلام میں تبدیلی نہیں آئے گی۔ اے خدا! دوست رکھ اسے جو انہیں دوست رکھے اور دشمن رکھے اسے جو انہیں دشمن رکھے اور لعنت بھیج اس پر جو ان کا انکار کرے اور غضب نازل فرما اس پر جو ان کے حق کا منکر ہے۔

اے اللہ! تو نے مجھ پر یہ آیت نازل فرمائی ہے کہ امامت علی علیہ السلام کا حق ہے اور جس وقت میں نے ان کی خلافت کا اعلان کیا اور علی علیہ السلام کو امام منصوب کیا تو اس وقت تو نے لوگوں کے لیے دین کو کامل کیا اور ان پر اپنی نعمت کو تمام کیا، اور ان کے لیے دینِ اسلام کو پسند کیا، "اور جو اسلام کے علاوہ کوئی اَور دین اختیار کرے گا تو اس کا دین قبول نہیں کیا جائے گا اور آخرت میں وہ نقصان اٹھانے والوں میں سے ہوگا" اے خدا میں تجھ کو اپنا گواہ بنا رہا ہوں کہ جو کچھ میرے ذمہ تھا میں نے پہنچا دیا۔

اے لوگو! خداوند نے ان کی امامت کے ذریعہ تمہارے دین کو مکمل کر دیا ہے پس جو علی علیہ السلام اور ان کی صلب سے پیدا ہونے والے فرزندوں کو قیامت تک امام نہ مانے اور ان کی اقتدا نہ کرے تو دنیا اور آخرت میں اس کے اعمال تباہ ہو جائیں گے اور وہ تا ابد دوزخ میں رہے گا اور اس کے عذاب میں کمی نہیں آئے گی اور کوئی بھی اس کی مدد نہیں کرے گا۔

اے لوگو! عنقریب میرے بعد ایسے افراد آئیں گے جو لوگوں کو دوزخ کی طرف بلائیں گے لیکن قیامت کے دن ان کی کوئی مدد نہیں کی جائے گی۔ خدا اور میں، دونوں ان سے بیزار ہیں اور یہ سب دوزخ کے سب سے نچلے طبقے میں ہوں گے اور واقعاً متکبرین کا ٹھکانہ کتنا برا ہے۔

اے لوگو! میں ہوں وہ صراطِ مستقیم جس کا خدا نے تمہیں حکم دیا ہے۔ جس سے تم اس تک ہدایت چاہتے ہو، میرے بعد علی علیہ السلام صراطِ مستقیم ہوں گے (اس وقت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سورہ

حمد کی تلاوت کی اور فرمایا) یہ آیتیں ان کی شان میں نازل ہوئی ہیں اور ان کے بارے میں ذکر ہوئی ہیں اور ان سب کو اپنے دائرہ میں شامل کرتی ہیں، وہ خدا کے اولیاء ہیں اور انہیں کوئی خوف اور غم نہیں، جان لیں کہ فقط خدا کا لشکر کامیاب ہے جان لیں کہ ان کے دشمن بے عقل اور گمراہ ہیں اور وہ فریب کے لحاظ سے شیاطین کے بھائی شمار ہوتے ہیں اور یہ ظاہری طور پر ایک دوسرے کے کانوں میں سنوار کر گفتگو کرتے ہیں۔

جان لیں: ان کے دوست وہی لوگ ہیں جن کا تذکرہ خدا نے اپنی کتاب میں کیا ہے" جو لوگ خدا اور روزِ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں تم ان کو خدا اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دشمنوں سے دوستی کرتے ہوئے نہ دیکھو گے" جان لیں کہ ان کے دوست وہ لوگ ہیں جن کی تعریف خدا نے اس طرح کی ہے۔ "جن لوگوں نے ایمان قبول کیا اور اپنے ایمان کو ظلم سے آلودہ نہیں کیا انہی لوگوں کے لیے امن ہے اور یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں"۔

اے لوگو! جس چیز کی میں نے تمہیں تعلیم دی ہے بیان کریں اور جو کچھ میں نے تم سے کہا ہے کہہ دیں اور اپنے حکمران کو سلام کریں اور کہیں" ہم نے سنا ہے اور اطاعت کی ہے، اے پروردگار! ہم تیری مغفرت کے طلبگار ہیں اور ہمیں تیری طرف پلٹ کر آنا ہے" اور تمام تعریفیں اس خدا کے لیے جس نے ہمیں اس راستے کی ہدایت کی اور اگر خدا نے ہمیں ہدایت نہ کی ہوتی تو ہم اس راستے سے بھٹک جاتے۔

اے لوگو! خدا نے علی علیہ السلام کے فضائل جو کہ قرآن میں ذکر کیے ہیں وہ میرے ایک جلسہ میں بیان کرنے سے بہت زیادہ ہیں اس لیے جو بھی ان کے فضائل میں سے چند فضائل تمہارے لیے بیان کرے اس کی تصدیق کرو، جس نے خدا اور رسول اور اولی الامر کی اطاعت کی اس نے بہت

بڑی کامیابی حاصل کر لی۔

آگے بڑھ جانے والے وہ لوگ ہیں جو بیعت کرنے میں اور انہیں بطور امیر المؤمنین سلام کرنے میں دوسروں سے سبقت لیں۔ یہی لوگ مقرّب ہیں آرام اور آسائش کے باغوں میں پس ایسے کلمات زبان پر جاری کریں کہ جو خدا کو تم سے راضی کریں۔ اگر تم اور زمین پر رہنے والے کافر ہو جائیں تو خدا کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکو گے۔ اے اللہ! مؤمنین کو میرے فرمان اور جو کچھ میں نے بیان کیا ہے ان کی وجہ سے معاف فرما، اور اپنے غضب کو منکرین اور کافروں پر نازل فرما۔ اور سب تعریف خدا ہی کے لیے ہے جو سارے جہاں کا پالنے والا ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

فِیْ اِمَامَةِ عَلِیٍّ عَلَیْهِ السَّلَامُ

۱۲۸ ـ اِمَامَةُ عَلِیٍّ عَلَیْهِ السَّلَامُ

۵۸۸ ـ عَنِ الصَّادِقِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ آبَائِهٖ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ :لَمَّا أُسْرِیَ بِیْ إِلَی السَّمَاءِ عَهِدَ إِلَیَّ رَبِّیْ فِیْ عَلِیٍّ عَلَیْهِ السَّلَامُ ثَلَاثَ کَلِمَاتٍ، فَقَالَ :یَا مُحَمَّدُ !فَقُلْتُ لَبَّیْکَ رَبِّیْ،فَقَالَ :إِنَّ عَلِیّاً إِمَامُ الْمُتَّقِیْنَ وَقَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ وَیَعْسُوْبُ الْمُؤْمِنِیْنَ.(۱)

۵۸۹ ـ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الْمُفَضَّلِ عَنِ الصَّادِقِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِیْهِ عَنْ آبَائِهٖ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لَیْلَةَ أُسْرِیَ بِیْ إِلَی السَّمَاءِ کَلَّمَنِیْ رَبِّیْ جَلَّ جَلَالُهٗ فَقَالَ :یَا مُحَمَّدُ !فَقُلْتُ :لَبَّیْکَ رَبِّیْ، فَقَالَ :عَلِیٌّ حُجَّتِیْ بَعْدَکَ عَلٰی خَلْقِیْ وَإِمَامُ أَهْلِ طَاعَتِیْ، مَنْ أَطَاعَهٗ أَطَاعَنِیْ وَمَنْ عَصَاهُ عَصَانِیْ، فَانْصِبْهُ لِأُمَّتِکَ یَهْتَدُوْنَ بِهٖ بَعْدَکَ.(۲)

۵۹۰ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :أَنَا الْمُنْذِرُ وَعَلِیٌّ الْهَادِیْ، وَبِکَ یَاعَلِیُّ !یَهْتَدِی الْمُهْتَدُوْنَ.(۳)

۵۹۱ ـ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ أَبِیْ قَالَ حَدَّثَنِیْ عَلِیُّ بْنُ

۱ـ أمالی الصدوق / ۳۸۵، البحار ۱۸/ ۳۴۰، الغدیر ۸/ ۸۸ باختلاف فی موارد

۲ـ اثبات الهداة ۲/ ۸۸، أمالی الصدوق / ۳۸۷

۳ـ احقاق الحق ۴/ ۳۰۱

الْحُسَيْنِ عَنْ أَبِيْهِ عَلَيهِمُ السَّلَامُ قَالَ :حَدَّثَنِيْ أَبِيْ أَمِيْرُالْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيٌّ عَلَيهِ السَّلَامُ قَالَ : قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :يَا عَلِيُّ أَنْتَ أَمِيْرُالْمُؤْمِنِيْنَ وَإِمَامُ الْمُتَّقِيْنَ، يَا عَلِيُّ !أَنْتَ سَيِّدُ الْوَصِيِّيْنَ وَوَارِثُ عِلْمِ النَّبِيِّيْنَ وَخَيْرُالصِّدِّيْقِيْنَ وَأَفْضَلُ السَّابِقِيْنَ، يَا عَلِيُّ !أَنْتَ زَوْجُ سَيِّدَةِ نِسَاءِ الْعَالَمِيْنَ وَخَلِيفَةُ خَيْرُالْمُرْسَلِينَ .يَا عَلِيُّ ! أَنْتَ مَوْلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْحُجَّةُ بَعْدِيْ عَلَى النَّاسِ أَجْمَعِيْنَ اِسْتَوْجَبَ الْجَنَّةَ مَنْ تَوَلَّاكَ، واسْتَوْجَبَ دُخُوْلَ النَّارِ مَنْ عَادَاكَ.

يَا عَلِيُّ !وَالَّذِيْ بَعَثَنِيْ بِالنُّبُوَّةِ وَاصْطَفَانِيْ عَلٰى جَمِيْعِ الْبَرِيَّةِ لَوْ أَنَّ عَبْدًا عَبَدَ اللّٰهَ تَعَالٰى أَلْفَ عَامٍ مَا قَبِلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ مِنْهُ إِلَّا بِوِلَايَتِكَ وَوِلَايَةِ الْأَئِمَّةِ مِنْ وُلْدِكَ، وَأَنَّ وِلَايَتَكَ لَا تُقْبَلُ إِلَّا بِالْبَرَاءَةِ مِنْ أَعْدَائِكَ وَأَعْدَاءِ الْأَئِمَّةِ مِنْ وُلْدِكَ، بِذٰلِكَ أَخْبَرَنِيْ جَبْرَئِيلُ عَلَيهِ السَّلَامُ فَمَنْ شَاءَ فَلْيُؤْمِنْ وَمَنْ شَاءَ فَلْيَكْفُرْ.(١)

٥٩٢ ـ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ:يَا عَلِيُّ !أَنْتَ إِمَامُ الْمُسْلِمِيْنَ،وَأَمِيْرُالْمُؤْمِنِيْنَ، وَقَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ، وَحُجَّةُ اللّٰهِ بَعْدِي عَلَى الْخَلْقِ أَجْمَعِينَ، وَسَيِّدُالْوَصِيِّيْنَ، وَوَصِيُّ سَيِّدِ النَّبِيِّيْنَ، يَا عَلِيُّ !إِنَّهٗ لَمَّا عُرِجَ بِيْ إِلَى السَّمَاءِ السَّابِعَةِ وَمِنْهَا إِلٰى سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى، وَمِنْهَا إِلٰى حُجُبِ النُّوْرِ، وَأَكْرَمَنِيْ رَبِّيْ جَلَّ جَلَالُهٗ بِمُنَاجَاتِهٖ قَالَ لِيْ :يَامُحَمَّدُ !قُلْتُ :لَبَّيْكَ رَبِّيْ وَسَعْدَيْكَ، تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ، قَالَ :إِنَّ عَلِيًّا إِمَامُ أَوْلِيَائِيْ وَنُوْرٌ لِمَنْ أَطَاعَنِيْ وَهُوَ الْكَلِمَةُ الَّتِيْ أَلْزَمْهَا الْمُتَّقِيْنَ، مَنْ أَطَاعَهٗ أَطَاعَنِيْ، وَمَنْ عَصَاهُ عَصَانِيْ، فَبَشِّرْهُ بِذٰلِكَ، فَقَالَ عَلِيٌّ عَلَيهِ السَّلَامُ :يَا رَسُولَ اللّٰهِ !بَلَغَ مِنْ قَدْرِيْ حَتّٰى أَنِّيْ أُذْكَرُ هُنَاكَ؟ فَقَالَ :نَعَمْ يَا عَلِيُّ !فَاشْكُرْ

ا۔ كنز الفوائد / ١٨٥

رَبَّکَ، فَخَرَّ عَلِیٌّ عَلَیهِ السَّلَامُ سَاجِدًا شُکْرًا لِلّٰهِ عَلٰی مَا أَنْعَمَ بِهِ عَلَیْهِ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :إِرْفَعْ رَأْسَکَ، یَا عَلِیُّ !فَإِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَاهٰی بِکَ مَلَائِکَتَهُ.(۱)

۵۹۳ - (فِیْ حَدِیْثٍ) قَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :مَعَاشِرَ النَّاسِ !إِنَّ عَلِیًّا مِنِّیْ وَأَنَا مِنْ عَلِیٍّ، خُلِقَ مِنْ طِیْنَتِیْ، وَهُوَ إِمَامُ الْخَلْقِ بَعْدِیْ یُبَیِّنُ لَهُمْ مَا اخْتَلَفُوْا فِیْهِ مِنْ سُنَّتِیْ وَهُوَ أَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ وَقَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ وَیَعْسُوْبُ الْمُؤْمِنِیْنَ وَخَیْرُ الْوَصِیِّیْنَ وَزَوْجُ سَیِّدَةِ نِسَاءِ الْعَالَمِیْنَ، وَأَبُو الْأَئِمَّةِ الْمَهْدِیِّیْنَ .مَعَاشِرَ النَّاسِ مَنْ أَحَبَّ عَلِیًّا أَحْبَبْتُهُ، وَمَنْ أَبْغَضَ عَلِیًّا أَبْغَضْتُهُ، وَمَنْ وَصَلَ عَلِیًّا وَصَلْتُهُ وَمَنْ قَطَعَ عَلِیًّا قَطَعْتُهُ، وَمَنْ جَفَا عَلِیًّا جَفَوْتُهُ، وَمَنْ وَالٰی عَلِیًّا وَالَیْتُهُ وَمَنْ عَادٰی عَلِیًّا عَادَیْتُهُ....(۲)

۵۹۴ - بِالْإِسْنَادِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ :عَلِیٌّ مَعَ الْحَقِّ وَالْحَقُّ مَعَهُ، وَهُوَ الْإِمَامُ وَالْخَلِیْفَةُ مِنْ بَعْدِیْ، مَنْ تَمَسَّکَ بِهِ فَازَ وَنَجَا، وَمَنْ تَخَلَّفَ عَنْهُ ضَلَّ وَغَوٰی، یَلِیْ غُسْلِی وَتَکْفِیْنِیْ وَیَقْضِیْ دَیْنِیْ، وَأَبُوْ سِبْطَیَّ :الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ....(۳)

۵۹۵ - عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ علیه وآله وسلم :عَلِیٌّ إِمَامُ کُلِّ مُؤْمِنٍ بَعْدِیْ.(۴)

---

۱ - البحار ۱۸/ ۳۳۷

۲ - أمالی الصدوق / ۱۰۹

۳ - اثبات الهداة ۱/ ۵۷۳

۴ - عیون اخبار الرضا ۱/ ۲۸۱، البحار ۳۸/ ۱۲۱، اثبات الهداة ۲/ ۳۵

۵۹۶ ـ بالْإِسْنَادِ، عَنِ الصَّادِقِ عَلَيهِ السَّلَامُ :إِنَّ اللّٰهَ أَوْحٰى إِلَى الْمَلَائِكَةِ :هٰذَا نُوْرٌ مِنْ نُوْرِىْ أَصْلُهُ نُبُوَّةٌ وَفَرْعُهُ إِمامَةٌ، أَمَّا النُّبُوَّةُ فَلِمُحَمَّدٍ عَبْدِىْ وَرَسُوْلِىْ، وَأَمَّا الْإِمَامَةُ فَلِعَلِي حُجَّتِىْ وَوَلِيِّىْ،وَلَوْ لَا هُمَا مَا خَلَقْتُ خَلْقِىْ، أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ رَفَعَ يَدَىْ عَلِيٍّ بِغَدِيْرِ خُمٍّ حَتّٰى نَظَرَ النَّاسُ إِلٰى بَيَاضِ اِبْطَيْهِمَا فَجَعَلَهُ مَوْلَى الْمُسْلِمِيْنَ وَإِمَامَهُمْ، إِلٰى أَنْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَطِيْعُوْا عَلِيّاً فَإِنَّهُ مُطَهَّرٌ مَعْصُوْمٌ لَا يَضِلُّ وَلَا يَشْقٰى.(۱)

۵۹۷ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :عَلِيٌّ الْهَادِىْ.(۲)

۵۹۸ ـ عَنْ أَبِىْ ذَرٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰه عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :فِىْ حَدِيْثٍ طَوِيْلٍ قَالَ: عَلِيٌّ قَائِدُ الْبَرَرَةِ وَقَاتِلُ الْكَفَرَةِ.(۳)

۵۹۹ ـ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ أَسْعَد بْنِ زُرَارَةَ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :اَسْرٰى بِىْ رَبِّىْ فَأَوْحٰى إِلَيَّ فِىْ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ بِثَلَاثٍ :إِنَّهُ إِمَامُ الْمُتَّقِيْنَ، وَسَيِّدُ الْمُؤْمِنِيْنَ، وَقَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ.(۴)

۶۰۰ ـ بالْإِسْنَادِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ:لَمَّا أُسْرِىَ بِىْ إِلَى السَّمَاءِ وَانْتَهَيْتُ إِلٰى سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ؛ نُوْدِيْتُ يَا مُحَمَّدُ ! اسْتَوْصِ بِعَلِيٍّ خَيْرًا فَإِنَّهُ سَيِّدُ الْمُسْلِمِيْنَ وَإِمَامُ الْمُتَّقِيْنَ وَقَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.(۵)

---

۱ ـ اثبات الهداة ۳۸/۲ ۲ ـ احقاق الحق ۳۱۲/۱۵

۳ ـ نهج الصباغة ۱۳۱/۴، اثبات الهداة ۲۱۲/۲

۴ ـ الخصال / ۱۱۶، اليقين / ۲۷۰، المستدرک للحاکم ۱۳۸/۳ باختلاف يسير

۵ ـ أمالي الطوسي ۱۹۶/۱

٦٠١ ـ عَنِ ابْنِ عَبّاسٍ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :مَا أَظَلَّتِ الْخَضْراءُ وَلَا أَقَلَّتِ الْغَبْراءُ بَعْدِیْ أَفْضَلَ مِنْ عَلِيّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ وَإِنَّهُ إِمَامُ أُمَّتِیْ وَأَمِيرُهَا وَإِنَّهُ لَوَصِيِّیْ وَخَلِيْفَتِیْ عَلَيْهَا مَنِ اقْتَدٰی بِهٖ بَعْدِی اهْتَدٰی، وَمَنِ اهْتَدٰی بِغَيْرِهٖ ضَلَّ وَغَوٰی، إِنِّیْ أَنَا النَّبِيُّ الْمُصْطَفٰی مَاأَنْطِقُ بِفَضْلِ عَلِيّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ عَنِ الْهَوٰی إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُوْحٰی....(١)

٦٠٢ ـ عَنِ ابْنِ عَبّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ (فِیْ حَدِيْثٍ) إِنَّ اللّٰهَ أَوْحٰی إِلَيْهِ :أَنِّیْ قَدْ جَعَلْتُ عَلِيّاً أَمِيرَالْمُؤْمِنِيْنَ فَمَنْ تَآمَرَ عَلَيْهِ لَعَنْتُهُ، وَمَنْ خَالَفَهُ عَذَّبْتُهُ، يَا مُحَمَّدُ !إِنِّیْ قَدْ جَعَلْتُ عَلِيّاًإِمَامَ الْمُسْلِمِيْنَ فَمَنْ تَقَدَّمَ عَلَيْهِ أَخْزَيْتُهُ، إِنَّ عَلِيّاً سَيِّدُ الْوَصِيِّيْنَ.(٢)

٦٠٣ ـ بِالْإِسْنَادِ فِیْ حَدِيْثٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :يَا عَلِيُّ ! أَنْتَ الْإِمَامُ بَعْدِیْ وَالْأَمِيْرُوَأَنْتَ الصَّاحِبُ بَعْدِیْ وَالْوَزِيْرُ وَمَالَکَ فِیْ أُمَّتِیْ مِنْ نَظِيْرٍ.(٣)

٦٠٤ ـ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ قَالَ:قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَلَا أَدُلُّكُمْ عَلٰی مَا إِنْ تَسَلَّمْتُمْ عَلَيْهِ لَمْ تَهْلِكُوا؟ إِنَّ إِمَامَكُمْ وَوَلِيَّكُمْ عَلِيُّ بْنُ أَبِیْ طَالِبٍ، فَنَاصِحُوْهُ وَصَدِّقُوْهُ فَإِنَّ جَبْرائِيلَ أَمَرَنِیْ بِذٰلِکَ.(٤)

٦٠٥ ـ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :إِنَّ اللّٰهَ أَوْحٰی إِلَيْهِ :أَنَّ عَلِيّاً رَايَةُ الْهُدٰی، وَإِمَامُ أَوْلِيَائِیْ، وَنُوْرُمَنْ أَطَاعَنِیْ.(٥)

---

١ ـ كنز الفوائد / ٢٠٨، البحار ١٥٢/٣٨

٢ ـ اثبات الهداة ٢٤٢/٢ ــ ٣ ـ أمالي الصدوق / ٣٨

٤ ـ المسترشد / ٦٣٢ ــ ٥ ـ اثبات الهداة ٢٨٦/٢

٢٠٦ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :عَلِيٌّ إِمَامُ الْخَلْقِ (إِمَامُ النَّاسِ).(١)

٢٠٧ ـ بِالْإِسْنَادِ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :إِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى اطَّلَعَ إِلَى الْأَرْضِ اطِّلَاعَةً فَاخْتَارَنِيْ مِنْهَا فَجَعَلَنِي نَبِيًّا، ثُمَّ اطَّلَعَ الثَّانِيَةَ فَاخْتَارَ مِنْهَا عَلِيًّا فَجَعَلَهُ إِمَامًا، ثُمَّ أَمَرَنِيْ أَنْ أَتَّخِذَهُ أَخًا وَوَلِيًّا وَوَصِيًّا وَخَلِيفَةً وَوَزِيْرًا، فَعَلِيٌّ مِنِّيْ وَأَنَا مِنْ عَلِيٍّ وَهُوَ زَوْجُ ابْنَتِيْ وَأَبُوْ سِبْطَيَّ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ....(٢)

٢٠٨ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :سَيَكُوْنُ بَعْدِيْ فِتْنَةٌ مُظْلِمَةٌ، النَّاجِيْ فِيْهَا مَنْ تَمَسَّكَ بِعُرْوَةِ اللّٰهِ الْوُثْقٰى .فَقِيْلَ :يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَمَا الْعُرْوَةُ الْوُثْقٰى؟ قَالَ :وِلَايَةُ سَيِّدِ الْوَصِيِّيْنَ.

قِيْلَ :يا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَمَا سَيِّدُ الْوَصِيِّيْنَ؟

قَالَ :أَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ:

قِيْلَ وَمَنْ أَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ؟ قَالَ :مَوْلَى الْمُسْلِمِيْنَ وَإِمَامُهُمْ بَعْدِيْ،

قِيْلَ :وَمَنْ مَوْلَى الْمُسْلِمِيْنَ؟ قَالَ :أَخِيْ عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ عَلَيهِ السَّلَامُ.(٣)

٢٠٩ ـ حَدَّثَنَا أَبُوْ حَمْزَةَ وَجَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ وَمَسْلَمَةُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ وَأَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَعَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالُوْا :حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ :حَدَّثَنِي الرِّضَا عَلَيهِ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِيْ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ :يَوْمَ

---

١ ـ احقاق الحق ١٥/ ٧٥　　　٢ ـ كمال الدين / ٢٥٧

٣ ـ اليقين / ٢٥٠، غاية المرام / ٧٤ طبع جديد

نَـدْعُوْ کُلَّ اُنَاسٍ بِاِمَامِهِمْ قَالَ :یُـدْعَوْنَ بِاِمَامِ زَمَانِهِمْ وَکِتَابِ رَبِّهِمْ وَسُنَّةِ نَبِیِّهِمْ .وَقَالَ :یَا عَلِیُّ !اِنَّکَ سَیِّدُ الْـمُسْـلِمِیْنَ وَاِمَـامُ الْـمُتَّقِیْنَ وَقَـائِدُ الْغُرِّالْمُحَجَّلِیْنَ وَیَعْسُوْبُ الْمُؤْمِنِیْنَ.(۱)

۶۱۰ ۔ قَـالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :اَللّٰهُـمَّ ثَبِّتْهُ وَاجْعَلْهُ هَادِیًا مَهْدِیًّا قَالَهُ لِعَلِیٍّ.(۲)

دوسری فصل

حضرت علی علیہ السلام کی امامت

۵۸۸۔امام صادق علیہ السلام نے اپنے اَجداد علیہم السلام سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس رات کو مجھے آسمان پر لے گئے، پروردگار نے علی علیہ السلام کے بارے میں مجھے تین کلمات کی سفارش کی اور فرمایا: اے محمدؐ! میں نے کہا: اے میرے پروردگار! لبّیک، فرمایا: علی علیہ السلام پرہیز گاروں کے پیشوا ، سفید اور نورانی چہروں کے رہبر اور مؤمنین کے سردار ہیں۔

۵۸۹۔عبداللہ بن مفضّل نے امام صادق علیہ السلام سے اور انہوں نے اپنے والد سے اور انہوں نے اپنے اَجداد علیہم السلام سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس رات مجھے آسمان پر لے جایا گیا

۱۔ الیقین / ۴۹۳ ۲۔ احقاق الحق ۷/۷۷

پروردگار مجھ سے ہم کلام ہوا اور فرمایا: اے محمدؐ! میں نے کہا: اے میرے پروردگار لبیک فرمایا: تمہارے بعد علی علیہ السلام لوگوں پر میری حُجت ہیں اور ان کے پیشوا ہیں جو میرے پیروکار ہیں، جس نے اس کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی، اور جس نے اس کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی ہے۔

۵۹۰۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں خوف دلانے والا ہوں اور علی علیہ السلام لوگوں کو ہدایت کرنے والے ہیں، یَاعَلیؑ! ہدایت پانے والے تمہارے توسّل سے ہدایت پائیں گے۔

۵۹۱۔ جعفر بن محمد علیہما السلام سے نقل ہوا ہے کہ حضرتؑ نے فرمایا: میرے والد نے میرے لیے بیان کیا اور فرمایا: میرے والد علی بن حسین علیہ السلام نے اپنے والد سے میرے لیے بیان کیا اور فرمایا: میرے والد امیرالمؤمنین علیہ السلام نے فرمایا: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: یَاعَلیؑ! تم مؤمنین کے امیر اور پرہیزگاروں کے پیشوا ہو یَاعَلیؑ! تم اوصیاء کے سرور اور پیغمبروں کے علم کے وارث ہو بہترین صادق اور سبقت لینے والوں سے افضل ہو، یَاعَلیؑ! تم عالَم کی عورتوں کی سردار کے شوہر ہو اور پیغمبروں کے بہترین جانشین ہو، یَاعَلیؑ! تم مؤمنوں کے سردار اور میرے بعد ان تمام لوگوں پر حجّت ہو، جو تمہیں دوست رکھے گا وہ بہشت کے لائق ہے اور جو تمہیں دشمن رکھے گا وہ جہنّم کی آگ کا مستحق ہوگا یَاعَلیؑ: مجھے اس کی قسم جس نے مجھے نبوّت کے لیے مبعوث کیا اور سب لوگوں پر برتری عطا کی! اگر کوئی بندہ تمہاری اور ائمہ کی ولایت کے بغیر ہزار سال خدا کی عبادت کرتا ہے تو اس کی عبادت قبول نہیں ہوگی۔ اور اسی طرح تمہاری ولایت اور ائمہ علیہم السلام کی ولایت جو تمہاری اولاد میں سے ہیں تمہارے اور ان کے دشمنوں سے بیزاری کے بغیر قبول نہیں ہوگی۔ یہ اطلاع مجھے جبرئیلؑ نے دی ہے؛ جو چاہے ایمان لائے اور جو چاہے کُفر اختیار کرے۔"

۵۹۲۔ابن عباس سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا: یا علیؑ! تم مسلمانوں کے پیشوا اور امیر المؤمنین اور نورانی چہروں کے رہبر ہو اور میرے بعد تمام لوگوں پر حجّتِ خدا ہو آپ اوصیاء کے سردار اور پیغمبروں کے وصی ہو، یا علیؑ! جس وقت مجھے ساتویں آسمان پر لے جایا گیا اور سدرۃ المنتہیٰ پر پہنچا اور وہاں سے نور کے پردوں پر پہنچا اور میرے پروردگار نے اپنی مناجات کے ذریعہ میرا احترام کیا اور مجھ سے فرمایا: اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میں نے کہا: لبّیک اے میرے پروردگار تو بلند مرتبے کا مالک ہے، فرمایا: علیؑ میرے دوستوں کا پیشوا اور فرمان برداروں کا نور ہے وہ ایسا کلام ہے کہ جس کو میں نے پرہیز گاروں کے لیے لازم اور واجب کیا ہے، جس نے اس کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی اور جس نے اس کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی ہے۔ابھی یہ خوشخبری انھیں سنا دیں ۔ علی علیہ السلام نے عرض کی اے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آیا میں اس مقام تک پہنچ گیا ہوں کہ وہاں پر میرا تذکرہ ہوا ہے؟ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہاں، یا علیؑ! ابھی اپنے پروردگار کا شکر کرو۔علی علیہ السلام نے سجدہ کیا اور جو خدا نے نعمت عطا کی تھی اس کا شکر بجالائے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علیؑ! سجدہ سے پیشانی اٹھالو کہ خدا اپنے ملائکہ کے ساتھ تم پر افتخار کر رہا ہے۔

۵۹۳۔پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! علی علیہ السلام مجھ سے ہے اور میں علیؑ سے ہوں اور انہیں میری مٹی سے خلق کیا گیا ہے۔وہ میرے بعد لوگوں کے پیشوا ہیں اور جس چیز پر میری سنّت میں لوگ اختلاف کریں گے ان کے لیے بیان کریں گے۔

وہ مؤمنین کے امیر ، سفید چہروں کے رہبر اور ایمان لانے والوں اور بہترین اوصیاء کے سرور ہیں اور جہاں کی عورتوں کی سردار کے شوہر ہیں اور ہدایت یافتہ ائمہ علیہم السلام کے باپ ہیں اے لوگو! جو علی علیہ السلام کو دوست رکھے گا میں اسے دوست رکھوں گا اور جو علی علیہ السلام کو دشمن رکھے گا میں اسے

دشمن رکھوں گا جو علی علیہ السلام سے تمسّک کرے گا میں اس سے تمسّک کروں گا اور جو علی علیہ السلام سے دوری کرے گا میں اس سے دوری کروں گا اور جو علی علیہ السلام پر ظلم کرے گا میں اس پر ظلم کروں گا اور جو علی علیہ السلام سے محبّت کرے گا میں اُس کے ساتھ محبّت کروں گا اور جو اس کے ساتھ دشمنی کرے گا میں اس کے ساتھ دشمنی کروں گا۔

۵۹۴۔ ابن عباس سے نقل ہوا ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام حق کے ساتھ ہیں اور حق ان کے ساتھ ہے وہ میرے بعد امام اور خلیفہ ہیں، جو ان سے تمسّک کرے گا وہ کامیاب ہے اور نجات پائے گا، اور جو ان سے دوری کرے گا وہ گمراہ ہو جائے گا، میری تجہیز ان کے ذمہ ہے اور وہ میرے قرض ادا کریں گے وہ میرے دونوں نواسوں حسَن اور حُسین علیہما السلام کے والد ہیں۔

۵۹۵۔ ابو سعید سے نقل ہوا ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے بعد علی علیہ السلام ہر مؤمن کے پیشوا ہیں۔

۵۹۶۔ امام صادق علیہ السلام سے منقول ہے حضرتؑ نے فرمایا: خداوند نے ملائکہ کو وحی کی: یہ میرے نور کی شعاع ہے اس کا سرچشمہ اور بنیاد نبوّت اور شاخ امامت ہے نبوّت کا تعلق میرے بندے اور رسول محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہے، اور امامت کا تعلق میری حُجّت اور میرے ولی علی علیہ السلام سے ہے، اگر ان دونوں کا وجود نہ ہوتا میں مخلوقات کو خلق نہ کرتا، مگر تم نہیں جانتے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غدیرِ خُم میں علی علیہ السلام کے دونوں ہاتھوں کو اتنا بلند کیا کہ لوگوں نے حضرت کی بغلوں کی سفیدی دیکھی، اور انہیں مسلمانوں کا سرپرست اور پیشوا بنایا؟ یہاں تک کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام کی پیروی کریں اس لیے کہ وہ پاک اور معصوم ہے اور کبھی بھی گمراہی میں گرفتار نہیں ہوگا۔

۵۹۷۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام لوگوں کے ہادی ہیں۔

۵۹۸۔ابوذر سے نقل ہوا ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک حدیث میں فرمایا: علی علیہ السلام صالحین کے پیشوا اور کافروں کے قاتل ہیں۔

۵۹۹۔عبداللہ بن اسعد بن زُرارہ سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرا پروردگار مجھے رات کو آسمان پر لے گیا اور علی علیہ السلام کے بارے میں مجھ سے تین چیزوں کی وحی کی کہ وہ پرہیزگاروں کے پیشوا، مؤمنین کے سرور اور نورانی چہروں کے رہبر ہیں۔

۶۰۰۔جعفر بن محمد نے اپنے والد سے اور جد علیہم السلام سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس وقت مجھے رات کو آسمان پر لے گئے اور میں سدرۃ المنتہیٰ پر پہنچا، مجھے آواز دی، اے محمدؐ! علی علیہ السلام کی نیک اور اچھی وصایت کو قبول کرو، اس لیے کہ وہ قیامت کے دن مسلمانوں کے سردار، پرہیزگاروں کے پیشوا اور نورانی وسفید چہروں کے رہبر ہیں۔

۶۰۱۔ابن عباس سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نیلے آسمان نے کسی پر سایہ نہیں کیا اور زمین نے اس کے سائے کو قبول نہیں کیا جو میرے بعد علی بن ابی طالب علیہ السلام سے افضل ہو وہ میری امّت کے پیشوا اور حاکم ہیں اور میری امت پر میرے وصی اور جانشین ہیں۔

جو میرے بعد ان کی اطاعت اور پیروی کرے گا وہ ہدایت پائے گا اور جو ان کے علاوہ کسی سے ہدایت چاہے گا تو وہ گمراہ ہو جائے گا میں وہ انتخاب کیا ہوا پیغمبر ہوں کہ علی بن ابی طالب علیہ السلام کی شان میں اپنی طرف سے کلمات بیان نہیں کر رہا ہوں میرے یہ کلمات جو مجھ پر وحی ہوئی ہے اس سے خارج نہیں، میں تو وحی کے بغیر کوئی چیز بیان ہی نہیں کرتا۔

۷۲۷۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علی علیہ السلام تم میرے وصی اور جانشین ہو تمہارا فرمان میرا فرمان اور تمہاری نہی میری نہی ہے اور میں اس کی قسم کھارہا ہوں کہ جس نے مجھے نبوّت عطا کی ہے اور بہترین مخلوق قرار دیا ہے تم خدا کی حجّت ہو اس کے بندوں پر تم خدا کی وحی کے امین اور اس کے بندوں پر جانشین ہو تم ہر مسلمان کے سرپرست اور ہر مومن کے پیشوا اور ہر پرہیز گار کے رہبر ہو اور میری اُمّت تمہاری ولایت کے ذریعہ موجبِ رحمت بنے گی اور تمہاری دشمنی کی وجہ سے تمہارے مخالف لعنت کے مستحق ہوں گے، میرے جانشین بارہ افرد ہیں جن میں سے پہلے تم اور آخری قائم آلِ محمد علیہ السلام ہیں کہ خداوند ان کے ذریعہ (زمین کے) مشرق و مغرب میں فتح و کامرانی عطا کرے گا۔

۷۲۸۔ سلمان نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ آنحضرت نے فرمایا: علی بن ابیطالب علیہ السلام

میری امت کے داناترین فرد ہیں، اس لئے وہ میرے وصی ہوں گے۔

۷۲۹۔ اعمش نے امام صادق علیہ السلام سے حضرتؑ نے اپنے اَجداد علیہم السلام سے انہوں نے امیرالمؤمنین علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یاعَلی علیہ السلام! تم میرے بھائی، وصی اور میرے وارث ہو۔ تمہیں دوست رکھنے والے میرے دوست ہیں، اور تمہارا دشمن میرا دشمن ہے، یاعَلیؑ! تم اور میں اس امت کے دو باپ ہیں. یاعلی علیہ السلام! میں اور تم اور ائمہؑ جو تمہاری اولاد میں سے ہیں، ہم سب اس دنیا میں بزرگ اور آخرت میں حاکم ہیں، جس نے ہمیں پہچان لیا اس نے خدا کو پہچان لیا اور جس نے ہمارا انکار کیا اس نے خدا کا انکار کیا ہے۔

۷۳۰۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام میری امت کے درمیان میرے جانشین ہیں۔

۷۳۱۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام میرے وزیر ہیں۔

۷۳۲۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آپؑ میرے بھائی اور وصی ہو تم میرا قرض ادا کرو گے اور میرے بعد میرے جانشین ہو گے۔

۷۳۳۔ سلمان سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے وصی علی بن ابیطالب علیہ السلام ہیں۔

۷۳۴۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علیؑ میرے خاندان میں سے میرے بھائی اور وزیر اور وصی ہیں۔

۷۳۵۔ محمد بن ابی عمیر نے سلمان بن مہران سے نقل کیا ہے اس نے امام صادقؑ اور انہوں نے اپنے اَجداد علیہم السلام سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یاعَلی علیہ السلام! تم میرے بھائی اور میں تمہارا بھائی ہوں. یاعَلی علیہ السلام! تم مجھ سے ہو اور میں تم سے ہوں. یاعَلی علیہ السلام! تم میرے بھائی، وصی

اور جانشین اور میری امت پر خدا کی حجّت ہو، حقیقت میں خوش بخت ہے وہ شخص جو تم کو دوست رکھے اور بد بخت ہے وہ جو تمہیں دشمن رکھے۔

۷۳۶۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ کے بندے! علی بن ابیطالب علیہ السلام خدا کے فرمان سے میرے بھائی اور وصی ہیں ان کی پیروی کرو۔

۷۳۷۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علی علیہ السلام! تم میری زندگی میں اور میرے بعد میری امت میں سے میرے جانشین ہو اور تمہاری نسبت مجھ سے ایسے ہے جیسے شیثؑ کی مثال آدمؑ سے، اور یوشعؑ کی موسیٰؑ سے اور شمعون کی نسبت عیسیٰؑ سے ہے۔

یا علی علیہ السلام! تم میرے وصی اور وارث ہو، اس کے بعد فرمایا: یا علیؑ! تم مسلمانوں کے امیر المومنین اور پیشوا اور سفید چہروں کے ہادی اور پرہیز گاروں کے سردار ہو۔

۷۳۸۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حدیث نقل ہوئی ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: خداوند تمہارا پروردگار اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمہارے پیغمبر اور علی علیہ السلام تمہارے رہبر ہیں، وہ میرے بعد میرے خلیفہ اور وصی ہیں۔

۷۳۹۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام کا ہاتھ پکڑا ہوا تھا ان کی طرف اشارہ کرکے فرما رہے تھے: یہ میرے بعد آپ کے درمیان میرے جانشین ہیں بس ان کے فرمان کو غور سے سنیں اور ان کی اطاعت کریں۔

۷۴۰۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر پیغمبرؑ کا ایک وارث اور وصی ہوتا ہے اور میرے وارث اور وصی علی علیہ السلام ہیں۔

۷۴۱۔ مُسندِ احمد میں حذیفہ بن یمان سے نقل ہوا ہے: اصحابِ رسول نے حضرتؐ سے

کہا: اے رسولِ خداؐ! آیا آپ اپنا جانشین مقرر نہیں کریں گے؟

پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر علی علیہ السلام کو اپنا حاکم قرار دو تو انہیں ہادی اور ہدایت یافتہ پاؤ گے اور وہ تمہیں سیدھے راستہ کی ہدایت کریں گے۔

۴۲ ۷۔ سلمان فارسی کہتے ہیں: میں نے رسولِ خداؐ سے سنا آنحضرتؐ نے فرمایا: میرے وصی ، جانشین ، بہترین فرد جنہیں میں اپنے بعد خلیفہ مقرر کروں گا، جو میرے وعدہ کی وفا کریں گے اور میرے قرض کو ادا کریں گے وہ علی بن ابیطالب ہیں۔

۴۳ ۷۔ سلمان فارسی کہتے ہیں: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی بن ابیطالب علیہ السلام وہ بہترین فرد ہیں جنہیں میں اپنے بعد جانشین قرار دوں گا۔

۴۴ ۷۔ ابوبکر سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام وہ بہترین فرد ہیں جنہیں میں اپنے بعد خلیفہ مقرر کروں گا؛ جس نے انکی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی اور جس نے ان کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی۔

۴۵ ۷۔ ابن عباس کہتے ہیں: ایک دن رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے اصحاب کے ساتھ مسجدِ قُبا میں تشریف فرما تھے، علی بن ابیطالب علیہ السلام سے فرمایا: یا علیؑ! تم میرے بھائی ہو اور میں تمہارا بھائی ہوں، یا علیؑ! تم میرے بعد میری امّت کے وصی اور جانشین اور پیشوا ہو، خدا اس کو دوست رکھے جو تمہیں دوست رکھے اور خُدا اس سے دشمنی رکھے جو تمہیں دشمن رکھے اور غضب کرے اس پر جو تم پر غضب کرے اور مدد کرے اس کی جو تمہاری مدد کرے اور ذلیل کرے اس کو جو تمہاری مدد سے ہاتھ اٹھالے۔

۴۶ ۷۔ جابر سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جبرئیلؑ میرے پاس آئے

اور کہا: اے محمدؐ! پروردگار آپ سے کہہ رہا ہے: علی بن ابیطالب علیہ السلام آپ کی امت اور آپ کے خاندان میں سے آپ کے وصی اور جانشین ہیں۔

۷۴۷۔ سلمان کہتے ہیں: میں پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رحلت کے وقت آنحضرتؐ کے قریب تھا فرمایا: علی بن ابیطالب علیہ السلام بہترین فرد ہیں جنہیں میں اپنے بعد جانشین مقرر کر رہا ہوں۔

۷۴۸۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام بہترین فرد ہیں جنہیں میں اپنے بعد خلیفہ بنا رہا ہوں۔

۷۴۹۔ امام صادق علیہ السلام نے اپنے اَجداد علیہم السلام سے نقل کیا ہے کہ رسول خدا نے فرمایا: علی بن ابیطالب علیہ السلام میرے جانشین، وصی اور وارث ہیں۔

۷۵۰۔ جعفر بن محمد سے منقول ہے کہ انہوں نے فرمایا: جس وقت قیامت آپہنچے گی منادی عرش سے ندا دے گا: زمین پر خدا کا خلیفہ کہاں ہے؟ پس داؤد پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہوں گے خدا کی طرف سے ندا آئے گی: البتہ آپ خدا کے خلیفہ ہیں لیکن ہمارا مقصد آپ نہیں تھے، دوبارہ منادی ندا دے گا: زمین پر خدا کا خلیفہ کہاں ہے؟ اس وقت امیر المومنین علی بن ابیطالب علیہ السلام کھڑے ہوں گے، پس خدا کی طرف سے ندا آئے گی: اے لوگوں کا گروہ یہ علی بن ابیطالب علیہ السلام اس زمین پر خدا کے خلیفہ اور اس کے بندوں پر خدا کی حجت ہیں، جس نے دنیا میں ان کی محبّت کی رسّی کو تھاما، آج بھی ان کی رسّی کو تھام لے، اور ان سے نور حاصل کرے اور ان کی اِقتدا میں بہشت کے عالی ترین درجات تک پہنچ جائے۔ امامؑ نے فرمایا: اس وقت جنہوں نے ان کی محبّت کی رسّی کو تھاما تھا کھڑے ہوں گے اور ان کی اقتدا میں بہشت کی طرف روانہ ہوں گے۔

۷۵۱۔ علی علیہ السلام نے فرمایا: میں تمہارے درمیان رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جانشین ہوں اور تمہیں

تمہارے دین کی حدود پر کھڑا کروں گا اور بہشت کی طرف دعوت دوں گا۔

۷۵۲۔رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علی علیہ السلام تم میرے بھائی اور وزیر ہو اور بہترین فرد ہو جنہیں میں اپنے بعد اپنا جانشین بناؤں گا۔

۷۵۳۔امام صادق علیہ السلام نے اپنے اَجداد علیہم السلام سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک حدیث میں فرمایا: علی بن ابیطالب علیہ السلام میرے وصی ، وارث اور جانشین ہیں۔

۷۵۴۔پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آنحضرت ؐ نے فرمایا: خدا نے مجھے پیغمبر اور علیؑ کو وصی قرار دیا ہے۔

۷۵۵۔حدیث میں نقل ہوا ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے اصحاب سے فرمایا: اے میرے اصحاب! علی بن ابیطالب علیہ السلام میری زندگی میں اور میرے بعدتم پر میرے وصی اور جانشین ہیں، اور وہ صدّیقِ اکبر اور فاروقِ اعظم ہیں کہ حق اور باطل کے درمیان فرق ڈالیں گے، وہ باب اللہ ہیں اور اسی دروازہ سے داخل ہونا چاہیئے وہ صراطِ خدا ہیں اور صراطِ خدا کے راہنما ہیں، جس نے انہیں پہچان لیا اس نے مجھے پہچان لیا اور جس نے انہیں نہیں پہچانا اس نے مجھے نہیں پہچانا، اور جس نے انکی پیروی کی اس نے میری اطاعت کی ہے۔

۱۶۳۔عَلِیٌّ عَلَیهِ السَّلَامُ اَفضَلُ الوَصِیِّینَ

۷۵۶۔قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :إِنَّ لِـلّٰهِ تَعَالٰی مِائَةَ أَلْفِ نَبِیٍّ وَأَربَعَةَ وَعِشرِینَ أَلْفَ نَبِیٍّ أَنَا سَیِّدُهُم وَأَفضَلُهُم وَأَکرَمُهُم عَلَی اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَلِکُلِّ نَبِیٍّ وَصِیٌّ أَوصَی إِلَیهِ بِأَمرِ اللّٰهِ تَعَالٰی ذِکرُهُ، وَإِنَّ وَصِیِّی عَلِیَّ بنَ أَبِی طَالِبٍ لَسَیِّدُهُم

وَأَفْضَلُهُمْ وَأَكْرَمُهُمْ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ.(۱)

۷۵۷۔ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُوسَى الرِّضَا قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي مُوسَى بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ أَبِيهِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍ عَنْ أَبِيهِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ أَبِيهِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ :خَلَقَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مِائَةَ أَلْفِ نَبِيّ وأَرْبَعَةً وَعِشْرِينَ أَلْفَ نَبِيّ أَنَا أَكْرَمُهُمْ عَلَى اللّٰهِ وَلَا فَخْرَ وَخَلَقَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مِائَةَ أَلْفِ وَصِيّ وَأَرْبَعةً وعِشْرِينَ أَلْفَ وَصِيّ فَعَلِيٌّ أَكْرَمُهُمْ عَلَى اللّٰهِ وَأَفْضَلُهُمْ.(۲)

۷۵۸۔ بِالْإِسْنَادِ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَحَبُّ أَهْلِ بَيْتِيْ وَأَفْضَلُ مَنْ أَتْرُكُ بَعْدِيْ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ.(۳)

حضرت علی علیہ السلام سب اوصیاء سے افضل ہیں

۷۵۶۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خداوند کے ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاءؑ ہیں اور میں ان کا سردار ہوں اور بارگاہِ الٰہی میں ان سب سے قابل احترام اور افضل ہوں، ہر پیغمبر کا وصی ہے اور اس نے خدا کے حکم سے اپنا وصی بنایا ہے، اور میرے وصی علی بن ابیطالب علیہ السلام ان سب اوصیاء کے

۱۔ الفقیہ ۴/۱۳۲

۲۔ أمالی الصدوق/۱۹۶، اثبات الهداة ۲/۵۸، مناقب آل ابی طالب ۳/۴۷ مرسلاً باختلاف یسیر

۳۔ اثبات الهداة ۲/۶۵

سردار ہیں اور بارگاہِ الٰہی میں ان سب سے افضل ہیں۔

۷۵۷۔علی بن موسیٰ الرضا علیہ السلام نے فرمایا: میرے والد موسیٰ بن جعفر علیہ السلام نے اپنے والد جعفر بن محمد علیہ السلام سے اور انہوں نے اپنے والد محمد بن علیؑ سے اور انہوں نے اپنے والد علی بن حسینؑ سے اور انہوں نے اپنے والد حسین بن علی علیہ السلام سے انہوں نے امیر المومنین علی بن ابیطالب علیہ السلام سے اور حضرت نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حدیث بیان فرمائی ہے کہ خداوند نے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر خلق کیے ہیں اور میں خدا کے نزدیک ان سب سے زیادہ قابلِ احترام ہوں، میں افتخار نہیں کر رہا ہوں اور خداوند نے ایک لاکھ چوبیس ہزار اوصیاء بھی خلق کیے ہیں اور علیؑ خدا کے نزدیک ان سب سے افضل اور قابلِ احترام ہیں۔

۷۵۸۔رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے خاندان میں سے محبوب ترین اور بہترین فرد جسے میں اپنے بعد اپنا جانشین قرار دوں گا وہ علی بن ابیطالبؑ ہیں۔

۱۳۶۔عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ سَيِّدُ الْوَصِيِّيْنَ

۷۵۹۔قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :عَلِيٌّ سَيِّدُ الْوَصِيِّيْنَ.(۱)

۷۶۰۔ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ :سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ :أَنَا سَيِّدُ الْأَوَّلِيْنَ وَالْآخِرِيْنَ وَعَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ سَيِّدُ الْوَصِيِّيْنَ وَهُوَ أَخِيْ وَوَارِثِيْ وَخَلِيْفَتِيْ عَلَى أُمَّتِيْ طَاعَتُهُ فَرِيْضَةٌ وَاتِّبَاعُهُ فَضِيْلَةٌ وَمَحَبَّتُهُ إِلَى اللّٰهِ وَسِيْلَةٌ فَحِزْبُهُ حِزْبُ اللّٰهِ وَأَنْصَارُهُ أَنْصَارُ اللّٰهِ وَأَوْلِيَاؤُهُ أَوْلِيَاءُ اللّٰهِ وَأَعْدَاءُهُ أَعْدَاءُ اللّٰهِ، وَهُوَ

۱۔احقاق الحق ۱۵/۵۵

إِمامُ الْمُسْلِمِيْنَ وَمَوْلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَأَمِيْرُهُمْ بَعْدِىْ.(١)

٧٦١۔ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَلاَ وَإِنَّ عَلِيًّا سَيِّدُ الْوَصِيِّيْنَ وَإِمَامُ الْمُتَّقِيْنَ وَخَلِيفَتِي عَلَى النَّاسِ أَجْمَعِيْنَ وَأَبُو الْغُرِّ الْمَيَامِيْنَ، طَاعَتُهُ طَاعَتِيْ وَمَعْرِفَتُهُ مَعْرِفَتِيْ....(٢)

٧٦٢۔ وَعَنِ الْحُسَيْنِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَدِيْثٍ قَالَ: قَالَ عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ خَلِيفَةُ اللّٰهِ وَخَلِيفَتِيْ، وَحُجَّةُ اللّٰهِ وَحُجَّتِيْ، وَهُوَ أَخِيْ وَوَزِيْرِيْ وَوَصِيِّيْ، وَهُوَ سَيِّدُ الْوَصِيِّيْنَ وَخَيْرُ أُمَّتِيْ.(٣)

٧٦٣۔ بِالْإِسْنَادِ، عَنِ الْأَصْبَغِ بْنِ نَبَاتَةَ قَالَ :قَالَ أَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَيهِ السَّلَامُ :أَنَا خَلِيفَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَوَزِيْرُهُ وَوَارِثُهُ، أَنَا أَخُوْ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَوَصِيُّهُ وَحَبِيْبُهُ، أَنَا صَفِيُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَصَاحِبُهُ، أَنَا ابْنُ عَمِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَزَوْجُ ابْنَتِهِ وَأَبُوْ وُلْدِهِ، وَأَنَا سَيِّدُ الْوَصِيِّيْنَ وَوَصِيُّ سَيِّدِ النَّبِيِّيْنَ، أَنَا الْحُجَّةُ الْعُظْمٰى وَالْآيَةُ الْكُبْرٰى وَالْمَثَلُ الْأَعْلٰى وَبَابُ النَّبِيِّ الْمُصْطَفٰى، أَنَا الْعُرْوَةُ الْوُثْقٰى وَكَلِمَةُ التَّقْوٰى وَأَمِيْنُ اللّٰهِ تَعَالٰى ذِكْرُهُ عَلٰى أَهْلِ الدُّنْيَا.(٤)

حضرت علی علیہ السلام اوصیاء کے سردار ہیں

٧٥٩۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام اوصیاء کے سردار ہیں۔

٧٦٠۔ سعید بن جُبیر نے عائشہ سے نقل کیا ہے کہ اس نے کہا: میں نے رسولِ خداؐ سے

١۔ اثبات الهداة ٢/ ٦٩ — ٢۔ أسرار الشهادة / ٢٤١

٣۔ إثبات الهداة ٢/ ٢٤٢ — ٤۔ امالی الصدوق / ٤١

سنا آنحضرتؐ نے فرمایا: میں پہلے والوں اور آنے والوں کا سردار ہوں اور علی بن ابیطالب علیہ السلام اوصیاء کے سردار ہیں اور میری امت کے درمیان میرے بھائی، وزیر، وارث اور جانشین ہیں' ان کی اطاعت واجب ہے اور ان کی پیروی کرنا فضیلت ہے اور ان کی محبت خدا کی طرف وسیلہ ہے' ان کا لشکر خدا کا لشکر ہے' ان کے ساتھی خدا کے ساتھی، ان کے دوست خدا کے دوست اور ان کے دشمن خدا کے دشمن ہیں' وہ مسلمانوں کے پیشوا اور میرے بعد ان کے مولا اور امیر المومنین ہیں۔

۷۶۱۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: جان لیں! علی علیہ السلام اوصیاء کے سردار، پرہیزگاروں کے پیشوا اور ان سب لوگوں پر میرے جانشین ہیں۔ وہ ائمہ علیہم السلام کے باپ ہیں' ان کی اطاعت میری اطاعت ہے اور ان کی پہچان میری پہچان ہے۔

۷۶۲۔ امام حسینؑ نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حدیث نقل کی ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: علی بن ابیطالب علیہ السلام خدا کے جانشین اور میرے جانشین' خدا کی حجّت اور میری حجّت ہیں' وہ میرے بھائی، وزیر، وصی، اوصیاء کے سردار اور میری امّت کے بہترین فرد ہیں۔

۷۶۳۔ اصبغ بن نباتہ کہتے ہیں: امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: میں رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جانشین، وزیر اور وارث ہوں، میں رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتخاب کیا ہوا اور ساتھی ہوں۔

میں رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا کا بیٹا ہوں اور ان کی بیٹی کا شوہر اور ان کے بیٹوں کا باپ ہوں، میں اوصیاء کا سردار اور پیغمبروں کے سردار کا وصی ہوں، میں عظیم حجّت اور بزرگ آیات اور اعلیٰ مثال اور محمّد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دروازہ ہوں اور میں اس دنیا کے لوگوں میں سے "عُروۃُ الوُثقیٰ، کلمۃُ التقویٰ" اور امینُ اللہ ہوں۔

۱۳۷ - عَلِيٌّ عَلَيهِ السَّلامُ وَحَدِيثُ الْمَنزِلَةِ

۷۶۴ - عَنِ ابْنِ عَبّاسٍ قالَ :قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :هٰذا عَلِيُّ بْنُ أَبِي طالِبٍ، لَحْمُهُ مِنْ لَحْمِي وَدَمُهُ مِنْ دَمِي، وَهُوَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هارُونَ مِنْ مُوسَى غَيْرَ أَنَّهُ لا نَبِيَّ بَعْدِي.(۱)

۷۶۵ - عَنْ جابِرِ بْنِ عَبدِاللّٰهِ قالَ :قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلامُ :أَنْتَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هارُونَ مِنْ مُوسَى إِلَّا أَنَّهُ لا نَبِيَّ بَعْدِي.(۲)

۷۶۶ - بِالإِسْنادِ، عَنِ الصّادِقِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ آبائِهِ عَلَيهِمُ السَّلامُ، قالَ :قالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيِّ بْنِ أَبِي طالِبٍ عَلَيهِ السَّلامُ :يا عَلِيُّ !أَنْتَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هِبَةِ اللّٰهِ مِنْ آدَمَ وَبِمَنْزِلَةِ سامٍ مِنْ نُوحٍ وَبِمَنْزِلَةِ إِسْحاقَ مِنْ إِبْراهِيمَ وَبِمَنْزِلَةِ هارُونَ مِنْ مُوسَى وَبِمَنْزِلَةِ شَمْعُونَ مِنْ عِيسَى إِلَّا أَنَّهُ لا نَبِيَّ بَعْدِي،...(۳)

۷۶۷ - عَنِ ابْنِ عَبّاسٍ قالَ :قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :لِأُمِّ سَلَمَةَ هٰذا عَلِيُّ بْنُ أَبِي طالِبٍ لَحْمُهُ لَحْمِي وَدَمُهُ دَمِي فَهُوَ (وَهُوَ خ ل) مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هارُونَ مِنْ مُوسَى إِلَّا أَنَّهُ لا نَبِيَّ بَعْدِي.(۴)

۷۶۸ - عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قالَ لِعَلِيٍّ :أَلا تَرْضَى أَنْ تَكُونَ

---

۱ - اليقين / ۱۶۱

۲ - فرائد السمطين ۱/ ۱۳۲ ، إحقاق الحق ۵/ ۱۳۶ ، البحار ۳۷/ ۲۶۳ باختلاف يسير، الغدير ۱/ ۳۹ باختلاف في موارد، جواهر المطالب ۱/ ۵۱ باختلاف يسير

۳ - أمالي الصدوق / ۴۷

۴ - إحقاق الحق ۵/ ۲۱۹، غاية المرام ۶۵ / ۱

مِنّیْ بِمَنْزِلَةِ هارُوْنَ مِنْ مُوْسٰی.(۱)

۷۶۹۔ عَنْ مُصْعَبَ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ إِلٰی تَبُوْكٍ وَاسْتَخْلَفَ عَلِيًّا قَالَ: أَتُخَلِّفُنِيْ فِي الصِّبْيَانِ وَالنِّسَاءِ؟ فَقَالَ: أَلَا تَرْضٰی أَنْ تَكُوْنَ مِنِّيْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰی إِلَّا أَنَّهُ لَيْسَ نَبِيٌّ بَعْدِيْ.(۲)

۷۷۰۔ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكٍ: خَلَّفْتُكَ أَنْ تَكُوْنَ خَلِيْفَتِيْ فِيْ أَهْلِيْ، قُلْتُ: أَتُخَلَّفُ بَعْدَكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ؟ قَالَ: أَلَا تَرْضٰی أَنْ تَكُوْنَ مِنِّيْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰی إِلَّا أَنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ؟(۳)

۷۷۱۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: عَلِيٌّ مِنِّيْ بِمَنْزِلَةِ هٰرُوْنَ مِنْ مُوْسٰی.(۴)

حضرت علی علیہ السلام اور حدیثِ منزلت

۷۶۴۔ ابن عباس کہتے ہیں کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ علی بن ابیطالب علیہ السلام ہیں کہ ان کا گوشت میرا گوشت، انکا خون میرا خون ہے، ان کی مجھ سے نسبت ایسے ہے جیسے ھارون ؑ کی

۱۔ سنن ابن ماجة ۴۲/۱، صحیح مسلم ۲۳۷/۲، صحیح البخاری ۱۴۲/۳ ۱۱ باختلاف یسیر

۲۔ إحقاق الحق ۱۴۹/۵، صحیح مسلم ۱۷۶/۱۵ ۱، البحار ۲۶۴/۳۷ باختلاف یسیر، صحیح الترمذی ۱۷۱/۱۳، جامع الاحادیث للسیوطي ۲۶۳/۱۶، التاج ۲۹۵/۳ باختلاف فی موارد

۳۔ إحقاق الحق ۱۹۸/۵

۴۔ اثبات الهداة ۳۲/۲

موسیٰ سے مگر یہ کہ میرے بعد کوئی پیغمبر نہیں ہوگا۔

۷۶۵۔ جابر بن عبد اللہ انصاری سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا: آپ کی نسبت مجھ سے ایسے ہے جیسے ہارونؑ کی موسیٰؑ سے مگر یہ کہ میرے بعد کوئی پیغمبر نہیں ہوگا۔

۷۶۶۔ امام صادق علیہ السلام نے اپنے والد سے اور اَجدادؑ سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی بن ابیطالب علیہ السلام سے فرمایا: یا علی علیہ السلام! تمہاری نسبت مجھ سے ایسے ہے جیسے ھِبَۃُ اللہ کی نسبت آدمؑ سے اور سام کی نسبت نوحؑ سے اور اسحٰقؑ کی نسبت ابراہیمؑ سے اور ہارونؑ کی نسبت موسیٰؑ سے اور شمعون کی نسبت عیسیٰؑ سے مگر یہ کہ میرے بعد کوئی پیغمبر نہیں ہوگا۔

۷۶۷۔ ابن عباس سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُمِّ سلمہ سے فرمایا: یہ علی بن ابی طالب علیہ السلام ہیں کہ ان کا گوشت میرا گوشت اور ان کا خون میرا خون ہے اور ان کی مجھ سے نسبت ایسے ہے جیسے ہارونؑ کی نسبت موسیٰؑ سے مگر یہ کہ میرے بعد کوئی پیغمبر نہیں ہوگا۔

۷۶۸۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آنحضرتؐ نے علی علیہ السلام سے فرمایا: کیا تم خوش نہیں ہو کہ تمہاری نسبت مجھ سے ایسے ہو، جیسے ھارونؑ کی نسبت موسیٰؑ سے؟

۷۶۹۔ مُصعَب بن سعد نے اپنے والد سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تبوک کی طرف روانہ ہوئے اور علی علیہ السلام کو اپنا جانشین مقرر کیا، علیؑ نے عرض کی: آیا آپ مجھے بچوں اور عورتوں کے درمیان اپنا جانشین بنا رہے ہیں؟ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تم اس بات پر خوش نہیں ہو کہ تمہاری نسبت مجھ سے ایسے ہو جیسے ھارونؑ کی نسبت موسیٰؑ سے تھی؟ مگر یہ کہ میرے بعد کوئی پیغمبر نہیں ہے۔

۷۷۰۔ سعید بن مسیّب نے علی علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنگِ تبوک میں

فرمایا: میں نے تمہیں اپنے خاندان کے درمیان بہ عنوان جانشین مقرر کیا ہے، میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آیا اپنے بعد جانشین مقرر کریں گے؟

فرمایا: کیا تم اس بات پر خوش نہیں کہ تمہاری نسبت مجھ سے ایسے ہو جیسے ہارونؑ کی نسبت موسیٰؑ سے، مگر یہ کہ میرے بعد کوئی پیغمبر نہیں ہے؟

۱۷۷۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام کی نسبت مجھ سے ایسے ہے جیسے ھارونؑ کی نسبت موسیٰؑ سے ہے۔

اَلْفَصْلُ الْخَامِسُ

فِیْ تَبِعَاتِ مُخَالَفَةِ عَلِیٍّ عَلَیهِ السَّلاَمُ

۱۳۸ ۔ مَنْ خَالَفَ طَرِیْقَ عَلِیٍّ عَلَیْهِ السَّلاَمُ

۷۷۲ ۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنهُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰه عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :لَنْ تَضِلُّوا وَلَنْ تَهْلِکُوْا وَأَنْتُمْ فِیْ مُوَالاَةِ عَلِیٍّ، وَإِنْ خَالَفْتُمُوْهُ، فَقَدْ ضَلَّتْ بِکُمُ الطُّرُقُ وَالْأَهْوَاءُ فِی الغَیِّ، فَاتَّقُوا اللّٰهَ فَإِنَّ ذِمَّةَاللّٰهِ عَلِیَّ بْنَ أَبِیْ طَالِبٍ.(۱)

۷۷۳ ۔ عَنْ عَلِیٍّ عَلَیهِ السَّلاَمُ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ أَنَّهٗ قَالَ :أَمَا إِنَّکَ الْمُبْتَلٰی وَالْمُبْتَلٰی بِکَ، أَمَا إِنَّکَ الْهَادِیْ لِمَنِ اتَّبَعَکَ، وَمَنْ خَالَفَ طَرِیقَکَ ضَلَّ إِلٰی یَوْمِ الْقِیامَةِ.(۲)

پانچویں فصل

حضرت علی علیہ السلام سے مخالفت کے اثرات

جو علی علیہ السلام کے طور طریقے سے تخلف کرے

۷۷۲۔ابن عباس سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تک علی علیہ السلام کی

۱ ۔ احقاق الحق ۵۷/۶ ۲ ۔ البحار ۳۹/۳۸

ولایت سے تمسّک کریں گے تو کبھی گمراہ نہیں ہوں گے اور ضلالت کا شکار بھی نہیں ہوں گے اگر ان کی مخالفت کی تو گمراہ اور ذلیل ہوں گے، پس خدا کا تقویٰ اختیار کرو، کیونکہ وعدۂ الٰہی علی بن ابیطالبؑ ہیں۔

۷۷۳۔ حضرت علی علیہ السلام سے منقول ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جان لیں! آپ امتحان میں مبتلا ہوں گے اور دوسرے لوگوں کا تمہارے ذریعے سے امتحان ہوگا: جان لیں کہ تم انہیں ہدایت کرنے والے ہو جو تمہاری پیروی کرتے ہیں اور جس نے تمہارے طور طریقے کی مخالفت کی تو وہ قیامت تک گمراہ ہوں گے۔

۱۳۹۔ مَنْ خالَفَ عَلِيّاً عَلَيهِ السَّلامُ

۷۷۴۔ وَفِي رِوايَةِ ابْنِ عُمَرَ :(قالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ:) يا عَلِيُّ! مَنْ خالَفَكَ فَقَدْ خالَفَنِي وَمَنْ خالَفَنِي فَقَدْ خالَفَ اللّٰهَ.(۱)

۷۷۵۔ عَنِ ابْنِ عَبّاسٍ قالَ :قالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :اَلْمُخالِفُ عَلىٰ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طالِبٍ بَعْدِي كافِرٌ وَالْمُشْرِكُ بِهِ مُشْرِكٌ، وَالْمُحِبُّ لَهُ مُؤْمِنٌ، وَالْمُبْغِضُ لَهُ مُنافِقٌ، وَالْمُقْتَفِي لِأَثَرِهِ لاحِقٌ، وَالْمُحارِبُ لَهُ مارِقٌ، وَالرّادُّ عَلَيْهِ زاهِقٌ، عَلِيٌّ نُورُ اللّٰهِ فِي بِلادِهِ وَحُجَّتُهُ عَلىٰ عِبادِهِ....(۲)

جس نے علی علیہ السلام کی مخالفت کی

۷۷۴۔ ابن عمر سے روایت نقل ہوئی ہے کہ (پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا) یا علی علیہ السلام!

۱۔ البحار ۳۰/۳۸

۲۔ سفینۃ البحار ۲۲۵/۱، البحار ۹۰/۳۸

جس نے تمہاری مخالفت کی اس نے میری مخالفت کی اور جس نے میری مخالفت کی اس نے خدا کی مخالفت کی۔

۷۷۵۔ابن عباس سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے میرے بعد علیؑ کی مخالفت کی وہ کافر ہے اور جس نے ان سے شرک کیا وہ مشرک ہے (شرک سے مراد معبودیت میں شرک نہیں) اور ان کا دوست مومن اور ان کا دشمن منافق ہے، اور جو ان کے نقشِ قدم پر چلا تو وہ ان تک پہنچ جائے گا، اور جس نے ان سے جنگ کی وہ دین سے خارج ہو گیا اور جس نے ان کے فرمان کو قبول نہ کیا تو وہ ہلاک ہو گیا، علیؑ —— زمین پر —— خدا کا نور ہیں اور اس کے بندوں پر اس کی حجت ہیں۔

۱۴۰۔مَنْ عَادٰی عَلِیًّا

۷۷۶۔قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ :عَادَی اللّٰہُ مَنْ عَادٰی عَلِیًّا (عَلَیْہِ السَّلَامُ).(۱)

حضرت علیؑ سے دشمنی کرنا

۷۷۶۔رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے علی علیہ السلام سے دشمنی کی اس نے خدا سے دشمنی کی۔

۱۴۱۔اَلْمُتَقَدِّمُ عَلٰی عَلِیٍّ عَلَیْہِ السَّلَامُ

۷۷۷۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ :یَا عَلِیُّ !اَلَا یَتَقَدَّمُکَ اِلَّا

۱۔احقاق الحق۷/۴۲، فضائل الخمسۃ ۲/۲۲۹

كَافِرٌ، وَلَا يَتَخَلَّفُ عَنْكَ إِلَّا كَافِرٌ،أَنْتَ نُورُ اللّٰهِ فِي عِبَادِهِ وَحُجَّةٌ عَلَى عِبَادِهِ، وَسَيْفُ اللّٰهِ عَلَى أَعْدَائِهِ، وَوَارِثُ عُلُومِ أَنْبِيَائِهِ،أَنْتَ كَلِمَةُ اللّٰهِ الْعُلْيَا وَآيَتُهُ الْكُبْرَى، وَلَا يَقْبَلُ اللّٰهُ الْإِيمَانَ إِلَّا بِوِلَايَتِكَ.(۱)

۷۷۸۔عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لِعَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ :لَا يَتَقَدَّمُكَ بَعْدِي إِلَّا كَافِرٌ، وَأَنَّ أَهْلَ السَّمٰوَاتِ لَيُسَمُّونَكَ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ.(۲)

۷۷۹۔عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :(أَنَّهُ) قَالَ لِعَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ :يَا عَلِيُّ الَا يَتَقَدَّمُكَ بَعْدِي إِلَّا كَافِرٌ، وَلَا يَتَخَلَّفُ عَنْكَ إِلَّا كَافِرٌ، وَأَنَّ أَهْلَ السَّمٰوَاتِ يُسَمُّونَكَ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ.(۳)

حضرت علی علیہ السلام پر سبقت لینا

۷۷۷۔پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:یا علی علیہ السلام!تم پر کافر کے علاوہ کوئی اور سبقت نہیں لے گا اور کافر کے علاوہ کوئی تم سے پیچھے نہیں رہے گا،تم لوگوں کے درمیان خدا کا نور اور اس کی حجت ہو تم خدا کے دشمنوں پر سیف اللہ ہو اور اس کے پیغمبروں کے علم کے وارث ہو تم خدا کا عظیم کلمہ اور عظیم نشانی ہو خدا تمہاری ولایت کے بغیر کسی کا ایمان قبول نہیں کرے گا۔

۷۷۸۔پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا:میرے بعد کافر کے علاوہ کوئی تم پر سبقت نہیں

۱۔ أسرار الشهادة / ۲۴۱

۲۔ اثبات الهداة ۲ ,۲۸۴، اليقين / ۲۷۸ باختلاف يسير

۳۔إثبات الهداة ۲/ ۲۴۰

لے گا، اہلِ آسمان تمہیں امیر المومنین کے نام سے پکارتے ہیں۔

۷۷۹۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آنحضرت ؐ نے امیر المومنین علی علیہ السلام سے فرمایا: یا علیؑ! میرے بعد کافر کے علاوہ کوئی تم پر سبقت نہیں لے گا اور کافر کے علاوہ کوئی تمہاری مخالفت نہیں کرے گا، اہلِ آسمان تمہیں امیر المومنین کے نام سے پکارتے ہیں۔

۱۴۲۔ مُنْكِرُ الْإِمَامَةِ مُنْكِرٌ لِلنُّبُوَّةِ

۷۸۰۔ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :مَنْ جَحَدَ عَلِيًّا إِمَامَتَهُ مِنْ بَعْدِي فَإِنَّمَا جَحَدَ نُبُوَّتِي، وَمَنْ جَحَدَ نُبُوَّتِي، فَقَدْ جَحَدَ (جَحَدَ اللّٰهَ خ ل) رُبُوبِيَّتَهُ.(۱)

۷۸۱۔ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ : مَنْ أَنْكَرَ إِمَامَةَ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ بَعْدِي كَانَ كَمَنْ أَنْكَرَ نُبُوَّتِي فِي حَيَاتِي وَمَنْ أَنْكَرَ نُبُوَّتِي كَانَ كَمَنْ أَنْكَرَ رُبُوبِيَّةَ رَبِّهِ عَزَّ وَجَلَّ.(۲)

۷۸۲۔ وَقَالَ (النَّبِيُّ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :يَا عَلِيُّ أَنْتَ وَالطَّاهِرُونَ مِنْ ذُرِّيَّتِكَ مَنْ أَنْكَرَ وَاحِدًا مِنْكُمْ فَقَدْ أَنْكَرَنِي.(۳)

۷۸۳۔ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُوسَى الرِّضَا عَنْ أَبِيهِ عَنْ آبَائِهِ عَلَيهِمُ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :يَا عَلِيُّ أَنْتَ وَالْأَئِمَّةُ بَعْدِي حُجَجُ اللّٰهِ عَلَى خَلْقِهِ وَأَعْلَامُهُ فِي بَرِيَّتِهِ،فَمَنْ أَنْكَرَ وَاحِدًا مِنْكُمْ فَقَدْ أَنْكَرَنِي،

۱۔ البحار ۶۱/۱/۲۷

۲۔ البحار ۱۰۹/۳۸، أمالی الصدوق / ۲۲۵، اثبات الهداة ۲/ ۷۱

۳۔ عوالی اللئالی ۸۵/۴

وَمَنْ عَصٰى وَاحِدًا مِنْكُمْ فَقَدْ عَصَانِيْ، وَمَنْ جَفَا وَاحِدًا مِنْكُمْ فَقَدْ جَفَانِيْ، وَمَنْ وَصَلَكُمْ فَقَدْ وَصَلَنِيْ، وَمَنْ أَطَاعَكُمْ فَقَدْ أَطَاعَنِيْ، وَمَنْ وَالَاكُمْ فَقَدْ وَالَانِيْ، وَمَنْ عَادَاكُمْ فَقَدْ عَادَانِيْ لِأَنَّكُمْ مِنِّيْ جَمِيْعًا خُلِقْتُمْ مِنْ طِيْنَتِيْ وَأَنَا مِنْكُمْ.(۱)

۷۸۴۔ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ أَبِي الْعَلَاءِ قَالَ :سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِاللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَقُوْلُ: لَوْ جَحَدَ أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَيْهِ السَّلَامُ جَمِيْعُ مَنْ فِي الْأَرْضِ لَعَذَّبَهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا وَأَدْخَلَهُمُ النَّارَ.(۲)

امامت کا منکر نبوّت کا منکر ہے

۷۸۰۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے میرے بعد علی علیہ السلام کی امامت کا انکار کیا اس نے میری نبوت کا انکار کیا اور جس نے میری نبوت کا انکار کیا اس نے خدا کی ربوبیت کا انکار کیا۔

۷۸۱۔ عبداللہ بن عباس سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے میرے بعد علی علیہ السلام کی امامت کا انکار کیا وہ اس کی مانند ہے جس نے میری زندگی میں میری نبوت کا انکار کیا ہے اور جس نے میری نبوت کا انکار کیا وہ اس کی مانند ہے جس نے اپنے پروردگار کی الوہیّت کا انکار کیا ہے۔

۷۸۲۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علی علیہ السلام! جس نے تمہارا یا تمہاری اولاد میں سے کسی ایک معصومؑ کا انکار کیا، حقیقت میں اس نے میرا انکار کیا ہے۔

۱۔ اثبات الهداة ۱/۵۱۹

۲۔ عقاب الأعمال / ۲۴۹

۷۸۳۔محمد بن فضل نے علی بن موسیٰ رضا علیہ السلام سے حضرتؑ نے اپنے والد سے اورانہوں نے اپنے اَجداد علیہم السلام سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا: یا علیؑ! تم اور تمہارے بعد والے پیشوا خلقِ خدا پر اس کی حجت ہیں اور لوگوں کے درمیان اس کی نشانیاں ہیں جس نے تم میں سے کسی ایک کا انکار کیا اس نے میرا انکار کیا اور جس نے تم میں سے کسی ایک پر ظلم کیا اس نے مجھ پر ظلم کیا ہے اور جس نے تم سے تمسّک کیا اس نے مجھ سے تمسّک کیا اور جس نے تمہاری اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی اور جس نے تمہیں دوست رکھا اس نے مجھے دوست رکھا، اور جس نے تم سے دشمنی کی اس نے مجھ سے دشمنی کی ہے اس لئے کہ تم سب مجھ میں سے ہو اور میری مٹی سے خلق کیے گئے ہو اور میں بھی تم میں سے ہوں۔

۷۸۴۔حسین بن علا کہتے ہیں کہ: میں نے امام صادق علیہ السلام سے سنا حضرتؑ نے فرمایا: اگر زمین پر رہنے والے تمام لوگ امیر المومنین علیہ السلام کا انکار کریں تو خدا ان تمام پر عذاب کرے گا اور ان سب کو دوزخ میں داخل کرے گا۔

۱۴۳۔ تَفْضِيلُ النَّاسِ عَلٰى عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ

۷۸۵۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :مَنْ فَضَّلَ أَحَدًا مِنْ أَصْحَابِيْ عَلٰى عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ فَقَدْ كَفَرَ.(۱)

۷۸۶۔ عَنْ أَبِيْ ذَرِّ الْغِفَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :لَا تُضَادُّوْا بِعَلِيٍّ أَحَدًا فَتَكْفُرُوْا،وَلَا تُفَضِّلُوْا عَلَيهِ أَحَدًا فَتَرْتَدُّوْا.(۲)

۱۔ أمالي الصدوق / ۵۲۲، اثبات الهداة ۷۱ / ۲، أنوار الهداية /۱۳۷، البحار ۱۴ / ۳۸، غاية المرام/۴۵۴

۲۔ البحار ۳۸/۱۴، أمالي الطوسي ۱۵۳/۱ بادنى التفاوت

لوگوں کو حضرت علی علیہ السلام پر برتری دینا

۷۸۵۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے میرے اصحاب میں سے کسی صحابی کو علی علیہ السلام پر برتری دی وہ کافر ہے۔

۷۸۶۔ ابوذر غفاری سے نقل ہوا ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کسی کو بھی علی علیہ السلام کے برابر قرار نہ دیں کافر ہو جاؤ گے، اور کسی کو ان پر برتری بھی نہ دیں مرتد ہو جاؤ گے۔

چوتھا حصہ

علی علیہ السلام سے دوستی اور ان کے شیعوں کی فضیلت اور حضرت علیؑ سے دشمنی اور اس کے نتائج

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

فِیْ حُبِّہٖ

۱۴۴ ـ اَلْاَمْرُ بِحُبِّہٖ

۷۸۷ ـ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ طَرِيْفٍ قَالَ :قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلَام :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :أَلَا إِنَّ جَبْرَئِيلَ أَتَانِيْ فَقَالَ :يَا مُحَمَّدُ اِرَبُّکَ يَأْمُرُکَ بِحُبِّ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ وَيَأْمُرُکَ بِوِلَايَتِهٖ.(۱)

۷۸۸ ـ حَدَّثَنِيْ مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ، عَنْ أَبِيْهِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيْهِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ عَنْ جَابِرٍ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :جَاءَنِيْ جَبْرَئِيلُ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ بِوَرَقَةِ آسٍ خَضْرَاءَ مَكْتُوْبٌ فِيْهَا بِبَيَاضٍ :إِنِّيْ فَرَضْتُ مَحَبَّةَ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ عَلَى خَلْقِيْ، فَبَلِّغْهُمْ ذٰلِکَ عَنِّيْ.(۲)

۷۸۹ ـ بِالْإِسْنَادِ، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ، يَرْفَعُوْنَ الْحَدِيْثَ إِلَى سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لَمَّا عُرِجَ بِيْ إِلَى السَّمَاءِ فَكُنْتُ مِنْ رَبِّيْ كَقَابِ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى إِذْ سَمِعْتُ النِّدَاءَ مِنْ قِبَلِ اللّٰهِ تَعَالٰى يَقُوْلُ :يَا مُحَمَّدُ اِمَنْ تُحِبُّ أَنْ يَكُوْنَ مَعَکَ فِي الْأَرْضِ؟ فَقُلْتُ :أُحِبُّ مَنْ يُحِبُّهُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ وَيَأْمُرُ بِمَحَبَّتِهٖ، فَسَمِعْتُ النِّدَاءَ مِنْ قِبَلِ اللّٰهِ تَعَالٰى يَقُوْلُ :يَا مُحَمَّدُ !أَحِبَّ عَلِيًّا فَإِنِّيْ أُحِبُّهٗ وَأُحِبُّ مَنْ يُحِبُّهٗ....(۳)

---

۱ ـ بصائر الدرجات / ۷۴

۲ ـ احقاق الحق ۷/ ۱۸۷، البحار ۳۹/ ۲۹۷ باختلاف يسير   ۳ـ احقاق الحق ۷/ ۱۵۲

۷۹۰۔ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَيُّهَا النَّاسُ أَحِبُّوا عَلِيًّا فَإِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّهُ....(۱)

۷۹۱۔ بِالْإِسْنَادِ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :إِنَّ عَلِيًّا وَلِيُّكُمْ بَعْدِیْ، فَأَحِبَّ عَلِيًّا فَإِنَّهُ يَفْعَلُ مَايُؤْمَرُ.(۲)

۷۹۲۔ عَنْ أَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: أَحِبُّوا عَلِيًّا فَإِنَّ لَحْمَهُ مِنْ لَحْمِيْ وَدَمَهُ مِنْ دَمِيْ لَعَنَ اللّٰهُ أَقْوَامًا مِنْ أُمَّتِيْ ضَيَّعُوْا فِيْهِ عَهْدِیْ وَنَسُوْا فِيْهِ وَصِيَّتِيْ مَا لَهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ خَلَاقٍ.(۳)

پہلی فصل

حضرت علیؑ سے دوستی

حضرت علی علیہ السلام سے دوستی کے لئے خدااور پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان

۷۸۷۔سعید بن طریف سے نقل ہوا ہے کہ حضرت ابو جعفر علیہ السلام نے فرمایا: رسولِ خداؐ نے فرمایا: جان لیں! کہ جبرئیلؑ مجھ پر نازل ہوئے اور کہا: اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ کا پروردگار آپ کو علیؑ

۱۔ احقاق الحق ۷/ ۱۴۶

۲۔ احقاق الحق ۱۵/ ۱۱۱

۳۔ أمالي الطوسی ۱/ ۶۷، بشارة المصطفی/ ۹۰

سے دوستی اور ولایت کا حکم دے رہا ہے۔

۷۸۸۔ موسیٰ بن اسماعیل نے اپنے والد سے اور انہوں نے جابر سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جبرئیلؑ خداوند سے میرے لئے ایک سبز رنگ کا پتّہ لائے جس پر سفید الفاظ میں لکھا ہوا تھا "میں نے علی بن ابیطالب علیہ السلام کی محبّت کو اپنی مخلوق پر واجب کیا ہے، اس پیغام کو میری طرف سے لوگوں تک پہنچا دو۔"

۷۸۹۔ حسین بن علی علیہ السلام نے سعد بن عبادہ سے نقل کیا ہے کہ اس نے کہا: رسولِ خداؐ نے فرمایا: جس وقت مجھے آسمان پر لے جایا گیا وہاں پر میرے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان دو کمانوں سے بھی کم فاصلہ تھا کہ میں نے خدا کی طرف سے ندا سنی کہ کہا گیا: اے محمدؐ! کس کو دوست رکھتے ہو جو زمین پر آپ کے ساتھ ہو؟

میں نے کہا: اس کو دوست رکھتا ہوں جسے خداوند دوست رکھتا ہے اور اس کی محبّت کا حکم دیتا ہے، پس میں نے خداوند کی طرف سے یہ آواز سنی جس میں کہا گیا: اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! علی علیہ السلام کو دوست رکھو، اس لیے کہ میں اسے اور جو انہیں دوست رکھتے ہیں دوست رکھتا ہوں۔

۷۹۰۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! علی علیہ السلام کو دوست رکھیں کیونکہ خدا انہیں دوست رکھتا ہے۔

۷۹۱۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے بعد علی علیہ السلام تمہارے سرپرست ہیں، پس انہیں دوست رکھیں اس لئے کہ جو بھی اس نے فرمان حاصل کیا ہے اس کی اطاعت کرتا ہے۔

۷۹۲۔ ابوسعید خدری سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام کو دوست رکھیں اس لئے کہ ان کا گوشت میرا گوشت اور ان کا خون میرا خون ہے، خدا کی لعنت ہو میری امت

کے اس گروہ پر جس نے ان کے حق میں میرے پیمان کو ضائع کیا اور ان کے بارے میں میری وصیت کو بھول گئے ان کا خدا کے نزدیک کوئی اجر نہیں۔

۱۴۵۔ آثارُ حُبِّه

۷۹۳۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَدِیْثٍ ... :أَلا مَنْ أَحَبَّ عَلِیًّا فَقَدْ أَحَبَّنِيْ، وَمَنْ أَحَبَّنِيْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَمَنْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَافَأَهُ بِالْجَنَّةِ.(۱)

۷۹۴۔ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ عَلَیْهِ السَّلاَمُ قَالَ :مَنْ أَحَبَّنِيْ رَآنِيْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ حَیْثُ یُحِبُّ، وَمَنْ أَبْغَضَنِيْ رَآنِيْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ حَیْثُ یَكْرَهُ.(۲)

۷۹۵۔ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَلاَ وَمَنْ أَحَبَّ عَلِیًّا كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ بَرَاءَةً مِنَ النَّارِ وَبَرَاءَةً مِنَ النِّفَاقِ وَجَوَازًا عَلَی الصِّرَاطِ وَأَمَانًا مِنَ الْعَذَابِ.(۳)

۷۹٦۔ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَلاَ وَمَنْ أَحَبَّ عَلِیًّا جَاءَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ وَوَجْهُهُ كَالْقَمَرِ لَیْلَةَ الْبَدْرِ.(۴)

۷۹۷۔ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَلاَ وَمَنْ أَحَبَّ عَلِیًّا نَادَاهُ مَلَكٌ مِنْ تَحْتِ الْعَرْشِ (أَنْ خ ل) یَاعَبْدَاللّٰهِ اِسْتَأْنِفِ الْعَمَلَ فَقَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ الذُّنُوْبَ

۱۔ البحار ۲۷/۱۱۴، فضائل الشیعة / ۲ باختلاف فی موارد

۲۔ أمالی الطوسی ۱/۱۸۳، کشف الغمة ۱/۳۸۹

۳۔ البحار ۲۷/۱۱۵

۴۔ فضائل الشیعة / ۴، البحار ۳۹/۲۷۷

كُلَّهَا.(١)

٧٩٨ـ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَلَا وَمَنْ أَحَبَّ عَلِيّاً غُفِرَ لَهُ.(٢)

٧٩٩ـ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَلَا وَمَنْ أَحَبَّ عَلِيّاً وَمَاتَ عَلىٰ حُبِّهِ؛ صَافَحَتْهُ الْمَلَائِكَةُ وَزَارَتْهُ أَرْوَاحُ الْأَنْبِيَاءِ .(٣)

٨٠٠ـ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :مَنْ أَحَبَّ عَلِيّاً بِقَلْبِهِ فَلَهُ ثُلُثُ ثَوَابِ هٰذِهِ الْأُمَّةِ، وَمَنْ أَحَبَّهُ بِقَلْبِهِ وَلِسَانِهِ، فَلَهُ ثُلُثَا ثَوَابِ هٰذِهِ الْأُمَّةِ، وَمَنْ أَحَبَّهُ بِقَلْبِهِ وَلِسَانِهِ وَيَدِهِ فَلَهُ ثَوَابُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ.أَلَا وَإِنَّ جَبْرَئِيلَ أَخْبَرَنِي أَنَّ السَّعِيدَ كُلَّ السَّعِيدِ مَنْ أَحَبَّ عَلِيّاً فِي حَيَاتِهِ وَبَعْدَ مَمَاتِهِ.(۴)

٨٠١ـ عَنْ يَحْيىٰ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ الْأَنْصَارِيِّ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :مَنْ أَحَبَّ عَلِيّاً فِي حَيَاتِهِ وَمَمَاتِهِ كُتِبَ لَهُ الْأَمْنُ وَالْإِيمَانُ.(۵)

٨٠٢ـ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :عَلِيٌّ أَقْضىٰ أُمَّتِي فَمَنْ أَحَبَّنِي فَلْيُحِبَّهُ فَإِنَّ الْعَبْدَ لَا يَنَالُ وِلَايَتِي إِلَّا بِحُبِّ عَلِيٍّ(عَلَيْهِ السَّلَامُ).(٦)

٨٠٣ـ عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ

١ـ فضائل الشيعة / ۴، البحار ٢٧/ ١١۵، ملحقات الاحقاق ٢١/ ٣١٩

٢ـ أسرار الشهادة / ٢۴١ ٣ـ أسرار الشهادة / ٢۴١

۴ـ احقاق الحق ۵ ٩١

۵ـ احقاق الحق ٧/ ١٣٨، البحار ٢٧/ ٧٦ باختلاف يسير، علل الشرايع / ١۴۴ باختلاف فى موارد.

٦ـ احقاق الحق ٧/ ١٣١

وَسَلَّمَ :لَا يُؤْمِنُ رَجُلٌ حَتّٰی يُحِبَّ أَهْلَبَيْتِيْ بِحُبِّيْ .فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ :وَمَا عَلامَةُ حُبِّ أَهْلِ بَيْتِكَ؟ قَالَ :هٰذَا، وَضَرَبَ بِيَدِهِ عَلٰى عَلِيٍّ.(۱)

۸۰۴ـ وَرُوِيَ عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ قَالَ :رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ ضَرَبَ فَخِذَ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ وَصَدْرَهُ، وَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ :مُحِبُّكَ مُحِبِّيْ، وَمُحِبِّيْ مُحِبُّ اللّٰهِ، وَمُبْغِضُكَ مُبْغِضِيْ،وَمُبْغِضِيْ مُبْغِضُ اللّٰهِ.(۲)

۸۰۵ـ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَلَا وَمَنْ أَحَبَّ عَلِيًّا؛ أَمِنَ مِنَ الْحِسَابِ وَالْمِيْزَانِ وَالصِّرَاطِ.(۳)

۸۰۶ـ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَلَا وَمَنْ أَحَبَّ عَلِيًّا سُمِّيَ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ أَسِيْرَ اللّٰهِ.(۴)

۸۰۷ـ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَلَا وَمَنْ أَحَبَّ عَلِيًّا سُمِّيَ أَمِيْنَ اللّٰهِ فِي الْأَرْضِ.(۵)

۸۰۸ـ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَلَا وَمَنْ مَاتَ عَلٰى حُبِّ عَلِيٍّ فَأَنَا كَفِيْلُهُ بِالْجَنَّةِ.(۶)

۸۰۹ـ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَلَا وَمَنْ أَحَبَّ عَلِيًّا لا يُنْشَرُ لَهُ دِيْوَانٌ وَلَا يُنْصَبُ لَهُ مِيْزَانٌ وَقِيْلَ لَهُ :اُدْخُلِ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ.(۷)

۱ـ ملحقات الإحقاق ۲۱/ ۳۴۳

۲ـ ملحقات الاحقاق ۲۱/ ۳۲۱

۳ـ البحار ۲۷/ ۱۱۵

۴ـ فضائل الشیعه / ۴، البحار ۲۷/ ۱۱۵

۵ـ أسرار الشهاده / ۲۴۱

۶ـ أسرار الشهادة / ۲۴۱

۷ـ البحار ۲۷/ ۱۱۵

۸۱۰۔ وَرُوِیَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہِ وَسَلَّمَ :مَنْ أَحَبَّ عَلِیًّا فَقَدْ أَحَبَّنِی، وَمَنْ أَحَبَّنِی فَقَدْ أَحَبَّ اللّٰہَ.(۱)

۸۱۱۔ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہِ وَسَلَّمَ :أَلَا وَمَنْ أَحَبَّ عَلِیًّا أَعْطَاہُ اللّٰہُ بِکُلِّ عِرْقٍ فِی بَدَنِہِ حَوْرَاءَ وَشُفِّعَ فِی ثَمَانِینَ مِنْ أَھْلِ بَیْتِہِ وَلَہُ بِکُلِّ شَعْرَۃٍ فِی بَدَنِہِ حَوْرَاءُ وَمَدِینَۃٌ فِی الْجَنَّۃِ.(۲)

۸۱۲۔ بِالْإِسْنَادِ، وَحَدَّثَنَا صَدَقَۃُ بْنُ مُوسٰی، حَدَّثَنَا مُوسَی بْنُ جَعْفَرٍ عَلَیہِ السَّلَامُ عَنْ أَبِیہِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ الصَّادِقِ عَنْ أَبِیہِ عَلَیْھِمُ الصَّلَاۃُ وَالسَّلَامُ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰہِ الْأَنْصَارِیِّ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہِ وَسَلَّمَ :إِنِّی لَأَرْجُو لِأُمَّتِی فِی حُبِّ عَلِیٍّ کَمَا أَرْجُو فِی قَوْلِ لَا إِلٰہَ إِلَّا اللّٰہُ.(۳)

حضرت علی علیہ السلام سے محبّت کے ثمرات

۷۹۳۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک حدیث میں فرمایا: جان لیں کہ جس نے علی علیہ السلام کو دوست رکھا اُس نے مجھے دوست رکھا اور جس نے مجھے دوست رکھا خُدا اس سے راضی ہے اور جس سے خدا راضی ہو اس کا انعام بہشت ہوگی۔

۷۹۴۔ حارث نے علی بن ابیطالب علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ حضرت ؑ نے فرمایا: جو مجھے دوست

۱۔ ملحقات الاحقاق ۲۱/۳۲۱

۲۔ فضائل الشیعۃ / ۳، البحار ۲۷/۱۱۴ باختلاف فی موارد

۳۔ بشارۃ المصطفیٰ / ۱۴۵

رکھے گا قیامت کے دن مجھے اسی طرح دیکھے گا جس طرح وہ پسند کرتا ہے، اور جو مجھ سے دشمنی کرے گا قیامت کے دن مجھے اس طرح دیکھے گا جیسے وہ پسند نہیں کرتا۔

۷۹۵۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: جو بھی علی علیہ السلام کو دوست رکھے تو خداوند اس کے لئے آگ سے دُوری، نفاق سے دُوری، پُل صراط سے عبور کرنا، عذاب سے امان لکھے گا۔

۷۹۶۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: جان لیں! جو بھی علی علیہ السلام کو دوست رکھے گا قیامت کے دن وہ اس طرح حشر میں وارد ہوگا کہ اس کا چہرہ چودھویں کے چاند کی طرح چمک رہا ہوگا۔

۷۹۷۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: جان لیں! جو علی علیہ السلام کو دوست رکھتا ہوگا تو عرش کے نیچے سے اس کو ایک فرشتہ آواز دے گا: اے اللہ کے بندے! اپنے اعمال کو اول سے شروع کرو، کیونکہ خداوند نے تمہارے تمام گناہ معاف کردیے ہیں۔

۷۹۸۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جان لیں! جو بھی علی علیہ السلام کو دوست رکھے گا اس کے سب گناہ معاف ہو جائیں گے۔

۷۹۹۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: جان لیں! جو بھی علیؑ کو دوست رکھے اور ان کی محبّت میں مر جائے، ملائکہ اس سے مصافحہ کریں گے اور پیغمبروں کی روح اس کا دِیدار کرے گی۔

۸۰۰۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو علی علیہ السلام کو دل سے چاہے گا تو میری امت کے ثواب کا تیسرا حصہ اس کا ہوگا اور جو دل و زبان سے چاہے گا تو میری امت کے ثواب دوسرا حصہ اس کا

ہوگا اور جو انھیں دل و زبان اور ہاتھ سے دوست رکھے گا تو اس امت کا پورا ثواب اس کا ہوگا۔

جان لیں! کہ جبرئیل نے مجھے اطلاع دی ہے کہ حقیقت میں وہ شخص سعادت مند اور خوش قسمت ہے جو علی علیہ السلام کو زندگی میں اور مرنے کے بعد بھی دوست رکھے۔

۸۰۱۔ یحییٰ بن عبداللہ انصاری کہتے ہیں: میں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا آنحضرتؐ نے فرمایا: جو علی علیہ السلام کو زندگی اور موت میں دوست رکھے گا تو اس کے لیے آرام اور سکون مقرر کیا جائے گا۔

۸۰۲۔ ابنِ عباس کہتے ہیں: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قضاوت میں علیؑ میری امت میں سے داناترین فرد ہیں، جو مجھے دوست رکھے تو اسے علی علیہ السلام کو بھی دوست رکھنا چاہیے، اس لئے کہ کوئی بندہ بھی علیؑ کی محبت کے بغیر میری ولایت تک نہیں پہنچے گا۔

۸۰۳۔ سلمان کہتے ہیں: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کوئی بھی مومن نہیں ہوگا مگر یہ کہ وہ میری محبّت کی خاطر میرے اہلِ بیتؑ کو دوست رکھتا ہو، عمر بن خطاب نے کہا آپ کے اہلِ بیتؑ سے محبت کرنے کی علامت کیا ہے؟ علی علیہ السلام پر ہاتھ رکھا اور فرمایا: یہ ہیں محبّت کی نشانی۔

۸۰۴۔ سلمان فارسی سے نقل ہوا ہے کہ اس نے کہا: میں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا آنحضرتؐ علی علیہ السلام کے زانو اور سینہ پر ہاتھ مار رہے تھے اور فرما رہے تھے تمھیں دوست رکھنے والا میرا دوست ہے اور میرا دوست خدا کا دوست ہے اور تمہارا دشمن میرا دشمن اور میرا دشمن خدا کا دشمن ہے۔

۸۰۵۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جان لیں! جو علی علیہ السلام کو دوست رکھے گا تو وہ حساب اور کتاب اور میزان وصراط سے بے خوف ہوگا۔

۸۰۶۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: جان لیں! جو علی علیہ السلام کو

دوست رکھے گا تو وہ آسمان اور زمین پر اسیرِ محبّت خدا کے نام سے پکارا جائے گا۔

۸۰۷۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو علی علیہ السلام کو دوست رکھے گا تو وہ زمین پر امینِ خدا کے نام سے پکارا جائے گا۔

۸۰۸۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: جان لیں! جو شخص علی علیہ السلام کی محبّت میں مر جائے میں اس کے لئے بہشت کا ضامن ہوں گا۔

۸۰۹۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جان لیں! جو علی علیہ السلام کو دوست رکھتا ہوگا تو قیامت کے دن اس کے اعمال نامہ کو کھولا نہیں جائے گا اور نہ ہی اس کے لئے ترازو لگایا جائے گا اور اسے کہیں گے بغیر حساب کے بہشت میں داخل ہو جاؤ۔

۸۱۰۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: جس نے علی علیہ السلام کو دوست رکھا اس نے مجھے دوست رکھا اور جس نے مجھے دوست رکھا اس نے خدا کو دوست رکھا۔

۸۱۱۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جان لیں! جو علی علیہ السلام کو دوست رکھے گا تو خداوند اس کو اس کے بدن کی ہر رگ کے بدلے میں ایک حُور عطا کرے گا اور اس کے خاندان کے اسّی افراد کے لئے اس کی شفاعت کو قبول کرے گا اور اسے بدن کے ہر ایک بال کے بدلے میں حُور اور بہشت میں شہر عطا کیے جائیں گے۔

۸۱۲۔ صدقہ بن موسیٰ نے حضرت موسیٰ بن جعفر علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ حضرتؑ نے اپنے والد جعفر بن محمدؑ سے اور حضرتؑ نے اپنے والدِ گرامیؑ سے اور انہوں نے جابر بن عبداللہ انصاری سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خداؐ نے فرمایا: میں اپنی امّت سے علیؑ کی محبّت کی اس طرح امید رکھتا ہوں جیسے "لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ" کہنے کا امیدوار ہوں۔

۱۴۶۔ بَرَکَاتُ حُبِّهٖ

۸۱۳۔ عَنْ أَبِیْ بَکْرٍ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ، قَالَ سَمِعْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ، قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ سَمِعْتُ أَبَابَکْرِ بْنِ أَبِیْ قُحَافَةَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهِ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ :إِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ مِنْ نُوْرِ وَجْهِ عَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ (عَلَیْهِ السَّلَامُ) مَلَائِکَةً یُسَبِّحُوْنَ وَیُقَدِّسُوْنَ وَیَکْتُبُوْنَ ثَوَابَ ذٰلِکَ لِمُحِبِّیْهِ وَمُحِبِّیْ وُلْدِهٖ.(۱)

۸۱۴۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فِیْ حَدِیْثٍ ... :أَلَا وَمَنْ أَحَبَّ عَلِیًّا أَظَلَّهُ اللّٰهُ فِیْ ظِلِّ عَرْشِهٖ مَعَ الصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِیْنَ وَآمَنَهُ مِنَ الْفَزَعِ الْأَکْبَرِ وَأَهْوَالِ یَوْمِ الصَّاخَّةِ (یَوْمِ الْقِیَامَةِ خ ل).(۲)

۸۱۵۔ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :أَلَا وَمَنْ أَحَبَّ عَلِیًّا أَعْطَاهُ اللّٰهُ کِتَابَهُ بِیَمِیْنِهٖ وَحَاسَبَهُ حِسَابَ الْأَنْبِیَاءِ، أَلَا وَمَنْ أَحَبَّ عَلِیًّا لَا یَخْرُجُ مِنَ الدُّنْیَا حَتّٰی یَشْرَبَ مِنَ الْکَوْثَرِ وَیَأْکُلَ مِنْ شَجَرَةِ طُوْبٰی وَیَرٰی مَکَانَهُ مِنَ الْجَنَّةِ....(۳)

حضرت علی علیہ السلام سے محبّت کی برکتیں

۸۱۳۔ ابوبکر عبداللہ بن عبدالرحمٰن کہتے ہیں کہ: میں نے عثمان بن عفّان سے سنا ہے اس

۱۔ احقاق الحق ۱۱۵/۶

۲۔ البحار ۱۱۴/۲۷، اسرار الشهاده/ ۲۴۱ باختلاف فی موارد

۳۔ البحار ۱۱۴/۲۷، فضائل الشیعة/ ۲ باختلاف یسیر

نے کہا: میں نے عمر بن خطاب سے سنا اس نے کہا: میں نے ابوبکر بن قحافہ سے سنا اس نے کہا: میں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا آنحضرتؐ نے فرمایا: خداوند نے علی علیہ السلام کے چہرے کے نور سے ملائکہ کو خلق کیا ہے جو ہمیشہ خداوند کی تسبیح اور تقدیس کرتے ہیں اور اس کے ثواب کو علی علیہ السلام کے اور ان کی اولاد اور دوستوں کے اعمال میں لکھتے ہیں۔

۸۱۴۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک حدیث میں فرمایا: جان لیں! جو بھی علی علیہ السلام کو دوست رکھے گا خدا اس کو صدّیقین اور شہداء اور صالحین کے ساتھ عرش کے سایہ تلے جگہ دے گا اور اس کو قیامت کے دن کی وحشت اور خوف سے محفوظ رکھے گا۔

۸۱۵۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک حدیث میں فرمایا: جان لیں! کہ جو بھی علی علیہ السلام کو دوست رکھے گا تو خداوند اس کے نامۂ اعمال کو اسکے دائیں ہاتھ میں پکڑائے گا اور اس سے پیغمبروں کے حساب کی مانند حساب ہوگا. جان لیں! جو بھی علی علیہ السلام کو دوست رکھے گا تو وہ اس دنیا سے نہیں جائے گا مگر یہ کہ وہ حوضِ کوثر سے سیراب ہوگا اور طُوبیٰ کے درخت سے پھل کھائے گا اور اپنے ٹھکانے کو بہشت میں دیکھے گا۔

۱۴۷۔ لَوِ اجْتَمَعَ النَّاسُ عَلٰی حُبِّ عَلِیٍّ عَلَیهِ السَّلَامُ

۸۱۶۔ عَنِ ابْنِ عَبّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: لَوِ اجْتَمَعَ النَّاسُ عَلٰی حُبِّ عَلِیِّ بْنِ أَبِی طَالِبٍ لَمَا خَلَقَ اللّٰهُ النَّارَ. (۱)

۱۔ ینابیع المودة / ۱۲۵، کشف الغمة ۱/ ۹۹، ارشاد القلوب ۲/ ۲۳۴، احقاق الحق ۷/ ۱۴۷، البحار ۳۹/ ۳۰۵، عوالی اللئالی ۴/ ۸۶، کشف الیقین / ۲۲۵، المناقب للخوارزمی / ۶۷

۸۱۷۔ عَنْ أَبِیْ بَصِیْرٍ عَنْ أَبِیْ عَبْدِاللّٰہِ عَنْ آبَائِہٖ عَنْ عَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ عَلَیھِمُ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ :یَا عَلِیُّ !إِنَّہٗ لَمَّا أُسْرِیَ بِیْ إِلَی السَّمَاءِ تَلَقَّتْنِی الْمَلَائِکَۃُ بِالْبِشَارَاتِ فِیْ کُلِّ سَمَاءٍ حَتّٰی لَقِیَنِیْ جَبْرَئِیلُ فِیْ مَحْفَلٍ مِنَ الْمَلَائِکَۃِ، فَقَالَ :لَوِ اجْتَمَعَتْ أُمَّتُکَ عَلٰی حُبِّ عَلِیٍّ مَا خَلَقَ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ النَّارَ....(۱)

اگرلوگ علیؑ سے دوستی کے لئے جمع ہو جاتے

۸۱۶۔ابن عباس سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:اگرتمام لوگ علی علیہ السلام کی دوستی کے لئے جمع ہو جاتے تو خداوند دوزخ کو خلق نہ کرتا۔

۸۱۷۔ابوبصیر نے امام صادق علیہ السلام سے اور حضرتؑ نے اپنے اَجْداد علیہم السلام سے اورانہوں نے علی علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:یاعلیؑ! جس وقت مجھے رات کو آسمان پر لے گئے ، ہرآسمان پرفرشتوں نے مجھے مبارک باددی، یہاں تک کہ جبرئیلؑ نے مجھے ملائکہ کی ایک محفل میں دیکھااورکہا:اگرتمہاری امت علیؑ کی دوستی کے لئے جمع ہوجاتی تو خداوند دوزخ کو خلق نہ کرتا۔

۱۴۸۔ حُبُّ عَلِیٍّ عَلَیہِ السَّلَامُ عِبَادَۃٌ

۸۱۸۔وَقَالَ (النَّبِیُّ) صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ :حُبُّ عَلِیٍّ عِبَادَۃٌ وَلَا یَقْبَلُ اللّٰہُ

۱۔ البحار ۱۸/۳۸۸

إِيْمَانَ عَبْدٍ إِلّا بِوِلَايَتِهِ وَالْبَرَاءَةِ مِنْ أَعْدَائِهِ.(۱)

۸۱۹ ـ (فِيْ حَدِيْثٍ) الْحَسَنِ بْنِ صَالِحِ بْنِ حَيٍّ يَقُوْلُ :سَمِعْتُ جَعْفَرَ بْنَ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ يَقُوْلُ: حُبُّ عَلِيٍّ عِبَادَةٌ، وَخَيْرُ الْعِبَادَةِ مَا كُتِمَتْ.(۲)

حضرت علی علیہ السلام سے دوستی عبادت ہے

۸۱۸۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام سے دوستی عبادت ہے اور خداوند علی علیہ السلام سے دوستی اور انکے دشمنوں سے بیزاری کرنے والوں کے علاوہ کسی بھی بندے کے ایمان کو قبول نہیں کرے گا۔

۸۱۹۔ حسن بن صالح بن حیّ کہتے ہیں کہ: میں نے جعفر بن محمدؑ سے سنا حضرتؑ نے فرمایا: علیؑ سے دوستی عبادت ہے اور بہترین عبادت وہ عبادت ہے جو چھپی ہوئی ہو۔

۱۴۹ ـ سَبْعَةُ اَشْيَاءَ لِمُحِبِّيْهِ

۸۲۰ ـ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ :كُنْتُ ذَاتَ يَوْمٍ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ إِذْ اَقْبَلَ بِوَجْهِهِ عَلٰى عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ فَقَالَ :أَلَا أُبَشِّرُكَ يَا أَبَا الْحَسَنِ ؟قَالَ :بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ .قَالَ :هٰذَا جَبْرَئِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ يُخْبِرُنِيْ عَنِ اللّٰهِ تَعَالٰى أَنَّهُ قَدْ أَعْطٰى شِيعَتَكَ وَمُحِبِّيكَ سَبْعَ خِصَالٍ، الرِّفْقَ

۱۔ ارشاد القلوب / ۲۰۹

۲۔ البحار ۳۹/ ۲۸۰، بشارة المصطفیٰ / ۸۲

عِنْدَ الْمَوْتِ وَالْأُنْسَ عِنْدَ الْوَحْشَةِ وَالنُّوْرَ عِنْدَ الظُّلْمَةِ وَالْأَمْنَ عِنْدَ الْفَزَعِ وَالْقِسْطَ عِنْدَ الْمِيْزَانِ وَالْجَوَازَ عِنْدَ الصِّرَاطِ وَدُخُوْلَ الْجَنَّةِ قَبْلَ النَّاسِ "نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ وَبِأَيْمَانِهِمْ".(۱)

حضرت علیؑ کے مُحبّین کے لئے سات خصلتیں

۸۲۰۔ جابر بن عبداللہ انصاری کہتے ہیں کہ ایک دن میں رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں تھا پیغمبرؐ نے علی علیہ السلام کی طرف نگاہ کی اور فرمایا: اے ابوالحسنؑ! آیا میں تمہیں بشارت نہ دوں؟ عرض کی: کیوں نہیں، اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، پیغمبرؐ نے فرمایا: جبرئیلؑ نے مجھے خدا کی طرف سے خبر دی ہے کہ خداوند نے تمہارے شیعوں اور دوستوں کو سات خصلتیں عطا کی ہیں: موت کے وقت سانس میں آسانی کرنا، وحشت کے وقت دوستی اور اُنس، تاریکی کے وقت نور، خوف کے وقت امان، میزان میں عدالت، پل صراط سے عبور کرنا اور تمام لوگوں سے پہلے بہشت میں جانا اور اس وقت ان کا نور ان کے چہرے کے سامنے اور ان کی دائیں طرف حرکت میں ہوگا۔

۱۵۰۔ حُبُّ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ عُنْوَانُ صَحِيْفَةِ الْمُؤْمِنِ

۸۲۱۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: عُنْوَانُ صَحِيْفَةِ الْمُؤْمِنِ حُبُّ

۱۔ الخصال ۲/۴۰۲، تفسیر نور الثقلین ۵/۲۴۰، اعلام الدین / ۴۵۱، امالی الصدوق / ۲۷۶، بشارة المصطفیٰ / ۵۶ باختلاف فی موارد، البحار ۶۲/۲۷

عَلِيّ بْنِ أَبِي طالِبٍ.(۱)

حضرت علی علیہ السلام کی محبّت مؤمن کا صحیفہ ہے

۸۲۱۔رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی بن ابیطالب علیہ السلام سے دوستی عنوانِ صحیفۂ مؤمن ہے۔

۱۵۱ - حُبُّهُ حَبْلُ اللّٰهِ الْمَتِيْنُ

۸۲۲ـ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :مَنْ أَرَادَ أَنْ يَتَمَسَّكَ بِالْحَبْلِ الْمَتِيْنِ؛ فَلْيُحِبَّ عَلِيّاً وَذُرِّيَّتَهُ.(۲)

۸۲۳ـ عَنْ أَبِي الْحَسَنِ عَلِيِّ بْنِ مُوْسَى الرِّضَا عَنْ أَبِيْهِ عَنْ آبَائِهِ عَلَيهِمُ السَّلَامُ، قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَرْكَبَ سَفِينَةَ النَّجَاةِ وَيَتَمَسَّكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَى وَيَعْتَصِمَ بِحَبْلِ اللّٰهِ الْمَتِيْنِ فَلْيُوَالِ عَلِيّاً بَعْدِيْ وَلْيُعَادِ عَدُوَّهُ وَلْيَأْتَمَّ بِالْأَئِمَّةِ الْهُدَاةِ مِنْ وُلْدِهِ فَإِنَّهُمْ خُلَفَائِيْ وَأَوْصِيَائِيْ وَحُجَجُ اللّٰهِ عَلَى الْخَلْقِ بَعْدِيْ وَسَادَةُ أُمَّتِيْ وَقَادَةُ الْأَتْقِيَاءِ إِلَى الْجَنَّةِ، حِزْبُهُمْ حِزْبِيْ وَحِزْبِيْ حِزْبُ اللّٰهِ وَحِزْبُ أَعْدَائِهِمْ حِزْبُ الشَّيْطَانِ.(۳)

۱ـ بشارة المصطفىٰ / ۱۵۴، ينابيع المودة / ۱۲۵، الغدير ۲۷۸/۱۰، البحار ۱۴۲/۲۷، كنز العمال ۲۰۱/۱۱

۲ـ احقاق الحق ۱۶۰/۷

۳ـ أمالي الصدوق / ۲۶، احقاق الحق ۱۱۳/۵ باختلاف يسير

حضرت علی علیہ السلام کی محبّت اللہ کی مضبوط رسّی ہے

۸۲۲۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو مضبوط رسّی کو تھامنا چاہتا ہے تو اسے چاہیے کہ علی علیہ السلام اوران کی اولاد سے دوستی رکھے۔

۸۲۳۔ ابوالحسن علی بن موسیٰ رضا علیہ السلام نے اپنے والد سے اور حضرتؑ نے اپنے اجداد علیہم السلام سے نقل کیا ہے کہ: رسولِ خداؐ نے فرمایا: جو نجات کی کشتی پر سوار ہونا اور مضبوط ترین سہارے پر بھروسا کرنا اور خدا کی مضبوط رسّی کو تھامنا پسند کرتا ہے، اسے میرے بعد علی علیہ السلام سے دوستی رکھنی چاہیے اوران کے دشمنوں سے دشمنی کرے اور ہدایت کرنے والے ائمہؑ جو ان کی اولاد میں سے ہیں ان کی اقتدا کرنی چاہیے، کیونکہ وہ میرے جانشین اور اوصیاء ہیں اور میرے بعد لوگوں پر خدا کی حجّت اور میری امّت کے بزرگ ہیں اور پرہیزگاروں کی بہشت کی طرف رہبری کرتے ہیں، ان کا لشکر میرا لشکر ہے اور میرا لشکر خدا کا لشکر ہے اوران کے دشمنوں کا لشکر شیطان کا لشکر ہے۔

۱۵۲ ۔ حُبُّهُ هُوَ الْعُرْوَةُ الْوُثْقَى

۸۲۴۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :مَنْ أَحَبَّ عَلِيَّ بْنَ أَبِيْ طَالِبٍ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَى.(۱)

۸۲۵ ۔ عَنِ الرِّضَا عَنْ آبَائِهِ عَلَيهِمُ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ

---

۱ ۔ احقاق الحق ۷/ ۱۶۰

وَآلِهِ وَسَلَّمَ :مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَتَمَسَّكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى فَلْيَتَمَسَّكْ بِحُبِّ عَلِيٍّ وَأَهْلِ بَيْتِي.(۱)

حضرت علی علیہ السلام کی مُحبّت عُرْوَةُ الْوُثْقٰی ہے

۸۲۴۔رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے علی علیہ السلام سے محبّت کی اس نے مضبوط ترین رسّی کو تھاما ہے۔

۸۲۵۔امام رضا علیہ السلام نے اپنے اَجداد علیہم السلام سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص چاہتا ہے کہ مضبوط سہارے کو تھام لے اسے چاہیے کہ علیؑ اور میرے اہلِ بیتؑ کا دامن تھام لے۔

۱۵۴ ـ حُبُّ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ حَسَنَةٌ

۸۲۶ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :حُبُّ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ حَسَنَةٌ لَا تَضُرُّ مَعَهَا سَيِّئَةٌ وَبُغْضُهُ سَيِّئَةٌ لَا تَنْفَعُ مَعَهَا حَسَنَةٌ.(۲)

---

۱ ـ عيون أخبار الرضا ۲/۵۸، اثبات الهداة ۱/۴۸۴، البحار ۲۴/۸۳ باختلاف يسير، مناقب آل ابی طالب ۳/۷۶

۲ ـ ينابيع المودة / ۱۲۵ ، كشف الغمة ۱/۹۳، كشف اليقين / ۲۲۵ ،احقاق الحق ۷/۲۵۷، فضائل الخمسة ۲/۲۱۹

حضرت علی علیہ السلام کی محبّت نیکی ہے

۸۲۶۔رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام کی محبّت ایک ایسی نیکی ہے کہ کوئی بھی گناہ اسے نقصان نہیں پہنچائے گا اور علی علیہ السلام سے دشمنی ایک ایسا گناہ ہے کہ کوئی بھی نیکی اس کے لئے فائدہ مند نہیں ہے۔

۱۵۴۔ حُبُّ عَلِیٍّ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَقُبُوْلُ الطَّاعَاتِ

۸۲۷۔عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہِ وَسَلَّمَ :أَلاَ وَمَنْ أَحَبَّ عَلِیًّا قَبِلَ اللّٰہُ عَنْہُ صَلاَتَہُ وَصِیَامَہُ وَقِیَامَہُ وَاسْتَجَابَ دُعاءَ ہُ.(۱)

۸۲۸۔ (فِیْ حَدِیْثٍ) قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہِ وَسَلَّمَ :مَا أَعْطَانِیْ رَبِّیْ فَضِیْلَۃً إِلَّا وَقَدْ خَصَّ عَلِیًّا بِمِثْلِھَا.وَفِیْہِ أَیْضًا :لَنْ یَقْبَلَ اللّٰہُ فَرْضًا إِلَّا بِحُبِّ عَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ (عَلَیہِ السَّلَامُ.)(۲)

حضرت علی علیہ السلام کی محبّت عبادات کے قبول ہونے کا ذریعہ ہے

۸۲۷۔ابن عمر کہتے ہیں کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جان لیں! جو بھی علی علیہ السلام کو دوست

۱۔ کشف الیقین / ۲۲۷، کشف الغمة ۱/ ۱۰۴، فضائل الشیعة / ۳، البحار ۳۹/ ۲۷۷، مائة منقبة / ۳/ ۱۴۹، احقاق الحق ۷/ ۱۶۱ باختلاف یسیر

۲۔ احقاق الحق ۶/ ۱۰۴

رکھے گا تو خداوند اس کے روزے، نماز اور قیام کو قبول کرے گا اور اس کی دعاؤں کو مستجاب کرے گا۔

۸۲۸۔حدیث نقل ہوئی ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خداوند نے مجھے کوئی ایسی فضیلت عطا نہیں کی مگر یہ کہ اس جیسی فضیلت علی علیہ السلام کو بھی عطا کی اور اسی حدیث میں نقل ہوا ہے کہ خداوند علی علیہ السلام کی محبت کے بغیر کسی بھی فریضہ کو قبول نہیں کرتا۔

۱۵۵ ۔ حُبُّ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلامُ وَقُبُولُ العَمَلِ الصَّالِحِ

۸۲۹ ۔ فِيْ حَدِيثٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَلَا وَمَنْ أَحَبَّ عَلِيّاً تَقَبَّلَ اللّٰهُ مِنْهُ حَسَنَاتِهِ، وَتَجَاوَزَعَنْ سَيِّئَاتِهِ وَكَانَ فِي الْجَنَّةِ رَفِيقَ حَمْزَةَ سَيِّدِ الشُّهَدَاءِ.(۱)

۸۳۰۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ :قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :وَالَّذِيْ بَعَثَنِيْ بِالْحَقِّ (نَبِيّاً خ ل) لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْ عَبْدٍ حَسَنَةً حَتّٰى يَسْأَلَهُ عَنْ حُبِّ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ.(۲)

حضرت علی علیہ السلام کی محبّت نیک اعمال کے قبول ہونے کا سبب ہے

۸۲۹۔پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آنحضرت ؐ نے فرمایا: جان لیں! جو بھی علی علیہ السلام سے

---

۱ ۔ ملحقات الاحقاق ۲۱/ ۳۱۹، البحار ۲۷/ ۱۱۴

۲ ۔ امالی الطوسی ۱/ ۱۰۳، البحار ۲۷/ ۳۱۱

دوستی رکھے گا خداوند اس کے نیک اعمال قبول کرے گا اس کے گناہ معاف کرے گا اور وہ بہشت میں حضرت حمزہ سیّد الشہداء کا دوست ہوگا۔

۸۳۰۔ ابن عباس سے نقل ہوا ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھے اس کی قسم جس نے مجھے حق کے ساتھ مبعوث کیا ہے خداوند اس وقت تک کسی بھی بندے کے نیک اعمال کو قبول نہیں کرتا جب تک اسے علی بن ابیطالبؑ کی محبّت کے بارے میں سوال نہ کرے۔

۱۵۶ ـ حُبُّ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلامُ وَاستِغفَارُ المَلائِكَةِ

۸۳۱ ـ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَلَا وَمَنْ أَحَبَّ عَلِيًّا اِستَغفَرَتْ لَهُ المَلَائِكَةُ وَفُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ الجَنَّةِ الثَّمَانِيَةُ يَدخُلُهَا مِنْ أَيِّ بَابٍ شَاءَ بِغَيرِ حِسَابٍ.(۱)

۸۳۲ ـ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ نُورِ وَجهِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عَلَيهِ السَّلامُ سَبعِينَ أَلفَ مَلَكٍ يَستَغفِرُونَ لَهُ وَلِمُحِبِّيهِ إِلَى يَومِ القِيَامَةِ.(۲)

حضرت علی علیہ السلام سے محبّت اور ملائکہ کا مغفرت طلب کرنا

۸۳۱۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جان لیں! جو بھی علی علیہ السلام کو دوست رکھے گا ملائکہ اس کے لئے مغفرت طلب کریں گے اور اس کے لئے بہشت کے آٹھوں دروازے کھول دیے جائیں گے

۱۔ فضائل الشیعة / ۳، البحار ۲۷/ ۱۴۲، ملحقات الاحقاق ۲۱/ ۳۱۹ باختلاف فی موارد

۲۔ البحار ۲۳/ ۱۲۰، کشف الغمة ۱/ ۱۰۳، ارشاد القلوب ۲/ ۲۳۴، المناقب للخوارزمی ۷/ ۱، ملحقات الاحقاق ۲۱/ ۵۶۵، مائة منقبة / ۶۲

تاکہ جس بھی دروازے سے چاہے بغیر حساب کے داخل ہو جائے۔

۸۳۲۔رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خداوند نے علی بن ابیطالب علیہ السلام کے چہرے کے نور سے ستّر ہزار ملائکہ خلق کیے ہیں وہ قیامت تک ان کے لئے اوران کے دوستوں کے لئے مغفرت طلب کریں گے۔

۱۵۷۔ حُبُّ عَلِیٍّ عَلَیهِ السَّلامُ وَمَحقُ الذُّنُوبِ

۸۳۳۔قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :حُبُّ عَلِیِّ بْنِ أَبِی طَالِبٍ یَحْرِقُ الذُّنُوبَ کَمَا تَحْرِقُ النَّارُ الْحَطَبَ.(۱)

۸۳۴۔عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :حُبُّ عَلِیِّ بْنِ أَبِی طَالِبٍ یَأْکُلُ السَّیِّئَاتِ کَمَا تَأْکُلُ النَّارُ الْحَطَبَ.(۲)

حضرت علی علیہ السلام سے محبّت گناہوں کے مِٹ جانے کا ذریعہ ہے

۸۳۳۔رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی بن ابیطالب علیہ السلام کی دوستی گناہوں کوجلادیتی ہے جس طرح آگ لکڑی کوجلادیتی ہے۔

۸۳۴۔ابن عباس سے نقل ہواہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی بن ابیطالب علیہ السلام کی

۱۔ احقاق الحق ۷/ ۲۶۱

۲۔ احقاق الحق ۷/ ۲۶۰، البحار ۳۹/ ۳۰۶، کنز العمال ۱۱/ ۶۲۱، فضائل الشیعة/ ۱۱، فضائل الخمسة ۲/ ۲۹۱ باختلاف یسیر

دوستی برائیوں کو کھا جاتی ہے جس طرح آگ لکڑی کو کھا جاتی ہے۔

۱۵۸ ۔ حُبُّ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَاسْتِجَابَةُ الدُّعَاءِ

۸۳۵ ـ وَرَوٰى جَابِرُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ الْأَنْصَارِيّ، عَنْ أَبِيذَرٍّ قَالَ :كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰه عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ، إِذَا أَقْبَلَ عَلِيٌّ عَلَيهِ السَّلَامُ، فَلَمَّا رَآهُ مُقْبِلًا قَالَ :يَا اَبَاذَرٍّ اَمَنْ هٰذَا الْمُقْبِلُ؟ فَقُلْتُ :عَلِيٌّ، يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ .فَقَالَ :يَا اَبَاذَرٍّ! أَتُحِبُّهُ؟ فَقُلْتُ :إِيْ وَاللّٰهِ -يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ -إِنِّي لَأُحِبُّهُ، وَأُحِبُّ مَنْ يُحِبُّهُ .فَقَالَ :يَا اَبَاذَرٍّ! حِبَّ عَلِيًّا وَحِبَّ مَنْ أَحَبَّهُ، فَإِنَّ الْحِجَابَ الَّذِي بَيْنَ الْعَبْدِ وَبَيْنَ اللّٰهِ تَعَالٰى حُبُّ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عَلَيهِ السَّلَامُ .يَا اَبَاذَرٍّ اِحِبَّ عَلِيًّا مُخْلِصًا، فَمَا مِنِ امْرِءٍ أَحَبَّ عَلِيًّا مُخْلِصًا، وَسَأَلَ اللّٰهَ تَعَالٰى شَيْئًا إِلَّا أَعْطَاهُ، وَلَا دَعَا اللّٰهَ إِلَّا لَبَّاهُ.

فَقُلْتُ :يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، إِنِّي لَأَجِدُ حُبَّ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عَلٰى كَبِدِي كَبَارِدِ الْمَاءِ، أَوْ كَعَسَلِ النَّحْلِ، أَوْ كَآيَةٍ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ أَتْلُوْهَا، وَهُوَ عِنْدِي أَحْلٰى مِنَ الْعَسَلِ. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :نَحْنُ الشَّجَرَةُ الطَّيِّبَةُ، وَالْعُرْوَةُ الْوُثْقٰى، وَمُحِبُّوْنَا وَرَقُهَا، فَمَنْ أَرَادَ الدُّخُوْلَ إِلَى الْجَنَّةِ، فَلْيَسْتَمْسِكْ بِغُصْنٍ مِنْ أَغْصَانِهَا.(۱)

۸۳۶ ـ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَلَا وَمَنْ أَحَبَّ عَلِيًّا صَافَحَتْهُ الْمَلَائِكَةُ وَزَارَتْهُ الْأَنْبِيَاءُ وَقَضَى اللّٰهُ لَهُ كُلَّ حَاجَةٍ.(۲)

---

۱ ـ اعلام الدین / ۱۳۶

۲ ـ فضائل الشیعة / ۴

حضرت علی علیہ السلام سے محبّت دُعا کے قبول ہونے کا سبب بنتی ہے

۸۳۵۔ جابر بن عبداللہ انصاری نے ابوذر سے نقل کیا ہے کہ اس نے کہا: ہم مسجد میں رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں تھے کہ علیؑ داخل ہوئے جس وقت پیغمبرؐ کی نگاہ ان پر پڑی تو فرمایا: اے ابوذر! یہ کون ہیں؟

میں نے عرض کی: یارسول اللہؐ! یہ علی علیہ السلام ہیں، پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ابوذر! کیا انہیں دوست رکھتے ہو؟ عرض کی: جی ہاں، اے اللہ کے رسولؐ! خدا کی قسم میں انہیں دوست رکھتا ہوں، جو انہیں دوست رکھتے ہیں میں ان کو بھی دوست رکھتا ہوں پیغمبرؐ نے فرمایا: اے ابوذر! علیؑ کو دوست رکھو اور ان کے دوستوں سے بھی دوستی رکھو، اس لئے کہ وہ حجاب جو خداوند اور اس کے بندے کے درمیان ہے وہ علیؑ کی محبّت ہے۔ اے ابوذر! انہیں اخلاص کے ساتھ دوست رکھو، اس لئے کہ جو بھی علی بن ابیطالبؑ کو خلوصِ نیّت سے دوست رکھے گا اور جو چیز بھی خدا سے طلب کرے گا خدا اس کی درخواست کو قبول کرے گا اور وہ جو بھی دعا کرے گا خدا اس کی دعا کو مستجاب کرے گا۔ میں نے عرض کی: اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علی علیہ السلام کی محبّت میرے دل میں ٹھنڈے پانی یا شہد کی طرح ہے یا خدا کی کتاب کی وہ آیت ہے جس کی میں تلاوت کرتا ہوں، علیؑ کی محبّت میرے نزدیک شہد سے بھی میٹھی ہے، رسولِ خداؐ نے فرمایا: ہم ہی شجرۂ طیبہ اور عُروۃ الوُثقیٰ ہیں اور ہمارے دوست اس درخت کے پتّے ہیں، جو بہشت میں جانا چاہتا ہے تو وہ اس درخت کی ٹہنیوں میں سے ایک ٹہنی سے تمسّک کرے۔

۸۳۶۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: جان لیں! جو بھی علی علیہ السلام

کو دوست رکھے گا، ملائکہ اس سے مصافحہ کریں گے اور انبیاءؑ اس کے دیدار کے لئے جائیں گے اور خدا اس کی حاجات کو پورا کرے گا۔

۱۵۹۔ حُبُّ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلام وَتَرَحُّمُ عِزْرَائِيْلَ عَلَيهِ السَّلَامُ

۸۳۷۔ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ : أَوَّلُ مَنِ اتَّخَذَ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ (عَلَيهِ السَّلَامُ) أَخاً مِّنْ أَهْلِ السَّمَاءِ إِسْرَافِيلُ ثُمَّ مِيكَائِيلُ ثُمَّ جِبْرَائِيلُ، وَأَوَّلُ مَنْ أَحَبَّهُ مِنْ أَهْلِ السَّمَاءِ حَمَلَةُ الْعَرْشِ ثُمَّ رِضْوَانُ خَازِنُ الْجَنَّةِ، ثُمَّ مَلَكُ الْمَوْتِ، وَإِنَّ مَلَكَ الْمَوْتِ يَتَرَحَّمُ عَلٰى مُحِبِّ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عَلَيهِ السَّلَامُ كَمَا يَتَرَحَّمُ عَلَى الْأَنْبِيَاءِ عَلَيهِمُ السَّلَامُ.(۱)

۹۳۸۔ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَلَا وَمَنْ أَحَبَّ عَلِيًّا بَعَثَ اللّٰهُ إِلَيْهِ مَلَكَ الْمَوْتِ كَمَا يَبْعَثُ إِلَى الْأَنْبِيَاءِ، وَدَفَعَ اللّٰهُ عَنْهُ هَوْلَ مُنْكَرٍ وَنَكِيرٍ، وَبَيَّضَ وَجْهَهُ وَكَانَ مَعَ حَمْزَةَ سَيِّدِ الشُّهَدَاءِ .(۲)

۸۳۹۔ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَلَا وَمَنْ أَحَبَّ عَلِيًّا بَعَثَ اللّٰهُ إِلَيْهِ مَلَكَ الْمَوْتِ بِرِفْقٍ وَدَفَعَ عَنْهُ هَوْلَ مُنْكَرٍ وَنَكِيرٍ وَنَوَّرَ قَبْرَهُ وَبَيَّضَ وَجْهَهُ.(۳)

۱۔ احقاق الحق ۶/ ۱۱۱، ارشاد القلوب/ ۲۳۵، المناقب للخوارزمی/ ۷۱، ینابیع المودۃ/ ۱۳۳ باختلاف فی بعض الالفاظ

۲۔ فضائل الشیعة/ ۳، اسرار الشهادة/ ۲۴۱ باختلاف فی موارد

۳۔ ملحقات الاحقاق ۲۱/ ۳۱۹

حضرت علی علیہ السلام سے محبت عزرائیل کے رحم کرنے کا سبب ہے

۸۳۷۔ عبداللہ بن مسعود کہتے ہیں کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اہلِ آسمان میں سے سب سے پہلے جس نے علی علیہ السلام کو اپنا بھائی بنایا وہ اسرافیل ؑ تھے، اس کے بعد میکائیل ؑ، اور اسکے بعد جبرئیل ؑ نے اپنا بھائی بنایا اور اہلِ آسمان میں سے سب سے پہلے جنہوں نے ان سے محبت کی وہ عرش کو اٹھانے والے ملائکہ تھے اس کے بعد "رضوان" یعنی بہشت کے خزانہ دار اور اس کے بعد ملکُ الموت نے ان سے محبت کی اور ملکُ الموت جس طرح پیغمبروں ؑ پر رحم کرے گا ویسے ہی علی علیہ السلام کے دوستوں پر بھی رحم کرے گا۔

۸۳۸۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آنحضرت ؐ نے فرمایا: جان لیں! جو علی علیہ السلام کو دوست رکھے گا، خداوند ملکُ الموت کو اس کی طرف اس طرح بھیجے گا جس طرح پیغمبروں ؑ کی طرف بھیجتا ہے اور منکر اور نکیر کے خوف کو اس سے دور کرے گا اور اس کے چہرے کو نُورانی کرے گا اور وہ حمزہ سیدُ الشہداء کے ساتھ محشور ہو گا۔

۸۳۹۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جان لیں! جو علی علیہ السلام سے دوستی رکھے گا، خداوند ملکُ الموت کو نرمی کے ساتھ اس کے پاس بھیجے گا اور منکر و نکیر کے خوف سے اس کو دور رکھے گا اور اس کی قبر کو نورانی اور اس کے چہرے کو سفید کرے گا۔

۱۶۰۔ حُضُورُ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ عِندَ احتِضَارِ مُحِبِّيهِ

۸۴۰۔ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ: يَا عَلِيُّ!

إِنَّ مُحِبِّيكَ يَفْرَحُونَ فِي ثَلاثَةِ مَوَاطِنَ: عِنْدَ خُرُوجِ أَنْفُسِهِمْ وَأَنْتَ هُنَاكَ تَشْهَدُهُمْ، وَعِنْدَ الْمُسَاءَلَةِ فِي الْقُبُورِ وَأَنْتَ هُنَاكَ تُلَقِّنُهُمْ، وَعِنْدَ الْعَرْضِ عَلَى اللّهِ وَأَنْتَ هُنَاكَ تُعَرِّفُهُمْ.(۱)

۸۴۱ ـ بِالْإِسْنَادِ، قَالَ رَسُولُ اللّهِ صَلَّى اللّهُ عليهِ وآلِهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ: يَا عَلِيُّ إِخْوَانُكَ يَفْرَحُونَ فِي أَرْبَعَةِ مَوَاطِنَ: عِنْدَ خُرُوجِ أَنْفُسِهِمْ وَأَنَا وَأَنْتَ شَاهِدُهُمْ وَعِنْدَ الْمُسَاءَلَةِ فِي قُبُورِهِمْ، وَعِنْدَ الْعَرْضِ، وَعِنْدَ الصِّرَاطِ.(۲)

۸۴۲ ـ عَنِ الرِّضَا عَنْ آبَائِهِ عَلَيهِمُ السَّلَامُ قَالَ: قَالَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ عَلَيهِ السَّلَامُ: مَنْ أَحَبَّنِي وَجَدَنِي عِنْدَ مَمَاتِهِ بِحَيْثُ يُحِبُّ، وَمَنْ أَبْغَضَنِي وَجَدَنِي عِنْدَ مَمَاتِهِ بِحَيْثُ يَكْرَهُ.(۳)

۸۴۳ ـ عَنِ الْحَارِثِ الْأَعْوَرِ، عَنْ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ قَالَ: لَا يَمُوتُ مُؤْمِنٌ يُحِبُّنِي إِلَّا رَآنِي حَيْثُ يُحِبُّ، وَلَا يَمُوتُ عَبْدٌ يُبْغِضُنِي إِلَّا رَآنِي حَيْثُ يَكْرَهُ....(۴)

۸۴۴ ـ وَعَنِ الْحَارِثِ الْهَمَدَانِيِّ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عَلَيهِ السَّلَامُ فَقَالَ: مَا جَاءَ بِكَ؟ فَقُلْتُ: حُبِّي لَكَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، فَقَالَ: يَا حَارِثُ أَتُحِبُّنِي؟ فَقُلْتُ نَعَمْ: وَاللّهِ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ. فَقَالَ: أَمَا لَوْ بَلَغَتْ نَفْسُكَ الْحُلْقُومَ لَرَأَيْتَنِي حَيْثُ تُحِبُّ، وَلَوْ رَأَيْتَنِي وَأَنَا أَذُودُ الرِّجَالَ عَنِ الْحَوْضِ ذَوْدَ غَرِيبَةِ الْإِبِلِ

---

۱ ـ البحار ۶/۲۰۰

۲ ـ البحار ۲۷/۱۶۳

۳ ـ البحار ۶/۱۸۸

۴ ـ الفصول المهمة / ۱۱۲

لَرَأَيْتَنِيَ حَيْثُ تُحِبُّ، وَلَوْ رَأَيْتَنِي وَأَنَا مارٌّ عَلَى الصِّرَاطِ بِلِوَاءِ الْحَمْدِ بَيْنَ يَدَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وآله وسلم لَرَأَيْتَنِي حَيْثُ تُحِبُّ.(۱)

۸۴۵۔ قَالَ الصَّادِقُ عَلَيهِ السَّلَامُ :إِنَّ وَلِيَّ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ يَرَاهُ فِيْ ثَلاثَةِ مَوَاطِنَ حَيْثُ يَسُرُّهُ :عِنْدَالْمَوْتِ وَعِنْدَ الصِّرَاطِ وَعِنْدَ الْحَوْضِ.(۲)

موت کے وقت حضرت علی علیہ السلام کا اپنے چاہنے والوں کے سرہانے تشریف لانا

۸۴۰۔رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:یاعلیؑ!تمہارے دوست تین مقام پر خوشحال ہوں گے:

۱۔جس وقت ان کی روح نکلے گی اور تم وہاں پر ان کا مشاہدہ کروگے۔

۲۔جس وقت قبر میں ان سے سوال ہوگا تو تم ان کو تعلیم دوگے۔

۳۔جس وقت وہ بارگاہِ الٰہی میں حاضر ہوں گے تو تم ان کا تعارف کراؤ گے۔

۸۴۱۔رسولِ خداؐ نے علیؑ سے فرمایا:یاعلیؑ!تمہارے بھائی تین مقام پر خوش ہوں گے:جس وقت ان کی روح بدن سے خارج ہوگی تو میں اور تم ان کا مشاہدہ کریں گے اور جس وقت قبر میں ان سے سوالات ہوں گے اور جس وقت وہ بارگاہِ خداوندی میں حاضر ہوں گے اور جس وقت پُلِ صراط سے عبور کریں۔

۸۴۲۔امام رضا علیہ السلام نے اپنے اَجداد علیہم السلام سے نقل کیا ہے علی بن ابیطالب علیہ السلام نے فرمایا:جس نے مجھے دوست رکھا وہ موت کے وقت مجھے ویسے پائے گا جس طرح وہ دوست رکھے گا اور جس

۱۔ كشف الغمة ۱/۴۰۱

۲۔ الفصول المهمة/۱۱۰، الفقيه/۱۳۷

نے مجھ سے دشمنی کی وہ موت کے وقت مجھے ویسے پائے جیسے وہ پسند نہیں کرتا تھا۔

۸۴۳۔ حارث اعور نے علی علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ حضرتؑ نے فرمایا: کسی بھی مومن کو موت نہیں آئے گی مگر یہ کہ وہ جس طرح دوست رکھتا ہے مجھے دیکھے گا اور کسی بھی بندے کو جو میرا دشمن ہے اسے موت نہیں آئے گی مگر یہ کہ جس طرح وہ پسند نہیں کرتا مجھے دیکھے گا۔

۸۴۴۔ حارث ہمدانی کہتے ہیں کہ: میں امیر المومنین علی بن ابیطالب علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا حضرتؑ نے فرمایا: کونسی چیز تم کو یہاں لائی ہے؟ میں نے عرض کی: اے امیر المومنینؑ! آپ کی محبّت۔ فرمایا: اے حارث! آیا مجھے دوست رکھتے ہو؟ میں نے عرض کی: جی ہاں، خدا کی قسم اے امیر المومنینؑ۔ فرمایا: جان نے اگر تمہاری جان گلے تک پہنچ جائے جس طرح مجھے دوست رکھتے ہو دیکھو گے، اگر تم مجھے دیکھو گے کہ میں لوگوں کو اجنبی اونٹوں کی طرح حوضِ کوثر سے بھگاؤنگا مجھے جس طرح دوست رکھتے ہو دیکھو گے، اور اگر مجھے اِس حالت میں دیکھو گے کہ میں حمد کا عَلَم اٹھا کر رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ پُلِ صراط سے عبور کروں گا جس طرح مجھے دوست رکھتے ہو دیکھو گے۔

۸۴۵۔ امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: علی علیہ السلام کو دوست رکھنے والا انہیں تین مقام پر خوشحال دیکھے گا: موت کے وقت، صراط کے کنارے، اور حوضِ کوثر پر۔

۱۶۱۔ حُبُّ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَكَشْفُ الْكُرُبَاتِ عِنْدَ الْمَوْتِ

۸۴۶۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَدِيْثٍ ... :أَلَا وَمَنْ أَحَبَّ عَلِيًّا (هَوَّنَ اللّٰهُ خ ل) يُهَوِّنُ اللّٰهُ عَلَيْهِ سَكَرَاتِ الْمَوْتِ وَجَعَلَ قَبْرَهُ رَوْضَةً مِنْ

رِيَاضِ الْجَنَّةِ.(١)

حضرت علی علیہ السلام کی مُحبّت موت کی سختیوں کو آسان کرتی ہے

۸۴۶۔رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک حدیث میں فرمایا: جان لیں! جو بھی علی علیہ السلام کو دوست رکھے گا تو خداوند موت کی سختیوں کو اس کے لئے آسان کرے گا اور اس کی قبر کو بہشت کے باغات میں سے ایک باغ قرار دے گا۔

۱۶۲ - حُبُّ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ وَتَنَاوُلُ الْكِتَابِ بِالْيَمِينِ

۸۴۷۔فِي حَدِيثٍ، قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ ... :أَلَا وَمَنْ أَحَبَّ عَلِيّاً أَعْطَاهُ اللّٰهُ كِتَابَهُ بِيَمِينِهِ وَحَاسَبَهُ حِسَابَ الْأَنْبِيَاءِ .(٢)

حضرت علی علیہ السلام سے محبّت اور عمل نامہ کو دائیں ہاتھ میں پکڑانا

۸۴۷۔رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جان لیں! جو بھی علی علیہ السلام کو دوست رکھے گا، تو خداوند نامۂ اعمال کو اس کے دائیں ہاتھ میں دے گا اور اس کا حساب پیغمبروں کی مانند ہوگا۔

---

١ - البحار ۲۷/۱۱۴، فضایل الشیعة / ۳

۲ - البحار ۲۷/۱۱۴، فضائل الشيعة / ۳

۱۶۳ ـ حُبُّ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ وَالْعُبُوْرُ عَلَى الصِّرَاطِ

۸۴۸ ـ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صلَّى اللّٰہُ علیهِ وآلِهِ وَسَلَّمَ :لَا يَجُوْزُ أَحَدٌ الصِّرَاطَ إِلَّا مَنْ كَتَبَ لَهُ عَلِيٌّ الْجَوَازَ.(۱)

۸۴۹ ـ رُوِيَ عَنْ أَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ :قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: إِذَا فَرَغَ اللّٰهُ تَعَالٰى مِنْ حِسَابِ الْمَعَادِ يَأْمُرُ لِلْمَلَكَيْنِ فَيَقِفَانِ عَلَى الصِّرَاطِ فَلَا يَجُوْزُ أَحَدٌ إِلَّا بِبَرَاءَةٍ وَلَايَةٍ مِنْ عَلِيٍّ، فَمَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ أَكَبَّهُ اللّٰهُ فِي النَّارِ.(۲)

۸۵۰ ـ بِالْإِسْنَادِ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ وَنُصِبَ الْمِيْزَانُ عَلٰى شَفِيْرِ جَهَنَّمَ لَمْ يَجُزْ عَلَيْهِ إِلَّا مَنْ كَانَ مَعَهُ كِتَابُ وِلَايَةِ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ.(۳)

۸۵۱ ـ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَلَا وَمَنْ أَحَبَّ عَلِيًّا جَازَ عَلَى الصِّرَاطِ كَالْبَرْقِ الْخَاطِفِ.(۴)

۸۵۲ ـ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَلَا وَمَنْ أَحَبَّ عَلِيًّا مَرَّ عَلَى الصِّرَاطِ كَالْبَرْقِ الْخَاطِفِ وَلَمْ يَرَ صُعُوْبَةً.(۵)

۸۵۳ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَثْبَتُكُمْ عَلَى الصِّرَاطِ أَشَدُّكُمْ حُبًّا لِعَلِيٍّ.(۶)

۸۵۴ ـ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَلَا وَمَنْ أَحَبَّ عَلِيًّا، كُتِبَ لَهُ بَرَاءَةٌ

---

۱ ـ ذخائر العقبیٰ / ۷۱، الغدیر ۲/۲۷۹، احقاق الحق ۷/۱۱۹، جواهر المطالب ۱/۱۱۱ باختلاف فی موارد

۲ ـ احقاق الحق ۷/۱۱۷

۳ ـ احقاق الحق ۷/۱۲۰

۴ ـ فضائل الشیعة / ۴

۵ ـ البحار ۲۷/۱۱۵

۶ ـ احقاق الحق ۷/۱۴۲

مِنَ النَّارِ وَجَوَازٌ عَلَى الصِّرَاطِ وَأَمَانٌ مِنَ الْعَذَابِ، وَلَمْ يُنْشَرْ لَهُ دِيوانٌ وَلَمْ يُنْصَبْ لَهُ مِيزانٌ، وَقِيلَ لَهُ :اُدْخُلِ الْجَنَّةَ بِلَاحِسَابٍ.(۱)

۸۵۵۔ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ الْبَاقِرِ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ مَا ثَبَّتَ اللّٰهُ حُبَّ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ فِي قَلْبِ أَحَدٍ فَزَلَّتْ لَهُ قَدَمٌ إِلَّا ثَبَتَتْ لَهُ قَدَمٌ أُخْرَى (ثَبَّتَ اللّٰهُ لَهُ قَدَماً أُخْرَى خ ل.)(۲)

۸۵۶۔ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ آبَائِهِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ:مَا ثَبَتَ حُبُّكَ فِي قَلْبِ امْرِئٍ مُؤْمِنٍ؛ فَزَلَّتْ بِهِ قَدَمُهُ عَلَى الصِّرَاطِ إِلَّا ثَبَتَ لَهُ قَدَمٌ حَتّٰى أَدْخَلَهُ اللّٰهُ بِحُبِّكَ الْجَنَّةَ.(۳)

۸۵۷۔ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الْمُثَنَّى بْنِ ثُمَامَةَ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ :إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ وَنُصِبَ الصِّرَاطُ عَلَى جَهَنَّمَ لَمْ يَجُزْ عَلَيْهِ إِلَّا مَنْ كَانَ مَعَهُ جَوَازٌ فِيهِ وِلَايَةُ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَذٰلِكَ قَوْلُهُ :وَقِفُوهُمْ إِنَّهُمْ مَسْؤُولُونَ يَعْنِي عَنْ وِلَايَةِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ.(۴)

۸۵۸۔ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ آبَائِهِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ نُصِبَ الصِّرَاطُ

۱۔ فضائل الشیعة / ۴، البحار ۲۷/ ۱۱۵، ملحقات الاحقاق، ۲۱ باختلاف فی موارد

۲۔ کشف الغمة ۱/ ۳۸۸، بشارة المصطفیٰ / ۱۲۵ باختلاف فی موارد

۳۔ فضائل الشیعه / ۶، البحار ۲۷/ ۷۷ باختلاف فی موارد

۴۔ البحار ۸/ ۶۸، بشارة المصطفیٰ / ۱۴۳، الطرائف / ۷۴، کشف الیقین / ۳۰۴ وعبقات الانوار ۲/ ۷۷۶ باختلاف فی موارد، ینابیع المودة / ۱۱۳ باختلاف یسیر

عَلٰی شَفِیْرِ جَهَنَّمَ فَلَا یُجَاوِزُ إِلَّا مَنْ کَانَ مَعَهٗ بَرَاءَةٌ بِوِلَایَةِ عَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ عَلَیهِ السَّلَامُ.(۱)

۸۵۹ ـ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ أَبِیْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیِّ الْبَاقِرِ عَنْ أَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :مَنْ سَرَّهٗ أَنْ یَجُوْزَ عَلَی الصِّرَاطِ کَالرِّیْحِ الْعَاصِفِ، وَیَلِجُ الْجَنَّةَ بِغَیْرِ حِسَابٍ، فَلْیَتَوَلَّ وَلِیِّیْ وَوَصِیِّیْ وَصَاحِبِیْ وَخَلِیْفَتِیْ عَلٰی أَهْلِیْ وَأُمَّتِیْ عَلِیَّ بْنَ أَبِی طَالِبٍ،وَمَنْ سَرَّهٗ أَنْ یَلِجَ النَّارَ فَلْیَتْرُکْ وِلَایَتَهٗ، فَوَعِزَّةِ رَبِّیْ وَجَلَالِهٖ أَنَّهٗ لَبَابُ اللّٰهِ الَّذِیْ لَایُؤْتٰی إِلَّامِنْهُ وَأَنَّهُ الصِّرَاطُ الْمُسْتَقِیْمُ وَأَنَّهُ الَّذِیْ یَسْأَلُ اللّٰهُ عَنْ وِلَایَتِهٖ یَوْمَ الْقِیَامَةِ.(۲)

۸۶۰ ـ عَنْ أَبِیْ جَعْفَرٍعَلَیْهِ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :یَا عَلِیُّ إِذَا کَانَ یَوْمُ الْقِیَامَةِ أَقْعُدُ أَنَاوَأَنْتَ وَجَبْرَئِیلُ عَلَی الصِّرَاطِ فَلَمْ یَجُزْ أَحَدٌ إِلَّا مَنْ کَانَ مَعَهٗ کِتَابٌ فِیْهِ بَرَاءَةٌ بِوِلَایَتِکَ.(۳)

۸۶۱ـ رُوِیَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰه عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ :إِذَا کَانَ یَوْمُ الْقِیَامَةِ أَمَرَ اللّٰهُ مَلَکَیْنِ یَقْعُدَانِ عَلَی الصِّرَاطِ وَلَا یَجُوْزُ أَحَدٌ إِلَّا بِبَرَاءَةِ عَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ، وَمَنْ لَمْ یَکُنْ مَعَهٗ بَرَاءَتُهٗ أَکَبَّهُ اللّٰهُ فِی النَّارِ وَهُوَ قَوْلُهٗ تَعَالٰی :وَقِفُوْهُمْ إِنَّهُمْ مَسْؤُلُوْنَ.(۴)

---

۱ ـ بشارة المصطفٰی / ۲۷۳

۲ ـ أمالی الصدوق / ۲۳۷

۳ـ معانی الاخبار / ۳۱

۴ـ إحقاق الحق ۳/۱۰۵

حضرت علی علیہ السلام سے محبت اور پُل صراط سے گزرنا

۸۴۸۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کوئی شخص بھی پل صراط سے نہیں گزرے گا مگر وہ کہ جس کے لئے علی علیہ السلام نے اجازت نامہ لکھا ہوگا۔

۸۴۹۔ ابو سعید خُدری کہتے ہیں کہ رسولِ خُدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن جس وقت خداوند حساب لینے سے فارغ ہوگا، تو دو فرشتوں کو پل صراط پر مقرر کرے گا کہ وہ پل صراط پر کھڑے ہو جائیں۔ تو اس وقت فقط وہ لوگ پل صراط سے عبور کریں گے جن کے پاس علی علیہ السلام کی ولایت کی مہر ہوگی۔ جس کے پاس یہ مہر نہیں ہوگی تو خداوند اسے دوزخ میں ڈال دے گا۔

۸۵۰۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جان لیں! جو علی علیہ السلام کو دوست رکھے گا تو وہ تیز بجلی کی طرح پل صراط سے عبور کرے گا۔

۸۵۱۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس وقت قیامت برپا ہوگی اور جہنّم کے کنارے میزان نصب کیا جائے گا، تو فقط وہ لوگ اس سے عبور کریں گے جن کے پاس علیؑ کی ولایت کا تائید نامہ ہوگا۔

۸۵۲۔ پیغمبرِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: جان لیں! جو بھی علیؑ کو دوست رکھے گا تو وہ تیز بجلی کی طرح پل سے عبور کرے گا اور اسے کوئی مشکل پیش نہیں آئے گی۔

۸۵۳۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے صراط پر وہ شخص ثابت قدم ہوگا جس کے پاس سب سے زیادہ علی علیہ السلام کی محبت ہوگی۔

۸۵۴۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: جان لیں! جس نے علیؑ

کو دوست رکھا تو اس کے لئے آگ سے دوری اور پل صراط سے عبور اور عذاب سے محفوظ لکھا جائے گا، اس کے عمل نامہ کو کھولا نہیں جائے گا، اور اس کے لئے میزان نصب نہیں کیا جائے گا اور اس سے کہا جائے گا بغیر کسی حساب کے بہشت میں داخل ہو جاؤ۔

۸۵۵۔ حضرت ابو جعفر محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ خداوند جس کے دل میں علی علیہ السلام کی دوستی کو قرار دے گا اگر اس کا ایک قدم کانپے گا تو اس کے دوسرے قدم کو مضبوط کرے گا۔

۸۵۶۔ حضرت ابو جعفر محمد بن علی علیہ السلام نے اپنے اجداد سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علیؑ سے فرمایا: اگر تمہاری محبّت نے مومن کے دل میں جگہ لے لی، اگر اس کا ایک قدم کانپنے لگا تو وہ دوسرے قدم سے مضبوط ہوگا، آخر کار خداوند آپ کی محبّت کے سبب اس کو بہشت میں داخل کرے گا۔

۸۵۷۔ عبداللہ بن مثنیٰ بن ثمامہ بن عبداللہ بن اَنَس بن مالک نے اپنے والد سے اس نے اپنے دادا سے اور اس نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: جب قیامت کا دن ہوگا تو جہنّم پر پل بنا دیا جائے گا علیؑ کی ولایت رکھنے والے کے علاوہ کوئی اور اس سے عبور نہیں کرے گا اور ارشادِ باری تعالیٰ ہوا ہے کہ ''انہیں ٹھہراؤ تا کہ ان سے سوال کیا جائے''، یعنی علی بن ابیطالبؑ کی ولایت کے بارے میں ان سے پوچھیں۔

۸۵۸۔ مالک بن اَنَس نے جعفر بن محمدؑ سے حضرتؑ نے اپنے اَجداد علیہم السلام سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس وقت قیامت برپا ہوگی پل کو جہنّم کے کنارے نصب کریں گے تو فقط وہ شخص اس پل سے عبور کرے گا جو علیؑ کی ولایت کے سبب جہنّم سے آزادی کی مہر رکھتا ہوگا۔

۸۵۹۔ حضرت ابو جعفر محمد باقر علیہ السلام سے اور ان کے اجداد سے اور ان کے جدِّ بزرگوار سے

منقول ہے کہ رسولِ خداصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو صراط سے تیز ہوا کی طرح گزرنا اور بغیر کسی حساب کے بہشت میں جانا پسند کرتا ہے تو اسے میرے بھائی اور میرے ولی اور میرے جانشین علی بن ابیطالب علیہ السلام کو جو میرے خاندان اور میری امت میں سے ہیں دوست رکھنا چاہیے اور جہنّم میں جانا چاہتا ہے تو وہ ان کی ولایت سے ہاتھ اٹھالے۔ مجھے اپنے پروردگار کی عزّت اور جلال کی قسم وہ بابُ اللہ ہیں اور فقط اسی دروازے سے داخل ہونا چاہیے، وہ صراطِ مستقیم ہیں اور یہ وہی ہیں جنکی ولایت کے بارے میں قیامت کے دن خدا سوال کرے گا۔

۸۶۰۔ امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ رسول خدا نے علی علیہ السلام سے فرمایا: یاعلیؑ! جس وقت قیامت برپا ہوگی میں تم اور جبرئیل پل پر بیٹھ جائیں گے تو اس وقت فقط وہ لوگ عبور کریں گے جو اپنے پاس تمہاری دوستی کا خط رکھتے ہوں گے جس پر آگ سے دوری لکھی ہوئی ہے۔

۸۶۱۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حدیث بیان ہوئی ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: جس وقت قیامت برپا ہوگی خداوند دو فرشتوں کو حکم دے گا کہ پل پر بیٹھ جائیں، اور کوئی بھی علی بن ابیطالب علیہ السلام کی اجازت کے بغیر اس سے عبور نہیں کرے گا، اور جو ان کا اجازت نامہ اپنے پاس نہیں رکھتا ہوگا تو خدا اس کو منہ کے بل جہنّم میں ڈال دے گا، اور ارشاد باری تعالیٰ ہوا ہے کہ ''انہیں ٹھہراؤ تو ان سے کچھ پوچھنا ہے''۔

۱۶۴۔ حُبُّ عَلیّ عَلیهِ السَّلامُ وَانفِتاحُ اَبْوابُ الرَّحمَةِ

۸۶۲۔ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: أَلا وَمَنْ أَحَبَّ عَلِیًّا أَثبَتَ اللّٰهُ (أَثْبَتَ اللّٰهُ خ ل) الْحِكْمَةَ فِی قَلْبِهِ وَأَجْرى عَلىٰ لِسانِهِ الصَّوابَ وَفَتَحَ اللّٰهُ لَهُ أَبْوابَ

الرَّحْمَةِ.(۱)

حضرت علی علیہ السلام کی محبّت سے رحمت کے دروازے کھل جاتے ہیں

۸۶۲۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: جان لیں! جس نے علی علیہ السلام کو دوست رکھا تو خداوند اس کے دل میں حکمت پیدا کرے گا اور اس کے زبان پر سچّے کلمات جاری کرے گا اور اس کے لئے رحمت کے دروازے کھول دے گا۔

۱۶۵ ۔ حُبُّ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلاَمُ وَالنَّجاةُ مِنَ النَّارِ

۸۶۳۔ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: أَلَا وَمَنْ أَحَبَّ عَلِيًّا؛ نَجَّاهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ.(۲)

۸۶۴۔ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: حُبُّ عَلِيٍّ بَرَاءَةٌ مِنَ النَّارِ.(۳)

حضرت علی علیہ السلام کی محبّت دوزخ سے نجات کا سبب ہے

۸۶۳۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جان لیں! جو علی علیہ السلام کو دوست رکھے گا خداوند اس کو دوزخ

۱۔ ملحقات الاحقاق ۲۱/ ۳۱۹، البحار ۲۷/ ۱۱۵، فضائل الشیعۃ/ ۴ باختلاف فی موارد

۲۔ ملحقات الاحقاق ۲۱/ ۳۱۹، البحار ۳۹/ ۲۷۷

۳۔ إحقاق الحق ۷/ ۴۷، البحار ۳۹/ ۳۰۵

کی آگ سے محفوظ رکھے گا۔

۸۶۴۔رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:علی علیہ السلام سے دوستی دوزخ سے نجات ہے۔

۱۶۶۔حُبُّ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ وَالدُّخُولُ فِي الْجَنَّةِ

۸۶۵۔قالَ رَسُولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :قُلْ لِمَنْ أَحَبَّ عَلِيًا يَتَهَيَّأُ لِدُخُولِ الْجَنَّةِ.(۱)

حضرت علی علیہ السلام سے محبّت بہشت میں جانے کا سبب ہے

۸۶۵۔رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:جو علی علیہ السلام کو دوست رکھتا ہے اسے کہو بہشت میں جانے کے لئے تیار ہو جائے۔

۱۶۷۔حُبُّ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ تَاجُ الْكَرَامَةِ

۸۶۶۔عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَلَا وَمَنْ أَحَبَّ عَلِيًّا وَضَعَ اللّٰهُ عَلٰى رَأْسِهِ تَاجَ الْكَرَامَةِ وَأَلْبَسَهُ حُلَّةَ السَّلَامَةِ (العِزَّةِ خ ل).(۲)

۸۶۷۔عَنِ النَّبِيِّ صلی اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَلَا وَمَنْ أَحَبَّ عَلِيًّا وُضِعَ عَلٰى رَأْسِهِ تَاجُ الْكَرَامَةِ مَكْتُوبًا عَلَيْهِ:أَصْحَابُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَائِزُونَ، وَشِيعَةُ عَلِيٍّ هُمُ

۱۔ احقاق الحق ۷/۱۶۵

۲۔ ملحقات الاحقاق ۲۱/۳۱۹، البحار ۲۷/۱۱۵

المُفلِحوْنَ.(۱)

۸۶۸۔ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلیه وَآله وَسَلَّمَ :أَلَا وَمَنْ أَحَبَّ عَلِيًّا وُضِعَ عَلٰى رَأْسِهٖ تَاجُ الْمُلْكِ، وَأُلْبِسَ حُلَّةَ الْكَرَامَةِ.(۲)

حضرت علی علیہ السلام کی محبّت کرامت کا تاج ہے

۸۶۶۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: جان لیں! جو بھی علی علیہ السلام کو دوست رکھے گا خداوند اس کے سر پر کرامت کا تاج رکھے گا اور اسکو سلامتی کا جامہ پہنائے گا۔

۸۶۷۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جان لیں! جو علی علیہ السلام کو دوست رکھے گا اس کے سر پر کرامت کا تاج رکھا جائے گا جس پر لکھا ہوا ہے کہ اہلِ بہشت کامیاب اور شیعیانِ علی علیہ السلام فلاح یافتہ ہیں۔

۸۶۸۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: جان لیں! جو علی علیہ السلام کو دوست رکھے گا، اس کے سر پر سلطنت کا تاج رکھا جائے گا اور اس کو کرامت کا لباس پہنایا جائے گا۔

۱۶۸۔ حُبُّ عَلِیٍّ عَلَیه السَّلَامُ وَالْحَشْرُ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

۸۶۹۔ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیه وَآله وَسَلَّمَ لِعَلِیٍّ :مَنْ أَحَبَّكَ كَانَ مَعَ النَّبِيِّيْنَ

۱۔ أسرار الشهادة ر ۲۴۱

۲۔ فضائل الشيعة ر ۴

فِيْ دَرَجَتِهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ مَاتَ وَهُوَ يُبْغِضُكَ فَلَا يُبَالِيْ مَاتَ يَهُوْدِيًّا أَوْ نَصْرَانِيًّا.(۱)

۸۷۰۔قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :مَنْ أَحَبَّ عَلِيًّا كَانَ مَعِيَ وَمَعَهُ.(۲)

۸۷۱۔ بِإِسْنَادِهِ إِلَى جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ :يَا عَلِيُّ مَنْ أَحَبَّكَ وَتَوَلَّاكَ أَسْكَنَهُ اللّٰهُ مَعَنَا فِي الْجَنَّةِ ثُمَّ تَلَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :إِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنَّاتٍ وَنَهَرٍ.(۳)

۸۷۲۔ (فِيْ حَدِيْثٍ) قَالَ (رَسُوْلُ اللّٰهِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :مَنْ أَحَبَّ عَلِيًّا وَأَطَاعَهُ فِيْ دَارِ الدُّنْيَا وَرَدَ عَلَيَّ حَوْضِيْ غَدًا وَكَانَ مَعِيَ فِيْ دَرَجَتِيْ فِي الْجَنَّةِ، وَمَنْ أَبْغَضَ عَلِيًّا فِيْ دَارِ الدُّنْيَا وَعَصَاهُ لَمْ أَرَهُ وَلَمْ يَرَنِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَاخْتَلَجَ دُوْنِيْ وَأُخِذَ بِهِ ذَاتَ الشِّمَالِ إِلَى النَّارِ.(۴)

حضرت علی علیہ السلام سے محبت کرنے والا پیغمبرؐ کے ساتھ محشور ہوگا

۸۶۹۔پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا: جو تمہیں دوست رکھے گا وہ قیامت کے دن پیغمبروں کے ساتھ محشور ہوگا اور ان کے درجہ پر فائز ہوگا اور جو تم سے دشمنی کی حالت میں مرجائے وہ یہودی یا نصرانی مرا ہے۔

۱۔البحار ۲۷/۷۹

۲۔ ملحقات الاحقاق ۲۱/۳۲۶

۳۔ البحار ۳۶/۶۵،ینابیع المودۃ/ ۱۳۲ باختلاف یسیر، تیسیر المطالب / ۶۲ واحقاق الحق۷/۱۶۷ باختلاف فی موارد

۴۔أمالی الصدوق / ۲۴۵

۸۷۰۔ پیغمبر ﷺ نے فرمایا: جو علی علیہ السلام کو دوست رکھے گا وہ میرے اور ان کے ساتھ محشور ہوگا۔

۸۷۱۔ جابر بن عبداللہ کہتے ہیں کہ رسولِ خدا ﷺ نے فرمایا: یا علی علیہ السلام! جو تمہیں دوست رکھے گا اور تمہاری ولایت کو قبول کرے گا تو خداوند بہشت میں اس کو ہمارے ساتھ جگہ دے گا، اس کے بعد اس آیت کی تلاوت فرمائی: "بے شک پرہیزگار لوگ بہشت کے باغوں میں اور نہروں کے کنارے پر رہیں گے۔

۸۷۲۔ پیغمبر ﷺ نے ایک حدیث میں فرمایا: جس نے علی علیہ السلام کو دوست رکھا اور اس دنیا میں ان کی اطاعت کی قیامت کے دن وہ حوضِ کوثر کے کنارے مجھ سے ملاقات کرے گا اور بہشت میں میرے درجہ پر فائز ہوگا اور جس نے اس دنیا میں علیؑ سے دشمنی رکھی اور ان کی نافرمانی کی تو قیامت کے دن نہ میں اُس کو دیکھوں گا اور نہ ہی وہ مجھے دیکھے گا، اُس کو میرے سامنے سے اور اُلٹی طرف سے جہنّم کی طرف لے جائیں گے۔

۱۲۹۔ حُبّ عليٍّ عليهِ السّلامُ شَجَرَةٌ اصلها في الجنّة

۸۷۳۔ فِي حديثٍ عنْ رَسُوْلِ اللّٰه صلّى اللّٰهُ عليهِ وآله وسلّمَ قالَ: حُبُّ عَلِيّ بْنِ أَبي طالِبٍ شَجَرَةٌ أَصْلُها في الْجَنَّةِ وَأَغْصانُها فِي الدُّنْيا، فَمَنْ تَعَلَّقَ بِبَعْضِ أَغْصانِها أَوْقَعَهُ فِي الْجَنَّةِ، وَبُغْضُ عَلِيّ بْنِ أَبي طالِبٍ شَجَرَةٌ أَصْلُها فِي النّارِ، وَأَغْصانُها فِي الدُّنْيا، فَمَنْ تَعَلَّقَ بِهافي الدُّنْيا أَوْرَدَتْهُ إِلَى النّارِ....(۱)

۱۔ احقاق الحق ۷۸۵۔

حضرت علی علیہ السلام سے محبّت کے درخت کی جڑ بہشت میں ہے

۸۷۳۔رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: علی علیہ السلام سے دوستی ایک ایسا درخت ہے کہ جس کی جڑ بہشت میں اوراس کی شاخیں دنیا میں ہیں،جس نے ان شاخوں میں سے کسی ایک شاخ کو تھام لیاتو وہ اسے بہشت میں لے جائے گی۔اورعلیؑ سے دشمنی ایک ایسا درخت ہے کہ جس کی جڑ جہنم میں اوراس کی شاخیں دنیا میں ہیں اور جو دنیا میں اس کو تھامے گا وہ اسے دوزخ کی آگ میں لے جائے گی۔

۱۷۰۔حُبُّ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ إِيمَانٌ وَبُغْضُهُ نِفَاقٌ

۸۷۴۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ :حُبُّکَ إِيمَانٌ وَبُغْضُکَ نِفَاقٌ، وَأَوَّلُ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مُحِبُّکَ، وَأَوَّلُ مَنْ يَدْخُلُ النَّارَ مُبْغِضُکَ.(۱)

۸۷۵۔بِالْإِسْنَادِ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيهِ السَّلَامُ قَالَ:حُبُّ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ إِيمَانٌ وَبُغْضُهُ نِفَاقٌ ثُمَّ قَرَأَ وَحَبَّبَ إِلَيْكُمُ الْإِيمَانَ وَزَيَّنَهُ فِي قُلُوبِكُمْ.(۲)

۸۷۶۔ قَالَ :وَقَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَا عَلِيُّ أَنْتَ أَوَّلُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ إِيمَانًا بِاللّٰهِ وَرَسُولِهِ، وَأَوَّلُهُمْ هِجْرَةً إِلَى اللّٰهِ وَرَسُولِهِ، وَآخِرُهُمْ عَهْدًا بِرَسُولِهِ، لَا يُحِبُّکَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ إِلَّا مُؤْمِنٌ قَدِ امْتَحَنَ اللّٰهُ قَلْبَهُ لِلْإِيمَانِ وَلَا يُبْغِضُکَ إِلَّا مُنَافِقٌ أَوْ كَافِرٌ.(۳)

۱۔ كشف الغمة ۱/۹۱، إحقاق الحق ۷/۲۴۷، نور الأبصار /۹۰

۲۔ تفسير الفرات الكوفي /۱۶۲ ۳۔أمالي الطوسي ۲/۸۶

۸۷۷ـ قال النبیّ صلّی اللّه علیه وآله وسلّم :یا علیُّ الا یُحِبُّکَ إِلّا مُؤْمِنٌ تَقِیٌّ، وَلا یُبْغِضُکَ إِلّا مُنافِقٌ شَقِیٌّ.(۱)

۸۷۸ـ عن أمّ سلمة قالت :سمعتُ رسولَ اللّهِ صلّی اللّهُ علیهِ وَآلِهِ وسلّم یقولُ: لَا یُحِبُّ عَلِیًّا إِلّا مُؤْمِنٌ وَلایُبْغِضُهُ إِلّا مُنافِقٌ.(۲)

۸۷۹ـ عن أمّ سلمة (رضی اللّه عنها) قالت :کانَ رسولُ اللّه صلّی اللّهُ علیه وَآلهِ وسلّم یقولُ :لا یُحِبُّ عَلِیًّا مُنافِقٌ وَلَا یُبْغِضُهُ مُؤْمِنٌ.(۳)

۸۸۰ـ قالَ رسولُ اللّه صلّی اللّهُ علیهِ وآله وسلّم :أَیُّهَا النّاسُ أُوصیکُمْ بِحُبِّ ذِی الْقُرْبی أَخِی وَابنِ عَمّی عَلِیِ بْنِ أَبی طالِبٍ، لا یُحِبُّهُ إِلّا مُؤْمِنٌ وَلا یُبْغِضُهُ إِلّا مُنافِقٌ، مَنْ أَحَبَّهُ فَقَدْ أَحَبَّنِی، وَمَنْ أَبْغَضَهُ فَقَدْ أَبْغَضَنِی، وَمَنْ أَبْغَضَنِی عَذَّبَهُ اللّهُ بِالنّارِ.(۴)

۸۸۱ـ قالَ رسولُ اللّه صلّی اللّهُ علیهِ وآلهِ وسلّم فی خُطبته :أُوصیکُمْ بِحُبِّ ذِی قُرْبیها أَخِی وَابنِ عَمّی عَلِیِّ ابنِ أَبی طالِبٍ ، لا یُحِبُّهُ إِلّا مُؤْمِنٌ وَلَا یُبْغِضُهُ إِلّا مُنافِقٌ.(۵)

۸۸۲ـ کانَ عَلِیٌّ (عَلَیهِ السّلامُ) یقولُ :وَاللّهِ لا یُحِبُّنی إِلّا مُؤْمِنٌ، وَلَا یُبْغِضُنی إِلّا مُنافِقٌ.(۶)

۱ـ عوالی اللئالی ۴/۸۵

۲ـ تیسیر المطالب / ۴۷، الاستیعاب / ۱۱۰۰ وجواهر المطالب ۱/ ۲۵۰ باختلاف فی موارد

۳ـ التاج ۳/۲۹۷، صحیح الترمذی ۱۳/۱۶۸

۴ـ ملحقات الاحقاق ۲۱/۲۵۸

۵ـ احقاق الحق ۷/۱۹۳، الغدیر ۳/۱۱۸ باختلاف یسیر

۶ـ احقاق الحق ۷/۱۹۵، سنن ابن ماجه ۱/ ۵۴ باختلاف فی موارد

۸۸۳۔ عَنْ سُوَیْدِ بْنَ غَفْلَةَ قَالَ :سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلیه وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ :یا عَلِیُّ اِلاَّ یُحِبُّکَ اِلّاَمُؤْمِنٌ وَلاَ یُبْغِضُکَ اِلَّا مُنَافِقٌ.(۱)

۸۸۴۔ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ :نَظَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلیه وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِلٰی عَلِیٍّ (عَلَیْهِ السَّلَامُ) فَقَالَ :لَا یُحِبُّکَ اِلَّامُؤْمِنٌ وَلَا یُبْغِضُکَ اِلَّا مُنَافِقٌ، مَنْ اَحَبَّکَ فَقَدْ اَحَبَّنِیْ وَمَنْ اَبْغَضَکَ فَقَدْ اَبْغَضَنِیْ، وَحَبِیْبِیْ حَبِیْبُ اللّٰهِ وَبَغِیْضِیْ بَغِیْضُ اللّٰهِ، وَیْلٌ لِمَنْ اَبْغَضَکَ بَعْدِیْ.(۲)

حضرت علی علیہ السلام سے محبّت ایمان اوران سے دشمنی نفاق ہے

۸۷۴۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا: تم سے دوستی ایمان کی علامت اور تم سے دشمنی نفاق کی علامت ہے اور تمہیں دوست رکھنے والا سب سے پہلے بہشت میں داخل ہوگا اور جو سب سے پہلے دوزخ میں جائے گا وہ تمہارا دشمن ہے۔

۸۷۵۔ حضرت ابو جعفر علیہ السلام سے منقول ہے کہ حضرت ؑ نے فرمایا علی علیہ السلام سے محبّت ایمان کی علامت اور دشمنی نفاق کی علامت ہے، اس کے بعد اس آیت کی تلاوت فرمائی ''اور تمہیں ایمان کی محبّت دے دی ہے اور اس کو تمہارے دلوں میں عمدہ کر دکھایا ہے''۔

۸۷۶۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علی علیہ السلام !تم اِس امّت میں سے پہلے فرد ہو جو خدا اور اس کے رسولؐ پر ایمان لائے اور پہلے فرد ہو کہ خدا اور اس کے رسولؐ کی طرف ہجرت

۱۔ البحار ۲۵۱/۳۹، صحیح الترمذی ۱۷۷/۱۳، مسند احمد ۲۰۷/۱ و کنز العمال ۵۹۸/۱۱ باختلاف یسیر

۲۔ احقاق الحق ۴۰۸/۶

کی اور آخری فرد ہو کہ رسولِ خداؐ جس سے گفتگو کرے گا، مجھے اس کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے فقط وہ مومن تمہیں دوست رکھتا ہے جس کے دل کو خدا نے ایمان کے لئے آزمایا ہے، اور منافق یا کافر کے علاوہ کوئی تم سے دشمنی نہیں کرے گا۔

۸۷۷۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علی علیہ السلام! تحقیق، مؤمن کے علاوہ کوئی تمہیں دوست نہیں رکھتا اور منافق بد بخت کے علاوہ کوئی تم سے دشمنی نہیں کرتا۔

۸۷۸۔ ام سلمہ کہتی ہیں: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کوئی بھی منافق علی علیہ السلام کو دوست نہیں رکھتا اور کوئی بھی مؤمن علی علیہ السلام سے دشمنی نہیں کرتا۔

۸۷۹۔ ام سلمہ کہتی ہیں: میں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا: آنحضرتؐ نے فرمایا: مؤمن کے علاوہ کوئی علی علیہ السلام کو دوست نہیں رکھتا اور منافق کے علاوہ کوئی ان سے دشمنی نہیں کرتا۔

۸۸۰۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! میں تمہیں اپنے اہلِ بیت علیہم السلام سے کہ میرے بھائی اور چچا کے بیٹے علی بن ابی طالب علیہ السلام بھی ان میں سے ہیں دوستی کی سفارش کرتا ہوں، مومن کے علاوہ انہیں کوئی دوست نہیں رکھے گا اور منافق کے علاوہ کوئی ان سے دشمنی نہیں کرے گا جس نے انہیں دوست رکھا اس نے مجھے دوست رکھا اور جس نے ان سے دشمنی کی اس نے مجھ سے دشمنی کی ہے اور جس نے مجھ سے دشمنی کی خدا اس کو دوزخ کی آگ میں عذاب دے گا۔

۸۸۱۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے خطبہ میں فرمایا: میں تمہیں اپنے اہلِ بیت علیہم السلام، اپنے بھائی اور اپنے چچا کے بیٹے علی بن ابیطالب علیہ السلام سے دوستی کی سفارش کرتا ہوں کیونکہ مومن کے علاوہ کوئی انہیں دوست نہیں رکھتا اور منافق کے علاوہ کوئی ان سے دشمنی نہیں کرتا۔

۸۸۲۔ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: خدا کی قسم! مومن کے علاوہ مجھے کوئی دوست نہیں رکھتا اور

منافق کے علاوہ مجھ سے کوئی دشمنی نہیں کرتا۔

۸۸۳۔سوید بن غفلہ کہتے ہیں: میں نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: یا علی علیہ السلام مومن کے علاوہ کوئی تمہیں دوست نہیں رکھتا، اور منافق کے علاوہ کوئی آپ سے دشمنی نہیں کرتا۔

۸۸۴۔ابن عباس کہتے ہیں: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام کی طرف دیکھا اور فرمایا: تمہیں مومن کے علاوہ کوئی دوست نہیں رکھتا اور منافق کے علاوہ کوئی تم سے دشمنی نہیں کرتا، جس نے تمہیں دوست رکھا اس نے مجھے دوست رکھا اور جس نے تم سے دشمنی کی اس نے مجھ سے دشمنی کی ہے۔میرا دوست خدا کا دوست اور میرا دشمن خدا کا دشمن ہے، افسوس ہے اس پر جو میرے بعد تم سے دشمنی کرے گا۔

۱۷۱ ـ حُبُّ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ إِيمَانٌ وَبُغضُهُ كُفرٌ

۸۸۵ ـ قَولُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :حُبُّ عَلِيٍّ إِيمَانٌ وَبُغضُهُ كُفرٌ.(۱)

۸۸۶ ـ عَنْ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: لَا يُحِبُّ عَلِيًّا إِلَّا مُؤمِنٌ وَلَا يُبغِضُهُ إِلَّا كَافِرٌ.(۲)

۸۸۷ ـ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الحَسَنِ (خ ل الحُسَينِ) السَّائِحُ قَالَ :سَمِعتُ الحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ العَسكَرِيَّ عَلَيهِ السَّلَامُ يَقُولُ :حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عَلَيهِمُ السَّلَامُ

۱ ـ امالي الصدوق / ۸۱، البحار ۹۵/۳۸، أنوار الهداية / ۱۳۴، الإثنا عشرية / ۶۱

۲ ـ عيون أخبار الرضا ۶۳/۲

قالَ:قالَ رَسُولُ اللّهِ صَلّی اللّهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّم:لِعَلِیّ بْنِ أَبِی طَالِبٍ عَلَیهِ السَّلَامُ:یا عَلِیُّ! لَایُحِبُّکَ إِلَّا مَنْ طَابَتْ وِلَادَتُهُ وَلَا یُبْغِضُکَ إِلّا مَنْ خَبُثَتْ وِلَادَتُهُ،وَلَا یُوَالِیکَ إِلّا مُؤْمِنٌ، وَلَا یُعَادِیکَ إِلّا کَافِرٌ....(۱)

۸۸۸ـ (فِی حَدِیثٍ) وَقَالَ (رَسُولُ اللّهِ صَلّی اللّهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّم) یا عَلِیُّ ! أَنْتَ أَوَّلُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ إِیمَانًا بِاللّهِ وَرَسُولِهِ وَأَوَّلُهُمْ هِجْرَةً إِلَی اللّهِ وَرَسُولِهِ، وَآخِرُهُمْ عَهْدًا بِرَسُولِهِ، لَا یُحِبُّکَ -وَالَّذِی نَفْسِی بِیَدِهِ -إِلّا مُؤْمِنٌ قَدِ امْتَحَنَ اللّهُ قَلْبَهُ لِلْإِیمَانِ، وَلَا یُبْغِضُکَ إِلّا مُنَافِقٌ أَوْ کَافِرٌ.(۲)

حضرت علی علیہ السلام سے محبّت ایمان اور دشمنی کفر ہے

۸۸۵۔پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:علی علیہ السلام سے دوستی ایمان اور دشمنی کفر ہے۔

۸۸۶۔حضرت علی علیہ السلام سے منقول ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مومن کے علاوہ علی علیہ السلام کو کوئی دوست نہیں رکھتا اور کافر کے علاوہ کوئی ان سے دشمنی نہیں رکھتا۔

۸۸۷۔علی بن حسن سائح کہتے ہیں: میں نے امام حسن عسکری علیہ السلام سے سنا حضرت نے فرمایا: میرے والد نے اپنے والد سے اور اپنے دادا سے نقل کیا ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا: یا علیؑ! فقط وہ تمہیں دوست رکھتا ہے جس کی ولادت پاک ہے اور فقط وہ تم سے دشمنی کرتا ہے جس کی ولادت ناپاک ہے۔مومن کے علاوہ کوئی تمہارا دوست نہیں اور کافر کے علاوہ کوئی تمہارا دشمن نہیں۔

۱ـ کمال الدین ر ۲۶۱، الاحتجاج ۱/۸۸

۲ـ أمالي الطوسی ۲/۸۶

۸۸۸۔حدیث میں نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علی علیہ السلام! تم میری امت میں سے پہلے فرد ہو جو خدا اور اس کے رسولؐ پر ایمان لائے، اور پہلے فرد ہو جس نے خدا اور اس کے رسولؐ کی طرف ہجرت کی، اور آخری فرد ہو گے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تم سے عہد کرے گا، مجھے اس کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اس مومن کے علاوہ جس کے دل کو خدا نے ایمان سے آزمایا ہے تمہیں کوئی دوست نہیں رکھتا اور منافق اور کافر کے علاوہ کوئی تم سے دشمنی نہیں کرتا۔

۱۷۲ ۔ طُوبٰی لِمَنْ اَحبَّ عَلِيّاًعليهِ السَّلامُ

۸۸۹ ۔ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُوْسٰی عَنْ أَبِيهِ عَنْ آبائِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طالِبٍ عَلَيهِمُ السَّلامُ قالَ :قالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :يا عَلِيُّ اِطُوْبٰى لِمَنْ أَحَبَّكَ وَصَدَّقَ بِكَ وَوَيلٌ لِمَنْ أَبْغَضَكَ وَكَذَّبَ بِكَ،مُحِبُّوْكَ مَعْرُوْفُوْنَ فِي السَّماءِ السّابِعَةِ....(۱)

۸۹۰ ۔ قالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :يا عَلِيُّ اِطُوْبٰى لِمَنْ أَحَبَّكَ وَصَدَّقَكَ، وَالْوَيلُ لِمَنْ أَبْغَضَكَ وَكَذَّبَكَ، مُحِبُّوْكَ مَعْرُوْفُوْنَ بَيْنَ أَهْلِ السَّماوَاتِ، وَهُم أَهْلُ الدِّينِ وَالْوَرَعِ والسَّمْتِ الْحَسَنِ وَالتَّواضُعِ، خاشِعَةٌ أَبْصارُهُمْ وَجِلَةٌ قُلُوْبُهُمْ، وَقَدْ عَرَفُوْا حَقَّ وِلايَتِكَ، وَأَلْسِنَتُهُمْ ناطِقَةٌ بِفَضْلِكَ وَأَعْيُنُهُمْ ساكِبَةٌ دُمُوْعُها تَحَنُّناً عَلَيكَ وَعَلَى الْأَئِمَّةِ مِنْ وُلْدِكَ، عامِلونَ بِما أَمَرَهُمُ اللّٰهُ فِي كِتابِهِ وَبِما أَمَرْتُهُمْ أَنا وَبِما تَأْمُرُهُمْ أَنْتَ وَبِما يَأْمُرُهُمْ أُولُوا الْأَمْرِ مِنَ الْأَئِمَّةِ مِنْ وُلْدِكَ بِالْقُرْآنِ

۱ ۔ اثبات الهداة ۱/ ۴۸۱ ، احقاق الحق ۷/ ۲۷۶، فرائد السمطين ۱/ ۳۱۰، نور الابصار / ۹۰ ، جواهر المطالب / ۲۵۳ باختلاف فی سنده، المراجعات / ۱۷۶

وَسُنَّتِیْ، وَهُمْ مُتَوَاصِلُوْنَ مُتَحَابُّوْنَ، وَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَتُصَلِّیْ عَلَيْهِمْ وَتُؤَمِّنُ عَلٰی دُعَائِهِمْ وَتَسْتَغْفِرُ لِلْمُذْنِبِ مِنْهُمْ.(۱)

۸۹۱ـ قَوْلُ النَّبِيِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: طُوْبٰی لِمَنْ أَحَبَّ عَلِيًّا، وَالْوَيْلُ لِمَنْ أَبْغَضَهُ.(۲)

۸۹۲ـ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ ...قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: يَا عَلِيُّ! مَنْ أَحَبَّکَ وَوَالَاکَ أَحْبَبْتُهُ وَوَالَيْتُهُ، وَمَنْ أَبْغَضَکَ وَعَادَاکَ أَبْغَضْتُهُ وَعَادَيْتُهُ لِأَنَّکَ مِنِّیْ وَأَنَا مِنْکَ.(۳)

خوش نصیب ہے وہ شخص جو حضرت علی علیہ السلام کو دوست رکھتا ہے

۸۸۹ـ علی بن موسیٰ علیہ السلام نے اپنے والد سے حضرت ؑ نے اپنے اَجداد علیہم السلام سے انہوں نے علی بن ابیطالب علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خداؐ نے فرمایا: یا علی علیہ السلام! خوش نصیب ہے وہ شخص جو تمہیں دوست رکھے اور تمہاری تصدیق کرے اور بدبخت ہے وہ شخص جو تم سے دشمنی رکھے اور تمہیں جھٹلائے، تمہارے دوستوں کی ساتویں آسمان پر پہچان ہو چکی ہے۔

۸۹۰ـ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علیؑ! خوش نصیب ہے وہ شخص جو تمہیں دوست رکھے اور تمہاری تصدیق کرے اور بدبخت ہے وہ شخص جو تم سے دشمنی کرے اور تمہیں جھٹلائے، تمہارے

۱ـ ملحقات الاحقاق ۳۳۵/۲۱

۲ـ احقاق الحق ۸۰/۵

۳ـ غاية المرام ۹۲/۱

دوست اہلِ آسمان کے درمیان معروف ہیں، وہ دیندار ، متقی ، نیک سیرت اور عاجز ہیں، ان کی آنکھیں دھنس گئیں اور ان کے دل خوف زدہ ہیں اور تمہاری ولایت کو جس مقام کے وہ لائق ہے پہچان لیا ہے اور ان کی زبان پر تمہارے فضائل جاری ہیں، تمہاری اور ائمہؑ کی محبّت میں ان کی آنکھیں گریان ہیں، خدا نے جو اُن کو اپنی کتاب میں فرمان دیا ہے اور جو میں نے ان کو حکم دیا ہے یا تم جو انہیں حکم دو گے یا ائمہؑ جو تمہارے فرزند ہیں اور اُولی الامر ہیں انہیں جو حکم دیں گے وہ ان فرائین پر عمل کریں گے اور وہ قرآن اور سنّت کے پابند ہیں، وہ ایک دوسرے سے ارتباط برقرار کرتے ہیں اور ایک دوسرے سے محبّت کرتے ہیں، ملائکہ ان پر درود بھیجتے ہیں اور ان کی دعا پر آمین کہتے ہیں اور ان میں سے گناہ گاروں کے لئے مغفرت طلب کرتے ہیں۔

۸۹۱۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سعادت مند اور خوش قسمت ہے وہ شخص جو علیؑ کو دوست رکھتا ہے اور بد بخت ہے وہ شخص جو ان سے دشمنی کرتا ہے۔

۸۹۲۔ عبداللہ بن عباس کہتے ہیں: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علیؑ! جو تمہیں دوست رکھے گا اور تم سے محبّت کرے گا میں اُسے دوست رکھوں گا اور اس سے محبّت کروں گا اور جو تم سے دشمنی کرے گا اور تمہاری مخالفت کرے گا میں اُس سے دشمنی رکھوں گا اور اس کی مخالفت کروں گا اس لئے کہ تم مجھ سے ہو اور میں تم سے ہوں۔

۱۷۳۔ اِمتَحِنُوا اَولَادَکُم بِحُبِّ عَلِیٍّ عَلَیهِ السَّلَامُ

۸۹۳۔ قَالَ أَنَسٌ: قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ: یَا أَیُّهَا النَّاسُ! اِمتَحِنُوا أَولَادَکُم بِحُبِّہٖ، فَإِنَّ عَلِیًّا لَا یَدعُو إِلیٰ ضَلَالَۃٍ، وَلَا یُبعِدُ عَن هُدًی، فَمَن أَحَبَّہٗ فَهُوَ

مِنْكُمْ، وَمَنْ أَبْغَضَهُ فَلَيْسَ مِنْكُمْ.(۱)

۸۹۴۔ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ الْأَنْصَارِيِّ يَقُوْلُ :كُنَّا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ جَمَاعَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ لَنَا :يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ! بَوِّرُوْا أَوْلَادَكُمْ بِحُبِّ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ، فَمَنْ أَحَبَّهُ فَاعْلَمُوْا أَنَّهُ لِرَشْدَةٍ، وَمَنْ أَبْغَضَهُ فَاعْلَمُوْا أَنَّهُ لِغَيَّةٍ.(۲)

۸۹۵۔ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَمَرَ أَصْحَابَهُ يَوْمَ خَيْبَرَ أَنْ يَمْتَحِنُوْا أَوْلَادَهُمْ بِحُبِّ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ، فَإِنَّهُ لَا يَدْعُوْ إِلَى ضَلَالَةٍ وَلَا يُبْعِدُ عَنْ هُدًى فَمَنْ أَحَبَّهُ فَهُوَ مِنْكُمْ وَمَنْ أَبْغَضَهُ فَلَيْسَ مِنْكُمْ.(۳)

حضرت علی علیہ السلام کی محبّت کے ذریعے اپنی اولاد کا امتحان لیں

۸۹۳۔ انس کہتے ہیں: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! اپنی اولاد کو علی علیہ السلام کی محبّت کے ذریعے آزمائیں، اس لئے کہ وہ کبھی بھی گمراہی کی دعوت نہیں دیتے اور کسی کو بھی ہدایت کے راستہ سے دور نہیں کرتے جو انہیں دوست رکھے گا وہ تم میں سے ہے اور جو انہیں دشمن رکھے گا وہ تم میں سے نہیں ہے۔

۸۹۴۔ جابر بن عبداللہ انصاری کہتے ہیں: ایک دن ہم انصار کی جماعت کے ساتھ رسولِ

۱۔ ملحقات الاحقاق ۲۱/ ۲۶۳

۲۔ الإرشاد للمفید / ۲۷

۳۔ احقاق الحق ۷/ ۲۵۰

خدا ﷺ کی خدمت میں بیٹھے ہوئے تھے، پیغمبر ﷺ نے فرمایا: اے انصار کا گروہ! اپنی اولاد کا علیؑ کی محبّت کے ذریعہ امتحان لیں۔ ان میں سے جو انہیں دوست رکھے گا جان لیں کہ وہ تمہارا حقیقی بیٹا ہے اور جو انہیں دشمن رکھے جان لیں کہ وہ حلال زادہ نہیں ہے۔

۸۹۵۔ پیغمبرؐ نے جنگِ خیبر میں اپنے اصحاب سے فرمایا: اپنی اولاد کو علی بن ابیطالبؑ کی محبّت کے ذریعہ آزمائیں کیونکہ وہ تمہیں گمراہی کی دعوت نہیں دیتے اور کسی کو بھی راہِ ہدایت سے دور نہیں کرتے۔ جس نے انہیں دوست رکھا وہ تم میں سے ہے اور جس نے انہیں دشمن رکھا وہ تم میں سے نہیں ہے۔

۱۷۴۔ فَضْلُ حُبِّهِ وَذَمّ بُغْضِهِ

۸۹۶۔ (فِی حَدِیْثٍ) قَوْلُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ علیه و آله وَسلَّمَ لِعَلِیٍّ (عَلیه السَّلامُ): حَرْبُکَ حَرْبِیْ وَسِلْمُکَ سِلْمِیْ، إلیٰ أنْ قَالَ: وَمُحِبُّکَ فِی الْجَنَّةِ وَإِنَّ عَدُوَّکَ فِی النَّارِ. (۱)

۸۹۷۔ وَقَوْلُهُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: حَرْبُ عَلِیٍّ حَرْبُ اللّٰهِ وسِلْمُ عَلِیٍّ سِلْمُ اللّٰهِ. (۲)

۸۹۸۔ رُوِیَ حَدِیْثًا عَنْ أَبِیْ مُوْسَی الْحمیدِیِّ وَفِیْهِ قَوْلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلهِ وسَلّمَ: فَإِنْ أَحْبَبْتَ أَنْ تَلْقَی اللّٰهَ وَهُوَ عَنْکَ رَاضٍ؛ فَارْضِ عَلِیًّا فَإِنَّ رِضَائَهُ رِضاءُ اللّٰهِ وَغَضَبَهُ غَضَبُ اللّٰهِ. (۳)

۱۔ احقاق الحق ۶/ ۴۴۱

۲۔ الإثنا عشریة / ۶۱، احقاق الحق ۵/ ۴۳

۳۔ احقاق الحق ۶/ ۴۳۶

۸۹۹ ـ بالإسناد، عن النّبيّ صلّى اللّهُ عليهِ وَآلِهِ وسلّم :مَنْ أَحَبَّنِي فَلْيُحِبَّ عَلِيًّا، وَمَنْ أَبْغَضَ أَحَدًا مِنْ أَهْلِبَيْتِيْ حُرِمَ شَفَاعَتِيْ.(۱)

۹۰۰ ـ وقال رسولُ اللّهِ صلّى اللّهُ عليه وَآلِهِ وسلّمَ :مَنْ أَحَبَّ عَلِيًّا وَتَوَلّاهُ، أَكْرَمَهُ اللّهُ وَأَدْنَاهُ، وَمَنْ أَبْغَضَ عَلِيًّا وَعاداهُ مَقَتَهُ اللّهُ وَأَخزاهُ.(۲)

۹۰۱ ـ بالإسنادِ، عَنِ الصّادِقِ عَنْ أبيهِ عَنْ آبائِهِ عَلَيهِم السَّلامُ قالَ :قالَ رَسُولُ اللّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :أَتَانِي جَبْرَئِيلُ مِنْ قِبَلِ رَبِّي جَلَّ جَلالُهُ فَقَالَ :يَا مُحَمَّدُ !(صَلَّى اللّهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ) إِنَّ اللّهَ عَزَّ وَجَلَّ يُقْرِئُكَ السَّلامَ وَيَقُولُ :بَشِّرْ أَخاكَ عَلِيًّا(عَلَيهِ السَّلامُ) بِأَنِّيْ لَا أُعَذِّبُ مَنْ تَوَلّاهُ، وَلَا أَرْحَمُ مَنْ عاداهُ.(۳)

۹۰۲ ـ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللّهِ صَلَّى اللّهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :لِعَلِيٍّ عليهِ السَّلامُ حِينَ خَلَّفَهُ :أَمَا تَرْضَى أَنْ يَكُونَ عَدُوُّكَ عَدُوِّيْ وَعَدُوِّيْ عَدُوَّ اللّهِ، وَوَلِيُّكَ وَلِيِّيْ وَوَلِيِّيْ وَلِيَّ اللّهِ.(۴)

۹۰۳ ـ قَالَ رَسُولُ اللّهِ صَلَّى اللّهُ عليهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ(عَلَيهِ السَّلامُ) :إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ يُؤْتَى بِكَ يا عَلِيُّ بِسَرِيرٍ مِنْ نُورٍ وَعَلَى رَأْسِكَ تاجٌ قَدْ أَضاءَ نورُهُ وَكَادَ يَخْطَفُ أَبْصَارَ أَهْلِ الْمَوْقِفِ فَيَأْتِي النِّداءُ مِنْ عِنْدِاللّهِ جَلَّ جَلالُهُ؛ أَيْنَ وَصِيُّ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّهِ؟ فَتَقُولُ ها أَنَا ذَا فَيُنادِي الْمُنادِيْ :أَدْخِلْ مَنْ أَحَبَّكَ الْجَنَّةَ وَأَدْخِلْ مَنْ عاداكَ فِي النّارِ فَأَنْتَ قَسِيمُ الْجَنَّةِ وَالنّارِ.(۵)

---

۱ ـ احقاق الحق ۶/ ۱۳/ ۴ ۲ ـ الإثنا عشرية/ ۶۲

۳ـ بشارة المصطفیٰ/ ۵۴۱، جامع الاخبار/ ۵۰

۴ـ أمالي الطوسی ۲/ ۱۰۰ ۵ ـ ينابيع المودة ۸۳

۹۰۴ ـ بالإسناد، عن عليّ بن موسى الرّضا عن آبائه عليهم السّلام قال :قال رسول اللہ صلّی اللّٰہ علیه وآلہ وسلّم :یاعلیّ !أنت أخی ووزیری وصاحب لوائی فی الدّنیا والآخرۃ وصاحب حوضی، من أحبّک أحبّنی ومن أبغضک أبغضنی.(۱)

۹۰۵ ـ قال أمیر المؤمنین علیه السّلام :لو ضربت خیشوم المؤمن بسیفی ھذا علی أن یبغضنی ما أبغضنی، ولو صببت الدّنیا بجملتھا علی المنافق علی أن یحبّنی ما أحبّنی وذلک أنّه قضی فانقضی (فاقتضی خ ل) علی لسان النّبیّ الأمّیّ أنّه قال :یا علیّ !لا یبغضک مؤمن ولا یحبّک منافق.(۲)

۹۰۶ ـ عن سعید بن المسیّب عن زید بن ثابت قال :قال رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیه وآلہ وسلّم :من أحبّ علیّاً فی حیاتی وبعد موتی کتب اللّٰہ له الأمن والإیمان ما طلعت الشّمس أو غربت ومن أبغضه فی حیاتی وبعد موتی (فی حیاته وبعد موته ن. ل) مات میتة جاھلیّة وحوسب بما عمل.(۳)

۹۰۷ ـ عن یحیی بن عبدالرّحمن الأنصاریّ قال :سمعت رسول اللّٰہ صلّی اللّٰہ علیه وآلہ وسلّم یقول :من أحبّ علیّاً محیاہ ومماته کتب اللّٰہ تعالی له الأمن والإیمان ما طلعت الشّمس وما غربت، ومن أبغض علیّاً محیاہ ومماته فمیتته جاھلیّة، وحوسب بما أحدث فی الإسلام.(۴)

---

۱ ـ اثبات الھداۃ ۲/۲۶

۲ ـ مشکاۃ الانوار /۷۹، الغدیر ۳/۱۸۵، روضة الواعظین ۲/۲۹۵، إعلام الوری / ۱۹۰

۳ ـ علل الشرایع / ۱۴۴، البحار ۳۹/۲۸۵ باختلاف یسیر

۴ ـ احقاق الحق ۴/۲۲۸، بشارۃ المصطفی / ۱۵۸ باختلاف فی موارد

۹۰۸ ـ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قالَ :رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ أَخَذًا بِيَدِ عَلِيٍّ (عَلَيهِ السَّلَامُ) وَهُوَ يَقُولَ :اَللّٰهُ وَلِيِّي وَأَنَا وَلِيُّکَ، وَمُعَادٍ مَنْ عَادَاکَ، وَمُسَالِمٌ مَنْ سَالَمَکَ.(۱)

۹۰۹ ـ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ آبَائِهِ عَلَيهِمُ السَّلَامُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ:إِنَّ الْجَنَّةَ لَتَشْتَاقُ لِأَحِبَّاءِ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ وَيَشْتَدُّ ضَوْؤُهَا لِأَحِبَّاءِ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ وَهُمْ فِي الدُّنْيَا قَبْلَ أَنْ يَدْخُلُوهَا، وَإِنَّ النَّارَ لَتَغِيظُ وَيَشْتَدُّ زَفِيرُهَا عَلَى أَعْدَاءِ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ وَهُمْ فِي الدُّنْيَا قَبْلَ أَنْ يَدْخُلُوهَا.(۲)

۹۱۰ ـ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :يَا عَلِيُّ !مَنْ أَحَبَّکَ فَقَدْ أَحَبَّنِي وَمَنْ أَحَبَّنِي فَقَدْ أَحَبَّ اللّٰهَ وَمَنْ أَبْغَضَکَ فَقَدْ أَبْغَضَنِي وَمَنْ أَبْغَضَنِي فَقَدْ أَبْغَضَ اللّٰهَ وَمَنْ أَبْغَضَ اللّٰهَ فَعَلَيهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِکَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ.(۳)

۹۱۱ ـ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :يَا عَلِيُّ !مَنْ أَحَبَّکَ وَوَالَاکَ أَحْبَبْتُهُ وَوَالَيْتُهُ، وَمَنْ أَبْغَضَکَ وَعَادَاکَ أَبْغَضْتُهُ وَعَادَيْتُهُ لِأَنَّکَ مِنِّي وَأَنَا مِنْکَ.(۴)

۹۱۲ ـ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :مَنْ أَحَبَّنِي فَلْيُحِبَّ عَلِيًّا، وَمَنْ أَبْغَضَ عَلِيًّا فَقَدْ أَبْغَضَنِي،وَمَنْ أَبْغَضَنِي فَقَدْ أَبْغَضَ اللّٰهَ، وَمَنْ أَبْغَضَ اللّٰهَ أَدْخَلَهُ

---

۱ ـ مناقب علی بن أبيطالب / ۲۳۱، احقاق الحق ۶/ ۴۳۹

۲ـ عقاب الاعمال / ۱۴۷

۳ ـ الإثنا عشرية / ۶۲، جامع الاخبار / ۱۷

۴ ـ غاية المرام / ۹۲

النَّارَ.(۱)

۹۱۳ ـ قَوْلُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ :حَبِيْبُکَ حَبِيْبِي وَحَبِيْبِي حَبِيْبُ اللّٰهِ، وَعَدُوُّکَ عَدُوِّي وَعَدُوِّي عَدُوُّ اللّٰهِ وَالْوَيْلُ لِمَنْ أَبْغَضَکَ بَعْدِيْ.(۲)

۹۱۴ ـ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَجْمَعَ اللّٰهُ لَهُ الْخَيْرَ كُلَّهُ فَلْيُوَالِ عَلِيًّا بَعْدِيْ وَلْيُوَالِ أَوْلِيَاءَهُ وَلْيُعَادِ أَعْدَاءَهُ.(۳)

۹۱۵ ـ عَنِ الْمُفَضَّلِ عَنِ الصَّادِقِ عَنْ آبَائِهِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :إِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ نَصَبَ عَلِيًّا عَلَمًا بَيْنَهُ وَبَيْنَ خَلْقِهِ، فَمَنْ عَرَفَهُ كَانَ مُؤْمِنًا وَمَنْ أَنْكَرَهُ كَانَ كَافِرًا وَمَنْ جَهِلَهُ كَانَ ضَالًّا وَمَنْ عَدَلَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ غَيْرِهِ كَانَ مُشْرِكًا وَمَنْ جَاءَ بِوِلَايَتِهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ وَمَنْ جَاءَ بِعَدَاوَتِهِ دَخَلَ النَّارَ.(۴)

حضرت علی علیہ السلام سے محبّت کی فضیلت اوران سے دشمنی کی سرزنش

۸۹۶ـ حدیث میں نقل ہوا ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا: تم سے جنگ مجھ سے جنگ اور تم سے صلح مجھ سے صلح ہے اس کے بعد فرمایا: تمھارے دوست بہشت میں اور تمہارے دشمن دوزخ میں ہیں۔

---

۱ ـ إحقاق الحق ۴۰۱/۶

۲ ـ إحقاق الحق ۴۰۶/۶

۳ـ البحار ۵۵/۲۷

۴ ـ البحار ۱۱۹/۳۸، الکافی ۳۸۸/۲، امالی الطوسی ۱۰۱/۲ باختلاف فی موارد

۸۹۷۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام سے جنگ خدا سے جنگ ہے اور علی علیہ السلام سے صلح خدا سے صلح ہے۔

۸۹۸۔ ابوموسیٰ حمیدی سے نقل ہوا ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر دوست رکھتے ہو کہ خدا سے اس حالت میں ملاقات کرو کہ تم سے راضی ہو علی علیہ السلام کو راضی کرو، اس لئے کہ ان کی رضایت خدا کی رضایت اور ان کا غضب خدا کا غضب ہے۔

۸۹۹۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: جو مجھے دوست رکھتا ہے اسے علیؑ کو بھی دوست رکھنا چاہیے اور جس نے میرے خاندان میں سے کسی ایک سے دشمنی کی تو وہ میری شفاعت سے محروم ہوگا۔

۹۰۰۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے علی علیہ السلام کو دوست رکھا اور ان کی ولایت کو قبول کیا تو خداوند اسے مکرّم سمجھے گا اور اپنے نزدیک کرے گا، اور جس نے علی علیہ السلام سے دشمنی اور عداوت کی خدا اس پر غضبناک ہوگا اور اس کو رسوا کرے گا۔

۹۰۱۔ امام صادق علیہ السلام نے اپنے والد اور اجدادؑ سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پروردگار کی طرف سے جبرئیلؑ میرے پاس آئے اور کہا: اے محمدؐ! خداوندِ بزرگ آپ کو سلام دے رہا ہے اور کہہ رہا ہے اپنے بھائی علیؑ کو بشارت دے دو کہ میں ان کے دوستوں پر عذاب نہیں کروں گا اور ان کے دشمنوں کو موردِ رحمت قرار نہیں دوں گا (یعنی انہیں اپنی رحمت سے دور رکھوں گا)۔

۹۰۲۔ ابن عمر سے نقل ہوا ہے کہ: جس وقت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام کو اپنا جانشین بنایا تو ان سے فرمایا: کیا تم اس بات پر راضی نہیں ہو کہ ـــــ تمہارا دشمن میرا دشمن اور میرا دشمن

خدا کا دشمن ہو اور تمہارا دوست میرا دوست اور میرا دوست خدا کا دوست ہو؟!

۹۰۳ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا: یا علیؑ! جب قیامت کا دن ہوگا تو تمہیں نورانی تخت پر لایا جائے گا اس وقت تم نے ایک تاج پہنا ہوگا اور اس تاج کا نور اَہلِ محشر کی آنکھوں کو خیرہ کردے گا، اس کے بعد خدا کی طرف سے ندا ہوگی پیغمبرؐ کے وصی کہاں ہیں؟ تم کہو گے میں یہاں ہوں، اس کے بعد منادی ندا دے گا: اپنے دوستوں کو بہشت میں اور دشمنوں کو دوزخ میں داخل کرو، اس لئے کہ تم بہشت اور دوزخ کے تقسیم کرنے والے ہو۔

۹۰۴۔ امام رضا علیہ السلام نے اپنے اَجداد علیہم السلام سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علی علیہ السلام! تم اس دنیا میں اور آخرت میں میرے پرچمدار ہو، اور میرے حوضِ کوثر کے مالک ہو، جس نے تمہیں دوست رکھا اس نے مجھے دوست رکھا اور جس نے تم سے دشمنی کی اس نے مجھ سے دشمنی کی۔

۹۰۵۔ امیر المؤمنین علیہ السلام نے فرمایا: اگر میں اِس تلوار سے مؤمن کی ناک کاٹ لوں کہ مجھ سے دشمنی کرے وہ ہرگز مجھ سے دشمنی نہیں کرے گا اور اس پوری دنیا کو منافق کے سامنے بکھیر دوں تا کہ وہ مجھے دوست رکھے،

تو وہ ہرگز مجھے دوست نہیں رکھے گا۔ یہ وہ بات ہے جو پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمائی تھی: یا علی علیہ السلام! مومن تمہارا دشمن نہیں اور منافق تمہیں دوست نہیں رکھتا۔

۹۰۶۔ سعید بن مسیّب اور زید بن ثابت سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خداؐ نے فرمایا: جس نے میری زندگی میں اور میری زندگی کے بعد علی علیہ السلام کو دوست رکھا تو سورج کے طلوع ہونے سے لے کر غروب تک خداوند اس کے لئے امن اور امان لکھے گا اور جس نے میری زندگی میں اور میری

زندگی کے بعد انہیں دشمن رکھا وہ جاہلیت کی موت مرے گا اور اس کے اعمال کا حساب لیا جائے گا۔

۹۰۷۔ یحییٰ بن عبدالرحمٰن انصاری کہتے ہیں: میں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا آنحضرتؐ نے فرمایا: جو کوئی علی علیہ السلام کو ان کی زندگی میں اور ان کی موت کے بعد دوست رکھتا ہوگا تو سورج کے طلوع ہونے سے لے کر غروب تک خداوند اس کے لئے امن اور ایمان کو لکھے گا اور جس نے علیؑ کو زندگی میں اور موت کے بعد دشمن رکھا وہ جاہلیت کی موت مرے گا اور اس سے ناپسند اور بُرے کردار کی خاطر جو اس نے اسلام میں چھوڑا حساب لیا جائے گا۔

۹۰۸۔ عبداللہ کہتے ہیں کہ: میں نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا انہوں نے علی علیہ السلام کا ہاتھ پکڑا ہوا تھا اور فرما رہے تھے خدا میرا دوست ہے اور میں تمہارا دوست ہوں اور تمہارے دشمنوں کا دشمن ہوں اور جو تم سے صلح کرے گا میں اس سے صلح کروں گا۔

۹۰۹۔ جعفر بن محمد علیہ السلام سے اور ان کے والد سے اور ان کے اَجداد علیہم السلام سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بہشت علی علیہ السلام کے دوستوں کی مشتاق ہے اور اپنی روشنی کو علی علیہ السلام کے دوستوں کے لئے زیادہ کر رہی ہے جو کہ ابھی تک اس دنیا میں ہیں بہشت میں داخل ہی نہیں ہوئے، اور دوزخ کی آگ علیؑ کے دشمنوں کے لئے شعلہ بھڑکا رہی ہے جو کہ ابھی تک اس دنیا میں ہیں دوزخ میں داخل نہیں ہوئے۔

۹۱۰۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علیؑ! جس نے تمہیں دوست رکھا اس نے مجھے دوست رکھا اور جس نے تمہیں دشمن رکھا اس نے مجھے دشمن رکھا اور جس نے مجھے دشمن رکھا اس نے خدا کو دشمن رکھا اور خدا کی اور ملائکہ کی اور تمام لوگوں کی لعنت ہے اس پر۔

۹۱۱۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علی علیہ السلام! جو تمہیں دوست رکھے گا اور تم سے محبّت کرے گا میں اسے دوست رکھوں گا اور اُس سے محبت کروں گا، اور جو تمہیں دشمن رکھے گا اور تمہاری مخالفت کرے گا میں اس کو دشمن رکھوں گا اور اس کی مخالفت کروں گا کیونکہ تم مجھ سے ہو اور میں تم سے ہوں۔

۹۱۲۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو مجھے دوست رکھتا ہے اسے علی علیہ السلام کو بھی دوست رکھنا چاہیے اور جس نے علی علیہ السلام سے دشمنی کی اس نے مجھ سے دشمنی کی، اور جس نے مجھ سے دشمنی کی اس نے خدا سے دشمنی کی ہے اور جو خدا سے دشمنی کرے خدا اس کو جہنّم کی آگ میں ڈالے گا۔

۹۱۳۔ وہ کلمات جو پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمائے: تمہارا دوست میرا دوست اور میرا دوست خدا کا دوست ہے اور تمہارا دشمن میرا دشمن اور میرا دشمن خدا کا دشمن ہے، افسوس ہے اس پر جو میرے بعد تم سے دشمنی کرے۔

۹۱۴۔ ابن عباس سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی اس بات پر خوش ہے کہ خداوند تمام نیکیوں کو اس کے لئے جمع کرے تو اسے میرے بعد علی علیہ السلام کو دوست رکھنا چاہیے اور ان کے دوستوں کو بھی دوست رکھے اور ان کے دشمنوں سے دشمنی رکھے۔

۹۱۵۔ مفضّل نے امام صادق علیہ السلام سے اور حضرتؑ نے اپنے اَجداد علیہم السلام سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خداوند نے علی علیہ السلام کو اپنے اور بندوں کے درمیان پیشوا قرار دیا ہے، جس نے انہیں پہچان لیا وہ مؤمن اور جس نے ان کا انکار کیا وہ کافر، اور جو ان کی نسبت جاہل ہو وہ گمراہ ہے، اور جو انکے اور دوسروں کے درمیان مساوات کا قائل ہو وہ مشرک ہے اور جو ان کی محبّت کے ساتھ آئے وہ بہشت میں داخل ہوگا اور جو ان کی دشمنی کے ساتھ آئے وہ دوزخ میں

داخل ہوگا۔

۱۷۵ ۔ ذَمُّ الْغُلُوِّ فِیْ عَلِیٍّ عَلَیْهِ السَّلَامُ

۹۱۶ ـ قَالَ أَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلَیهِ السَّلَامُ :إِیَّاكُمْ وَالْغُلُوَّ فِیْنَا، قُوْلُوْا :إِنَّا عَبِیْدٌ مَرْبُوْبُوْنَ وَقُوْلُوْا فِیْ فَضْلِنَا مَا شِئْتُمْ.(۱)

۹۱۷ ـ قَالَ أَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلَیهِ السَّلَامُ :یَهْلِکُ فِیَّ اثْنَانِ :مُحِبٌّ غَالٍ وَمُبْغِضٌ قَالٍ.(۲)

۹۱۸ ـ قَالَ عَلِیُّ بْنُ أَبِیْ طَالِبٍ عَلَیهِ السَّلَامُ :یَهْلِکُ فِیَّ رَجُلَانِ :مُحِبٌّ مُفْرِطٌ، وَعَدُوٌّ مُبْغِضٌ.(۳)

۹۱۹ ـ عَنْ أَبِیْ حَمْزَةَ الثُّمَالِیِّ قَالَ :قَالَ أَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِیٍّ الْبَاقِرُ عَلَیهِ السَّلَامُ :یَا أَبَا حَمْزَةَ إِلَا تَضَعُوْا عَلِیًّا دُوْنَ مَا رَفَعَهُ اللّٰهُ وَلَا تَرْفَعُوْا عَلِیًّا فَوْقَ مَا جَعَلَهُ اللّٰهُ....(۴)

۹۲۰ ـ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِیْ عَبْدِاللّٰهِ عَلَیهِ السَّلَامُ قَالَ :أَتَی قَوْمٌ أَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلَیهِ السَّلَامُ فَقَالُوْا :اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَبَّنَا، فَاسْتَتَابَهُمْ فَلَمْ یَتُوْبُوْا فَحَفَرَ لَهُمْ حُفْرَةً فَأَوْقَدَ فِیْهَا نَارًا وَحَفَرَ حَفِیْرَةً أُخْرٰی إِلٰی جَانِبِهَا وَأَفْضٰی مَا بَیْنَهُمَا، فَلَمَّا لَمْ

---

۱ ـ البحار ۲۵/۲۷۰

۲ ـ البحار ۲۵/۲۸۵

۳ ـ فرائد السمطین ۱/۱۷۳

۴ ـ البحار ۲۵/۲۸۳، أمالی المفید/ ۹

يَتُوبُوا أَلْقَاهُمْ فِي الْحَفِيرَةِ وَأَوْقَدَ فِي الْحَفِيرَةِ الْأُخْرَى حَتَّى مَاتُوا.(۱)

۹۲۱ - بالإسناد، عن الرّضا، عن آبائه، عن عليّ عليهم السّلام قال :قَالَ رَسُولُ اللّهِ صلّى اللّهُ عليه وآله وسلّم :يَا عَلِيُّ إِنَّ فِيكَ مَثَلاً مِنْ عِيسَى بْنِ مَرْيَمَ :أَحَبَّهُ قَوْمٌ فَأَفْرَطُوا فِي حُبِّهِ فَهَلَكُوا فِيهِ، وَأَبْغَضَهُ قَوْمٌ فَأَفْرَطُوا فِي بُغْضِهِ فَهَلَكُوا فِيهِ، وَاقْتَصَدَ قَوْمٌ فَنَجَوْا.(۲)

۹۲۲ - قَالَ عَلِيٌّ عَلَيهِ السَّلامُ :يَهْلِكُ فِيَّ اِثْنَانِ وَلَا ذَنْبَ لِي :مُحِبٌّ مُفْرِطٌ، وَمُبْغِضٌ مُفْرِطٌ وَإِنَّا لَنَبْرَأُ إِلَى اللّهِ مِمَّنْ يَغْلُوا فِينَا فَيَرْفَعُنَا فَوْقَ حَدِّنَا كَبَرَاءَةِ عِيسَى بْنِ مَرْيَمَ عَلَيهِمَا السَّلامُ مِنَ النَّصَارَى....(۳)

حضرت علی علیہ السلام کے بارے میں غُلوّ کرنے والوں کی مذمّت

۹۱۶۔امیر المؤمنین علیہ السلام نے فرمایا: ہمارے بارے میں غلو کرنے سے پرہیز کریں، کہیں کہ "ہم تربیت یافتہ بندے ہیں" اور جو کچھ ہماری فضیلت میں کہنا چاہتے ہو بیان کرو۔

۹۱۷۔امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: میرے راستے میں دو قسم کے لوگ ہلاک ہو جائیں گے: جو اپنی دوستی میں غلو کرے اور جو میری دشمنی میں تجاوز کرے۔

۹۱۸۔علی بن ابیطالب علیہ السلام نے فرمایا: میرے بارے میں دو قسم کے لوگ ہلاک ہو جائیں

۱۔امالی الطوسی ۲/۲۷۵

۲۔ البحار ۳۵/۳۱۹

۳۔حلیۃ الأبرار ۲/۳۰۰

گے، اِفراط اور تفریط کرنے والے دوست اور کینہ اور بغض رکھنے والے دشمن۔

۹۱۹۔ امام محمد باقر علیہ السلام نے ابوحمزہ ثمالی سے فرمایا: اے ابوحمزہ! جو مرتبہ خداوند نے علی علیہ السلام کو عطا کیا ہے اس مرتبے کو کم نہ کریں اور انہیں اس مرتبے سے اوپر بھی مت لے جائیں۔

۹۲۰۔ ہشام نے امام صادق علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ حضرتؑ نے فرمایا: ایک گروہ امیر المومنین علیہ السلام کے پاس آیا اور کہا: اے ہمارے پروردگار آپ پر سلام ہو! امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: ان کلمات سے توبہ کریں لیکن انہوں نے توبہ نہ کی، اس کے بعد حضرتؑ نے ان کے لئے ایک گڑھا کھودا اور اس میں آگ جلائی اور اس گڑھے کے ساتھ ایک اور گڑھا کھودا اور ان دونوں کو ایک دوسرے سے ملا دیا، پس جنہوں نے توبہ نہیں کی انہیں ایک گڑھے میں ڈال دیا اور دوسرے گڑھے میں آگ جلادی یہاں تک کہ وہ مر گئے۔

۹۲۱۔ امام صادق علیہ السلام نے اپنے اَجداد علیہم السلام سے انہوں نے علی علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علی علیہ السلام! تم میں عیسیٰؑ بن مریم کے اوصاف موجود ہیں وہ یہ ہیں کہ ایک گروہ نے انہیں دوستی کے لئے انتخاب کیا اور اپنی دوستی میں اِفراط کیا اور اسی سبب سے ہلاک ہو گئے اور دوسرے گروہ نے ان سے دشمنی کی اور اپنی دشمنی میں افراط کیا اور اسی وجہ سے نابود ہو گئے، ایک گروہ نے میانہ روی اختیار کی اور وہ نجات پا گئے۔

۹۲۲۔ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: میرے بارے میں دو قسم کے لوگ ہلاک ہو جائیں گے اور میرے ذمّہ گناہ نہیں ہے: اِفراط کرنے والا دوست اور اِفراط کرنے والا دشمن، یقیناً ہم ان سے بیزار ہیں جو ہمارے بارے میں غلو کرتے ہیں اور ہمیں حد سے بڑھ کر اوپر لے جاتے ہیں جس طرح عیسیٰؑ بن مریم نصاریٰ سے بیزار تھے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

عَلِیٌّ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَشِیْعَتُہٗ

۱۷۶ ۔ عَلِیٌّ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَفَضْلُ شِیْعَتِہٖ

۹۲۳ ۔ بِالْاِسْنَادِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمِ الثَّقَفِیِّ قَالَ :قَالَ اَبُوْجَعْفَرٍعَلَیہِ السَّلَامُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ :اِنَّ عَنْ یَمِیْنِ الْعَرْشِ قَوْمًا وُجُوْھُھُمْ مِنْ نُوْرٍ عَلٰی مَنَابِرَ مِنْ نُوْرٍ یَغْبِطُھُمُ النَّبِیُّوْنَ لَیْسُوْا بِاَنْبِیَاءَ وَلَا شُھَدَاءَ فَقَالُوْا :یَا نَبِیَّ اللّٰہِ !وَمَا ازْدَادُوْا ھٰؤُلَاءِ مِنَ اللّٰہِ اِذَا لَمْ یَکُوْنُوْا اَنْبِیَاءَ وَلَاشُھَدَاءَ اِلَّا قُرْبًا مِّنَ اللّٰہِ؟ قَالَ:اُوْلٰئِکَ شِیْعَۃُ عَلِیٍّ وَعَلِیٌّ اِمَامُھُمْ.(۱)

۹۲۴ ۔ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ لِعَلِیٍّ عَلَیہِ السَّلَامُ :یَا عَلِیُّ !شِیْعَتُکَ ھُمُ الْفَائِزُوْنَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ، فَمَنْ اَھَانَ وَاحِدًا مِّنْھُمْ فَقَدْ اَھَانَکَ، وَمَنْ اَھَانَکَ فَقَدْ اَھَانَنِیْ وَمَنْ اَھَانَنِیْ اَدْخَلَہُ اللّٰہُ نَارَ جَھَنَّمَ خَالِدًا فِیْھَا وَبِئْسَ الْمَصِیْرُ، یَا عَلِیُّ !اَنْتَ مِنِّیْ وَاَنَا مِنْکَ رُوْحُکَ مِنْ رُوْحِیْ وَطِیْنَتُکَ مِنْ طِیْنَتِیْ وَشِیْعَتُکَ خُلِقُوْا مِنْ فَضْلِ طِیْنَتِنَا فَمَنْ اَحَبَّھُمْ فَقَدْ اَحَبَّنَا وَمَنْ اَبْغَضَھُمْ فَقَدْاَبْغَضَنَا وَمَنْ عَادَاھُمْ فَقَدْ عَادَانَا وَمَنْ وَدَّھُمْ فَقَدْ وَدَّنَا، یا عَلِیُّ !اِنَّ شِیْعَتَکَ مَغْفُوْرٌ لَھُمْ عَلٰی مَاکَانَ فِیْھِمْ مِنْ ذُنُوْبٍ وَعُیُوْبٍ، یا عَلِیُّ !اَنَا الشَّفِیْعُ لِشِیْعَتِکَ غَدًا اِذَا اُقِمْتُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ فَبَشِّرْھُمْ بِذٰلِکَ، یا عَلِیُّ !شِیْعَتُکَ شِیْعَۃُ اللّٰہِ وَاَنْصَارُکَ اَنْصَارُ اللّٰہِ وَاَوْلِیَاؤُکَ اَوْلِیَاءُ

---

۱ ۔المحاسن / ۱۸۱

اللّٰهِ وَحِزْبُکَ حِزْبُ اللّٰهِ، یا عَلِیُّ اِسَعِدَ مَنْ تَوَلَّاکَ وَشَقِیَ مَنْ عَادَاکَ، یا عَلِیُّ اِلَکَ کَنْزٌ فِی الْجَنَّةِ وَأَنْتَ ذُوْ قَرْنَیْهَا، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَأَهْلِ بَیْتِهِ الطَّاهِرِیْنَ الْأَخْیَارِ الْمُنْتَجَبِیْنَ الْأَبْرَارِ.(۱)

۹۲۵ ــ عَنْ جَابِرِ بْنِ یَزِیْدٍ، عَنْ أَبِیْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیِّ الْبَاقِرِ عَنْ آبَائِهٖ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :اَلْجَنَّةُ مُحَرَّمَةٌ عَلَى الْأَنْبِیَاءِ حَتّٰى أَدْخُلَهَا، وَمُحَرَّمَةٌ عَلَى الْأُمَمِ کُلِّهَا حَتّٰى تَدْخُلَهَا شِیْعَتُنَا أَهْلُ الْبَیْتِ.(۲)

۹۲۶ ــ عَنْ أَبِیْ عَقِیْلٍ قَالَ :کُنَّا عِنْدَ أَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ عَلَیهِ السَّلَامُ فَقَالَ:لَتَفْتَرِقَنَّ هٰذِهِ الْأُمَّةُ عَلٰى ثَلَاثٍ وَسَبْعِیْنَ فِرْقَةً، وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ إِنَّ الْفِرَقَ کُلَّهَا ضَالَّةٌ إِلَّا مَنِ اتَّبَعَنِیْ وَکَانَ مِنْ شِیْعَتِیْ.(۳)

۹۲۷ ــ عَنْ عَلِیٍّ عَلَیهِ السَّلَامُ قَالَ:تَفْتَرِقُ هٰذِهِ الْأُمَّةُ عَلٰى ثَلَاثٍ وَسَبْعِیْنَ فِرْقَةً: إِثْنَتَانِ وَسَبْعُوْنَ فِی النَّارِ وَوَاحِدَةٌ فِی الْجَنَّةِ وَهُمُ الَّذِیْنَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِیْهِمْ :وَمِمَّنْ خَلَقْنَا أُمَّةٌ یَهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ یَعْدِلُوْنَ وَهُمْ :أَنَا وَشِیْعَتِیْ.(۴)

۹۲۸ ـ قَالَ عَلِیٌّ(عَلَیهِ السَّلَامُ) :یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :مَنِ الْفِرْقَةُ النَّاجِیَةُ؟ فَقَالَ :اَلْمُتَمَسِّکُوْنَ بِمَا أَنْتَ عَلَیْهِ وَأَصْحَابُکَ.(۵)

۹۲۹ ــ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :تَکُوْنُ بَیْنَ أُمَّتِیْ فُرْقَةٌ وَاخْتِلَافٌ فَیَکُوْنُ هٰذَا وَأَصْحَابُهُ عَلَى الْحَقِّ یَعْنِیْ عَلِیًّا.(۶)

---

۱ ـ امالی الصدوق / ۲۳، بشارة المصطفیٰ / ۱۸ باختلاف فی موارد

۲ ـ أمالی المفید / ۷۴

۳ ـ البحار ۲۸/ ۱۱

۴ ـ إحقاق الحق ۳/ ۴۱۵

۵ ـ إحقاق الحق ۷/ ۱۸۵

۶ ـ احقاق الحق ۵/ ۶۳۵

۹۳۰ ـ بالإسناد، عن عليّ عليه السّلام قال: إذا كان يوم القيامة يُدعى النّاس بأسماء أُمّهاتهم إلّا شيعتي ومُحبّي فإنّهم يُدعون بأسمائهم لطيب موالیدهم.(۱)

۹۳۱ ـ بالإسناد قال أبو عبد الله عليه السّلام: إذا كان يوم القيامة دُعي الخلايق بأُمّهاتهم ما خلانا وشيعتنا فإنّا لا سفاح بيننا.(۲)

۹۳۲ ـ عن محمّد بن الحنفيّة، عن أبيه عليّ عليه السّلام قال: إنّي لنائم يومًا، إذ دخل رسول الله صلّى الله عليه وآله وسلّم فنظر إليّ وحرّكني برجله وقال: قُم يُفدى بك أبي وأمّي، فإنّ جبرئيل أتاني فقال لي: بشّر هذا بأنّ الله تعالى جعل الأئمّة من صُلبه، وأنّ الله تعالى ليغفر له ولذرّيّته ولشيعته ولمُحبّيه، وأنّ من طعن عليه وبخس حقّه فهو في النّار.(۳)

۹۳۳ ـ بالإسناد، عن جابر بن عبد الله عن أبي جعفر محمّد بن عليّ بن الحسين عليهم السّلام قال: كنّا جلوسًا معه فتلا هذه الآية: "كُلُّ نفسٍ بما كسبت رهينة إلّا اصحاب اليمين" فقال رجل: من اصحاب اليمين فقال عليه السّلام شيعة عليّ بن ابي طالب عليه السّلام.(۴)

۹۳۴ ـ قال رسول الله صلّى الله عليه وآله وسلّم: عليٌّ وشيعته هم الفائزون يوم القيامة.(۵)

۹۳۵ ـ بالإسناد، قال رسول الله صلّى الله عليه وآله وسلّم: يدخل من أُمّتي

---

۱ ـ الفصول المهمة / ۱۳۵

۲ ـ فضائل الشيعة / ۵۸

۳ ـ احقاق الحق ۷ / ۳۹۷

۴ ـ بشارة المصطفى / ۲۵۶

۵ ـ ينابيع المودة / ۲۳۷

الْجَنَّةَ سَبْعُوْنَ أَلْفًا لَا حِسَابَ عَلَيْهِمْ ثُمَّ الْتَفَتَ إِلٰى عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ فَقَالَ هُمْ مِنْ شِيعَتِکَ وَأَنْتَ إِمَامُهُمْ.(۱)

۹۳۶ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :يَا عَلِيُّ إِنَّ اللّٰهَ غَفَرَ لَکَ وَلِأَهْلِکَ وَلِشِيعَتِکَ وَلِمُحِبِّيْ شِيعَتِکَ وَمُحِبِّيْ مُحِبِّيْ شِيعَتِکَ فَأَبْشِرْ فَإِنَّکَ الْأَنْزَعُ الْبَطِيْنُ، مَنْزُوْعٌ مِنَ الشِّرْکِ.(۲)

۹۳۷ ـ عَنْ مُحَمَّدِ بن عَبْدِالرَّحْمٰنِ قَالَ :سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِاللّٰهِ عَلَيهِ السَّلَامُ يَقُوْلُ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :لَا تَسْتَخِفُّوْا بِشِيْعَةِ عَلِيٍّ، فَإِنَّ الرَّجُلَ مِنْهُمْ لَيَشْفَعُ بِعَدَدِ رَبِيْعَةَ وَمُضَرَ.(۳)

۹۳۸ ـ وَعَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ :أَمَا إِنَّکَ -يَابْنَ أَبِيْ طَالِبٍ- وَشِيْعَتُکَ فِي الْجَنَّةِ.(۴)

۹۳۹ ـ بِالْإِسْنَادِ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ نَجْرَانَ قَالَ :سَمِعْتُ أَبَا الْحَسَنِ عَلَيهِ السَّلَامُ يَقُوْلُ :مَنْ عَادٰى شِيْعَتَنَا فَقَدْ عَادَانَا ،وَمَنْ وَالَاهُمْ فَقَدْ وَالَانَا لِأَنَّهُمْ مِنَّا خُلِقُوْا مِنْ طِيْنَتِنَا، مَنْ أَحَبَّهُمْ فَهُوَ مِنَّا وَمَنْ أَبْغَضَهُمْ فَلَيْسَ مِنَّا....(۵)

---

۱ ـ احقاق الحق ۲۸۹/۴، الإرشاد للمفيد /۲۶، الفضائل / ۱۵۱، بشارة المصطفیٰ / ۲۰۴ باختلاف فی موارد

۲ ـ فرائد السمطين ۳۰۸/۱، أمالي الطوسی ۳۰۰/۱، البحار ۷۹/۲۷

۳ ـ أمالي الطوسی ۲۸۳/۲

۴ ـ البحار ۲۶۸/۳۹

۵ ـ فضائل الشيعة / ۳۵، البحار ۱۶۷/۶۸

دوسری فصل

حضرت علیؑ اور ان کے پیروکار

حضرت علیؑ اور انکے پیروکاروں کی فضیلت

۹۲۳۔ محمد بن مسلم ثقفی سے نقل ہوا ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عرش کی دائیں طرف ایک گروہ مستقر ہے جن کے چہرے نورانی ہیں اور وہ نورانی منبروں پر بیٹھے ہوئے ہیں اور انبیاء ان پر رشک کھا رہے ہیں، جبکہ نہ وہ پیغمبر ہیں اور نہ ہی شہدا میں سے ہیں، بغیر کسی گمان کے وہ خدا سے زیادہ قریب ہیں، پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ علی علیہ السلام کے شیعہ ہیں اور علی علیہ السلام ان کے پیشوا ہیں۔

۹۲۴۔ ابن عباس سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا: یا علیؑ! قیامت کے دن تمہارے شیعہ کامیاب ہیں، جس نے ان میں سے کسی ایک کی توہین کی اس نے تمہاری توہین کی ہے اور جس نے تمہاری توہین کی اس نے میری توہین کی اور جس نے میری توہین کی خدا اُس کو دوزخ کی آگ میں ڈال دے گا اور یہ بُری جگہ ہمیشہ کے لئے اس کا ٹھکانہ ہے! یا علیؑ! تم مجھ سے ہو اور میں تم سے ہوں، تمہاری رُوح میری رُوح سے اور تمہاری مٹی میری مٹی سے ہے اور تمہارے شیعہ ہماری بچی ہوئی مٹی سے خلق کیے گئے ہیں، جس نے انہیں دوست رکھا اس نے ہمیں دوست رکھا اور جس نے ان سے بغض رکھا اس نے ہم سے بغض رکھا اور جس نے ان سے

دشمنی کی اس نے ہم سے دشمنی کی اور جس نے ان سے محبت کی اس نے ہم سے محبت کی ہے۔ یاعلیؑ! تمہارے شیعوں کے عیب اور گناہ پوشیدہ ہوں گے، یاعلیؑ! کل کو قیامت کے دن جس وقت میں مقامِ محمود پر پہنچا تو تمہارے شیعوں کی شفاعت کروں گا، آپ انہیں اس شفاعت کی خوشخبری سنا دیں، یاعلیؑ! تمہارے شیعہ خدا کے پیروکار، اور آپ کے مددگار خدا کے مددگار ہیں، اور تمہارے دوست خدا کے دوست ہیں اور تمہارا لشکر خدا کا لشکر ہے۔ یاعلیؑ! جو آپ سے دوستی رکھے وہ خوش قسمت ہے اور جو آپ سے دشمنی کرے وہ بدبخت ہے۔ یاعلیؑ! جنّت میں تمہارے لئے خزانہ ہے اور تم اس کے ''ذوالقرنین'' ہو سب تعریف خدا ہی کے لئے ہے جو سارے جہان کا پالنے ولا ہے، اور خدا کا درود اور سلام ہو اس کی مخلوق میں سب سے اشرف بندے محمدؐ اور ان کے اہلِ بیتؑ پر جو پاک اور منتخب نیکوکار ہیں۔

۹۲۵۔ جابر بن یزید نے ابوجعفر محمد بن علی علیہ السلام سے انہوں نے اپنے اَجداد علیہم السلام سے انہوں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: بہشت میرے داخل ہونے سے پہلے پیغمبروں پر اور ہمارے خاندان کے شیعوں کے داخل ہونے سے پہلے تمام اُمّتوں پر حرام ہے۔

۹۲۶۔ ابوعقیل کہتے ہیں، ہم امیر المومنین علی بن ابیطالب علیہ السلام کی خدمت میں تھے، حضرتؑ نے فرمایا: اس امت کے تہتّر فرقے ہوں گے، مجھے اس کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! میرے شیعہ اور میرے پیروکاروں کے علاوہ یہ سب فرقے گمراہ ہیں۔

۹۲۷۔ علی علیہ السلام سے منقول ہے کہ حضرت نے فرمایا: اس امّت کے تہتّر فرقے ہوں گے ان میں سے بہتّر فرقے دوزخی ہیں اور ایک فرقہ جنّتی ہوگا وہ ایک فرقہ وہ لوگ ہیں جن کے بارے میں خداوند نے فرمایا: ''اور ہماری مخلوقات سے کچھ لوگ ایسے ہیں جو دینِ حق کی ہدایت کرتے ہیں'

اور حق پر ہی انصاف کرتے ہیں'' وہ میں اور میرے شیعہ ہیں۔

۹۲۸۔علی علیہ السلام نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: یارسول اللہؐ ناجی فرقہ کونسا ہے؟ فرمایا: جو تمہاری اور تمہارے اصحاب کی سیرت پر عمل کرے۔

۹۲۹۔رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری امّت کے درمیان اختلاف اور تفرقہ پیدا ہوگا، اور فقط علی علیہ السلام اور ان کے اصحاب حق پر ہوں گے۔

۹۳۰۔علی علیہ السلام سے منقول ہے کہ حضرتؑ نے فرمایا: جس وقت قیامت کا دن برپا ہوگا لوگوں کو ان کی ماؤں کے نام سے پکارا جائے گا مگر میرے دوستوں اور شیعوں کو ان کی پاک ولایت کی خاطر انہیں اپنے ناموں سے پکارا جائے گا۔

۹۳۱۔امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب قیامت کا دن ہوگا لوگ اپنی ماؤں کے نام سے پکارے جائیں گے مگر ہم اور ہمارے شیعہ اپنے نام سے پکارے جائیں گے اس لئے کہ ہمارے درمیان زنا وجود نہیں رکھتا۔

۹۳۲۔محمد بن حَنَفِیہؒ نے اپنے والد علی علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ حضرتؑ نے فرمایا: ایک دن میں لیٹا ہوا تھا، رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم داخل ہوئے اور میری طرف نگاہ کی اور مجھے اپنے پاؤں سے حرکت دی اور فرمایا: میرے ماں باپ تم پر قربان ہوجائیں، اٹھو! جبرئیلؑ میرے پاس آئے اور فرمایا: علیؑ کو خوش خبری سنادو کہ خداوند نے ائمہ علیہم السلام کو ان کی نسل سے قرار دیا ہے اور انہیں اور ان کی اولاد اور شیعوں اور ان کے دوستوں کو بخش دیا ہے اور جس نے انہیں طعنہ مارا اور ان کے حق سے چشم پوشی کی تو وہ جہنّم کی آگ میں ہوگا۔

۹۳۳۔جابر بن عبداللہ کہتے ہیں: ہم امام باقر علیہ السلام کے پاس بیٹھے ہوئے تھے،

حضرتؑ نے اس آیت کی تلاوت فرمائی "کُلُّ نَفْسٍ بِمَا کَسَبَتْ رَهِینَةٌ اِلَّا اَصْحَابَ الْیَمِیْنِ" ایک شخص نے پوچھا "اصحابِ یمین کون ہیں؟ امام علیہ السلام نے فرمایا: علی بن ابی طالب علیہ السلام کے شیعہ اصحابِ یمین ہیں۔

۹۳۴۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حضرت علی علیہ السلام اور ان کے شیعہ قیامت کے دن کامیاب ہوں گے۔

۹۳۵۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری امّت میں سے ستّر ہزار افراد بغیر کسی حساب کے بہشت میں داخل ہوں گے، اس وقت علی علیہ السلام کی طرف نگاہ کی اور فرمایا: وہ تمہارے شیعہ ہیں اور تم ان کے پیشوا ہو۔

۹۳۶۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علی علیہ السلام! خداوند نے تمہیں اور تمہارے اہلِ بیتؑ کو اور شیعوں اور شیعوں کے دوستوں کو اور ان کے دوستوں کے دوستوں کو بخش دیا ہے، مبارک ہو تمہیں کہ تم اَنْزَعُ الْبَطِیْن ہو اور شرک سے جدا ہو۔

۹۳۷۔ محمد بن عبدالرحمٰن کہتے ہیں: میں نے امام صادقؑ سے سنا حضرتؑ نے فرمایا: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی علیہ السلام کے شیعوں کو کم نہ سمجھیں اس لئے کہ ان میں سے ہر ایک قبیلہ ربیعہ اور مُضر کی تعداد کے برابر شفاعت کرے گا۔

۹۳۸۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیٹی فاطمہ سَلَامُ اللّٰہِ عَلَیْہَا فرماتی ہیں: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علیؑ سے فرمایا: اے ابو طالبؑ کے بیٹے تم اور تمہارے شیعہ بہشت میں ہوں گے۔

۹۳۹۔ ابن ابی نجران کہتے ہیں کہ: میں نے ابوالحسن علیہ السلام سے سنا حضرتؑ نے فرمایا: جس نے ہمارے شیعوں کے ساتھ دشمنی کی اس نے ہم سے دشمنی کی ہے اور جس نے ان سے دوستی رکھی اس

نے ہمارے ساتھ دوستی رکھی ہے، اس لئے کہ وہ ہماری مٹی سے خلق کیے گئے ہیں، جس نے انہیں دوست رکھا وہ ہم سے ہے اور جس نے ان سے دشمنی کی وہ ہم سے نہیں ہے۔

۱۷۷۔ شِیْعَتُنَا اَقْرَبُ الْخَلْقِ مِنْ عَرْشِ اللّٰهِ

۹۴۰۔ عَنْ اَبِیْ حَمْزَۃَ، قَالَ: قَالَ اَبُوْ عَبْدِاللّٰهِ عَلَیهِ السَّلَامُ شِیْعَتُنَا اَقْرَبُ الْخَلْقِ مِنْ عَرْشِ اللّٰهِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ بَعْدَنَا.(۱)

ہمارے شیعہ لوگوں میں سے خدا کے عرش کے نزدیک تر ہیں

۹۴۰۔ ابوحمزہ سے نقل ہوا ہے کہ امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: قیامت کے دن ہمارے شیعہ ہمارے بعد لوگوں میں سے خدا کے عرش کے نزدیک تر ہیں۔

۱۷۸۔ مِنْ صِفَاتِ الشِّیْعَةِ

۹۴۱۔ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ أَبِیْ بَصِیْرٍ قَالَ: قَالَ الصَّادِقُ عَلَیهِ السَّلَامُ: شِیْعَتُنَا أَهْلُ الْوَرَعِ وَالْاِجْتِهَادِ، وَأَهْلُ الْوَفَاءِ وَالْأَمَانَةِ، وَأَهْلُ الزُّهْدِ وَالْعِبَادَةِ، أَصْحَابُ اِحْدٰی وَخَمْسِیْنَ رَکْعَةً فِی الْیَوْمِ وَاللَّیْلَةِ، اَلْقَائِمُوْنَ بِاللَّیْلِ، الصَّائِمُوْنَ بِالنَّهَارِ، یُزَکُّوْنَ أَمْوَالَهُمْ وَیَحُجُّوْنَ الْبَیْتَ، وَیَجْتَنِبُوْنَ کُلَّ مُحَرَّمٍ.(۲)

۹۴۲۔ عَنِ الْمُفَضَّلِ قَالَ: قَالَ أَبُوْعَبْدِاللّٰهِ عَلَیهِ السَّلَامُ: إِنَّمَا شِیْعَةُ جَعْفَرٍ: مَنْ عَفَّ بَطْنَهُ وَفَرْجَهُ، وَاشْتَدَّ جِهَادُهُ. وَعَمِلَ لِخَالِقِهِ، وَرَجَا ثَوَابَهُ، وَخَافَ عِقَابَهُ. فَإِذَا رَأَیْتَ

۱۔ المحاسن / ۱۸۲

۲۔ فضائل الشیعة / ۴۳، البحار ۱۶۷/۶۸، مستدرک الوسائل ۷۱/۱۱

أُولٰئِکَ فَأُولٰئِکَ شِیعَةُ جَعْفَرٍ.(۱)

۹۴۳ - قَالَ أَبُوعَبْدِاللّٰهِ عَلَیهِ السَّلَامُ: لَیْسَ مِنْ شِیعَتِنَا مَنْ قَالَ بِلِسَانِهِ وَخَالَفَنَا فِی أَعْمَالِنَا وَآثَارِنَا، وَلٰکِنَّ شِیعَتَنَا مَنْ وَافَقَنَا بِلِسَانِهِ وَقَلْبِهِ، وَاتَّبَعَ آثَارَنَا وَعَمِلَ بِأَعْمَالِنَا أُولٰئِکَ شِیعَتُنَا.(۲)

۹۴۴ - عَنِ الْبَاقِرِ عَلَیهِ السَّلَامُ قَالَ: شِیعَةُ عَلِیٍّ عَلَیهِ السَّلَامُ الْمُتَبَاذِلُونَ فِی وِلَایَتِنَا الْمُتَحَابُّونَ فِی مَوَدَّتِنَا الَّذِینَ إِذَا غَضِبُوا لَمْ یَظْلِمُوا، وَإِنْ رَضُوا لَمْ یُسْرِفُوا. بَرَکَةٌ عَلٰی مَنْ جَاوَرُوا، وَسِلْمٌ لِمَنْ خَالَطُوا.(۳)

۹۴۵ - قَالَ الصَّادِقُ عَلَیهِ السَّلَامُ: رَحِمَ اللّٰهُ شِیعَتَنَا خُلِقُوا مِنْ فَاضِلِ طِینَتِنَا وَعُجِنُوا بِمَاءِ وِلَایَتِنَا یَحْزَنُونَ لِحُزْنِنَا وَیَفْرَحُونَ لِفَرَحِنَا.(۴)

۹۴۶ - (فِی حَدِیثٍ) عَنْ أَبِی جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ عَلَیْهِمَا السَّلَامُ ...فَقَالَ: یَا جَابِرُ اِبَلِّغْ شِیعَتِی عَنِّی السَّلَامَ وَأَعْلِمْهُمْ أَنَّهُ لَاقَرَابَةَ بَیْنَنَا وَبَیْنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَلَا یُتَقَرَّبُ إِلَیْهِ إِلَّا بِالطَّاعَةِ لَهُ.(۵)

۹۴۷ - عَنْ جَابِرٍ الْجُعْفِیِّ قَالَ: قَالَ أَبُوجَعْفَرٍ عَلَیهِ السَّلَامُ: یَا جَابِرُ أَیَکْتَفِی مَنِ اتَّخَذَ التَّشَیُّعَ أَنْ یَقُولَ بِحُبِّنَا أَهْلِ الْبَیْتِ، فَوَاللّٰهِ مَا شِیعَتُنَا إِلَّا مَنِ اتَّقَی اللّٰهَ وَأَطَاعَهُ، وَمَا کَانُوا یُعْرَفُونَ إِلَّا بِالتَّوَاضُعِ وَالتَّخَشُّعِ، وَأَدَاءِ الْأَمَانَةِ، وَکَثْرَةِ ذِکْرِ اللّٰهِ، وَالصَّوْمِ

---

۱ - فضائل الشیعة / ۵۳، البحار ۱۶۸/۶۸ باختلاف فی موارد

۲ - الحکم الزاهرة ۲۳۹/۱ به نقل از الوسائل ۱۹۶/۱۱، البحار ۱۶۴/۶۸، سفینة البحار ۴۴۰/۸

۳ - مشکاة الانوار / ۶۱　　　۴ - شجره طوبی ۳/۱

۵ - امالی الطوسی ۳۰۲/۱

وَالصَّلَاةِ ، وَالْبِرِّ بِالْوَالِدَيْنِ ،وَ التَّعَهُّدِ لِلْجِيْرَانِ مِنَ الْفُقَرَاءِ وَأَهْلِ الْمَسْكَنَةِ وَالْغَارِمِيْنَ وَالْأَيْتَامِ.(۱)

۹۴۸ ـ عَنْ جَابِرٍ قَالَ :قَالَ الْبَاقِرُ عَلَيْهِ السَّلَامُ :إِنَّمَا شِيْعَتُنَا مَنْ أَطَاعَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ.(۲)

شیعوں کی چند صفات

۹۴۱۔ ابوبصیر سے نقل ہوا ہے کہ امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: ہمارے شیعہ اہلِ تقویٰ اور تلاش وکوشش ہیں، وفادار اور امانت دار ہیں، اہلِ زُہد اور عبادت گزار ہیں وہ روزانہ [۵۱] رکعت نماز ادا کرتے ہیں وہ راتوں کو عبادت کے لئے کھڑے ہوتے ہیں اور دن کو روزے رکھتے ہیں اپنے مال میں سے زکات دیتے ہیں اور حج بیت اللہ بھی انجام دیتے ہیں، اور ہر حرام عمل سے دور رہتے ہیں۔

۹۴۲۔ مفضّل سے منقول ہے کہ امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: جعفری شیعہ وہ ہیں جو اپنے پیٹ اور شرمگاہ کی محافظت کرتے ہیں اور راہِ خدا میں بہت زیادہ تلاش اور کوشش کرتے ہیں اور خدا کے لئے نیک اعمال بجالاتے ہیں اور اس سے ثواب کی امید رکھتے ہیں اور اس کے عذاب سے ڈرتے ہیں اور اگر اس قسم کے افراد کو دیکھو تو وہی جعفری شیعہ ہیں۔

۹۴۳۔ امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: اگر کوئی زبان سے کہے میں شیعہ ہوں لیکن اعمال

---

۱ ـ فضائل الشیعة ۵۳/۔

۲ ـ الحکم الزاهرة ۲۳۸/۱ بنقل از مستدرک الوسائل ۲۵۷/۱، البحار ۱۵۳/۶۸ ۔

اور کردار میں ہمارا مخالف ہو تو وہ شیعہ نہیں ہے، ہمارا شیعہ وہ ہے جو زبان اور دل سے ہمارے کردار اور ہماری سیرت کی پیروی کرے اس قسم کے افراد ہمارے شیعہ ہیں۔

۹۴۴۔ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: علیؑ کے شیعہ وہ ہیں جو ہماری ولایت کے راستے میں ایک دوسرے سے جُود و سخاوت کرتے ہیں اور ہماری مودّت کے راستے میں ایک دوسرے سے محبّت کرتے ہیں جس وقت غضبناک ہوتے ہیں تو ظلم نہیں کرتے اور جس وقت خوشنود ہوتے ہیں تو حد سے تجاوز نہیں کرتے، وہ اپنے ہمسایوں کے لئے باعثِ برکت ہیں اور اپنے ساتھیوں سے صلح کرتے ہیں۔

۹۴۵۔ امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: خدا ہمارے شیعوں پر رحمت کرے، وہ ہماری بچی ہوئی مٹی سے خلق ہوئے ہیں وہ ہماری محبّت کے پانی سے گوندھے گئے ہیں، وہ ہمارے غم میں غمگین اور ہماری خوشی میں خوشحال ہیں۔

۹۴۶۔ حضرت ابو جعفر محمد بن علی علیہ السلام سے حدیث نقل ہوئی ہے کہ حضرتؑ نے جابر سے فرمایا: اے جابر! میرے شیعوں کو میرے سلام پہنچا دے اور انہیں بتا دے کہ ہمارے اور خدا کے درمیان کوئی رشتہ داری نہیں، فقط خدا کی اطاعت سے اس کی بارگاہ میں تقرّب حاصل ہو سکتا ہے۔

۹۴۷۔ جابر جعفی کہتے ہیں کہ: امام باقر علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا: اے جابر! جس نے مذہبِ تشیّع اختیار کیا ہے اس کے لئے فقط ہمارے خاندان کی محبّت کافی نہیں، خدا کی قسم! ہمارا شیعہ وہ ہے جو متّقی ہو اور خدا کی اطاعت کرے، ہمارے شیعہ عاجزی، انکساری اور امانت داری کے لحاظ سے پہچانے جائیں گے، وہ بہت زیادہ خدا کا ذکر کرتے ہیں، اہلِ نماز اور اہلِ روزہ ہیں اور اپنے والدین سے نیکی کرتے ہیں، وہ خود کو فقراء، مساکین، یتامیٰ اور ہمسایوں کے بارے میں مسئول

اور ذمہ دار سمجھتے ہیں۔

۹۴۸۔جابر سے نقل ہوا ہے کہ امام باقر علیہ السلام نے فرمایا: ہمارے شیعہ فقط وہ ہیں جو خدا کی اطاعت کرتے ہیں۔

۱۷۹ ۔ مِنْ عَلَامَاتِ الشِّيْعَةِ

۹۴۹ ۔ قَالَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ :فَمَنِ اتَّبَعَ عَلِيًّا عَلَيهِ السَّلَامُ فَهُوَ الشِّيْعِيُّ حَقًّا.(۱)

۹۵۰ ۔ عَنِ الْبَاقِرِ عَلَيهِ السَّلَامُ :فِيْ حَدِيْثٍ ...مَنْ كَانَ لِلّٰهِ مُطِيْعًا فَهُوَ لَنَا وَلِيٌّ، وَمَنْ كَانَ لِلّٰهِ عَاصِيًا فَهُوَ لَنَا عَدُوٌّ، وَلَا يَنَالُ غَدًا وِلَايَتَنَا إِلَّا (بِالْعَمَلِ خ ل) بِالْفَضْلِ وَالْوَرَعِ.(۲)

۹۵۱ ۔ بِالْإِسْنَادِ، قَالَ :قَالَ أَبُوْ جَعْفَرٍ عَلَيهِ السَّلَامُ لِجَابِرٍ :يَا جَابِرُ إِنَّمَا شِيْعَةُ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ مَنْ لَا يَعْدُوْ صَوْتُهُ سَمْعَهُ وَلَا شَحْنَاؤُهُ بَدَنَهُ، لَا يَمْدَحُ لَنَا قَالِيًا وَلَا يُوَاصِلُ لَنَا مُبْغِضًا، وَلَا يُجَالِسُ لَنَا عَائِبًا، شِيْعَةُ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ مَنْ لَا يَهِرُّ هَرِيْرَ الْكَلْبِ، وَلَا يَطْمَعُ طَمَعَ الْغُرَابِ، وَلَا يَسْأَلُ النَّاسَ وَإِنْ مَاتَ جُوْعًا....(۳)

۹۵۲ ۔ فِيْ حَدِيْثٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :إِنَّ شِيْعَتَنَا مَنْ شَيَّعَنَا وَتَبِعَنَا فِيْ أَعْمَالِنَا....(۴)

۱۔ المحجة البیضاء ۶/۲۲۶

۲۔ مشکاة الانوار/۶۰، فضائل الشیعة/ ۵۵

۳۔ فضائل الشیعة/ ۵۵ ۔ ۴۔البحار ۶۸/۱۵۵

۹۵۳ ـ وَرُوِیَ عَنْ عَبْدِالْعَظِیْمِ، عَنْ أَبِی الْحَسَنِ الرِّضَاعَلَیهِ السَّلَامُ قَالَ :یَا عَبْدَ الْعَظِیْمِ ! أَبْلِغْ عَنِّیْ أَوْلِیَائِی السَّلَامَ وَقُلْ لَهُمْ أَنْ لَا یَجْعَلُوْا لِلشَّیْطَانِ عَلٰی أَنْفُسِهِمْ سَبِیْلاً....(۱)

شیعوں کی چند نشانیاں

۹۴۹۔ حسن بن علی علیہ السلام نے فرمایا: جو علی علیہ السلام کی پیروی کریں وہ حقیقی شیعہ ہیں۔

۹۵۰۔ امام باقر علیہ السلام سے نقل ہوا ہے کہ حضرتؑ نے فرمایا: جس نے خدا کی اطاعت کی وہ ہمارا دوست ہے اور جس نے خدا کی نافرمانی کی وہ ہمارا دشمن ہے، قیامت کے دن کوئی بھی تقویٰ اور نیک عمل کے علاوہ ہماری ولایت کو حاصل نہیں کر سکے گا۔

۹۵۱۔ امام باقر علیہ السلام نے جابر سے فرمایا: اے جابر! علیؑ کا شیعہ وہ ہے کہ جس کی آواز اس کے کان سے تجاوز نہیں کرتی اور اس کی دشمنی اس کے اندر سے نہیں گزرتی، ہمارے دشمنوں کی تعریف نہیں کرتا اور ہمارے مخالفین سے اِرتباط نہیں رکھتا اور جو لوگ ہماری غیبت کرتے ہیں ان کی محفل میں نہیں جاتا علیؑ کا شیعہ وہ ہے جو کتّے کی طرح آواز نہیں نکالتا اور کوّے کی مانند لالچ نہیں رکھتا اور لوگوں سے کسی چیز کا سوال نہیں کرتا اگرچہ بھوک سے مر جائے۔

۹۵۲۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک حدیث میں فرمایا: ہمارے شیعہ وہ ہیں جو ہمارے مطیع ہوں اور ہمارے کاموں میں ہماری پیروی کریں۔

۹۵۳۔ روایت نقل ہوئی ہے کہ امام رضا علیہ السلام نے عبدالعظیم سے فرمایا: اے عبدالعظیم!

۵۔ الاختصاص / ۲۴۰

ہمارے سلام ہمارے دوستوں تک پہنچادواوران سے کہو کہ وہ شیطان کے لئے اپنی طرف کسی قسم کا راستہ کھلا نہ چھوڑیں۔

۱۸۰ ۔ اِخْتَبِرُوْا شِيْعَتَهٗ عَلَيْهِ السَّلَامُ

۹۵۴ ۔ قَالَ أَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَيْهِ السَّلَامُ: اِخْتَبِرُوْا شِيْعَتِيْ بِخَصْلَتَيْنِ فَإِنْ كَانَتَا فِيْهِمْ فَهُمْ شِيْعَتِيْ: مُحَافَظَتُهُمْ عَلٰى أَوْقَاتِ الصَّلَاةِ وَمُوَاسَاتُهُمْ مَعَ إِخْوَانِهِمُ الْمُؤْمِنِيْنَ بِالْمَالِ، فَإِنْ لَمْ يَكُوْنَا أَغْرُبْ ثُمَّ أَغْرُبْ.(۱)

۹۵۵ ۔ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ قَالَ: اِمْتَحِنُوْا شِيْعَتَنَا عِنْدَ ثَلَاثٍ: عِنْدَ مَوَاقِيْتِ الصَّلَاةِ كَيْفَ مُحَافَظَتُهُمْ عَلَيْهَا وَعِنْدَ أَسْرَارِهِمْ كَيْفَ حِفْظُهُمْ لَهَا عَنْ عَدُوِّنَا؟ وَإِلٰى أَمْوَالِهِمْ كَيْفَ مُوَاسَاتُهُمْ لِإِخْوَانِهِمْ فِيْهَا؟(۲)

حضرت علی علیہ السلام کے شیعوں کو آزمائیں

۹۵۴۔امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: میرے شیعوں کو دو خصلتوں سے آزماؤ۔ اگر ان میں یہ دو خصلتیں موجود ہوں تو وہ میرے شیعہ ہیں ایک اول وقت میں نماز پڑھنا اور دوسری خصلت یہ کہ اپنے مال میں سے اپنے مومن بھائیوں کی مدد کرنا۔ اگر یہ دو خصلتیں ان میں موجود نہ ہوں تو وہ ہمارے شیعہ نہیں ہیں۔

۱۔ الإثنا عشرية / ۶۱

۲۔ البحار ۲۲/۸۳، جامع احاديث الشيعة ۵۸ / ۴، الوسائل ۳/۸۲ باختلاف يسير، اعلام الدين/ ۱۳۰

۹۵۵۔ جعفر بن محمد علیہ السلام سے منقول ہے کہ حضرتؑ نے فرمایا: ہمارے شیعوں کو تین طریقوں سے آزماؤ: جس وقت نماز کا وقت ہو جائے تو کس طرح اس کی رعایت کرتے ہیں اور کس طرح اپنے راز کو ہمارے دشمنوں سے چھپاتے ہیں اور ان کے اموال کے بارے میں کہ وہ کس طرح اپنے اموال کے ذریعے سے اپنے دینی بھائیوں کی مدد امداد کرتے ہیں۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

فِيْ بُغْضِهِ وَ آثَارِهِ

۱۸۱ ـ بُغْضُ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ وَ آثَارُهُ

۹۵۶ ـ وَبِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :لَايُبْغِضُكَ مِنَ الْأَنْصارِ إِلَّا مَنْ كَانَ أَصْلُهُ يَهُوْدِيًّا.(۱)

۹۵۷ ـ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ :سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ :مَنْ زَعَمَ أَنَّهُ آمَنَ بِيْ وَبِمَا جِئْتُ بِهِ وَهُوَ مُبْغِضٌ عَلِيًّا فَهُوَ كَاذِبٌ لَيْسَ بِمُؤْمِنٍ.(۲)

۹۵۸ ـ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :يَا عَلِيُّ !كَذَبَ مَنْ زَعَمَ أَنَّهُ يُحِبُّنِيْ وَيُبْغِضُكَ.مَنْ أَحَبَّكَ فَقَدْأَحَبَّنِيْ، وَمَنْ أَحَبَّنِيْ فَقَدْ أَحَبَّهُ اللّٰهُ، وَمَنْ أَحَبَّهُ اللّٰهُ أَدْخَلَهُ الْجَنَّةَ، وَمَنْ أَبْغَضَكَ فَقَدْ أَبْغَضَنِيْ،وَمَنْ أَبْغَضَنِيْ أَبْغَضَهُ اللّٰهُ، وَمَنْ أَبْغَضَهُ اللّٰهُ أَدْخَلَهُ النَّارَ.(۳)

۹۵۹ ـ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ عَلَيهِ السَّلَامُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لِعَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ :يَا عَلِيُّ!لَوْ أَنَّ عَبْدًا عَبَدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ مِثْلَ مَا أَقَامَ

---

۱ ـ عیون أخبار الرضا ۲/ ۶۰

۲ ـ کشف الغمة ۱/ ۳۹۷، البحار ۳۹/ ۲۷۶، کشف الیقین / ۲۲۷ باختلاف یسیر

۳ ـ المجروحین ۲/ ۳۱۰، عقبات الانوار ۱/ ۱۰۴ والبحار ۳/ ۱۰۹ ۸باختلاف فی موارد

نُوْحٌ فی قَوْمِہٖ، وَكَانَ لَهٗ مِثْلُ (جَبَلٍ خ ل) أُحُدٍ ذَهَبًا فَأَنْفَقَهٗ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَمُدَّ فِیْ عُمُرِهٖ حَتّٰی حَجَّ أَلْفَ عَامٍ عَلٰی قَدَمَيْهِ، ثُمَّ قُتِلَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ مَظْلُوْمًا ثُمَّ لَمْ يُوَالِكَ يَا عَلِیُّ! لَمْ يَشَمَّ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ وَلَمْ يَدْخُلْهَا.(۱)

۹۶۰ - رُوِیَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: سَأَلَ رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَنْ عَمَلٍ يَدْخُلُ بِهِ الْجَنَّةَ؟ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ: صَلِّ الْمَكْتُوْبَاتِ وَصُمْ شَهْرَ رَمَضَانَ وَاغْتَسِلْ مِنَ الْجَنَابَةِ، وَأَحِبَّ عَلِيًّا عَلَيْهِ السَّلَامُ وَادْخُلِ الْجَنَّةَ مِنْ أَیِّ بَابٍ شِئْتَ، فَوَ الَّذِیْ بَعَثَنِیْ بِالْحَقِّ لَوْ صَلَّيْتَ أَلْفَ عَامٍ وَصُمْتَ أَلْفَ عَامٍ وَحَجَجْتَ أَلْفَ حَجَّةٍ وَغَزَوْتَ أَلْفَ غَزْوَةٍ وَأَعْتَقْتَ أَلْفَ رَقَبَةٍ وَقَرَأْتَ التَّوْرَاةَ وَالْإِنْجِيْلَ وَالزَّبُوْرَ وَالْفُرْقَانَ وَلَقِيْتَ الْأَنْبِيَاءَ كُلَّهُمْ وَعَبَدْتَ اللّٰهَ تَعَالٰی مَعَ كُلِّ نَبِیٍّ أَلْفَ عَامٍ وَجَاهَدْتَ مَعَهُمْ أَلْفَ غَزْوَةٍ وَحَجَجْتَ مَعَ كُلِّ نَبِیٍّ أَلْفَ حَجَّةٍ ثُمَّ مِتَّ وَلَمْ يَكُنْ فِیْ قَلْبِكَ حُبُّ عَلِیٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَأَوْلَادِهٖ أَدْخَلَكَ اللّٰهُ النَّارَ مَعَ الْمُنَافِقِيْنَ.(۲)

۹۶۱ - عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ الْأَنْصَارِیِّ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لِعَلِیٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ: يَا عَلِیُّ! لَوْ أَنَّ أُمَّتِیْ أَبْغَضُوْكَ لَأَكَبَّهُمُ اللّٰهُ عَلٰی مَنَاخِرِهِمْ فِی النَّارِ.(۳)

۱۔ کشف الیقین / ۲۲۶، المناقب للخوارزمی / ۶۷، احقاق الحق ۷/ ۱۷۷، بشارۃ المصطفٰی / ۹۴، ارشاد القلوب / ۲۲۹ باختلاف فی موارد

۲۔ ارشاد القلوب / ۲۵۳

۳۔ الفصول المائۃ ۳/ ۲۷۴

تیسری فصل

حضرت علی علیہ السلام سے دشمنی

حضرت علی علیہ السلام سے دشمنی اور اسکے نتائج

۹۵۶۔ حسنؑ بن علیؑ نے اپنے والد سے نقل کیا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: انصار میں سے جو اصل میں یہودی ہو اس کے علاوہ اور کوئی تم سے دشمنی نہیں کرتا۔

۹۵۷۔ عبداللہ بن مسعود کہتے ہیں کہ میں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا آنحضرتؐ نے فرمایا: جو یہ گمان کرتا ہے کہ مجھ پر اور جو کچھ میں لایا ہوں اس پر ایمان رکھتا ہے لیکن علی علیہ السلام سے دشمنی کرتا ہے وہ جھوٹا ہے مومن نہیں ہے۔

۹۵۸۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یَا عَلِیؑ! جھوٹ بولتا ہے وہ شخص جو یہ گمان کرتا ہے کہ مجھے دوست رکھتا ہے لیکن تمہارا دشمن ہے، جس نے تمہیں دوست رکھا اس نے مجھے دوست رکھا اور جس نے مجھے دوست رکھا اس نے خدا کو دوست رکھا اور جس نے خدا کو دوست رکھا خدا اسے بہشت میں داخل کرے گا، اور جس نے تم سے دشمنی کی اس نے مجھ سے دشمنی کی اور جس نے مجھ سے دشمنی کی اس نے خدا سے دشمنی کی اور جو خدا کو دشمن رکھے خدا اسے دوزخ میں داخل کرے گا۔

۹۵۹۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا: یَا عَلِیؑ! اگر کوئی حضرت نوحؑ کی طرح جس طرح انھوں نے اپنی قوم کے درمیان قیام کیا خدا کی عبادت کرتا رہے اور اُحُد کے پہاڑ کی

مقدار میں سونا خدا کے راہ میں خرچ کرے اور اس کی عمر اتنی طولانی ہو کہ وہ پیدل ایک ہزار حجِ بیتُ اللہ انجام دے اور آخر کار صَفَا اور مَرْوَہ کے درمیان مظلوم قتل ہو جائے اگر تمہاری ولایت نہیں رکھتا تو وہ بہشت کی خوشبو سے محروم رہے گا اور اس میں داخل بھی نہیں ہوگا۔

۹۶۰۔ابن عباس کہتے ہیں: ایک شخص نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ایک ایسے عمل کے بارے میں پوچھا کہ جس کے ذریعے انسان بہشت میں داخل ہو، پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: واجب نمازیں ادا کرو اور ماہ رمضان میں روزے رکھو اور غسل جنابت کرو اور علی علیہ السلام کو دوست رکھو، اور تو جس دروازے سے چاہتے ہو بہشت میں داخل ہو جاو مجھے اس کی قسم جس نے مجھے حق پر مبعوث کیا ہے، اگر ہزار سال نماز پڑھیں اور ہزار سال روزے رکھیں اور ہزار حج انجام دیں اور پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے شانہ بشانہ ہزار جنگ کریں اور ہزار غلام آزاد کریں اور تورات اور انجیل اور فرقان کی تلاوت کریں اور تمام پیغمبروں سے ملاقات کریں اور ہر پیغمبر کے ساتھ ہزار سال خدا کی عبادت کی ہو اور ان کے شانہ بشانہ ہزار جنگ میں شرکت کی ہو اور ہر ایک کے ساتھ ہزار حج انجام دیا ہو اور اگر موت کے وقت تمہارے دل میں علیؑ اور ان کی اولاد کی محبت نہ ہو تو خداوند تمہیں منافقین کے ساتھ جہنم میں داخل کرے گا۔

۹۶۱۔جابر بن عبداللہ انصاری کہتے ہیں کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا: یا علیؑ! اگر میری امت تم سے دشمنی کرے تو خُدا ان سب کو منہ کے بل آگ میں ڈالے گا۔

۲۸۱۔ مَنْ سَبَّ عَلِیًّا فَقَدْ سَبَّنِیْ

۹۶۲ ـ رُوِیَ بِسَنَدٍ یَرْفَعُهُ إِلَی ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

وَآلِهِ وَسَلَّمَ :مَنْ سَبَّ عَلِيًّا فَقَدْسَبَّنِيْ، وَمَنْ سَبَّنِيْ فَقَدْ سَبَّ اللّٰهَ، وَمَنْ سَبَّ اللّٰهَ أَدْخَلَهُ نَارَ جَهَنَّمَ وَلَهُ عَذَابٌ عَظِيْمٌ (مُقِيْمٌ خ ل.)(۱)

۹۶۳ ۔ فِيْ حَدِيْثٍ، قَالَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :مَنْ سَبَّ عَلِيًّا؛ فَقَدْسَبَّنِيْ وَمَنْ سَبَّنِيْ فَقَدْ سَبَّ اللّٰهَ وَمَنْ سَبَّ اللّٰهَ أَدْخَلَهُ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيْهَا مُخَلَّدًا وَلَهُ عَذَابٌ مُقِيْمٌ....(۲)

جس نے علی علیہ السلام کو دشنام دی اس نے مجھے دشنام دی

۹۶۲۔ابن عباس سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے علی علیہ السلام کو دشنام دی اس نے مجھے دشنام دی اور جس نے مجھے دشنام دی اس نے خدا کو دشنام دی اور جس نے خدا کو دشنام دی خدا اس کو دوزخ میں داخل کرے گا اور اس پر بہت بڑا عذاب ہوگا۔

۹۶۳۔حسن بن علی علیہ السلام نے ایک حدیث میں فرمایا: پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے علیؑ کو دشنام دی اس نے مجھے دشنام دی اور جس نے مجھے دشنام دی اس نے خدا کو دشنام دی اور جس نے خدا کو دشنام دی اس کو دوزخ کی آگ میں داخل کرے گا وہ ہمیشہ کے لئے اس آگ میں رہے گا اور ہمیشہ کے لئے اس پر عذاب ہوگا۔

۱۸۳ ۔مَنْ فَارَقَ عَلِيًّا فَقَدْ فَارَقَنِيْ

۹۶۴ ۔ قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :مَنْ فَارَقَ عَلِيًّا فَقَدْ فَارَقَنِيْ وَمَنْ فَارَقَنِيْ

۱۔احقاق الحق ۶/۴۲۸، البحار ۴۰/۷۷

۲۔ الاحتجاج ۱/۴۲۰

فَقَدْ فارَقَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ.(۱)

۹۶۵ ـ بِالْإِسْنَادِ عَنْ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لِيْ :يَا عَلِيُّ امَنْ فَارَقَکَ فَقَدْفارَقَنِيْ، وَمَنْ فارَقَنِيْ فَقَدْ فَارَقَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ.(۲)

جوعلی علیہ السلام سے جدا ہوا وہ مجھ سے جدا ہوا

۹۶۴۔پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جوعلی علیہ السلام سے جدا ہوا وہ مجھ سے جدا ہوا اور جو مجھ سے جدا ہوا وہ خدا سے جدا ہو گیا۔

۹۶۵۔علی علیہ السلام فرماتے ہیں: رسولِ خداؐ نے مجھ سے فرمایا: یا علیؑ! جو تم سے جدا ہوا وہ مجھ سے جدا ہوا اور جو مجھ سے جدا ہوا وہ خدا سے جدا ہو گیا۔

۱۹۸۴ـ مَنْ أَبْغَضَ عَلِيًّا مَاتَ عَلَى الْجَاهِلِيَّةِ

۹۶۶ ـ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ :مَنْ أَحَبَّکَ خَتَمَ اللّٰهُ لَهُ بِالْأَمْنِ وَالْإِيْمَانِ، وَمَنْ أَبْغَضَکَ أَمَاتَهُ اللّٰهُ مِيْتَةً جَاهِلِيَّةً.(۳)

---

۱ ـ أمالي الصدوق / ۸۲، جامع الأخبار / ۱۵، البحار ۳۸/۳۰، الإثنا عشرية / ۶۱، ينابيع المودة/۵۶، جامع الأحاديث للسيوطي ۷/۲۸۹ باختلاف يسير

۲ ـ أمالي الصدوق / ۴۴۴، فضائل الخمسة ۲/۲۲۸، جامع الأحاديث للسيوطي ۷/۲۸۹، احقاق الحق ۶/۳۹۵ باختلاف يسير، المراجعات / ۱۷۴ والغارات ۱/۵۲۱ باختلاف في موارد

۳ ـ إحقاق الحق ۷/۱۳۹

۹۶۷ ـ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہِ وَسَلَّمَ :مَنْ مَاتَ وَھُوَ یُبْغِضُکَ یَا عَلِیُّ مَاتَ مِیتَۃً جاھِلِیَّۃً، لَمْ یُحَاسِبُہُ اللّٰہُ بِمَا عَمِلَ فِی الْإِسْلَامِ.(۱)

۹۶۸ ـ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ :نَظَرَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہ عَلَیہِ وَآلِہِ وَسَلَّمَ إِلٰی عَلِیِّ بْنِ أَبِی طَالِبٍ عَلَیہِ السَّلاَمُ فَقَالَ :یَاعَلِیُّ !مَنْ أَبْغَضَکَ أَمَاتَہُ اللّٰہُ مِیتَۃً جَاھِلِیَّۃً وَحَاسَبَہُ بِمَا عَمِلَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ.(۲)

جس نے علی علیہ السلام سے دشمنی کی وہ جاہلیت کی موت مرے گا

۹۶۶۔ابن عباس سے نقل ہوا ہے کہ رسولِ خُدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا: جو تمہیں دوست رکھے گا خداوند اس کی زندگی کو ہمیشہ امن اور ایمان سے ختم کرے گا اور جو تم سے دشمنی کرے گا خدا اس کو جاہلیت کی موت مارے گا۔

۹۶۷۔رسولِ خُدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علی علیہ السلام! جو تم سے دشمنی کی حالت میں مرجائے وہ جاہلیت کی موت مرا ہے اور جو کچھ اس نے اسلام کے دوران انجام دیا ہے خُدا اس کے اعمال میں شامل نہیں کریگا۔

۹۶۸۔اَنس بن مالک کہتے ہیں: پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام کی طرف نگاہ کی اور فرمایا: یا علیؑ! جو تم سے دشمنی کرے خُدا اس کو جاہلیت کی موت مارے گا اور قیامت کے دن یہ اس کے اعمال میں شامل کیا جائے گا۔

---

۱ ـ احقاق الحق ۱۷/ ۱۴۱، البحار ۹/ ۲۶۵ باختلاف فی موارد

۲ ـ أمالی المفید / ۷۵

۱۸۵ ۔ مَنْ اَبغَضَ عَلِیًّا مَاتَ عَلٰی غَیْرِ الْاِسْلَامِ

۹۶۹ ۔ حَدَّثنا بَهْزُ بْنُ حَکِیْمٍ عَنْ أَبِیْهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ یقُوْلُ لِعَلِیٍّ :یَاعَلِیُّ الاَ یُبَالِی مَنْ مَاتَ وَهُوَ یُبْغِضُکَ مَاتَ یَهُوْدِیًا أَوْ نَصْرَانِیًّا.(۱)

حضرت علی علیہ السلام کا دشمن مسلمان نہیں مرے گا

۹۶۹۔بہز بن حکیم نے اپنے والد سے اور اس نے اپنے دادا سے نقل کیا ہے کہ اس نے کہا: میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا آنحضرتؐ نے علی علیہ السلام سے فرمایا: یا علی علیہ السلام! جو تمہارا دشمن ہو اور مرجائے اسے یہ خوف نہیں کہ یہودی مرے یا نصرانی (مطلب یہ کہ وہ یہودی یا نصرانی ہو کر مرے گا۔)

۱۸۶ ۔ مَنْ اَبغَضَ عَلِیًّا نَدِمَ یَوْمَ الْفَصْلِ

۹۷۰ ۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :مَنْ أَحَبَّ عَلِیًّا کَانَ طَاهِرَ الْأَصْلِ وَمَنْ أَبْغَضَهُ نَدِمَ یَوْمَ الْفَصْلِ.(۲)

حضرت علی علیہ السلام کا دشمن قیامت کے دن پریشان ہوگا

۹۷۰۔رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو علی علیہ السلام کو دوست رکھے گا اس کی اصلیت پاک ہے

۱ ۔ مناقب علی بن أبیطالب / ۵۱ ، کشف الیقین / ۲۹۴، ارشاد القلوب / ۲۳۶ باختلاف یسیر

۲ ۔ جامع الأخبار / ۱۷ ، الإثنا عشریة / ۶۲

اور جو انہیں دشمن رکھے گا قیامت کے دن پریشان ہوگا۔

۱۸۷۔ مَنْ اَبْغَضَ عَلِيًّا خُلِّدَ فِيْ جَهَنَّمَ

۱۷۹۔عَنِ ابْنِ بَصِيرٍ قَالَ :سَمِعْتُ أَبَا جَعْفَرٍعَلَيهِ السَّلاَمُ يَقُوْلُ :عَدُوُّ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلاَمُ هُمُ الْمُخَلَّدُوْنَ فِيْ النَّارِ قَالَ اللّٰهُ :وَمَا هُمْ بِخَارِجِيْنَ مِنْهَا.(۱)

حضرت علی علیہ السلام کا دشمن ہمیشہ کے لئے جہنّم میں رہے گا

۱۷۹۔ابو بصیر کہتے ہیں: میں نے امام باقر علیہ السلام سے سنا حضرتؑ نے فرمایا: علی علیہ السلام کے دشمن ہمیشہ دوزخ کی آگ میں رہیں گے، ارشادِ باری تعالیٰ ہے: "وہ آتشِ جہنّم سے باہر نہیں نکلیں گے"۔

۱۸۸۔ قَاتَلَ اللّٰهُ مَنْ قَاتَلَ عَلِيًّا

۹۷۲۔ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ أَبِي الْحَسَنِ عَلِيِّ بْنِ مُوْسَى الرِّضَا عَنْ أَبِيهِ عَنْ آبَائِهِ عَلَيْهِمُ السَّلاَمُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ :عَلِيٌّ مِنِّيْ وَأَنَا مِنْ عَلِيٍّ، قَاتَلَ اللّٰهُ مَنْ قَاتَلَ عَلِيًّا لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ خَالَفَ عَلِيًّا،عَلِيٌّ إِمَامُ الْخَلِيْقَةِ بَعْدِيْ، مَنْ تَقَدَّمَ عَلٰى عَلِيٍّ فَقَدْ تَقَدَّمَ عَلَيَّ، وَمَنْ فَارَقَهُ فَقَدْ فَارَقَنِيْ وَمَنْ آثَرَ عَلَيْهِ فَقَدْ آثَرَ عَلَيَّ، أَنَا سِلْمٌ لِمَنْ سَالَمَهُ وَحَرْبٌ لِمَنْ حَارَبَهُ وَوَلِيٌّ لِمَنْ وَالاَهُ وَعَدُوٌّ لِمَنْ عَادَاهُ.(۲)

۱۔ تفسير العياشي ۱/۳۱۷، تفسير نور الثقلين ۱/۶۲۷

۲۔ أمالي الصدوق / ۵۲۵، البحار ۳۸/۱۰۹

۹۷۳- (فِی حَدِیثٍ) قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہِ وَسَلَّمَ :یَا عَلِیُّ اِقَاتَلَ اللّٰہُ مَنْ قَاتَلَکَ وَعَادٰی مَنْ عَادَاکَ(۱)

خدا قتل کرے اس کو جو علی علیہ السلام سے جنگ کرے

۹۷۲۔امام رضا علیہ السلام سے ان کے والد سے اور انکے اجداد علیہم السلام سے منقول ہے کہ رسولِ خداؐ نے فرمایا: علی علیہ السلام مجھ سے ہے اور میں علی علیہ السلام سے ہوں، خدا قتل کرے اس کو جو علی علیہ السلام سے جنگ کرے اور خدا لعنت کرے اس پر جو علی علیہ السلام کی مخالفت کرے اور علیؑ میرے بعد لوگوں کے پیشوا ہیں ،جس نے علی علیہ السلام پر سبقت لی حقیقت میں اس نے مجھ پر سبقت لی ،اور جو ان سے جدا ہوا حقیقت میں وہ مجھ سے جدا ہوا اور جس نے دوسروں کو ان پر مقدّم کیا اس نے ان کو مجھ پر مقدّم کیا، میں اس سے صلح کروں گا جو علیؑ سے صلح کرے گا میں اس سے جنگ کروں گا جو علیؑ سے جنگ کے لئے نکلے گا اور میں اس کا دوست ہوں جو انہیں دوست رکھتا ہے اور میں اسکا دشمن ہوں جو اُن سے دشمنی کرتا ہے۔

۹۷۳۔حدیث میں نقل ہوا ہے کہ پیغمبرؐ نے فرمایا: یا علیؑ! خدا قتل کرے اسے جو تم سے جنگ کرے اور خدا اس کا دشمن ہے جو تم سے دشمنی کرتا ہے۔

---

۱ - المسترشد / ۶۰۵، الیقین / ۲۴۷ باختلاف یسیر

۱۸۹ ۔ مَنْ آذٰی عَلِیًّا فَقَدْ آذَانِیْ

۹۷۴ ۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ فِیْ حَدِیْثٍ :مَنْ آذٰی عَلِیًّا فَقَدْ آذَانِیْ، وَمَنْ آذَانِیْ فَقَدْآذٰی اللّٰہَ.(۱)

۹۷۵ ۔ بِالْإِسْنَادِ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ :مَنْ آذٰی عَلِیًّا فَقَدْ آذَانِیْ قَالَھَا ثَلَاثًا.(۲)

۹۷۶ ۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ :مَنْ أَحَبَّ عَلِیًّا فَقَدْ أَحَبَّنِیْ وَمَنْ أَبْغَضَ عَلِیًّا فَقَدْ أَبْغَضَنِیْ وَمَنْ آذٰی عَلِیًّا فَقَدْ آذَانِیْ وَمَنْ آذَانِیْ فَقَدْ آذٰی اللّٰہَ عَزَّ وَجَلَّ.(۳)

جس نے علی علیہ السلام کو ستایا اس نے مجھے ستایا

۹۷۴۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک حدیث میں فرمایا: جس نے علی علیہ السلام کو ستایا اس نے مجھے ستایا اور جس نے مجھے ستایا اس نے خدا کو ستایا۔

۹۷۵۔ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کسی نے علی علیہ السلام کو تکلیف پہنچائی اس نے مجھے تکلیف پہنچائی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ جملہ تین مرتبہ دہرایا۔

۹۷۶۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے علی علیہ السلام کو دوست رکھا اس نے مجھے دوست

۱۔ احقاق الحق ۳۸۹/۶، مسند احمد ۵۳۴/۴، الطرائف / ۷۵ بزیادۃ

۲۔ احقاق الحق ۳۸۸/۶، ینابیع المودۃ / ۳

۳۔ ذخائر العقبیٰ / ۶۵

رکھااور جس نے انہیں دشمن رکھا اس نے مجھے دشمن رکھااور جس نے علیؑ کودکھ پہنچایااس نے مجھے دکھ پہنچایااور جس نے مجھے دکھ پہنچایااس نے خدا کودکھ پہنچایا ۔

۱۹۰ ۔ مَنْ اَبْغَضَ عَلِيًّا فَقَدْ اَبْغَضَنِیْ

۹۷۷ ۔ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَ آلِهِ وَسَلَّمَ : مَنْ أَحَبَّنِیْ فَلْيُحِبَّ عَلِيًّا، وَمَنْ أَبْغَضَ عَلِيًّا فَقَدْ أَبْغَضَنِیْ، وَمَنْ أَبْغَضَنِیْ فَقَدْ أَبْغَضَ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ، وَمَنْ أَبْغَضَ اللّٰهَ أَدْخَلَهُ النَّارَ.(۱)

۹۷۸ ۔ عَنْ سَلْمَانَ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَ آلِهِ وَسَلَّمَ لِعَلِیٍّ :يَا عَلِیُّ! مُحِبُّکَ مُحِبِّیْ، وَمُبْغِضُکَ مُبْغِضِیْ.(۲)

جس نے علی علیہ السلام سے دشمنی کی اس نے مجھ سے دشمنی کی

۹۷۷ ۔ عبداللہ بن مسعود کہتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو مجھے دوست رکھتا ہے اسے علی علیہ السلام کو بھی دوست رکھنا چاہیے اور جس نے علی علیہ السلام سے دشمنی کی اس نے مجھ سے دشمنی کی اور جس نے مجھ سے دشمنی کی اس نے خدا سے دشمنی کی ہے اور جو خدا سے دشمنی کرے خدا اس کو دوزخ میں ڈالے گا۔

۹۷۸ ۔ سلمان کہتے ہیں :رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا: یاعلیؑ ! تمہارا دوست میرا دوست ہے اور تمہارا دشمن میرا دشمن ہے۔

۱ ۔ احقاق الحق ۴۰۱/۶

۲ ۔ مناقب علی بن ابیطالب / ۱۹۶، احقاق الحق ۴۰۲/۶

۱۹۱۔ مَنْ حَارَبَ عَلِیّاً فَقَدْ حَارَبَنِی

۹۷۹۔ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہِ وَسَلَّمَ :یَا عَلِیُّ !کَذَبَ مَنْ زَعَمَ أَنَّہُ یُحِبُّنِی وَیُبْغِضُکَ.یَا عَلِیُّ !مَنْ حَارَبَکَ فَقَدْ حَارَبَنِی وَمَنْ حَارَبَنِی فَقَدْ حَارَبَ اللّٰہَ.یَا عَلِیُّ !مَنْ أَبْغَضَکَ فَقَدْ أَبْغَضَنِی وَمَنْ أَبْغَضَنِی فَقَدْ أَبْغَضَ اللّٰہَ وَأَتْعَسَ اللّٰہُ جَدَّہُ وَأَدْخَلَہُ نَارَ جَھَنَّمَ.(۱)

۹۸۰۔ وَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہِ وَسَلَّمَ :حَرْبُکَ یَا عَلِیُّ !حَرْبِی وَسِلْمُکَ سِلْمِی.(۲)

جس نے علی علیہ السلام سے جنگ کی اس نے مجھ سے جنگ کی

۹۷۹۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: یا علی علیہ السلام! جھوٹ بولتا ہے وہ شخص جو یہ گمان کرتا ہے کہ مجھے دوست رکھتا ہے لیکن تم سے دشمنی کرتا ہے، یا علی علیہ السلام! جس نے تم سے جنگ کی اس نے مجھ سے جنگ کی اور جس نے مجھ سے جنگ کی اس نے خدا سے جنگ کی ہے۔

یا علی علیہ السلام! جس نے تم سے دشمنی کی اس نے مجھ سے دشمنی کی اور جس نے مجھ سے دشمنی کی اس نے خدا سے دشمنی کی ہے، خدا اس کو ہلاک کرے گا اور دوزخ میں ڈالے گا۔

۹۸۰۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علی علیہ السلام! تم سے جنگ مجھ سے جنگ ہے اور تم سے صلح مجھ سے صلح ہے۔

۱۔ غایۃ المرام ۱/۹۴

۲۔ عوالی اللئالی ۴/۸۷، احقاق الحق ۶/۴۴۱ باختلاف یسیر

۱۹۲۔ مَنْ خَذَلَ عَلِيًّا فَهُوَ مَخْذُوْلٌ

۹۸۱۔ عَنْ زَيْدِ بْنِ صَوْحَانَ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ قَالَ :سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ :عَلِيٌّ أَمِيْرُ الْبَرَرَةِ، وَقَاتِلُ الفَجَرَةِ، مَنْصُوْرٌ مَنْ نَصَرَهُ، مَخْذُوْلٌ مَنْ خَذَلَهُ، أَلَا وَأَنَّ الْحَقَّ مَعَهُ(و -خ ل) يَتْبَعُهُ، أَلَا فَمِيْلُوْا مَعَهُ.(۱)

۹۸۲۔ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِالْغَفَّارِ عَنْهُ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ انْصُرْ مَنْ نَصَرَعَلِيًّا، اَللّٰهُمَّ أَكْرِمْ مَنْ أَكْرَمَ عَلِيًّا، أَللّٰهُمَّ اخْذُلْ مَنْ خَذَلَ عَلِيًّا.(۲)

جس نے حضرت علی علیہ السلام کی مدد نہ کی وہ ذلیل ہوگا

۹۸۱۔ زید بن صوحان نے حذیفہ بن یمان سے نقل کیا ہے کہ اس نے کہا: میں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا آنحضرت ؐ نے فرمایا: علی علیہ السلام نیک لوگوں کے حاکم اور بُرے لوگوں کے قاتل ہیں، جوان کی مدد کرے گا اس کی مدد ہوگی اور جو ان کی مدد سے ہاتھ اٹھائے گا وہ ذلیل ہوگا، جان لیں کہ حق ان کے پیچھے اور ان کے ساتھ ہے بس ہمیشہ انکے ساتھ رہیں۔

۹۸۲۔ قاسم بن عبدالغفار سے نقل ہوا ہے کہ میں نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا آنحضرت ؐ نے فرمایا: اے اللہ جو علی کی مدد کرتا ہے اس کی مدد کر، اے اللہ جو علی علیہ السلام کا احترام کرتا ہے اس کا احترام کر، اے اللہ جو علی علیہ السلام کی مدد سے ہاتھ اٹھائے اس کو ذلیل اور خوار کر۔

۱۔ اثبات الهداة ۲/۲۱۰، كشف الغمة ۱/۱۴۸ باختلاف فی سنده، احقاق الحق ۴/۲۳۷، عقبات الانوار ۱/۱۰۴ باختلاف فی موارد

۲۔ احقاق الحق ۷/۸۰

پانچواں حصّہ

حضرت علیؑ کی مظلومیت، وصیّت اور شہادت

۹۸۴۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام سے فرمایا: یا علیؑ! تم میرے بعد مظلوم ہوگے جس نے تم پر ظلم کیا اس نے مجھ پر ظلم کیا اور جس نے تمہارے ساتھ انصاف کیا اس نے مجھ سے انصاف کیا اور جس نے تمہارا انکار کیا اس نے میرا انکار کیا اور جس نے تمہیں دوست رکھا اس نے مجھے دوست رکھا اور جس نے تم سے دشمنی کی اس نے مجھ سے دشمنی کی اور جس نے تمہاری اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی اور جس نے آپ کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی ہے۔

۹۸۵۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے میرے بعد میرے جانشین علی علیہ السلام پر ستم کیا گویا کہ اس نے میری نبوّت اور مجھ سے پہلے والے پیغمبروں کی نبوّت کا انکار کیا ہے۔

۹۸۶۔ علی بن موسیٰ رضا علیہ السلام نے اپنے اَجداد علیہم السلام سے نقل کیا ہے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علیؑ! میرے بعد تم پر ظلم و ستم ہوگا افسوس ہے اس پر جو تم پر ظلم کرے اور تمہارے حق پر تجاوز کرے اور خوش نصیب ہے وہ جو تمہاری پیروی کرے اور تم سے قدم آگے بڑھانے کی جرأت نہ کرے۔

۱۹۴۔ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَبُثُّ هُمُومَهُ

۹۸۷۔ بِالْإِسْنَادِ عَنْ مِيثَمٍ قُدِّسَ سِرُّهُ قَالَ: أَصْحَرَ بِيْ مَوْلَايَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيهِ السَّلَامُ لَيْلَةً مِنَ اللَّيَالِيْ قَدْ خَرَجَ مِنَ الْكُوفَةِ وَانْتَهَىٰ إِلَىٰ مَسْجِدِ جُعْفِيٍّ، تَوَجَّهَ إِلَى الْقِبْلَةِ وَصَلَّىٰ أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ، فَلَمَّا سَلَّمَ وَسَبَّحَ بَسَطَ كَفَّيْهِ وَقَالَ: إِلٰهِيْ كَيْفَ أَدْعُوكَ وَقَدْ عَصَيْتُكَ" إِلَىٰ آخِرِ الدُّعَاءِ"، ثُمَّ قَامَ وَخَرَجَ، فَاتَّبَعْتُهُ حَتَّىٰ خَرَجَ إِلَى الصَّحْرَاءِ وَخَطَّ لِيْ خَطَّةً وَقَالَ: إِيَّاكَ أَنْ تُجَاوِزَ هٰذِهِ الْخَطَّةَ، وَمَضَىٰ عَنِّيْ وَكَانَتْ لَيْلَةً مُدْلَهِمَّةً، فَقُلْتُ: يَانَفْسِيْ! أَسْلَمْتُ مَوْلَايَ وَلَهُ أَعْدَاءٌ كَثِيرَةٌ، أَيُّ عُذْرٍ يَكُونُ لَكَ عِنْدَ اللهِ وَعِنْدَ رَسُولِهِ؟ وَاللهِ لَأَقْفُوَنَّ أَثَرَهُ وَلَأَعْلَمَنَّ خَبَرَهُ وَإِنْ كُنْتُ قَدْ خَالَفْتُ أَمْرَهُ، وَجَعَلْتُ أَتْبَعُ أَثَرَهُ

فَوَجَدْتُهُ عَلَيهِ السَّلَامُ مُطَّلِعًا فِي الْبِئْرِ إلَى نِصْفِهِ يُخَاطِبُ الْبِئْرَ وَالْبِئْرُ تُخَاطِبُهُ، فَحَسَّ بِيْ وَالْتَفَتَ عَلَيهِ السَّلَامُ وَقَالَ :مَنْ؟ قُلْتُ مِيثَمُ، قَالَ :يَا مِيْثَمُ !أَلَمْ آمُرْكَ أَنْ لَا تَجَاوَزَ (لَا تَتَجَاوَزَ خ ل) الْخَطَّةَ؟ قُلْتُ :يَا مَوْلَايَ خَشِيْتُ عَلَيْكَ مِنَ الْأَعْدَاءِ فَلَمْ يَصْبِرْ لِذٰلِكَ قَلْبِيْ ،فَقَالَ:أَسَمِعْتَ مِمَّا قُلْتُ شَيْئاً؟ قُلْتُ:لَا يَا مَوْلَايَ فَقَالَ :يَا مِيْثَمُ!

وَفِي الصَّدْرِ لُبَانَاتٌ(۱) إِذَا ضَاقَ لَهَا صَدْرِيْ

نَكَتُّ الْأَرْضَ بِالْكَفِّ وَأَبْدَيْتُ لَهَا سِرِّيْ

فَمَهْمَا تُنْبِتُ الْأَرْضُ فَذَاكَ النَّبْتُ مِنْ بَذْرِيْ(۲)

حضرت علی علیہ السلام کا کنویں سے باتیں کرنا

۹۸۷۔ میثم سے نقل ہوا ہے کہ اس نے کہا ایک رات میرے مولا امیر المومنین علیہ السلام کوفہ سے مجھے لے کر مسجدِ جُعفی پہنچے اور وہاں پر قبلہ کی طرف کھڑے ہو کر چار رکعت نماز ادا کی ،سلام اور تسبیح کے بعد اپنے ہاتھوں کو آسمان کی طرف بلند کیا اور عرض کی :اے خدا کس طرح تجھے پکاروں جب کہ میں نے تیری نافرمانی کی ہے، دُعا مکمل کرنے کے بعد مسجد سے باہر آئے ،میں بھی حضرتؑ کے پیچھے چل پڑا، یہاں تک کہ حضرتؑ صحرا میں پہنچے ،پس حضرتؑ نے میرے اردگرد ایک لکیر کھینچی اور فرمایا: ہرگز اس دائرہ سے باہر نہ نکلنا، اس کے بعد خود روانہ ہو گئے وہ رات بہت تاریک تھی، میں نے اپنے آپ سے کہا: میں نے اتنے سارے دشمن ہونے کے باوجود آپ کو اکیلا چھوڑ دیا ، کیا میں خدا و پیغمبرؐ کے نزدیک معذور رہوں؟ خدا کی قسم ان کے پیچھے جاؤں گا اور ان کی حالت معلوم کروں گا اگر چہ ان کے حکم کی

۱۔ جمع اللبانة، الحاجة من غیر فاقة بل همّة

۲۔ البحار ۴۰/ ۱۹۹، الفصول المائة ۵/ ۴۰۹

مخالفت کیوں نہ کی ہو۔پس ان کے پیچھے روانہ ہوا میں نے دیکھا کہ حضرتؑ نے اپنے سر مبارک کو کنویں میں داخل کیا ہوا تھا اور کنویں کے ساتھ باتیں کر رہے تھے اور کنواں بھی حضرتؑ سے باتیں کر رہا تھا، حضرتؑ متوجہّ ہو گئے کہ میں بھی ان کے پیچھے آیا ہوں، میری طرف نگاہ کی اور فرمایا: تم کون ہو؟ میں نے کہا: میثم ہوں۔فرمایا: کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ اس دائرے کو عبور نہ کرنا؟ عرض کی اے میرے مولا آپؑ کے دشمنوں کے خوف کی وجہ سے میرے دل کو آرام نہیں تھا۔فرمایا: آیا جو کچھ میں کہہ رہا تھا کوئی چیز تم نے سنی؟ عرض کی: نہیں اے میرے مولا فرمایا: اے میثم، میں اپنے سینے میں جو کیفیات محسوس کر رہا ہوں، زمین پر ایک گڑھا کھودوں گا اور اپنے راز اس سے بیان کروں گا اور زمین میں جو پودا اگے گا اس بیج سے ہے جو میں نے اس میں بویا ہے۔

اَلْفَصلُ الثَّانِيْ
فِيْ وَصِيَّةِ عَلِيّ عَلَيْهِ السَّلَامُ

١٩٥ ـ مِنْ وَصَايَا عَلِيّ عَلَيْهِ السَّلَامُ

٩٨٨ ـ وَمِنْ وَصِيَّةٍ لَهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ:

لِلْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ لَمَّا ضَرَبَهُ ابْنُ مُلْجِمٍ لَعَنهُ اللّٰهُ: أُوصِيكُمَا بِتَقْوَى اللّٰهِ، وَأَنْ لَاتَبْغِيَا الدُّنْيَا وَإِنْ بَغَتْكُمَا، وَلَا تَأْسَفَا عَلٰى شَيْءٍ مِنهَا زُوِيَ عَنْكُمَا، وَقُولَا بِالْحَقِّ، وَاعْمَلَا لِلْأَجْرِ، وَكُوْنَا لِلظَّالِمِ خَصْمًا، وَلِلْمَظْلُوْمِ عَوْنًا.

أُوصِيكُمَا وَجَمِيعَ وُلْدِيْ وَأَهْلِيْ وَمَنْ بَلَغَهُ كِتَابِيْ بِتَقْوَى اللّٰهِ، وَنَظْمِ أَمْرِكُمْ، وَصَلَاحِ ذَاتِ بَيْنِكُمْ، فَإِنِّيْ سَمِعْتُ جَدَّكُمَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: صَلَاحُ ذَاتِ الْبَيْنِ أَفْضَلُ مِنْ عَامَّةِ الصَّلَاةِ وَالصِّيَامِ، اَللّٰهَ اَللّٰهَ فِي الْأَيْتَامِ، فَلَا تَغُبُّوْا أَفْوَاهَهُمْ، وَلَا يَضِيْعُوْا بِحَضْرَتِكُمْ، وَاللّٰهَ اَللّٰهَ فِيْ جِيْرَانِكُمْ، فَإِنَّهُمْ وَصِيَّةُ نَبِيِّكُمْ، مَا زَالَ يُوْصِيْ بِهِمْ حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيُوَرِّثُهُمْ، وَاللّٰهَ اَللّٰهَ فِي الْقُرْآنِ لَا يَسْبِقُكُمْ بِالْعَمَلِ بِهٖ غَيْرُكُمْ.

وَاللّٰهَ اَللّٰهَ فِي الصَّلَاةِ فَإِنَّهَا عَمُوْدُ دِيْنِكُمْ.

وَاللّٰهَ اَللّٰهَ فِيْ بَيْتِ رَبِّكُمْ، لَا تُخَلُّوْهُ مَا بَقِيْتُمْ، فَإِنَّهُ إِنْ تُرِكَ لَمْ تُنَاظَرُوْا.

وَاللّٰهَ اَللّٰهَ فِي الْجِهَادِ بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنْفُسِكُمْ وَأَلْسِنَتِكُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَعَلَيْكُمْ بِالتَّوَاصُلِ وَالتَّبَاذُلِ، وَإِيَّاكُمْ وَالتَّدَابُرَ وَالتَّقَاطُعَ، وَلَا تَتْرُكُوا الْأَمْرَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْيَ عَنِ الْمُنْكَرِ فَيُوَلّٰى عَلَيْكُمْ شِرَارُكُمْ، ثُمَّ تَدْعُوْنَ فَلَا يُسْتَجَابُ لَكُمْ، ثُمَّ قَالَ: يَا بَنِيْ عَبْدِ

الْمُطَّلِبِ اِلَاأُلْفِيَنَّكُمْ تَخُوضُونَ دِمَاءَ الْمُسْلِمِينَ خَوْضًا، تَقُولُونَ :قُتِلَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ . أَلَا لَا يُقْتَلَنَّ بِيْ إِلَّا قَاتِلِي.

اُنْظُرُوْا إِذَا أَنَا مِتُّ مِنْ ضَرْبَتِهِ هٰذِهِ فَاضْرِبُوْهُ ضَرْبَةً بِضَرْبَةٍ وَلَا يُمَثَّلُ بِالرَّجُلِ (لاتُمَثِّلُوْا خ ل الصالح)فَإِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ :إِيَّاكُمْ وَالْمُثْلَةَ وَلَوْ بِالْكَلْبِ الْعَقُوْرِ.(۱)

دوسری فصل

حضرت علی علیہ السلام کی وصیت

علی علیہ السلام کی وصیتوں میں سے ایک وصیت

۹۸۸۔ جس وقت ابنِ مُلجم (لعنۃ اللہ علیہ) نے آپ ؑ کے سر پر تلوار سے ضرب لگائی تو حضرت ؑ نے امام حسن علیہ السلام اور امام حسین علیہ السلام سے یہ وصیّت کی: میں تمہیں تقویٰ خدا کی وصیّت کرتا ہوں اور جو کچھ دنیا تم پر صدمہ وارد کرے توجّہ نہ کرنا، اور جو کچھ تمہارے ہاتھ سے نکل گیا ہے اس پر غم نہ کرنا، حق بیان کرنا اور اَجر کے لئے کام کرنا، ظالم کے دشمن اور مظلوم کے مددگار رہنا۔ میں تم دونوں اور تمام بیٹوں اور اپنے خاندان کو اور جس کے ہاتھ میں میرا وصیت نامہ پہنچے وصیّت

۱۔ نهج البلاغة فيض/ ۹۶۸، الصالح/ ۴۲۱، روضة الواعظين/ ۱۳۶، تحف العقول/ ۱۳۵ باختلاف في موارد

کرتا ہوں کہ اللہ سے ڈرتے رہنا، اپنے معاملات درست اور آپس کے تعلقات سلجھائے رکھنا، کیونکہ میں نے تمہارے نانا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا ہے کہ ''آپس کی کشیدگیوں کو مٹانا عام نماز روزے سے افضل ہے۔''

(دیکھو!) یتیموں کے بارے میں اللہ سے ڈرتے رہنا، ان کے کام و دہن کے لئے فاقہ کی نوبت نہ آئے اور تمہاری موجودگی میں وہ تباہ و برباد نہ ہو جائیں۔

اپنے ہمسائیوں کے بارے میں اللہ سے ڈرتے رہنا کیونکہ ان کے بارے میں تمہارے پیغمبرؐ نے برابر ہدایت کی ہے اور آپ اس حد تک ان کے لئے سفارش فرماتے رہے کہ ہم لوگوں کو یہ گمان ہونے لگا کہ آپ انہیں بھی ورثہ دلائیں گے۔

قرآن کے بارے میں اللہ سے ڈرتے رہنا، ایسا نہ ہو کہ دوسرے اس پر عمل کرنے میں تم پر سبقت لے جائیں۔

نماز کے بارے میں اللہ سے ڈرنا کیونکہ وہ تمہارے دین کا ستون ہے۔

اپنے پروردگار کے گھر کے بارے میں اللہ سے ڈرنا، اسے جیتے جی خالی نہ چھوڑنا کیونکہ اگر یہ خالی چھوڑ دیا گیا تو پھر (عذاب سے) مہلت نہ پاؤ گے۔

جان، مال اور زبان سے راہ خدا میں جہاد کرنے کے بارے میں اللہ کو نہ بھولنا اور تم کو لازم ہے کہ آپس میں میل ملاپ رکھنا اور ایک دوسرے کی اعانت کرنا اور خبردار! ایک دوسرے کی طرف سے پیٹھ پھیرنے اور تعلقات توڑنے سے پرہیز کرنا، نیکی کا حکم دینے اور برائی سے منع کرنے سے کبھی ہاتھ نہ اٹھانا ورنہ بدکردار تم پر مسلط ہو جائیں گے۔ پھر دعا مانگو گے تو قبول نہ ہوگی۔ پھر ارشاد فرمایا:

اے عبدالمطلب کے بیٹو! ایسا نہ ہونے پائے کہ تم ''امیرالمومنین قتل ہو گئے، امیرالمومنین قتل ہو گئے'' کے نعرے لگاتے ہوئے مسلمانوں کے خون سے ہولی کھیلنا شروع کر دو۔

دیکھو! میرے بدلے میں صرف میرا قاتل ہی قتل کیا جائے اور دیکھو! جب میں اس ضرب سے مر جاؤں تو اس ایک ضرب کے بدلے میں ایک ہی ضرب لگانا اور اس شخص کے ہاتھ پیر نہ کاٹنا، کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ کو فرماتے سنا ہے کہ ''خبردار! کسی کے بھی ہاتھ پیر نہ کاٹو، اگرچہ وہ باؤلا کتا ہی ہو''

۱۹۶۔ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ يُوْصِي بِالرِّفْقِ بِقَاتِلِهِ

۹۸۹۔ بِالْإِسْنَادِ، أَنَّ عَلِيًّا (عَلَيْهِ السَّلَام) قَالَ فِي ابْنِ مُلْجِمٍ بَعْدَ مَا ضَرَبَهُ: أَطْعِمُوْهُ وَاسْقُوْهُ وَأَحْسِنُوْا أَسَارَهُ، فَإِنْ عِشْتُ فَأَنَا وَلِيُّ دَمِيْ، أَعْفُوْ إِنْ شِئْتُ وَإِنْ شِئْتُ اسْتَقَدْتُّ، وَإِنْ مِتُّ فَقَتَلْتُمُوْهُ فَلَا تُمَثِّلُوْا.(۱)

۹۹۰۔ قَالَ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ لِلْحَسَنِ :يَا حَسَنُ !أَبْصِرُوْا ضَارِبِيْ، أَطْعِمُوْهُ مِنْ طَعَامِيْ، وَاسْقُوْهُ مِنْ شَرَابِيْ فَإِنْ أَنَا عِشْتُ فَأَنَا أَوْلٰى بِحَقِّيْ وَإِنْ مِتُّ فَاضْرِبُوْهُ ضَرْبَةً، وَلَا تُمَثِّلُوْا بِهِ، فَإِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:إِيَّاكُمْ وَالْمُثْلَةَ وَلَوْ بِالْكَلْبِ الْعَقُوْرِ.(۲)

حضرت علی علیہ السلام کا اپنے قاتل کی تواضع کرنا

۹۸۹۔ روایت میں نقل ہوا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے ابن مُلجَم کی ضربت لگنے کے بعد اس کے بارے میں اس طرح وصیت فرمائی: اس کو کھانا اور پانی دیں اور اس کی قید کو آسان کریں۔ اگر

۱۔ احقاق الحق ۸/ ۵۶۹

۲۔ الفصول المائة ۵/ ۴۹۰ بنقل از الفصول المهمة / ۱۳۶

میں زندہ رہا تو اپنے خون کا خود مالک ہوں اگر چاہوں تو اسے بخش دوں اور اگر چاہوں تو قصاص لوں اور اگر اس دنیا سے چل بسا اور تم نے اسے قتل کیا تو اس کو مُثلہ نہ کرنا۔

۹۹۰۔علی علیہ السلام نے اپنے بیٹے حسن علیہ السلام سے فرمایا: اے حسن علیہ السلام ! میرے قاتل کی آنکھوں پر پٹی نہ باندھو، اور اس کو میرے کھانے سے کھانا دے دو، اور جو پانی مجھے دیتے ہو اس کو بھی پلاؤ۔ اگر میں زندہ رہا تو اپنے حق کا فیصلہ خود کروں گا اور اگر میں چل بسا تو اسے ایک ضربت لگانا اور اس کی لاش کا مُثلہ نہ کرنا اس لیے کہ میں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے سنا آنحضرت صؐ نے فرمایا: مُثلہ کرنے سے پرہیز کرو اگرچہ وہ باؤلا کتا کیوں نہ ہو۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

فِیْ شَهَادَتِهِ

۱۹۷۔ بَشَارَةُ عَلِیٍّ عَلَیْهِ السَّلَامُ بِالشَّهَادَةِ

۱۹۹۱۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: یَا عَلِیُّ أَبْشِرْ بِالشَّهَادَةِ فَإِنَّکَ مَظْلُوْمٌ بَعْدِیْ وَمَقْتُوْلٌ فَقَالَ عَلِیٌّ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَذٰلِکَ فِیْ سَلَامَةٍ مِنْ دِیْنِیْ؟ قَالَ: فِیْ سَلَامَةٍ مِنْ دِیْنِکَ. (۱)

۱۹۹۲۔ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: رَأَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ الْتَزَمَ عَلِیًّا وَقَبَّلَهُ وَهُوَ یَقُوْلُ: بِأَبِی الْوَحِیْدُ الشَّهِیْدُ. (۲)

تیسری فصل

حضرت علی علیہ السلام کی شہادت

حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی علیہ السلام کو شہادت کی بشارت دی

۱۹۹۱۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علی علیہ السلام! تمہیں شہادت مبارک ہو، میرے بعد تم پر ظلم

۱۔ غایة المرام ۱/۹۲

۲۔ المناقب للخوارزمی / ۶۵، احقاق الحق ۱۵/۶۰۰ باختلاف یسیر

ہوگا اور تمہیں قتل کیا جائے گا علی علیہ السلام نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آیا اس وقت میرا دین سالم ہے؟ فرمایا: ہاں تمہارا دین سالم ہے۔

۹۹۲۔ عائشہ سے نقل ہوا ہے اس نے کہا: میں نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا علی علیہ السلام کو بغل میں لیا ہوا ہے بوسہ لے رہے ہیں اور فرمارہے ہیں: میرا باپ اس تنہا شہید پر قربان ہو جائے۔

۱۹۸۔ عَلِيٌّ عَلَيهِ السَّلَامُ لَا يَهَابُ الْمَوْتَ

۹۹۳۔ فِي حَدِيْثٍ، عَنْ عَلِيٍّ عَلَيهِ السَّلَامُ: وَاللّٰهِ لَابْنُ أَبِي طَالِبٍ (لَعَلِيٌّ خ ل) آنَسُ بِالْمَوْتِ مِنَ الطِّفْلِ بِثَدْيِ أُمِّهِ.(۱)

۹۹۴۔ عَنِ ابْنِ نَبَاتَةَ قَالَ: قُلْتُ لِأَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَيهِ السَّلَامُ: مَا مَنَعَكَ مِنَ الْخِضَابِ وَقَدِ اخْتَضَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: أَنْتَظِرُ أَشْقَاهَا أَنْ يَخْضِبَ لِحْيَتِي مِنْ دَمِ رَأْسِي، بِعَهْدٍ مَعْهُوْدٍ أَخْبَرَنِي بِهِ حَبِيْبِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ.(۲)

حضرت علی علیہ السلام موت سے نہیں ڈرتے

۹۹۳۔ حضرت علی علیہ السلام سے منقول ہے کہ حضرت نے فرمایا: خدا کی قسم ابوطالب کا بیٹا اس بچّے سے زیادہ موت سے مانوس ہے جو بچّہ اپنی ماں کی چھاتی سے مانوس ہوتا ہے۔

۱۔ نهج البلاغة فيض / ۴۸، صبحي الصالح / ۵۲، احقاق الحق ۸ / ۳۲۱

۲۔ البحار ۴۱ / ۱۴۶

۹۹۴۔ابن نباتہ کہتے ہیں، میں نے امیرالمومنین علیہ السلام سے کہا: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خضاب کیا کرتے تھے آپ خضاب کیوں نہیں کرتے؟ فرمایا: میں اس انتظار میں ہوں کہ اس امت کا بدبخت ترین انسان میرے سر کے خون سے میری ڈاڑھی کو خضاب کرے گا، یہ وہی وعدہ ہے جس کی مجھے میرے حبیب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خبر دی ہے۔

۱۹۹۔فُزْتُ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ

۹۹۵۔عَنِ الْقَنْدوزِيِّ (فِي يَنَابِيعِ الْمَوَدَّةِ) قَالَ:وَلَمَّا ضُرِبَ رَأْسُهُ الشَّرِيفُ بِالسَّيْفِ قَالَ:فُزْتُ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ.(۱)

۹۹۶۔وَقَوْلُهُ لِلْحَسَنِ (عَلَيهِ السَّلَامُ) لَمَّا ضَرَبَهُ ابْنُ مُلْجَمٍ :فُزْتُ وَاللهِ، وَمَا يَرىٰ أَبُوكَ سُوءً بَعْدَهٰذَا الْيَوْمِ.(۲)

ربِّ کعبہ کی قسم میں کامیاب ہوگیا

۹۹۵۔قندوزی نے ینابیع المودّہ میں روایت نقل کی ہے کہ جس وقت امیرالمومنین علیہ السلام کے سر پر تلوار کی ضربت لگی فرمایا: ”ربِ کعبہ کی قسم میں کامیاب ہوگیا“۔

۹۹۶۔جس وقت ابن ملجم نے امیرالمومنین علیہ السلام کو ضربت لگائی، حضرت ؑ نے اپنے فرزند حسن علیہ السلام سے فرمایا: خدا کی قسم میں کامیاب ہوگیا۔آج کے بعد تمہارے والد کوئی بدی نہیں دیکھیں گے۔

۱۔ الفصول المائة ۲۸۵/۵

۲۔ المسترشد / ۳۶۷

۲۰۰ ـ ثَوَابُ زِيَارَةِ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ

۹۹۷ـ عَنِ الصَّادِقِ عَنْ آبائِهِ عَلَيهِمُ السَّلَامُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيهِ وَ آلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ زَارَ عَلِيًّا بَعْدَ وَفاتِهِ فَلَهُ الْجَنَّةُ. (۱)

۹۹۸ـ وَعَنِ الصَّادِقِ عَلَيهِ السَّلَامُ: أَنَّ أَبْوَابَ السَّمَاءِ لَتُفْتَحُ عِنْدَ دُعَاءِ الزَّائِرِ لِأَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَلَا تَكُنْ عَنِ الْخَيْرِ نَوَّامًا. (۲)

۹۹۹ـ بِالْإِسْنَادِ، عَنْ أَبِي شُعَيْبٍ الْخُرَاسَانِيِّ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي الْحَسَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلَامُ أَيُّمَا أَفْضَلُ زِيَارَةُ قَبْرِ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيهِ السَّلَامُ أَوْ زِيَارَةُ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ؟ قَالَ: إِنَّ الْحُسَيْنَ قُتِلَ مَكْرُوبًا فَحَقِيقٌ عَلَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ أَلَّا يَأْتِيَهُ مَكْرُوبٌ إِلَّا فَرَّجَ اللَّهُ كَرْبَهُ، وَفَضْلُ زِيَارَةِ قَبْرِ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَلَى زِيَارَةِ الْحُسَيْنِ كَفَضْلِ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عَلَى الْحُسَيْنِ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ.... (۳)

۱۰۰۰ـ بِالْإِسْنَادِ، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ الصَّيْمَرِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِاللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: مَنْ زَارَ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيهِ السَّلَامُ مَاشِيًا كَتَبَ اللَّهُ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ حَجَّةً وَعُمْرَةً، فَإِنْ رَجَعَ مَاشِيًا كَتَبَ اللَّهُ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ حَجَّتَيْنِ وَ عُمْرَتَيْنِ. (۴)

۱ـ الوسائل ۱۰/۲۹۶، جامع الأخبار/ ۴۷ باختلاف يسير، تهذيب الاحكام ۶/۲۱ فی حديث، مستدرك الوسائل ۱۰/۲۱۲

۲ـ الوسائل ۱۰/۲۹۶، جامع الأخبار/ ۴۷، خصائص الائمه/ ۴۰ زيادة، مستدرك الوسائل ۱۰/۲۱۲، تهذيب الاحكام ۶/۲۳ باختلاف فی موارد

۳ـ الوسائل ۱۰/۲۹۷

۴ـ الوسائل ۱۰/۲۹۶، تهذيب الاحكام ۶/۲۰، الوافی ۱۴/۱۴۰۴، الغارات ۱/۸۵۴

حضرت علی علیہ السلام کی زیارت کا ثواب

۹۹۷۔ امام صادق علیہ السلام نے اپنے اَجداد علیہم السلام سے انہوں نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: جو علی علیہ السلام کی وفات کے بعد ان کی زیارت کرے گا بہشت اس کے لیے ہوگی۔

۹۹۸۔ امام صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ حضرتؑ نے فرمایا: جس وقت امیر المؤمنین علیہ السلام کا زائر دعا کرتا ہے، آسمان کے دروازے اس کے لیے کھل جاتے ہیں اس لیے اس فضیلت کو سمجھنے کے لیے خواب میں نہ رہو۔

۹۹۹۔ ابوشعیب خراسانی کہتے ہیں: میں نے حضرت ابوالحسن امام رضا علیہ السلام سے عرض کی: آیا امیر المؤمنین علیہ السلام کی قبر کی زیارت بہتر ہے یا امام حسین علیہ السلام کی قبر کی زیارت؟ فرمایا: حسین علیہ السلام غم اور اندوہ کی حالت میں شہید ہوئے اور خدائے بزرگ پر مناسب ہے کہ ہر غمگین جو اُن کی زیارت کے لیے جاتا ہے اس کے غم کو دور کرے امیر المؤمنین علیہ السلام کی قبر کی زیارت کی فضیلت امام حسین علیہ السلام کی قبر کی زیارت پر اس طرح ہے جیسے امیر المؤمنین علیہ السلام کی فضیلت امام حسین علیہ السلام پر ہے۔

۱۰۰۰۔ حسین بن اسماعیل صمیری نے امام صادق علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ حضرتؑ نے فرمایا: جس نے امیر المؤمنین علیہ السلام کی پیدل زیارت کی خداوند اس کے ہر قدم کے بدلے میں جو وہ اٹھائے گا ایک حج اور عمرہ کا ثواب اس کے لیے لکھے گا اور اگر پیدل واپس لوٹا، خداوند ہر قدم کے بدلے میں دو حج اور دو عمرہ کا ثواب اس کے لیے لکھے گا۔

۲۰۱۔ تَارِیخ وَمَحَلّ اسْتِشْهَادِہٖ

م -وَقُبِضَ (صَلَوَاتُ اللّٰہِ عَلَیْہِ) قَتِیلاً بِالکُوفَۃِ لَیْلَۃَ الجُمُعَۃِ لِتِسْعِ لَیَالٍ بَقِینَ مِنْ شَھْرِ رَمَضَانَ سَنَۃَ أَرْبَعِینَ مِنَ الھِجْرَۃِ، وَلَہُ یَوْمَئِذٍ ثَلاثٌ وَسِتّونَ سَنَۃً، (وَقَبْرُہُ بِالغری مِنْ نَجَفِ الکُوفَۃِ وَقَاتِلُہُ عَبْدُ الرَّحْمنِ بْنِ مُلْجَمٍ عَلَیْہِ لَعْنَۃُ اللّٰہِ وَالمَلائِکَۃِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِیْنَ).(۱)

إِعْلَمْ أَنَّ وَفَاۃَ أَمِیْرِ المُؤْمِنِینَ عَلَیہِ السَّلَامُ کَانَتْ لَیْلَۃَ الجُمُعَۃِ لَیْلَۃَ إِحْدٰی وَ عِشْرِیْنَ مِنْ شَھْرِ رَمَضَانَ سَنَۃَ أَرْبَعِینَ مِنَ الھِجْرَۃِ قَتِیلاً بِالسَّیْفِ قَتَلَہُ ابْنُ مُلْجَمٍ لَعَنَہُ اللّٰہُ لَیْلَۃَ تِسْعَ عَشْرَۃَ فِیْ مَسْجِدِ الکُوفَۃِ، وَکَانَتْ سَنَۃُ یَوْمِ وَفاتِہٖ ثَلاثًا وَسِتِّینَ سَنَۃً.(۲)

حضرت علی علیہ السلام کی جائے شہادت اور تاریخِ شہادت

م۔ جامع الاخبار میں نقل ہوا ہے کہ حضرتؑ جمعہ کی رات جب کہ ماہ رمضان کے ختم ہونے سے نو دن باقی تھے اور چالیس ہجری تھی کوفہ کے شہر میں شہادت کے رتبہ پر فائز ہوئے، شہادت کے وقت حضرتؑ کی عمر مبارک ۶۳ سال تھی ان کی قبر نجف اشرف میں ہے اور ان کا قاتل عبدالرحمٰن ابن مُلجَم تھا کہ خدا کی اور ملائکہ کی اور تمام لوگوں کی لعنت ہو اس پر۔

ارشاد (شیخ مفیدؒ) اور دوسری تاریخی کتابوں میں آیا ہے کہ حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام کی

۱۔ جامع الأخبار/ ۴۷، تہذیب الاحکام ۱۹/۶

۲۔ روضۃ الواعظین ۱/ ۱۳۲ والارشاد للمفید/ ۱۲ باختلاف فی موارد

شہادت شب جمعہ، ۲۱ رمضان المبارک ۴۰ھ کی رات کو واقع ہوئی ہے۔ ابنِ ملجم لعنۃُ اللہِ علیہ کی تلوار کے وار سے ۱۹ رمضان کی رات کو آپ علیہ السلام کی پیشانی مبارک زخمی ہوگئی اور اسی زخم کی وجہ سے شہید ہوگئے اور شہادت کے وقت آپ کی عمر مبارک ۶۳ سال تھی۔

در کعبہ شد پدید و در محراب شد شہید
نازم بہ حسن مطلع و حسن ختام تو

ان تمام احادیث مبارکہ کا جو حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان اقدس سے بیان ہوئی ہیں خلاصہ یہ ہے، پیغام یہ ہے کہ

میرے بعد حضرت علی علیہ السلام اس امت کے ولی ہیں۔ ان کی ولایت کا مطلب یہ ہے کہ ان کی اطاعت واجب ہے۔ ان کا ہر حکم ماننا ضروری ہے۔ یہی وجہ تھی کہ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی حیات مبارکہ میں گاہے گاہے امت کو حضرت علی علیہ السلام کی فضیلت اور منزلت سمجھاتے رہے۔

جس طرح حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت علی علیہ السلام کے مقام و مرتبے کو جانتے اور پہچانتے تھے اسی طرح حضرت علی علیہ السلام بھی حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مقام و مرتبے کو جانتے پہچانتے تھے۔ آپ نے فرمایا ہے:

وَاقْتَدُوْا بِهَدْيِ نَبِيِّكُمْ فَإِنَّهُ أَفْضَلُ الْهَدْيِ وَاسْتَنُّوْا بِسُنَّتِهِ فَإِنَّهَا أَهْدَى السُّنَنِ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیروی کرو کہ وہ بہترین سیرت ہے اور ان کی سنت پر چلو کہ وہ سب طریقوں سے بڑھ کر ہدایت کرنے والی ہے۔ (نہج البلاغہ)

فهرست منابع و مآخذ

مآخذ و مدارک خاصّه

مآخذ و مدارک عامّه

شیعہ منابع

قرآن مجید

اثبات الهداة ج۱،۲،۳،محدّث محمد بن الحسن الحرّ العاملی،مطبعہ علمیہ،قم.

الاثناعشریۃ فی المواعظ العددیہ،سید محمد حسینی عاملی ازعلمائی قرن ۱۱ھ.

الاحتجاج،ابومنصوراحمد بن علی طبری،مؤسسۃ النعمان،بیروت،لبنان.

احقاق الحق وملحقات الاحقاق، ج ۳،۴،۵،۶،۷،۸،۱۰،۱۴،۱۵،۱۷،۱۸،۱۹،۲۰ و۲۱ قاضی نوراللہ حسینی مرعشی،انتشارات کتابخانہ آیت اللہ مرعشی نجفی.

الاختصاص،ابی عبداللہ محمد بن محمد البغدادی ملقب بہ شیخ مفید،انتشارات بصیرتی،قم.

الارشاد،محمد بن محمد بن البغدادی ملقب بہ شیخ مفید،انتشارات بصیرتی،قم.

ارشاد القلوب،ابی محمد الحسن بن محمد الدیلمی،مؤسسۃ الاعلمی،بیروت،لبنان.

أسرار الشہادۃ،آخوند ملاّ آقا مشہور بہ فاضل دربندی،انتشارات اعلمی،تہران.

أعلام الدین،ابی محمد الحسن بن ابی الحسن محمد الدیلمی،مؤسسہ آل البیت علیہم السلام،قم.

أعلام الوریٰ،امین الاسلام ابوعلی طبرسی،دارالمعرفۃ،بیروت،لبنان.

الامالی،محمد بن علی بن بابویہ قمی مشہور بہ صدوق (رہ)،مؤسسہ اعلمی،بیروت،لبنان.

الامالی،شیخ طوسی،مکتبۃ الداوری،قم.

الامالی،شیخ مفید،انتشارات اسلامی وابستہ بہ جامعہ مدرسین.

انوار الہدایۃ،شیخ محدث حسن بن علی یزدی،مطبعۃ النعمان،نجف.

بحار الانوار،ج ۶،۷،۸،۱۰،۱۴،۱۷،۱۸،۱۹،۲۰،۲۳،۲۴،۲۵،۲۶،۲۷،۲۸،۳۵،۳۶،

۳۷، ۳۸، ۳۹، ۴۰، ۴۱، ۴۲، ۶۰، ۷۰، ۷۲، ۷۴، ۷۷، ۹۲، ۱۰۴، علامہ محمد باقر مجلسی، مؤسسۃ الوفاء، بیروت، لبنان.

بشارۃ المصطفیٰ، ابوجعفر محمد بن محمد طبری چاپخانہ حیدریہ، نجف.

بصائر الدرجات، محمد بن حسن صفار، متوفی سنہ ۲۹۰.

بلد الامین، علامہ شیخ ابراہیم کفعمی.

بہج الصباغۃ فی شرح نہج البلاغۃ، ج ۱، ۴ و ۷، شیخ محمد تقی تُستری، انتشارات بنیاد نہج البلاغۃ.

تحف العقول، ابی محمد الحسن بن علی بن شُعبۃ الحرّانی، کتابفروشی بصیری.

تذکرۃ الخواص، علامہ سبط ابن جوزی، مؤسسہ اہل البیت علیہم السلام، بیروت.

تفسیر روح الجنان، ابوالفتوح رازی، کتابفروشی اسلامیہ تہران.

تفسیر عیاشی، ج ۱ و ۲، ابونصر محمد بن مسعود سمرقندی، کتابفروشی علمیہ اسلامیہ تہران.

تفسیر فرات، فرات بن ابراہیم بن فرات الکوفی، چاپخانہ حیدریہ نجف.

تفسیر مجمع البیان، ابوعلی فضل بن حسن طبرسی، بیروت، لبنان.

تہذیب الاحکام، ج ۶، شیخ طوسی، دار التعاریف، بیروت، لبنان.

تفسیر نور الثقلین، ج ۱، ۲ و ۵، شیخ عبد علی بن جمعہ، چاپخانہ علمیہ، قم.

الثاقب فی المناقب، عماد الدین ابی جعفر محمد بن علی طوسی، مؤسسہ انصاریان، قم.

ثواب الاعمال وعقاب الاعمال، محمد بن علی بن بابویہ قمی، چاپخانہ صدوق، تہران.

جامع احادیث الشیعہ، ج ۷، ۱۳ و ۱۶، جمع آوری بحکم حضرت آیۃ اللہ العظمیٰ بروجردی.

جامع الاحادیث، ابومحمد جعفر بن احمد بن علی قمی، مؤسسہ طبع ونشر آستان قدس رضوی.

جامع الاخبار، شیخ محمد بن محمد سبزواری، مؤسسہ آل البیت، قم.

الحِکَم الزاہرة، ج ۱ و ۲، علی رضا صابری یزدی، ج ۱، انتشارات اسلامی وابستہ بہ جامعہ مدرّسین، ج ۲، انتشارات دفتر تبلیغات اسلامی، قم.

حِلیۃُ الابرار، ج ۱و۲، علاّمہ سیّد ہاشم بحرانی، دارالکتب علمیہ، قم.

کتاب الخصال، محمّد بن علی بن بابویہ قمی مشہور بہ صدوق، دارالتعارف للمطبوعات، بیروت، لبنان.

خصائص الائمہ علیہم السلام، الشریف الرضی البغدادی، بنیاد پژوہشہای علمی آستان قدس رضوی.

روضة المتقین، ج ۴، ۵ و ۱۳، تألیف: علاّمہ محمد تقی مجلسی، بنیاد فرہنگی کوشانپوری.

روضة الواعظین، محمد بن فتال نیشاپوری، انتشارات رضی، قم.

کتاب سُلَیم بن قیس، سلیم بن قیس ہلالی عامری، دارالکتب الاسلامیہ.

سفینة البحار، ج ۱، ۳ و ۸، محدّث حاج شیخ عبّاس قمی، دارالاسوة للطباعة والنشر.

الطّرائف، رضی الدّین ابی القاسم علی بن موسیٰ بن طاؤس، مطبعہ خیام، قم.

عبقات الانوار، ج ۱ و ۲، میر سیّد حامد حسین موسوی ہندی، مطبوعہ حبل المتین.

عُدّة الداعی، احمد بن فہد حلّی، انتشارات وجدانی، قم.

علل الشرائع، محمد بن علی بن بابویہ قمی، احیاء التراث العربی.

عوالی اللئالی، ج ۱ و ۴، شیخ محمد بن علی احسائی، چاپخانہ سید الشہداء، قم.

عیون اخبار الرضا علیہ السلام، محمد بن علی بن بابویہ قمی، دار العلم، قم.

الغارات، ابی اسحٰق ابراہیم بن محمد ثقفی الکوفی، انتشارات آثار ملیّ.

غایۃ المرام، محدث سیّد ہاشم حسینی بحرانی، طبع جدید وقدیم.

غرر الحکم، عبد الواحد آمدی، ترجمہ محمّد علی انصاری.

الغدیر موسوعہ، عبد الحسین احمد امینی نجفی، دار الکتب العربی، بیروت، لبنان.

الفصول المہمّہ، محمّد بن الحسن الحرّ العاملی، انتشارات بصیرتی، قم.

الفضائل، ابی الفضل سدید الدین شاذان بن جبرئیل قمی، منشورات الرضی، قم.

فضائل الخمسۃ من الصحاح الستۃ، ج ۱، ۲ و ۳، علاّمہ سیّد مرتضیٰ حسینی فیروز آبادی، مؤسسۃ الاعلمی، بیروت.

الکافی (اصول، فروع وروضہ)، ج ۸۱، ثقۃ الاسلام محمد بن یعقوب کلینی.

کشف الغمّۃ، علی بن عیسیٰ اربلی، چاپخانہ علمیہ، قم.

کشف الیقین، الحسن بن یوسف بن المطہر الحلّی، مؤسسۃ الطباعۃ والنشر التابعۃ لوزارۃ الثقافۃ والارشاد الاسلامی.

کمال الدّین وتمام النعمہ، محمّد بن بابویہ قمی، دار الکتب الاسلامیہ، تہران.

کنز الفوائد، ابی الفتح محمد بن علی کراجکی، انتشارات مصطفوی، قم.

مائۃ منقبۃ، ابی الحسن محمّد بن احمد بن القمی، المطبعۃ الصدر، قم.

المحاسن، ابو جعفر احمد بن محمّد برقی، دار الکتب الاسلامیہ تہران.

المحجۃ البیضاء، ج ۱، ۲، ۴، ۶ و ۸، ملا محمد محسن فیض کاشانی، انتشارات اسلامی وابستہ بہ جامعہ مدرّسین قم.

مجموعہ ورّام، ورّام بن ابی فراس اشتری، دار صعب، دار التعارف، بیروت، لبنان.

مراجعات، سید عبد الحسین شرف الدّین الموسوی، دار الصادق للمطبوعات، بیروت.

مسترشد، علاّمہ حافظ محمد بن طبری، مؤسسہ اسلامی کوشانپور.

مستدرک الوسائل، ج ۶، ۱۱، ۱۲، حاج میرزا حسین نوری، مؤسسہ آل البیت، بیروت.

مشکاۃ الانوار، ابوالفضل علی طبرسی، چاپخانہ حیدریہ، نجف.

مصابیح الانوار، ج ۱ و ۲، سید عبد اللہ شبر، انتشارات بصیرتی، قم.

مصباح المتہجدین، ابی جعفر محمد بن حسن طوسی.

معانی الاخبار، محمد بن علی بن بابویہ قمی، چاپخانہ حیدری.

مناقب آل ابیطالب، ج ۲ و ۳، ابی جعفر رشید الدین شہر اشوب، انتشارات علاّمہ، قم.

من لایحضرہ الفقیہ، ۱، ۲، ۳ و ۴، محمد بن علی بن بابویہ قمی، انتشارات اسلامی، وابستہ بہ جامعہ مدرّسین قم.

نہج البلاغہ، صبحی صالح و ترجمہ فیض الاسلام.

نہج السعادۃ فی مستدرک نہج البلاغۃ، ج ۱ و ۴، شیخ محمد باقر محمودی، مؤسسۃ المحمودی.

الوافی (طبع جدید)، ج ۱۴، محدّث محمد محسن فیض کاشانی.

وسائل الشیعہ، ج ۲، ۳، ۱۰، ۱۱-۱۳ و ۱۸ محدّث علاّمہ شیخ محمد بن الحسن الحر العاملی، احیاء التراث العربی، بیروت، لبنان.

الیقین باختصاص مولانا علی علیہ السلام بامرۃ المؤمنین، سید رضی الدین علی بن طاؤس حلّی، مؤسسۃ دار الکتب الجزائری، قم.

سنی منابع

الامام علی بن ابیطالب علیہ السلام من تاریخ مدینۃ دمشق، ج ۱ و ۲، حافظ ابی القاسم علی بن الحسن الشافعی معروف بہ ابن عساکر، مؤسسۃ المحمودی، بیروت.

الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب، ج ۳، ابی عمر یوسف بن عبداللہ بن محمد بن عبدالبرّ، دار نہضۃ، مصر.

التاج الجامع للاصول فی احادیث الرسول صلی اللہ علیہ وآلہ، ج ۳، شیخ منصور علی ناصف، انتشارات عیسی البابی حلبی، مصر.

تاریخ بغداد، ج ۱و۱۴، امام حافظ ابوبکر خطیب بغدادی، دار الکتب العلمیہ، بیروت.

تیسیر المطالب، سید یحیی بن الحسین، متصدی طبع شیخ احمد شیرازی [۱۳۲۲].

جامع الأحادیث، ج ۷، ۱۰ و ۱۶، حافظ جلال الدین سیوطی، دار الفکر للطباعۃ والنشر، بیروت.

جواہر المطالب فی مناقب الامام علی بن ابی طالب علیہ السلام، شمس الدین ابی البرکات الشافعی، مجمع احیاء الثقافۃ الاسلامیہ، قم.

حِلیۃ الاولیاء، حافظ ابی نُعیم اصفہانی، دار الکتب العلمیۃ، بیروت.

خصائص امیر المؤمنین علیہ السلام، امام حافظ ابوعبد الرحمان نَسائی، مکتبۃ نینوا، تہران.

ذخائر العقبیٰ، محب الدین احمد بن عبداللہ طبری، دار المعرفۃ، بیروت.

سنن ابن ماجہ، ج ۱، حافظ ابی عبداللہ محمد بن یزید قزوینی، دار الفکر، بیروت. الشہاب، قاضی ابوعبداللہ محمد بن سلامۃ القضاعی، متصدی طبع شیخ احمد شیرازی (۱۳۲۲)

صحیح البخاری، ج ۳، امام حافظ ابی عبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری، المکتبۃ العصریۃ.
عارضۃ الاحوزی بشرح صحیح الترمذی، ج ۱۳، امام حافظ ابن العربی المالکی، داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان.
صحیح مسلم بشرح النووی، ج ۲ و ۱۵، امام مسلم وامام نووی، داراحیاء التراث العربی، بیروت لبنان.
فرائد السمطین، ج ۱و۲، ابراہیم بن محمد الجوینی الخراسانی، مؤسسۃ المحمودی للطباعۃ والنشر، بیروت، لبنان.
کنز العمّال، ج ۱۱و۱۳، علاّمہ علاء الدین علی متقی الہندی، موسسۃ الرسالہ بیروت، لبنان.
المستدرک علی الصحیحین، ج ۳، امام حافظ ابی عبداللہ حاکم نیشابوری.
مسند احمد بن حنبل (۹ جلدی)، ج ۱، ۴ و ۵، امام احمد بن حنبل، داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان.
مناقب علی بن ابیطالب، ابن مغازلی، چاپخانہ اسلامیہ، تہران.
المناقب، موفق بن احمد خوارزمی، انتشارات اسلامی، وابستہ بہ جامعہ مدرّسین.
نور الابصار، شیخ مؤمن بن حسن مؤمن شَبلَنجِی، دار الفکر، بیروت.
ینابیع المودّۃ، سلیمان بن ابراہیم قندوزی، انتشارات بصیرتی قم.